شیعوں کی بیداری

مصنفہ
نواب مرزا سجاد علیخاں بی اے بی ٹی
جنرل سکریٹری تنظیم المومنین
لکھنؤ

مطبوعہ
نیشنل پریس وکٹوریا اسٹریٹ
لکھنؤ
(مرتبۂ اول)

قیمت فی جلد
(عمر)


سید نجم احسن تحریر نمود

شیعوں کی بیداری

حصہ اول

مصنفہ
(نواب) مرزا سجاد علیخان خم، تیمر
بی اے - بی ٹی (علیگ)
جنرل سکریٹری تنظیم المومنین

علمائے اعلام



شمس العلما سرکار ناصر الملۃ
مولانا سید ناصر حسین
صاحب قبلہ



شمس العلما سرکار نجم الملۃ مولانا سید
نجم الحسن صاحب قبلہ

[illegible]

شکریہ — میں ضیغم پنجاب مولانا مرزا یوسف حسین صاحب قبلہ و آفتاب صحافت سید شبیر حسن صاحب قتیل کا انتہائی ممنون ہوں کہ اُنھوں نے واقعات جیل کے ترتیب دینے میں میری اعانت فرمائی۔

نوٹ — میں نے "شیعوں کی بیداری" میں موجودہ سیاست کی تفصیل، یوپی کانگریس گورنمنٹ کی پالسی، مدح ثلاثہ و تبرا کے واقعات کے علاوہ مجاہدین تبرا کے صحیح کارنامے درج کئے ہیں، جہانتک مجھ سے ہوسکا میں نے ۱۵ر جولائی ۱۹۳۹ء تک وجود میں آنیوالے امور کو یکجا کیا۔ جو اس اشاعت میں درج کرتا ہوں

اطلاع — مزید واقعات سے اگر کوئی صاحب مطلع فرمائیں گے، تو آئندہ اشاعت میں شکریہ کے ساتھ درج کرونگا۔

معافی — چونکہ میں نے ہنگامی زمانے میں جبکہ میں بھی مصائب آلام ... اسلئے اگر کوئی فروگزاشت ہوئی ہو تو نزاکت وقت و مصروفیت کو پیش نظر رکھکر ...


مستقل عہدہ داران تنظیم المومنین

نمبر شمار	اسمائے گرامی	عہدہ	اعزاز
۱	جناب سید صغر حسن صاحب ٹائرڈ جج	صدر	
۲	جناب مولانا مرزا احسن حسین صاحب	سینیئر نائب صدر	دفعہ ۱۰۸ میں دو ماہ قید محض و للعہ جرمانہ دفعہ [illegible] وغیرہ
۳	مرزا سجاد علیخاں (بی اے، ڈی ٹی، علیگ)	جنرل سکریٹری	دفعہ ۱۰۷ میں دو دفعہ [illegible] میں ماخوذ، دفعہ ۱۰۸ میں [illegible]
۴	حکیم عابد رضا صاحب	جوائنٹ سکریٹری	دفعہ ۱۰۷ میں ماخوذ
۵	سید وزیر حسن بی اے	اسسٹنٹ سکریٹری	
۶	منشی سلطان علیخاں صاحب آئی آر او	قائد اعظم سپاہ عباسیہ	تبرا دفعہ ۱۰۸ میں ۲ ماہ قید محض دو سو روپیہ جرمانہ، دفعہ [illegible] میں ماخوذ
۷	[illegible] صاحب	خازن اکاؤنٹنٹ	دفعہ ۱۰۷ میں ماخوذ
۸	نواب محمد حسین خاں صاحب	صدر سپاہ عباسیہ	دفعہ ۱۰۷ میں ماخوذ دفعہ ۱۰۸ [illegible] جرمانہ


علمائے کرام کے گران بہا تحفے




مولانا سید محمد محسن صاحب نبیرۂ سرکار نجم العلما اعزاز - ۳ ماہ قید سخت - ۱۵ روپیہ جرمانہ



سعیدالملۃ جناب مولانا محمد سعید صاحب اعزاز - ۲ ماہ قید محض - ۲۵ روپیہ جرمانہ



نصیرالملۃ مولانا محمد نصیر صاحب قبلہ اعزاز - ۲ ماہ قید محض ۸۰ روپیہ جرمانہ



مولانا کلب مہدی صاحب قبلہ ابن عمدۃ العلما اعزاز - ۳ ماہ قید محض ۱۵ روپیہ جرمانہ



مولانا سید قائم مہدی صاحب ابن شمس العلما ابن حسن صاحب قبلہ اعزاز - ۲ ماہ قید محض ۲۵ روپیہ جرمانہ

لٹیگیشن کمیٹی (قانونی)

(۱) احمد حسین شاہ صاحب بی اے، ال ال بی...... سکریٹری (۲) سیّد آل رضا صاحب ایڈووکیٹ
(۳) سیّد اوصاف حسین صاحب بی اے، ال ال بی (۴) سیّد محمد اکبر صاحب بی اے، ال ال بی (۵) حامد حسین .. بی اے، ال ال بی

مالی کمیٹی

(۱) مرزا ضامن حسین صاحب (۲) حکیم عابد رضا صاحب (۳) سیّد صغیر حسن صاحب ریٹائرڈ جج...خازن (۴) نواب محمد علیخاں صاحب...... نائب خازن (۵) نواب لاڈلے مرزا صاحب...... اکاؤنٹنٹ و مستقل نائب خازن (۶) جنرل سکریٹری تنظیم المومنین (۷) مرزا عابد حسین صاحب بی اے، ال ال بی، ال ٹی، ایڈووکیٹ (۸) نواب حسن عباس علیخاں صاحب
(۹) جناب رضا حسین خاں صاحب تعلقدار، سہواڑہ

منتظمین ریلیف

(۱) سیّد سجاد حسین صاحب عرف بابو (۲) سیّد قاسم حسین عرف بڈھن صاحب (۳) نواب بڈھن صاحب

مختصر تاریخ تنظیم المومنین

نوٹ ذی الحجہ ۵۶ھ میں تنظیم المومنین نے پرچم کشائی کی [illegible] اتفاق [illegible] فخر الملۃ شمس العلماء مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ نے اور رسم کی ادائگی مہاراج کمار جناب [illegible] جنگ بہادر [illegible]


آف محمود آباد نے قبول فرمائی تھی، رسم مذکور کے موقع پر تنظیم المومنین کی جو رپورٹ مہمانوں کی خدمت میں جو پیش کی [illegible] تھی جو شایع بھی ہوچکی تھی اس مختصر کتاب میں درج کرتا ہوں اس سے تنظیم المومنین کی مختصر تاریخ معلوم ہوگی

پیرایہ آغاز | آج کی اس مبارک پرچم کشائی کی رسم کے موقع پر آپ [illegible] ت چاہوں گا کہ اپنے قیمتی وقت سے چند لمحے مرحمت فرمایئے تاکہ میں مختصراً شہر لکھنؤ اور شیعوں کے وا[illegible] انجمن تنظیم المومنین کے خدمات آپ کی خدمت میں پیش کروں۔

ربیع الاول ۵۷ھ مطابق مئی ۱۹۳۸ء وہ مبارک ماہ ہے جب چند منچلے شیعوں کے ہاتھ [illegible] کا سنگ بنیاد رکھا گیا، ان میں مولانا مرزا ضامن حسین صاحب [illegible] حسین صاحب اور نواب تجمل حسین صاحب قابل ذکر ہیں یہ وہ ہستیاں ہیں جنھوں نے [illegible] اور شیعہ [illegible] اداروں کا کما حقہ جائزہ لینے کے بعد بڑی جانفروشی سے قوم [illegible] ہم ذمہ داری اپنے سر لی تنظیم المومنین کی تاریخ میں ان کے نام سنہری حرفوں سے لکھے جائینگے جب انھوں نے سیاسی مذہبی طوفان خیز متوج میں اس اگرہ کشتی کو تیرایا [illegible] ہے پاکباطن جان نثار غیر جانبدار اور ذی ہوش بوڑھے کے سپرد کی جو باوجود اپنی ضعیف العمری کے حبیب ابن مظاہر [illegible] بکر سید [illegible] شب و روز کوشش کرتے ہوگیا، وہ بزرگ وفات جناب سید صفدر حسین صاحب رئیس [illegible] عناصر کو بروئے کار لانیکے لیے شیر دل تیر بیان، رگوں میں بجلیاں دوڑانے والے، قوم کے شیدائی سید بشیر احمد صاحب وکیل کے خدمات حاصل کی گئیں بشیر صاحب نے ابر کرم بنکر انجمن کی کشت امید کو سر سبز کردیا، اپنی انتھک کوششوں اور اپنی پر زور تقریروں سے لکھنؤ کے شیعوں کی زندگی کا ورق پلٹ دیا، وہ نواب لڑکے اور اودھ کے شاہزادے جنکے ہاتھ [illegible] آلات کا امتحان کرتے تھے آج دلیرانہ انداز سے اپنی خاندانی شجاعت کا ہر لمحہ مظاہرہ کرنیکو تیار رہتے ہیں انھوں نے شیعوں کے بچے بچے کو قوم کا جانباز [illegible] آہ! بشیر [illegible] پر انجمن سے دور ہوکر تنظیم المومنین تمھارے بے بہا خدمات کے صلے میں [illegible] تبت میں لوریاں دینے کو تیار ہے۔

سپاہ عباسیہ | [illegible] پابندی پیش کرنیوالی منضبط اور منضبط قومیں تھے جن سپاہیانہ مظاہروں سے بڑی بڑی قوموں کو زیر بار کردیا وہ مظاہرے کافی تھے کہ شیعیان ہند بھی اپنے افراد [illegible] تنظیم المومنین نے اپنے بازوؤں کو مضبوط کرنے کیلیے سپاہ عباسیہ کی بنا ڈالی اس شعبہ کی کامیابی کا [illegible] کے سر ہے جنھوں نے اپنے آرام و آسائش [illegible] کے منظم کرنے میں جان توڑ کوشش [illegible] قابل مثال ہے انکے اور محلہ کمیٹیوں کے قائدین کی نگرانی میں سپاہ عباسیہ کے دستے مقبول فوج کے ماتحت کام کرتے ہیں۔ دستوں کے سردار تجربہ کار [illegible] سے واقف ہیں جو قائد اعظم کی شرکت سے قوم کی خدمت کرتے رہتے ہیں، اسی کے ہمراہ یہ بھی عرض [illegible] صاحب کے خدمات اس سلسلے میں نہایت اہم ہیں [illegible] جناب اقبال رضا صاحب [illegible]

دستہ مختاریاں | دستہ مختاریاں بصیغہ راز [illegible] کا ہر ممبر انجمن کا جانثار اور اسکے مقاصد پر قربان ہونیوالا ہے معافی چاہتا ہوں مجکو حکم نہیں کہ ان کی تعداد عرض کروں یا ان کے حرکات [illegible] پیش کرنیکی جرأت [illegible] غیر متعدد میں آج بھی آپ کے گرد و نواح



(آنریری) لفٹننٹ کرنل راجه اکبر علی خاں صاحب بہادر
ایم - ایل - سی آف پپڈراول - مربی و لائف ممبر تنظیم



خان بہادر چودھري علي اختر
صاحب بہادر تعلقدار بلوہ -
مربي و لائف ممبر تنظيم



عاليجناب ايس ايم رضا حسين خاں
صاحب بہادر آف ستھوارہ ممبر
وركنگ كميٹي ماليات - خازن سپاہ
عباسيہ و قنديل اخبار و پريس تنظيم

آپکی حفاظت کے لیے موجود ہیں ان کا مدا ایک جسم اور قومی پیکر [illegible] مشکلات کے وقت ان گروہ [illegible]
ہیں اور جہاں انکی اچانک بھنک پہنچتی رہتی ہو [illegible] ہیں انکی جان مال عزت آبرو [illegible] کے لیے وقف ہو۔

مقاصد انجمن | مقاصد انجمن میں سے مقصد اول قوم کی تنظیم ہے۔ اسکی مذہبی، سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی مشکلات کے لیے سینہ سپر ہونا مقصد ثانی ہے [illegible]
یوں [illegible] خود ساختہ [illegible] بیل ثانی خدا کیلیے
انصاف سے کام [illegible] فیصلہ فرمائے کہ غریب لیکن محبت اہلبیت رکھنے والے شیعوں کو نظرانداز کر کے جھوٹے شیعی سیاست [illegible]
اگر ہم ان کی صحیح تصویر قوم کے سامنے پیش [illegible] کیلیے انجمن نے تمام شہر
تقسیم عمل [illegible] شہر [illegible] تعلیم یافتہ حضرات کے تحت ہیں جو

امن پسندی، صلح [illegible] ایثار پیدا [illegible] العمل۔

کارنامے | انجمن تنظیم المومنین بے عملی سے ہمیشہ پرہیز کرتی [illegible] بیگانہ صرف [illegible] مد نظر رکھیں اور
جامۂ عمل سے ملبوس کر دی گئیں، انجمن [illegible] کو عمل سے کر دکھایا، یہی وجہ ہے کہ
[illegible] ہم جد کرتے رہے اور ہم انکی بے عملی کے باعث انکو ہمیشہ غم و غصے سے دیکھتے رہے، اس [illegible] نہایت
ملال ہوتا ہے جب تنظیم المومنین نے بجبر لی بیار شیعہ پولٹیکل کانفرنس ایسے جید ادارہ [illegible] میں قبضہ کر کے اسکے بے عمل [illegible]
چیندہ کی پاسبری جانیوالے اراکین کے [illegible] سلسلے میں منجانب اراکین انجمن [illegible]
سمجھتا ہوں کہ وہ ہر قیمت اپنی جان و مال کی قیمت سے ایسے بے عمل اداروں کو ختم [illegible]
سب سے پہلے انجمن نے اپنے مذہبی حق [illegible] مدح صحابہ اعلانیہ کے سلسلہ میں ہمارے برادران اسلام کے ایک مخصوص گروہ نے
ہم سے زبردستی جنگ کے لیے آلہ کار بنائی، ہم نے خوشی [illegible] رنج و افسوس کے ساتھ لیا [illegible] سیاسی قضیہ
مسئلہ کا مقابلہ اپنا مذہبی فریضہ سمجھا۔

قوم کے افلاس اور اسکی اقتصادی بدحالی سے متاثر ہو کر [illegible] اور دیانت فروشی کے
مظاہروں سے ہم نے عملاً اپنے غریب بھائیوں کو اکتساب معاش کی ترغیب دی اور اب بھی قدم قدم پر شانہ [illegible] تعلیل
نہیں، اس سلسلے میں پرنس حامد علی صاحب بہادر، نواب علی احمد صاحب، بالتخصیص جعفر حسن صاحب، پرنس بہرام مرزا صاحب، نواب
ذوالفقار مرزا صاحب، سید زبیر حسن صاحب بی اے، اور [illegible] صاحب [illegible] ایل ایل بی ایم ایل اے ہائینس [illegible] کرتی ہے۔

جہانتک سیاست کا تعلق ہے ہم برابر [illegible] دوش بدوش [illegible] آزادی کی جدوجہد [illegible]
ہمارے وجود کو اپنی پشت پر بار سمجھے، ہم نے حیدرآباد کے موقع پر ثابت کر دیا کہ ہم اپنے سیاسی [illegible]
برداشت نہیں کر سکتے، ہم خدانخواستہ کسی کے دشمن نہیں، کسی سے [illegible] الغرض [illegible] سمجھنا
ہمارا ایمان ہے۔

پرچم | آج جس پرچم کو لہرانے جا رہے ہیں مبارک ہو کہ آپ نے شرکت فرمائی [illegible]
اسی نشان کے سائے میں ہم ہندوستان [illegible] اپنے سیاسی لائحہ عمل تیار کرینگے۔

قومی ترانہ | سیاہیان انجمن نے ایک قومی ترانہ مرتب کیا ہے جو فاتح خیبر کے نام نامی سے موسوم ہے [illegible] مستدعا کرتی ہے کہ آئندہ آپ [illegible] اسی ترانے پر ختم فرمایا کرینگے۔

شیعہ نیشنل انتھم

منظور کردہ اجلاس عام تنظیم المومنین لکھنؤ

جہاں شاہد تنظیم و انتظام علیؑ — نجوم و شمس و قمر زیر اہتمام علیؑ
مکان و کون گدائے صلائے عام علیؑ — فراخ عرش علیٰ سرنگوں ز نام علیؑ
چو یافت حضرت عباسؑ مقام علیؑ — دفا نمود چو شمشیر بے نیام علیؑ

علیؑ امام من است و منم غلام علیؑ
ہزار جان گرامی فدائے نام علیؑ

تنظیم بنک | اقتصادی کارناموں میں تنظیم [illegible] وجود میں لایا گیا ہے [illegible] مشاغل کو ترقی دینا مقصود ہے بنک کے کامیاب بنانے میں جناب [illegible] صاحب پیہم کوشش فرما رہے ہیں۔


تنظیم صنعتی مدرسہ | چونکہ قوم کی ترقی کا راز آئندہ نسل کی صحیح تعلیم میں مضمر ہے اسلئے اراکین انجمن نے رائج الوقت غلط [illegible] کے نتائج پر غور کرنیکے بعد تنظیم صنعتی مدرسہ کی تجویز اپنے خادم جنرل سکریٹری کے سپرد فرمائی ہے، مدرسہ ہندوستان کے اعلیٰ اکابرین کی زیر ہدایت اپنی ابتدائی منزلیں طے کر چکا ہے اور اس کی بنیادی جماعتیں طرز تعلیم [illegible] اپنے علمی مشاغل میں مصروف ہیں۔

دفتر | دفتر کا کام جوائنٹ سکریٹری جناب [illegible] ہے جو بڑی جانفشانی سے حسابات کی [illegible] معین رہتے ہیں، پروپیگنڈا سکریٹری جناب فاروقی صاحب بی اے ہیں جو باوجود اپنی مصروفیت کے جلسوں کی کارروائی اخبارات میں بھیجتے رہتے ہیں۔ مراسلات [illegible] علی خاں صاحب کے متعلق ہے


شعبہ مالیات | تنظیم المومنین اپنی مالی پریشانیوں کا اظہار کرنا مناسب نہیں سمجھتی، [illegible] چندوں کی [illegible] کبھی اجازت نہ دی کہ وہ اپنے [illegible] لیکن یہ عرض کرد [illegible] کہ انجمن کا ہر جاں نثار غربت کے باوجود اُسکے کسی اہم مشن کا خدانخواستہ ناکامیاب ہونا [illegible] انجمن کسی نہ کسی طرح اپنے مختلف شعبوں کو منزل مقصود تک پہونچانے میں منہمک ہے، لیکن قوم کے ذی مقدرت حضرات سے اتنا عرض کردینا غلط نہ ہوگا کہ وہ اپنے اس علمی اور تعمیری کام کرنے والے ادارے کی طرف التفات فرمائیں۔ مالیات کے کارکنوں میں نواب چھٹن صاحب کے خدمات قابل قدر ہیں [illegible] انجمن کے اس شعبہ کو زندہ رکھنے میں مصروف رہتے ہیں۔

شکوہ | تمہ کلام میں منجانب انجمن و بمشورہ اراکین انجمن قوم سے اس امر کا شکوہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہمارے چند خود بیں، خودغرض

عہدہ داران تنظیم




سید اصغر حسن صاحب صدر



مولانا مرزا ضامن حسین صاحب
نائب صدر



لفٹننٹ نواب سلطان علی خاں
صاحب قائد اعظم




نواب مرزا سجاد علی خاں
صاحب جنرل سکریٹری


پروپیگنڈا کمیٹی



ضیغم پنجاب
مولانا مرزا یوسف حسین صاحب
اعزاز دفعہ ۱۰۷



آفتاب صحافت سید شبیر حسن
صاحب قتیل
اعزاز دفعہ ۱۰۷



فاروق تنظیم
ذاکر حسین صاحب
فاروقی - بی - اے

رہنمائے تنظیم
سید آغا مہدی صاحب قبلہ
اعزاز - ۳ ماہ قید سخت
۲۵ روپیہ جرمانہ

اور میدان عمل کے مفرور قومی لیڈروں نے انجمن کو [illegible] اپنی شطرنجی چالوں سے [illegible] درکوات اپنے
کا بیڑا اٹھا [illegible] اپنی ریشہ دوانیوں سے یا تو اس پر قابض [illegible] کی تقسیم
کر دینی چاہی ہے، کیا میں یہ عرض کروں کہ [illegible] لیڈروں کو متعدد مواقع دیا اور زمانے نے بھی ان کی کافی
ہمت افزائی کی لیکن [illegible] سے کسی نے وقت یا موقع سے فائدہ اٹھا کر کبھی قوم کیلئے کوئی موثر اور نمایاں کام نہیں کیا،
ہاں اتنا ہوا کہ عوام الناس کی قیمتی [illegible] ہی کر حال مفرور ہو گئے [illegible] ہیں تھا
مہیا فرما کر اب اپنے سرفروش [illegible] کے طالب ہو جنے جن میں جذبہ عمل ہو، جوش خدمت ہو، جو میا
میدانوں میں صف آرا ہو کر [illegible] بانی کے لیے تیار ہیں، ممکن ہوگا [illegible] بھی لیجا ئیں
جو اگر [illegible] رزین کر سکیں۔

انتباہ اس عرض حال کے بعد ان آزمودہ لیڈروں کو آگاہ کر [illegible] کسی ناجائز وار سے
انجمن تنظیم المومنین [illegible] کی سیاسی بے راہ روی کا کھا حقہ اعلان کرینگے حتی کہ
وہ خود فنا ہو جائیں یا قوم کی راہوں میں کانٹے [illegible] ہی کو ہمیشہ کے لیے شکست دے کر ایک [illegible]
ہمارا لیڈر صرف وہی ہے جو غریب کا [illegible] ل ہے۔

شکریہ میں منجانب انجمن تنظیم المومنین جناب [illegible] زار ہوں کہ [illegible] کہ اس [illegible]
زینت بخشی اور اراکین کی ہمت افزائی فرمائی۔

اب میں اپنی قوم کے مایہ ناز [illegible] امیر حیدر خاں صاحب بہادر آف محمود آباد کی خدمت میں ہدیہ شکریہ
پیش کرتا ہوں [illegible] ہمت گوارا فرما کر غریب انجمن اور اسکے غریب لیکن جانفروش اراکین کے دل بڑھا دیئے، میں دعا
کرتا ہوں کہ خداوند کریم ان کا دل قوم کی الفت کے خزینے سے معمور کرے۔

اپنے دوسرے بہادر [illegible] کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپنے قائد اعظم سے عرض کرتا ہوں کہ وہ جناب [illegible]
بہادر قائد [illegible] سے رحم کشائی کی درخواست کریں۔

خادم

مرزا سجاد علیخاں
بی اے، بی ٹی (علیگ)
جنرل سکریٹری "تنظیم المومنین"


تنظیم المومنین کا لائحہ عمل


"شیعی سیاست کی دو رنگی دیکھ کر تنظیم المومنین کافی دیر تک پریشان تھے کہ کن الفاظ میں شیعوں کی سیاست سپرد قلم کی جائے اور شیعہ اقوام کو اپنا نظریہ سمجھایا جائے۔ چنانچہ اس کشمکش کو دور کرنے کیلئے شیعیان ہند کے روبرو صاف اور کھلے ہوئے لفظوں میں مندرجۂ ذیل لائحہ عمل پیش کیا گیا۔ اس کا خلاصہ آل انڈیا شیعہ کانفرنس منعقدہ پٹنہ دسمبر ۳۸ء میں طبع کر کے تقسیم کیا گیا تھا۔ اور یہ لائحہ عمل جنرل سکریٹری تنظیم المومنین نے اپنی رپورٹ میں جو پرچم کشائی کے موقع پر پڑھی جانے والی تھی شائع کیا تھا۔ آج پھر ہدیۂ ناظرین ہے۔

سیاسی نظریہ


انجمن کو عالم اسباب میں قدم رکھے ہوئے ابھی صرف چند ماہ ہی گذرے تھے کہ تمام سیاسی گوشوں سے اعتراضات کے تیر چلنا شروع ہو گئے۔ شیعہ کانفرنس منعقدہ کانپور کی تجویز ۱۳ کے ماتحت فلسطین کے مظاہرے کے موقع پر عام مسلمانوں سے اشتراک کیا تو آوازیں بلند ہونے لگیں کہ مسلم لیگ کی حمایت کی۔ اپنے غریب بھائیوں کی مفلوک الحالی پر نظر رکھتے ہوئے دوسری اقتصادی تجاویز کے ہمراہ کھدر پوشی کا پروپیگنڈا کیا تو دوسرے حلقوں سے کانگریس میں شامل ہو جانے کا الزام عائد کیا گیا۔ غرض سب طرف سے لعنت ملامت کا آغاز ہو گیا۔ وہ تو کہئے کہ انجمن کا ... تھا انفرادی تخیل اور شخصی نظریے اپنا رنگ نہ چڑھا سکے۔ انجمن از ابتدا تا اینندم من حیث ... پر قائم رہی اور رہے گی۔ کہ شیعیان ہند کی منزل یہ ہو۔ چاہیے کہ وہ اول منظم ہو کر اپنے حقوق طلبی کی ہمت

ممبران مجلس انتظامیه اداره عالیه تنظیم





سپاہ عباسیہ تنظیم





تنظیم مجلس منعقدہ ۶ محرم الحرام جس میں [illegible] کی تیاری کے لئے جنرل سکریٹری تنظیم ریلیف کا اعلان کررہے ہیں قائد اعظم سپاہ عباسیہ منبر کے پہلو میں اور ضیغم پنجاب منبر پر تشریف فرما ہیں

اور حصولِ آزادی [illegible] کا جذبہ پیدا کریں تاکہ ہندوستان کی دو [illegible] دوش بدوش اپنی مذہبی سیا [illegible] جنگ آزادی جو مستقبل قریب میں چھڑ [illegible] اچھڑ چکی ہو پیچھے نہ ہٹنے پائیں انجمن نے اپنے جلسہ [illegible] یہ کہا کہ اسکے ارکین [illegible] قوت فیصلہ اور قوت امتیاز کا مسلسل اضافہ ہوتا کہ مادرِ ہند کے ہر دو اداروں میں سے مسلم لیگ کی سرمایہ پرستی اور بے عملی کانگریس کی [illegible] علی [illegible] کے ہمراہ شیعوں کیجانب سے سرد مہری کے مناظرہ کا صحیح صحیح مشاہدہ ہوتا رہے ۔ اور ساتھ ہی ساتھ ایک کی اسلامی مرکزیت اور دوسرے کی مکمل آزادی کا نظریہ ان دونوں میں توازن قائم رکھ [illegible] ہوتی رہے

الحمدللہ کہ انجمن اپنے اس مقصد میں کامیاب ہی آج ہر خاص و عام [illegible] ان تمام کوششوں کے باوجود زمانے نے انجمن کو [illegible] تعلق کبھی چین سے بیٹھنے اور غور کرنے کی مہلت نہ دی مگر خوش قسمتی سے [illegible] لغزش نہ آنے پائی انکا زاویۂ نگاہ بدلنے نہ پایا وہ حق پر تھے [illegible] چٹانوں سے زیادہ اٹل تھی انکے پہلوؤں میں غیور دل تھا، باوجود قلیت کے انھوں [illegible] کہ قوم بلا لحاظ [illegible] اکتسابِ اہلیت مادرِ ہند کی دوسری قوموں کے آگے اپنی آزادی کی بھیک مانگنے کے لئے دستِ سوال دراز کرے۔ ان کی یہ تمنا تھی اور انشاءاللہ ہمیشہ رہیگی کہ آج عالم خفتگی میں روحانیت کیساتھ جس دماغی اور جسمانی بیداری کا قوم میں فقدان ہے اس کو گداگری کی ذہنیت سے نہیں بلکہ زورِ بازو سے واپس لیں، ہندوستان کی مضبوط قومیں جنھوں نے آزادی کے لئے بڑی بڑی قربانیاں پیش کیں ہماری اس جرأت پر ضرور آفریں کہیں گے۔ کہ ہم قوم [illegible] خونچکاں میدان میں جرأت و ہمت کے ساتھ یا علی کہہ کر صف آرا ہوگئے کہ چند قربانیاں شیعوں کو بھی منزلِ مقصود تک ضرور پہنچا دیں گی۔

شیعوں کی بیداری

ہندوستان میں شیعی زندگی پر ایک نظر

ادا [illegible] مطلب [illegible] دل ہم [illegible] سیکھ جائے کوئی
انھیں سنا ہی دیا حال د[illegible]تاں کیطرح


اس کا بتانا تو بہت مشکل ہے کہ ہندوستان میں سب سے پہلا کون شیعہ آیا، لیکن ہمایوں کے عہد سے ہمکو اس دیس میں شیعی زندگی کے نقش ونگار صاف صاف نظر آتے ہیں اور دربار شاہی سے لیکر طبقہ امراء و متوسطہ [illegible] شیعی سیاست کی شعاعوں سے روشن معلوم ہوتا ہے۔ کہنے والے تو یہ بھی کہتے ہیں کہ محمود غزنوی [illegible] سپہ سالار اعظم، سالار مسعود غازی بھی، جن کا مزار اسوقت بہرائچ میں مرجع عوام وخاص ہے، ایک شیعی عقائد کے بزرگ تھے لیکن اسکا کوئی [illegible] ثبوت موجود نہیں ہے اور اسیطرح شاہان دہلی میں سے سید خاندان کے [illegible] جاتا ہے کہ یہ خاندان ابتداء سے [illegible] لیکن غالباً یہ خیال انکے سید ہونے کی بنا پر قائم ہوا ہے اسلئے کہ عام طور پر سید کا شیعہ ہونا لازم و ملزوم سمجھا جاتا ہے اور عقلاً ہونا بھی یہی چاہیئے اسلئے کہ مسلمانوں میں صرف ایک شیعہ ہی فرقہ ایسا ہے جو اہلبیت اور اولاد رسول کو بلا شرکت غیرے اپنا ہادی اور پیشوا مانتا ہے۔ اور ایک [illegible] کے دوسرے معنی ہیں اولاد رسول یہ کسی طرح زیبا نہیں معلوم ہوتا کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کو چھوڑ کر بیرونی اشخاص کو اپنا مقتدا اور رہبر تسلیم کریں، لیکن ہم بلا کسی صریحی تاریخی ثبوت کے سید خاندان کو شیعہ ماننے پر تیار نہیں ہیں۔




نواب گوہر نواب صاحب بہادر
رئیس شیش محل ممبر ورکنگ کمیٹی
تنظیم



نواب خرشید مرزا صاحب
ممبر ورکنگ کمیٹی تنظیم اعزاز
دفعہ ۱۰۷ وغیرہ





نواب سجاد حسین صاحب ایف۔ اے۔
سی۔ ٹی۔ منتظم ریلیف تنظیم




محمد سلطان حسین صاحب
جو منجانب تنظیم مجاہدین کو انکے
وطن روانہ کرتے تھے

افسران سپاہ عباسیہ تنظیم







سپاہ عباسیہ کا بینڈ

شیعوں کی اسلامی خدمات | البتہ تاریخ ۔۔۔ میں ہکو بعض ایسی ہستیاں کارفرما نظر آتی ہیں جن کے تشیع میں کسی بحث کی گنجائش نہیں ہو سکتی، اور اس زمانہ سے لیکر دربار دہلی کے مشہور "بادشاہ گر" سید حسن علی خاں و سید عبد اللہ خاں کے وقت تک جب ہم ہندوستان کے شیعی سیاست پر نظر ڈالتے ہیں تو اس نتیجہ تک پہنچنا پڑتا ہے کہ شیعہ جس حالت میں رہے اور جس عہد پر رہے انھوں نے اپنے اخلاقی اور سیاسی فرائض کو نہایت خاموشی، امن پسندی، دیانت داری اور قابلیت کیساتھ انجام دیا، اور کبھی کسی ہنگامہ آرائی فتنہ پروری یا شورش و غداری میں شریک نہیں ہوئے

سچ تو یہ ہے کہ اگر ہمایوں کے عہد کی نمایاں شیعی ہستی عبد الرحیم خاں بابا، ابتدا ہی سے اکبر کا ساتھ، انتہائی وفاداری، بہادری اور صداقت کیساتھ نہ دیتی تو ہندوستان کے آسمان سیاست پر اکبر کا "اکبر اعظم" بن کر چمکنا بہت مشکل تھا، بلکہ کیا عجب تھا کہ اکبر کو تخت و تاج کی صورت دیکھنا بھی نصیب نہ ہوتی اور وہ ایک خورد سال بچہ کی حیثیت سے کابل کی زمین کے اندر سینکڑوں من مٹی کے نیچے دبا پڑا ہوتا۔

ہمایوں خود جب شیر شاہ سوری کے مقابلہ میں ہندوستان سے شکست کھا کر بھاگا ہے تو وہ ایک شیعہ ہی بادشاہ طہماسپ صفوی تھا جس نے اسکو پھر اس قابل بنایا کہ وہ دلی کی طرف رُخ کر سکے اور سلاطین مغلیہ کے خاندان کی بنیاد ڈالے۔ اگر طہماسپ ایسے آڑے وقت میں ہمایوں کی مدد سے چشم پوشی کر جاتا، یا اسکے بعد عبد الرحیم اکبر کو کابل سے نکال لانے میں ہمایوں کا ساتھ نہ دیتا تو ہندوستان کی تاریخ اسطرح نہ لکھی جاتی جس طرح لکھی گئی اسمیں نہ کوئی اکبر ہوتا نہ جہانگیر نہ شاہجہاں، اور نہ اورنگ زیب جس نے اپنے تعصب و تنگ نظری کی بدولت شیعوں کے پشتہا پشت کے احسانات سے چشم پوشی کر کے ۔۔۔ بنا د برد کن کے

شیعہ شہزادوں کو سطرح مٹایا کہ کوئی انکی قبر پر چراغ جلانے [illegible] رہ گیا۔

سوادِ اعظم کی محسن کشی حیرت ہوتی ہے کہ جس تخت شاہی کو شیعوں نے اپنے سالہا سال کی جاں نثاری اور سرفروشی سے ہموار کیا جس کے لئے وہ دیسیوں اور پردیسیوں [illegible] بعد نسلاً [illegible] اقتدار کا حلقہ وسیع سے وسیع تر [illegible] انھوں نے اپنی [illegible] ور مال کو مال نہ سمجھا، اسی تخت پر بیٹھنے والا اور وہ بھی وہ انسان جس کی ذاتی شوکت وحشمت بھی ایک شیعہ ہی خود نعمت خوان عالی کے تدبر وسیاست کی رہین منت ہو۔ شیعوں کو صرف شیعہ ہونے کے جرم پر تباہ و برباد کرنے کی کوشش کس بیباکی سے کرتا ہے اور اس کو ہندوستان کے خود مختار شیعہ خانوادوں کے ختم کرنے میں ذرا پس وپیش نہیں ہوتا سچ تو یہ ہے کہ جس کی نگاہ کے سامنے انسانیت کے جو نمونے ہوتے ہیں وہ انھیں کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرتا ہے اور بدنصیبی سے احسان فراموشی اور محسن کشی کا جو چلن صدر اسلام سے چل گیا تھا [illegible] سواد اعظم کو جہاں تک متاثر کرتا چلا آرہا ہے۔

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود!

گرچہ با آدمی بزرگ شود

ابتدائی نمونوں کی یہی تاثیر تھی جس نے محمود غزنوی کو فردوسی کے ساتھ دغا بازی پر آمادہ کیا اور یہی وہ چیز تھی جس نے اورنگ زیب کو شیعوں پر [illegible] کی ترغیب دی۔ لیکن اس پر بھی اسلام اور صرف [illegible] ترقی و سربلندی [illegible] لئے شیعوں نے شدائد اور مظالم کی کبھی پرواہ نہیں کی اور جب کبھی ان کو یہ محسوس ہوا کہ ان کی خدمات سے مسلمانوں کو کوئی فائدہ پہونچ سکتا ہے تو وہ انکو یکسر بھول گئے کہ انکی تباہی اور بربادی کی ذمہ داری کسی غیر قوم و مذہب کے سر نہیں بلکہ انھیں مسلمانوں کے سر ہے جنکی خدمت کیلئے وہ ہر آڑے وقت پر سربکف حاضر رہتے

تنظیمی— شیعوں کی پہلی سنتیہ گرہ

۱۰ محرم الحرام کو الم پر پابندیاں عائد کی گئیں۔





اور اسلام ہی کے لئے اٹھے ... مسلمانوں کے وحشیانہ مظالم کو ہمیشہ صبر و سکون سے برداشت کیا۔

شیعہ زندگی کا اثر ہندو ذہنیت پر اودھ کی دولت و حکومت کو صبر کرنیکے بعد بھی شیعوں کی زندگی نہایت خاموش اور پُرامن رہی۔ انھوں نے کبھی کسی جھگڑے یا فساد کی بنیاد نہیں ڈالی۔ بلکہ انکے برعکس وہ مسلمانوں ... دونوں سے برادرانہ تعلقات رکھنے میں کوشاں رہے۔ چنانچہ آہستہ آہستہ ہندوؤں کو بھی عام مسلمانوں اور شیعوں کی زندگی کا مابہ الامتیاز فرق محسوس ہونے لگا اور انکو معلوم ہوگیا کہ ایک فرقہ اگر ... تشدد ... بالفاظ دیگر بہیمانہ قوت پر ... تو دوسرا مظلومیت، روحانیت امن اور شانتی کا معتقد ہے اور دنیا کو اپنی شرافت و صداقت سے تسخیر کرنا چاہتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہزارہا ہندو شیعوں کے مراسم عزا میں ... لگا جس کا سلسلہ ... ہے۔

شیعہ کانفرنس اور مدرسۃ الواعظین جب شیعوں کی خاموشی اور امن پسندی انکی مفلسی، تباہ حالی، عام ... انتشار میں تبدیل ہونے لگی تو قوم کے بعض مفکرین کو یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ اب تنظیم ... بندی ضرور ... اس فکر میں بھی اپنی طبعی ... کی بنا پر انکا دامن خیال سیاست ... سے الگ ... اور انجمن صدر الصدور کو جو لکھنؤ کے مشہور خاندان اجتہاد کا ایک بیش بہا عطیہ تھا۔ انھوں نے ایک غیر سیاسی "آل انڈیا شیعہ ادارہ" کا جامہ پہنا کر اس کا نام "**آل انڈیا شیعہ کانفرنس**" رکھا۔ اس کانفرنس نے اپنے ابتدائی دور میں ... کئے جن میں سے شیعہ کالج اور شیعہ یتیم خانہ کا قیام خاص طور پر قابل ذکر ہے اور یہ دونوں مفید ادارے بحمد اللہ اب تک موجود ہیں اور قوم میں تعلیم و صنعت کی تبلیغ کر رہے ہیں۔ اسکے بعد لکھنؤ میں حضرت آقائے نجم الملۃ مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ

ہیں۔ اکبر کو اکبرِ اعظم کس نے بنایا ؟

کیا دنیا اس سے انکار کر سکتی ہے کہ اکبر کی اُس حیرت انگیز کامیابی میں جس پر دنیائے
اسلام آجتک فخر کرتی ہے بہت بڑی حد تک عبد الرحیم خاں بابا، بیرم خاں، ابو الفضل اور
فیضی کا ہاتھ شامل تھا۔

سید حسن علی خاں اور سید عبد اللہ خاں اگر چاہتے تو دہلی کا تاج شاہی [illegible]
پڑا لوٹتا نظر آتا لیکن ان کی رگوں میں شیعی خون تھا، وہ غیور تھے [illegible] دیانت دار تھے۔
انھوں نے امانت کو خیانت سمجھا اور حرام سمجھا، بادشاہ گر [illegible] بادشاہ نہ بنے۔

اودھ کے خاندان شاہی کی بربادی

دلی کو چھوڑ کر [illegible] اودھ کے دربار میں
آؤ تو یہاں بھی جذبہ اسلامی [illegible] اور تہذیب کے وہی جلوے نظر آتے ہیں جن سے
شیعی زندگی کے ابواب ہمیشہ روشن رہے ہیں لیکن افسوس ہے کہ [illegible] نے شیعی اخوت و
رواداری کا جواب ہمیشہ ظلم و بیدردی سے دیا اور اودھ کی [illegible] کو برباد [illegible] کے باعث
بھی یہی برادران یوسف ہوئے، اودھ کے آخری تاجدار [illegible] مرزا محمد واجد علی شاہ بہادر
کا عہد معدلت مہد جس طرح مشغلہ نوشیروانی جیسے عدالت گستر کارناموں سے جگمگا رہے گا اسی طرح
ان کے امراء دربار میں شرف الدولہ محمد ابراہیم اور آخر وقت میں نواب منصرم الدولہ کی
نمک حرامیوں اور غداریوں کے سیاہ دھبوں سے بھی پاک نہیں ہو سکتا جن کی بدولت اس
نقیر منش اور مرنجان مرنج بادشاہ کی دولت ہی کا نہیں بلکہ زندگی کا بھی خاتمہ ہو گیا لیکن اس پر
بھی شیعوں نے من حیث القوم کبھی کوئی انتقامی اقدام نہیں کیا کیونکہ وہ اس رمز کو اچھی
طرح سمجھتے تھے کہ ہندوستان میں رہ کر شیعہ سنی کی تفریق پیدا کرنا، اس [illegible] بیج بکھیرنے
والے نئے نئے شجر اسلام کی جڑ پر تیشہ مارنا ہے وہ اپنے آغاز [illegible] شیدائی رہے

کی یہ بے عملی کہ اس پر ایک موت کی سی غشی طاری ہو گئی۔ ان آثار کو دیکھ کر ہمارے برادران یوسف کی رگ فساد میں پھر جنبش ہوئی اور مولوی عبدالشکور کاکوروی نے ایک طرف تو کھلم کھلا تعزیہ داری کی حرمت کے فتوے شائع کرنا شروع کر دئے اور دوسری طرف ایک عجیب اور نئے فتنہ کا دروازہ کھول دیا [illegible] مدح کیا گیا۔

اس تحریک کا ظاہری مقصد تو [illegible] مدح پڑھنا تھا لیکن فی الحقیقت یہ فساد تعزیہ داری کو صدمہ پہونچانے اور آہستہ آہستہ فنا کر دینے کے لئے [illegible] کیا گیا تھا۔ سب سے پہلے اسکی سلسلہ جنبانی [illegible] ہوئی جس کی بدولت لکھنؤ کے [illegible] میں [illegible] ہو گیا اسکے بعد حکو[مت] [illegible] ایک کمیٹی مسٹر گپٹ جج ہائیکورٹ کی صدارت میں معاملات کی تحقیقات کیلئے بٹھائی گئی جس نے شیعوں کیموافق فیصلہ دیا اور فتنہ مدح صحابہ کچھ دنوں کیلئے دب گیا لیکن اندر ہی اندر یہ آگ برابر سلگتی رہی اور مولوی عبدالشکور کی پرزور تبلیغ سواد اعظم کو حقیقت [illegible] کیطرف لاتے ہوئے شیعوں کے مقابلہ میں سخت سے سخت تر بنائی گئی۔ [illegible] سے تقریباً ۳ سال ہوئے شارع عام پر مدح صحابہ پڑھنے کی کوشش از سر نو شروع کی گئی اور شیعوں کو اشتعال دلانے کی تمام ممکن تدابیر پر عمل ہونے لگا۔

السپ کمیٹی حکومت نے سنیوں کی فرمائش پر [illegible] تحقیقات کمیٹی بٹھائی جس کے صدر مسٹر السپ جج ہائیکورٹ تھے اور اس کمیٹی نے بھی یہی فیصلہ دیا کہ مدح صحابہ شیعوں کے لئے یقیناً دل آزار ہے اور اگر سنیوں نے شارع عام پر مدح صحابہ پڑھی تو اسکے جواب میں شیعہ تبرا پڑھنے میں حق بجانب ہوں گے۔ لیکن اس صریحی فیصلہ کے باوجود شکوری پارٹی اپنی فتنہ پردازیوں سے باز نہ آئی اور نہ صرف کھلی ہوئی مساجد بلکہ شارع عام پر بھی مدح صحابہ پڑھنے کا سلسلہ جاری رہا۔ دوسری طرف شیعوں کو مرعوب و مغلوب کرنے کے لئے تعزیہ داری کے جلوسوں میں روک ٹوک شروع


کی نگرانی میں مدرسۃ الواعظین کی بنیاد پڑی اور ملک کے مختلف گوشوں میں شیعی مبلغ مذہب کی ترویج و تبلیغ کے لئے روانہ ہوئے لگے بھلا یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ برادران یوسف شیعوں کی اس بیداری کو اطمینان و سکون کی نظر سے دیکھتے اور دنیا کو شیعوں سے ایک مستقل بالذات قوم کی حیثیت سے روشناس ہونے دیتے ان کی نظر میں شیعوں کی اس سے زیادہ کبھی کوئی وقعت نہیں ہوئی کہ یہ ہمارا آلۂ کار اور قربانی کا بکرا ہے اور بس

نتیجہ یہ ہوا کہ اسیوقت سے شیعوں کے خلاف ایک مستقل جد و جہد شروع ہوگئی اور چونکہ اب ہندوستان کی سیاست بہت بڑی حد تک اکثریت و اقلیت کے گورکھ دھندے میں پھنس چکی تھی اس لئے ان کو کم از کم سیاسی میدان سے شیعوں کو نکال دینے کا اچھا خاصہ موقع ہاتھ آگیا اور اس سے انھوں نے خوب فائدہ اٹھایا۔

شیعہ پولیٹکل کانفرنس جب نوبت یہاں تک پہنچی کہ ہر الکشن میں شیعہ امیدواروں کے خلاف سنی امیدوار کھڑے کئے جانے لگے اور شیعوں کو رجعتی اور مذہب پرست کہہ کہہ کر سواد اعظم کو ا... کھلم کھلا مشورہ دیا جانے لگا۔ تو مجبوراً بعض شیعہ افراد کو ایک سیاسی ادارہ قائم کرنے کا خیال پیدا ہوا اور انھوں نے ... شیعہ پولیٹکل کانفرنس کی بنیاد ڈالی۔ لیکن بدقسمتی سے یہ ادارہ ابتداء ہی سے بعض ایسے نااہل و خود غرض افراد کے ہاتھ میں پڑ گیا جن کو اپنی ذاتی ترقی و نام و نمود کے سوا قوم کے وقار کی کوئی فکر نہ تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ... حقیقت میں اکوال انڈیا بننے کی کبھی توفیق نہ ہوئی اور تین چار سال تو ... کمزوری کا یہ عالم رہا کہ اس کے ہونے سے نہ ہونا بہتر سمجھا جاتا تھا۔

فتنۂ مدح صحابہ ادہر تو شیعہ پولیٹکل کانفرنس کی یہ کمزوری اور ا... کانفرنس

تنظیم— شیعون کی دوسری قانون شکنی



(۱) ۱۵ هزار تنظیمیون کا مجمع دفتر تنظیم کے روبرو
(۲) دفعه ۱۴۴ کے خلاف مارچ
(۳) آنریبل حافظ ابراهیم کے بنگله پر روساء لکهنؤ کا مجمع
(۴) جنرل سکریٹری تنظیم نے شکایات پیش کیں آنریبل حافظ ابراهیم جنکے جوابات دے رهے هیں

کی گئی اور اب چونکہ کانگریسی حکو... ... ہے جس میں دو مسلمان وزیر بھی شامل ہیں اور

دونوں کے دونوں سنّی اسلئے سال پیوستہ کے چہلم میں پاٹے نالے پر وزیر گنج کے علم کے جلوس پر

نہایت آزادی اور بیباکی سے خشت باری کی گئی جس کے بعد تمام شہر میں شیعوں کا قتل عام

شروع کر دیا گیا اس بے محابا حملہ سے ... پر ایک ایسا خوف و ہراس طاری ہو گیا کہ


جس کی مثال ہندوستان کے صفحات ... ۔

... شیعوں کی بیداری


ہماری تیاریاں

بازار مصر میں حسن یوسف کا سامنا کر
کھوٹے کھرے کا پردہ کھل جائیگا چلن میں

ابتدائی دور ایکسال کا زمانہ گذر گیا کہ مدح ثلاثہ کی بلا شیعوں کے سروں پر منڈلا رہی ہے اب اسکے بتانے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ یہ ناپاک اور فتنہ خیز تحریک صرف عزاداری امام حسین علیہ السلام کو صدمہ پہنچانے کیلئے شروع کیگئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسکی تجدید ہر سال عشرہ محرم سے کیجاتی ہے۔ چنانچہ سال گذشتہ بھی یہی ہوا کہ محرم کی پہلی تاریخ سے مدح ثلاثہ گانے والوں کی ٹولیاں نکلنے لگیں جو چوروں اور اچکوں کی طرح جلدی جلدی قدم اٹھاتی ہوئی ایک طرف سے دوسری طرف گذر جاتی تھیں ان کے انداز و اطوار ... معلوم ہوتا تھا کہ وہ کسی مجرمانہ فعل کا ارتکاب کر رہے ہیں جس پر ان کا ضمیر ان کو خود متنبہ کر رہا ہے۔ لیکن بہرحال ... کے منہ سے نکلنے والے الفاظ وہ کیسے ہی نامکمل اور غلط کیوں نہ ہوں شیعوں کے دلوں پر نشتر مارتے چلے جاتے



(۳)　(۲)



۱




سکریٹریان انجمن

(۱) سجادہ اعظم محافظ تنظیم سید بشیر احمد رضوی بی۔اے۔ال ال۔بی سابق جنرل سکریٹری

(۲) مرزا سجاد علی خاں مستقل جنرل سکریٹری

(۳) امین تنظیم نواب سید جعفر رضا صاحب بی۔اے۔ال ال۔بی وکیل ایکٹنگ جنرل سکریٹری ۳۱ یوم

(۴) حامی تنظیم شیخ حامد حسین صاحب جوہری ایکٹنگ جنرل سکریٹری ۵ یوم



۴　(۵)

(۵) صیغہ تنظیم نواب تجمل حسین صاحب ایکٹنگ جنرل سکریٹری ۸ یوم



تنگ گلیوں میں داخل ہوا اسکے بعد کیا ہوا؟ یہاں اس خونی داستان کے دوہرانے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔

مختصر یہ کہ نہتے اور بے خبر شیعوں پر بیک وقت شہر کے مختلف حصوں میں حملے شروع ہوگئے اور لکھنو کی سرزمیں عزاداران حسین پر تنگ کردی گئی۔ ... ... بے ... اغ ہوگئے ... سی مومنات بیوہ ہوگئیں اور کتنے شیعہ حسین کے نام پر تصدق ہوکر راہی جنت ہوگئے شہر کے ہسپتال زخمیوں کی کراہ سے گونجنے لگے۔ شیعوں کے محلے شہر خموشاں کا منظر پیش کررہے تھے ایک ہو کا عالم طاری تھا ایک یاس انگیز سناٹا چھایا ہوا تھا۔ پولیس بلوائیوں کا جامہ پہنے ہوئے تھی شیعہ دھڑادھڑ گرفتار ہو رہے تھے ایک خان بہادر نواب مہدی حسن صاحب کے سوا کوئی اتنا بھی نظر نہ آتا تھا کہ جو شیعوں کی اس ابتلائے عظیم کی خبر حکام کے کانوں تک پہنچا سکے ایسا معلوم ہوتا تھا گویا لکھنو برطانوی حکومت کے قبضۂ اقتدار سے بالکل نکل گیا اور متوکل کا زمانہ واپس آگیا۔

آل انڈیا ادارے خاموش تھے عاقبت پسند لیڈر اپنی محفوظ کوٹھیوں میں آرام کر رہے تھے۔ غم نصیب شیعہ ایک ایک کا منہ تکتے تھے لیکن پولیس کے خوف سے کوئی ان کو منہ تک نہ لگاتا تھا۔

ٹھیک یہی وقت تھا جب لکھنو کے مٹھی بھر فدائیان مذہب نے شاہجہڑا کی گلی میں ایک مولوی کے مکان پر جمع ہوکر ایک مجتہد کی نگاہوں کے ... جناب عباس علیہ السلام کے علم پر ہاتھ رکھکر قسم کھائی کہ ہم اپنی معاش خاک میں ملا دینگے اپنے گھروں کو لٹوا دینگے اپنے اہل وعیال سے منہ موڑ لیں گے اور اپنے گلے تلواروں پر رکھدینگے لیکن عزائے حسین اور وقار مذہب پر آنچ نہ آنے دینگے ان بہادروں کا یہ پیمان وفا انصار حسین کے

تھے اور غریب شیعہ، ناچار شیعہ اپنے انتشار اور اپنی بدنظمی اور اپنی پراگندگی پر نظر کرتے ہوئے خون کے گھونٹ پی کر رہ جاتے تھے۔

ایسا نہ تھا کہ شیعوں میں کسی مرکزی یا اجتماعی ادارہ کا وجود ہی نہ رہا ہو۔ لکھنؤ میں شیعوں کے بڑے بڑے مرکز قائم تھے جن کے ناموں کے ساتھ "آل انڈیا" کے مر[illegible] لگے ہوئے تھے لیکن اس نازک وقت میں سوگواران حسین کی قیادت رہنمائی کو [illegible] پڑ رہی تھی۔ اب آرام کرسیوں اور گول کمروں کی سیاست کام نہیں آسکتی تھی۔ ضرورت تھی ایسے سپاہیوں کی ایسے سرفروشوں کی ایسے جاں نثاروں کی جو اینٹ کا جواب پتھر، اور تم کا جواب توپ سے دیں۔ جو حسین علیہ السلام کے نام پر دہکتی ہوئی آگ میں پھاند پڑیں۔ جو حکومت اور حکومت کی بنی نوائی پالیسی کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہوں جو اپنی قومی عزت اور اپنے مذہبی وقار کو اپنی جان اپنا مال، اپنی عورتیں، اپنے بچے سب کچھ نثار کر دیں۔ لکھنؤ میں ایسے جانبازوں کی کمی نہ تھی ان کو راستہ بتانے کی ضرورت تھی ان کو ایک سلسلہ تنظیم میں منسلک [illegible] کی ضرورت تھی۔ ان کی ہمت افزائی کی ضرورت تھی اور یہ چیز ان عافیت کوش اور سہولت پسند افراد کے وہم و گمان میں بھی نہ آسکتی تھی جو اپنی لیڈروں کی عمارت صرف ذاتی وجاہت یا دوسروں کی خوشامد پر کھڑی کرنا چاہتے تھے۔

واقعات کی یہی رفتار اسوقت تک قائم رہی جب تک کہ چہلم کا زمانہ آگیا۔ چہلم کے دن پاٹا نالہ پر شیعوں کے قتل عام کا پورا پورا انتظام ہو چکا۔ ثالثہ پرستوں کے گھروں میں گھونس، سوڈا واٹر کی بوتلوں اور پتھر کی سلوں کے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔ دن کے دو بجے ہوں گے کہ وزیر گنج کا علم پاٹا نالہ کے قریب پہنچا اور پولیس کے ذمہ دار لوگوں کے اطمینان دلانے پر کہ نقص امن کا کوئی اندیشہ نہیں ہے اپنے پورے جلوس کے ساتھ پاٹا نالہ کی

کی طرح کھٹکنے لگی۔ آج اس کا پھل مل رہا ہے اس کی سرگرمیوں اور جانفشانیوں جب
ان کو اپنی بے عمل لیڈری کی موت نظر آنے لگی اور انھوں نے [illegible] بدنام اور ذلیل کرنے
کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ کبھی اسکو اخباروں میں گنڈوں کی جماعت بنایا گیا کبھی اسکی شورش
پسندی کی شکایت حکام سے کی گئی۔ کبھی اس پر مسلم لیگ کی ممبری کا بے بنیاد الزام لگایا
گیا۔ غرض اسکو بے اثر بلکہ نیست و نابود کرنے کی کوئی امکانی کوشش اٹھا نہیں رکھی گئی۔
یہاں تک کہ اسکے مقابلہ پر جھٹ پٹ آل انڈیا ادارہ کی مقامی بھی کھولدی گئی لیکن خدا کا
وعدہ کبھی جھوٹا نہیں ہوتا اور قرآن کی بشارت ہمارے سامنے موجود تھی۔

یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو
کرہ الکافرون"

"تنظیم المومنین" کی عملی قوت اور عظمت میں فرق نہ آیا
ہاں یہ ضرور ہوا کہ اغیار کو ہمارے باہمی اختلاف کا راز معلوم ہوگیا اور ہماری اندرونی کمزوری
سے فائدہ اٹھا کر انھوں نے گذشتہ عشرہ محرم کے قبل مدح ثلاثہ پڑھنے اور نافرمانی قانون
کرنے کا از سر نو اعلان کر دیا جس پر ۲ محرم سے عمل بھی شروع ہوگیا پہلے دن چند لڑکوں نے
امین آباد پارک میں مدح ثلاثہ پڑھی اور گرفتار ہوئے اس کے بعد ہر جمعہ کو بعد نماز شاہ پیر محمد
شاہ کے ٹیلے پر گرفتاریاں شروع ہوئیں اور فساد کا دروازہ کھل گیا۔
پہلی محرم کو عبدالشکور کے نام سے ایک ہینڈبل شائع ہوا جس میں [illegible] کہا گیا کہ
خلیفہ ثانی کے پرسے کے لئے سنیان لکھنؤ امین الدولہ پارک میں جمع ہوں گے جلسہ ہوگا
صدارت خود عبدالشکور کرینگے اور جلسہ میں مدح ثلاثہ پڑھی جائے گی۔ واضح ہو کہ پہلے
کیونکہ کے بعد بھی اقلیت کش کانگریسی حکومت یوپی نے مکانوں اور مسجدوں میں مدح

اس تاریخی بیان سے کسقدر مشابہ تھا جس کی ترجمانی انیس مرحوم نے اپنے غیر فانی الفاظ میں اس طرح کی ہے ؎

یوں مٹتی ہیں ہم کہ نہ آل نہ اولاد رہے
مگر احمدؐ کے نواسے کا گھر آباد رہے

یہی وہ پاک اور برگزیدہ جماعت تھی جو کئی ناموں کے ستر دکرنیکے بعد ایک بزرگ کے استخارہ کی بنا پر بالآخر تنظیم المومنین کے نام سے موسوم ہوئی اور جس نے لکھنؤ میں مدح صحابہ کا مقابلہ اس دھوم سے کیا کہ ثلاثہ پرستوں کے چھکے چھوٹ گئے۔ اگر وہ کسی مسجد میں جمع ہوئے تو ادھر سے تنظیمی شیر بھی کسی قریب کی مسجد میں جمع ہو گئے۔ اگر وہ کسی مکان میں جمع ہوئے تو ادھر سے تنظیمی بہادر بھی کسی قریب کے مکان میں جمع ہو گئے اور ادھر انھوں نے مدح ثلاثہ کی بے سُری راگنی چھیڑی اور ادھر تبرے کے زہرہ شگاف ڈنکے پر چوٹ پڑی۔ غرض کوئی موقع اور کوئی محل اور کوئی وقت ایسا نہیں گذرا جب مدح ثلاثہ پڑھی گئی ہو اور اس کا منہ توڑ جواب تبرّا کے نعروں سے نہ دیا گیا ہو۔

نتیجہ یہ ہوا کہ حسین احمد مدنی سے ایک بیان اس مضمون کا نکلوایا گیا کہ چونکہ حکومت ہمارے مطالبات پر غور کر رہی ہے اسلئے فی الحال مدح ثلاثہ پڑھنا بند کر دیا جائے۔ لیجئے مدح ثلاثہ گہری گور میں دفن ہو گئی یہ تھی تنظیم المومنین کی پہلی شاندار فتح جس نے لکھنؤ کے بچے بچے کو تنظیم المومنین کا والہ و شیدا بنا دیا۔ لوگ جوق جوق تنظیم المومنین میں شریک ہونے لگے اور شہر کا گوشہ گوشہ تنظیم المومنین زندہ باد کے نعروں سے گونجنے لگا۔

نفاق کی تخم ریزی

لیکن افسوس ہے کہ تنظیم المومنین کی روز افزوں ترقی اور ہر دلعزیزی بعض اپنوں ہی کی نظر میں کانٹے

تنظیم کرنے کا ارادہ کیا گیا ۔ "دعوت سعی عمل" کی اپیل جو میں نے بحیثیت سکریٹری وارڈ کمیٹی تنظیم المومنین، کتاب گنج شائع کی تھی دوبارہ شائع ہو کر تقسیم ہوئی تاکہ لوگ رجوع ہوں۔ اپیل مندرجہ ذیل ہے۔

دعوتِ سعی و عمل !!

برادران ملت۔ السلام علیکم!

اتحاد و اتفاق پر ہماری بقا کا دار و مدار ہے۔ ہماری جمعیت کی پراگندگی ہماری اخلاقی کم مائگی کا ثبوت ہے۔ کیا اس تقسیم کا کوئی حل ہے؟ اس ہنگام بے اصول کا کوئی رد ہے؟۔ ہاں ہے! بشرطیکہ ہم اپنی گذشتہ تاریخ کی اوراق گردانی کریں، کوئی زمانہ ہماری وسیع النظری، وسیع الاخلاقی، خندہ پیشانی، انصاف، ایمان و نیک نیتی سے خالی نہیں رہا، ما سلف کی بہت سی ترقی کرنے والی قوموں کے سرتاج اوصاف حمیدہ رو بروختم رہے ہیں، ہم نے شاہان ممالک کے گرتے ہوئے تاجوں کو سنبھالا ہم نے اپنی قیمتی مشوروں سے سیاسیات کی کتنی ہی ڈگمگاتی ہوئی ناؤں کو ابھارا، سرزمین شام پر بنی آمیہ کے بہت سے تاریخ گردانی کرنیوالے ہاشمیوں کے نام پر نعرہ لگاتے ہیں عباسی افق پر ہماری ستاروں کی ضوفشانی سے بغداد اور سامرہ کی گلیاں روشن ہیں ہمایوں کی پاک روح آج بھی ہماری صدائے افتخار پر لبیک کہتی ہے۔ اکبر اعظم کی لوح قبر پہ شیخ مبارک کے ہاتھوں سے روشن کی ہوئی دو نوری شمعیں چمک چمک کر چراغاں کر رہی ہیں، جن کی شعاعی تحریریں ابوالفضل اور فیضی کا نام صدیوں سے ضوفگن۔ ہم خاندان بہمن کے کارنامے فضائے ہند میں ابتک گونج رہے ہیں

ثلاثہ گانے کی اجازت دی تھی تو شاہ راہ عام پر یا کھلے ہوئے پارکوں میں ثلاثہ کی بالاعلان
مدح قانوناً ناجائز قرار دی گئی تھی۔ کیونکہ اس میں شہر کے امن ۰۰۰ کے تباہ ہونیکا اندیشہ
تھا۔ بہرحال اس تکوری نوٹس کو پڑھ کر میں اور میرے اراکین جو دفتر میں جمع تھے
پریشان ہوئے اور مجھے مجلس عاملہ کے ممبروں کی جانب سے حکم ملا کہ میں فوراً صاحب
ڈپٹی کمشنر بہادر لکھنؤ سے ملکر نوٹس مذکور کو دکھاؤں۔ دس بجے شب میں بہمراہی
جناب سید ضمیر حسن صاحب زائد ڈسٹرکٹ سشن جج صدر تنظیم المومنین ڈپٹی کمشنر صاحب
کے بنگلہ پر پہونچے ۱۱ بجے شب تک گفت و شنید رہی انھوں نے وعدہ فرمایا کہ جلسہ
نہونے پاوے گا۔ پھر بھی ہماری **سپاہ عبّاسیہ** کے بہادر سپاہیوں اور مختاریان
اکے جتھوں نے اعلان شدہ وقت پر پہونچکر امین الدولہ پارک کو اس ارادہ کے ساتھ
گھیر لیا کہ اگر مدح ثلاثہ ہوئی تو وہ اسکو اپنی قوت سے روکیں گے ہر فرد ۰۰۰ قسم کھا کر
نکلا تھا کہ جانیں چلی جائیں گی مگر ثلاثہ کی مدح نہونے پائے گی۔ میں اور قائد اعظم بھی
موٹر پر سوار ہو کر موقعہ پر پہونچے تو دیکھا کہ تمام پارک شیدایان حسینؑ سے بھرا ہوا ہے
مختاریان پوشیدہ گشت لگا رہے ہیں

مجلس عاملہ کے ممبروں میں نواب **چھُندن صاحب** اور نواب صلاح الدین حیدر
صاحب جوائنٹ سکریٹری ابو صاحب بھی پارک کے اندر مردانہ وار گشت کر رہے ہیں۔ قائدین و
مختاریان چاروں کونوں پر تعینات ہیں۔ نواب تجمل حسین شیر تنظیم موقعہ پر مسلط۔ مگر پارک
میں پولیس کا پہرا ہے اور نوٹس چسپاں کر دیا گیا ہے کہ جلسہ غیر قانونی قرار دیا گیا۔ عبدالشکور
اور انکے ساتھی دفعہ ۱۰۷ میں گرفتار کر لئے گئے آٹھ بجے شب کو سب کے سب واپس آئے
مگر دل بے قابو اسی وقت سے تدابیر سوچی جانے لگیں۔ سب سے پہلے اپنے کو دوبارہ

خلاف قانون میدان جنگ آراستہ کیا، یا سڑکوں اور گلیوں پہ چھری، کٹاری، لکڑی یا بلّم کو عامیانہ اصُول پر اپنی تہذیب کا معیار بنایا۔ کبھی نہیں، ہم ہر قوم اور قبیلہ سے جھک کر ملے، مِل کر رہے ہیں، دِل آزاری سے دور اور ہم آغوشی سے نزدیک رہے ہیں، پھر کیا آج ہم سے کوئی ہندوستان کا ادارہ ایسے قبیح افعال کی اُمید رکھ سکتا ہے۔ نہیں اور ہرگز نہیں، ہم اس سے بالاتر ہیں، ہاں اگر اپنی جسمانی اور ایمانی تحفظ کے لئے کسی موقع پر ہاتھ اُٹھ جائے تو نہ سوسائٹی مجرم کہہ سکتی ہے اور نہ حکومت۔

برادران ایمانی! ہماری ایسی غیر ضرر رساں قوم کی نیک نیتی پر حملہ کرکے زمانہ نے ہمکو مٹانا چاہا ہے، ہمارے خواب غفلت سے فائدہ اٹھاکر ہماری ہستی کو نابود کرنا چاہا ہے۔

اس لئے ، خدا کیواسطے پستیوں کی منزل حد تک پہونچ چکی، اب بیدار ہوجیئے ہوشیار ہوجیئے، اور ہمّت مردانہ سے اپنے وجود کا ثبوت دیجیئے، ایکدل ہوجایئے صلح اور خاموشی سے اپنے مذہبی، سیاسی، اخلاقی، اقتصادی اور معاشرتی بنیادوں کو مضبوط بنایئے، اگر مادر وطن کی جنگ آزادی میں حصّہ لینا ہے تو۔

انجمن تنظیم المومنین

کو اپنا واحد ادارہ تعمیری سمجھیئے، اسکے مقاصد بلند ہیں، یہ آپ کے حقوق کی محافظ ہے، اسکے معنی و مطالب آپ کی ہمّتوں کے حامی، اور اس کا عمل آپ کی بقا کا رہبر ہے، یہ کوئی باغی ادارہ نہیں، یہ کوئی فساد بپا کرنے والوں کی جماعت نہیں، اسکا مقصد محض آپ کی تنظیم اور آپکے حقوق کی ڈوبتی ہوئی ناؤ کو پار لگانا ہے، کیا اسکے نیک

لیکن آج ! آج ہمارے تمام حیات معطل ہیں ، ہماری سیاست ماندہے اقتصادی خزانے خالی ، ہمارے معاشرتی ماحول میں پراگندگی ہے ، نہ ہم میں سوچنے کی قوت و پرواز کی تاب ، تنگ نظری ہمارا شیوہ ، کوتاہ اندیشی ہمارا مسلک اور خودغرضی ہمارا ایمان ہے ،، ذاتی نام و نمود ،، میں ، تم ، اور ہم نہیں کے فلسفہ کا ہماری سوسائیٹیوں پر پورا پورا قابو ہے ، کبھی حکمراں تھے آج فقیر ہو کر بھی وہی بو باس ہے ، اگرچہ زمانہ منزلوں دور جاچکا ، مگر ہماری شاہانہ زندگی کا قافلہ اب بھی خیالی راہوں پر گامزن ہے خدارا ، صدیوں سے رعایا بنے والے اپنے غریب بھائیوں کو اپنی آغوش کرم میں لیجئے ، وہ پریشان ہیں ان کی تنظیم کیجئے ، وہ ہمدردی اور خلوص و محبت کے محتاج ہیں ، کشادہ پیشانی سے ان کی کائنات کو گلے لگائیے ، زبانی نہیں ، اپنے عمل سے اپنے اقدام سے ، اپنی رفتار سے ، چھوڑ دیئے چھوڑئیے وہ رویئے جس میں شاہانہ رعونت اور ملک التجاری کی بے معنی شان و شوکت ہے۔

جھگڑا اور فساد آپ کا مسلک نہیں ، بغض و عناد سے آپ کا دامن پاک ہے ، کیا آپ کو یاد ہے کہ دنیا کی کسی قوم نے ہماری مساوات اور رواداری کو آجتک نظر بھر کے نہیں دیکھا ، ہے کوئی ایسا جو ہماری صلح پسندی کو چیلنج کر سکے ، ہم پر بڑے بڑے وار ہوئے ، بڑے مظالم ڈھائے گئے ، ہمنے انفرادی یا اجتماعی صورت سے کبھی کسی کے خلاف علم بغاوت بلند نہیں کیا الا تحفظ حقوق کے موقع پر ، آئیے .. امی مرکز حجاز اور عراق عرب کی ریتلی زمین کے ذرّوں سے شہادت دلائیں ، آگرہ کے جہانگیری تزک کا معائنہ کرائیں ، گولکنڈہ اور بیجاپور کا روح فرسا منظر دکھائیں ، کیا ہے کوئی جو ہمارے خلاق پر ضرب لگا کر یہ کہہ سکتا ہے کہ حاکم و محکوم دونوں حیثیتوں سے ہمنے کبھی کوئی

دل پہ پتھر رکھ کے تمام اراکین اس شش و پنج میں رہے، میں بھی صرف یہ سوچتا رہا کہ کسی ایسی ٹھوس بنیاد پر جنگ چھیڑی جائے جو مکمل فتح ہو سکے روز کے جھگڑے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں تنظیموں نے اس خیال سے پہلے تنظیم مجالس کا اعلان کر دیا تھا۔ جس کا منشاء صرف یہ تھا کہ ضیغم پنجاب مولانا **یوسف حسین** صاحب تنظیم کے لائحہ عمل کو بتائیں۔ سیرت عباس بیان فرما کر شیعوں میں ایمان و مذہب کو پختہ بنائیں۔ انکو سپاہیانہ زندگی کے درس دیں۔ یکم محرم سے جب رنگ زمانہ بدلا تو میں نے ان مجالس کا رُخ بھی پلٹنے کی اجازت چاہی اور مولانا مذکور سے عرض کیا کہ اب تنظیمی مجالس کا منشاء صرف یہ ہو کہ لوگوں کو مدح ثلاثہ کے مقابلہ کیلئے تیار کیا جائے، چنانچہ ان مجالس میں آٹھویں محرم کا مظاہرہ بھی صرف اسی لئے تھا کہ لوگوں کو تنظیم کی طرف رجوع کیا جائے۔ اور سپاہ عباسیہ مضبوط بنائی جائے۔

ایجی ٹیشن کی تیاری

۸ر محرم کے ان تیار حالات پر غور کرنے اور ثلاثہ پرستوں کی فتنہ انگیزی کے تدارک کے سلسلہ میں اپنا لائحہ عمل بنانے کے لئے تنظیم المومنین کی مجلس عاملہ کا ایک خاص اور اہم جلسہ منعقد ہوا جس میں یہ طے پایا کہ اب متفرق اقدامات سے کام نہیں چلے گا بلکہ اس شورش کا مقابلہ ... اور پوری قوت سے کرنا چاہئے۔ چنانچہ اس جلسہ میں ایک ریلیف کمیٹی کی بھی تشکیل کی گئی جس کے متعلق فراہمی سرمایہ کا کام کیا گیا اس لئے کہ ابتی پرامن جنگ شروع کرنے سے پہلے سرمایہ کی فراہمی ضروری تھی۔ اس ریلیف کمیٹی کے خازن نواب ... صاحب مقرر ہوئے۔

۲۷ر فروری کو میں نے اس کا اعلان کیا کہ میری استدعا قبول فرماتے کہ انجمن تنظیم المومنین نے فتنۂ مدح ثلاثہ کے انسداد کے لئے اپنا مستقبل پروگرام مرتب کر لیا ہے

کاموں میں سدِّ راہ ہونے والوں کی خطرناک سازشیں آپ کو خائف کر دیں گی، کیا انتظامی علمبرداروں کی ہیبت کا سکّہ بلا وجہ آپکے دلوں پر نقش پذیر ہو جائے گا۔ "بنیئے، بنیئے، بہادر بنیئے، سُورما بنیئے، سپاہیانہ جذبہ کو دل میں جگہ دیجئے اگر ہمّت چست کیجئے، ہاں باغی نہیں، مفسد نہیں۔

آپ کا خادم۔ مرزا سجاد علی خاں، بی اے، بی، ٹی
جنرل سکریٹری انجمن تنظیم المومنین (رکاب گنج) لکھنو

خلاصہ یہ کہ وہابی سنیوں میں جو بندشلوں کی گرفتاری کے بعد ایک ہیجان پیدا ہوا۔ اور انھوں نے باقاعدہ قانون کی نافرمانی شروع کر دی، سڑکوں پر جتھے نکلنا شروع ہو ... ... میں پیچیدگیاں بڑھیں، سپاہیانہ قابو سے باہر، مختاریان کا دل و دماغ قبضہ میں تھیں۔ مگر کیا کیا جاتا اسکے چھ ماہ پہلے زیر صدارت آقائے نجم الملتہ اما بارہ آغا باقر میں ایک تجویز جلسہ عام میں پاس ہو چکی تھی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ

"جسوقت تک گورنمنٹ مدح ثلاثہ گانے والوں کو گرفتار کر رہی ہے اسوقت تک، سنیوں کو کوئی دخل نہ دینا چاہیئے۔

چونکہ شیعی اپنی تجاویز کی عزت کرتے ہیں اس تجویز نے انکے پیچھے چھوڑ دیا ... ... پوچھے آقائے ناصر الملتہ کے پاس تدبیر پوچھی، سرکار نے بھی یہی فرمایا کہ جب تک گورنمنٹ دخل دیتی ہے خاموشی ... ... اس کے علاوہ اسوقت کی مداخلت سے وہابیوں کا یہ منشا کہ ہمارا محرم ہٹ جائے، عزاداری ختم ہو جائے پورا ہو جائے گا۔ کانگریس کے دوست احراریوں کی مطلب برآری ہو جائے گی۔

طرہ یہ کہ بعض اپنوں ہی نے اپنی ذاتی وجاہت و رسوخ سے فائدہ اٹھا کر انجمن کو اور زیادہ بدنام کر دیا اور حکام مقامی کو اس کا یقین دلایا تھا کہ انجمن تنظیم المومنین چند شیر دفعہ وار اور بے تہذیب آدمیوں کی ایک جماعت ہے جس میں زیادہ تر شہر کے شورہ پشت عناصر شامل ہیں اور فساد کا احتمال اگر ہے تو اسی انجمن کی طرف سے ہے اسکے بتانے کی ضرورت نہیں معلوم تھی کہ اسوقت لکھنؤ میں اوپر سے نیچے تک پوری یزیدی حکومت قائم تھی جس کے ایک سرے پر حافظ محمد ابراہیم و رفیع احمد قدوائی وزراء حکومت اور دوسرے پر مسٹر توصیف اللہ اور حامد علی جیسے افسران پولیس موجود تھے جن کی زندگی کا سب سے بڑا فریضہ یہی تھا۔ اور اب بھی ہے کہ شیعہ قوم کو جس قدر [illegible] پھر اس دہشت پر حکومت اور ارکان حکومت کو بالخصوص تنظیم المومنین [illegible] بعض شیعوں ہی کی طرف سے شہ بھی مل گئی اور ان کو اس سرفروش انجمن کی تخریب و تباہی کے لئے ایک اچھا خاصہ بہانہ ہاتھ آگیا تھا۔ ان حالات کی بنا پر اراکین انجمن کو اندیشہ تھا کہ اگر ہم نے اپنے پروگرام کی تفصیل پیش کر دی تو انجمن کا کوئی رکن دفعہ ۱۰۷ کے [illegible] بچ گا اور جو کچھ ہم کرنے والے ہیں اس کا موقع نہ دیا جائے گا۔ یہ اندیشہ کس قدر صحیح تھا اس کا اندازہ اس واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ آغاز ایجی ٹیشن کے پہلے ہی دن چن چن کر تمام اراکین انجمن بشمول سید بشیر احمد صاحب رضوی و مولانا یوسف حسین صاحب ضیغم پنجاب دفعہ ۱۰۷ کے شکنجے میں کس لئے گئے حالانکہ اول الذکر بزرگ [illegible] عرصہ سے تنظیم کے جلسوں کی شرکت اپنی خانگی مصروفیتوں کی وجہ سے ترک کر دی تھی۔ اور ثانی الذکر بزرگ دو دن پہلے سے پنجاب چلے گئے تھے اور ایجی ٹیشن شروع ہونے کے بعد اسی شب میں واپس آئے تھے جس شب میں کہ آپکو گرفتار کیا گیا تھا۔

اس سلسلہ میں یہ حقیقت بھی قابل غور اور نہایت معنی خیز ہے کہ سوا اراکین تنظیم المومنین کے

اسی مارچ کو شہر کار مجلس کے روبرو نواب صولت علی خاں صاحب نے تنظیم ریلیف کمیٹی کے فنڈ میں ۵۵ روپے کے گراں قدر عطیہ کا بھی اعلان کیا۔ اسکے بعد سے انجمن کے جلسے ہوتے رہے اور مومنین کا جذبۂ ایمانی بڑھتا رہا۔ ۴ مارچ کو انجمن کی مجلس عاملہ نے ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی ریلیف کمیٹی کی توسیع کی اور ۹ مارچ کو بنجاری ٹولہ میں نواب محسن صاحب کے مکان پر انجمن کی طرف سے ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں ... جنرل سکریٹری انجمن تنظیم المومنین حاضرین جلسہ سے جذبے کی اپیل کرتے ہوئے نہایت زوردار لیکن مصلحتاً مبہم الفاظ میں اس کا پھر اعلان کیا کہ انجمن مدح صحابہ کا مقابلہ کرنے کے لئے بالکل تیار ہے لیکن تفصیلی پروگرام اسوقت پیش کیا جائیگا جب انجمن یہ دیکھ لے گی کہ کام اب شروع کرنیکا وقت آگیا ہے۔

انہی ایام میں ۱۱ محرم کا سانحہ اور وزیر گنج کے علم کے سلسلہ میں ہمارے ... کی ناحق گرفتاری نے تنظیم المومنین کے ممبروں میں اور زیادہ ہیجان پیدا کر دیا تھا کیونکہ اب تک تنظیم المومنین امن و امان کی حامی تھی اور یہ گرفتاریاں ہماری خاموشی کے باوجود عمل میں آئیں یہ ایک چنگاری تھی جو ... نے آگ دیدی۔

اس کے بعد انجمن کا ایک اہم جلسۂ عام گلی شاہ پہرا میں نواب زین العابدین صاحب کے دولتکدہ پر ۱۸ مارچ ۳۹ء کو اور پھر دوسرا جلسۂ عام اسی مکان میں ۱۹ مارچ کو منعقد ہوا جس میں ... نے مومنین کو اطمینان دلایا کہ انجمن کا پروگرام بالکل مکمل ہے اور وہ اپنا کام شروع کرنے کے لئے صرف وقت کی منتظر ہے۔ اس جگہ اس ابہام کو صاف کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ انجمن نے اس کا اعلان صاف طور سے کیوں نہ کیا کہ مدح صحابہ کے مقابلہ میں تبرا ایجی ٹیشن شروع کرنے والی ہے۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ ایک تو انجمن اپنی مخالفت کی وجہ سے حکام کی نظروں میں یوں ہی کھٹک رہی تھی اور

مبہم اعلان کا راز

کیسا خاموش اور مہذّب "

غرض حافظ صاحب کے بنگلہ پر پہونچے، میں جیوں ہی دروازہ کے قریب آیا۔ دو
تین آدمی بے چین ہو کر باہر آئے اور مجھ سے پوچھا، "کہئے مولانا صاحب کہاں ہیں" میں نے
عرض کی کون مولانا صاحب "بولے حسین احمد صاحب" میں تاڑ گیا فوراً جواب دیا، کہ
جناب حسین احمد صاحب ہمارے مولانا نہیں وہ لوگ شرمندہ ہو کر واپس ہوئے۔ یہ تھی ہماری
پہلی منزل جہاں سے (دفعہ ۱۴۴) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہم نے شاہ راہ
پر جلوس نکالا۔

آنریبل حافظ ابراہیم باہر آئے جلوس کے شرکا سڑک کے فٹ پاتھ پر بیٹھ گئے۔ قائد
اعظم نائب صدر جناب مرزا احسان حسین صاحب کو حکم ہوا کہ میں شکایات پیش کروں۔
اجازت چاہی اور پانچ شکایات پیش کیں میں نے پہلے وزیر اسلامیات جناب [illegible]
یہ عرض کر دیا کہ دیکھ لیجئے آج وہ افراد آپ کے روبرو ہاتھ باندھے فریادی بن کر آئے ہیں جو
صرف اسّی سال پہلے خود فریادیوں کی دادرسی فرماتے تھے یہ ان کے بیٹے اور پوتے ہیں
جو آپ کی کرسی پر بیٹھ کر مثل آپ کے احکام جاری کیا کرتے تھے۔ اس سے منشاء صرف
میرا یہ تھا کہ جناب وزیر صاحب کو معلوم ہو جائے کہ یہ حسین احمد صاحب کے مریدوں کا
مجمع نہیں جو عموماً کنجڑوں، قصابوں اور دھوبیوں پر مشتمل ہے ۔

پھر شکایات کی تفصیل عرض کی اور کہا!


(۱) حسین احمد صاحب مسلسل شر انگیز تقاریر کر رہے ہیں اور حکومت کی رٹ یا منافرت
پھیلا رہے ہیں ان کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاتا ان کو منافرت پھیلانے اور سنیوں کو
شیعوں کے خلاف ابھار رہے ہیں ان پر قانونی کارروائی کیوں نہیں کی گئی؟—

کسی دوسرے شیعہ ادارے کے کسی ایک رکن کو بھی گرفتار نہیں کیا گیا۔ جس کی وجہ غالباً یہی تھی کہ میدان عمل میں تنظیم المومنین کے سوا اور کسی ادارہ کا وجود بھی نہ تھا۔

شیعوں کا خاموش جلوس

بہر حال اسی ۱۹ ر مارچ کو صبح علی الصباح تنظیم المومنین کی قیادت میں شیعیان لکھنؤ کا ایک یادگار احتجاجی جلوس جس میں شہزادگان، وثیقہ داران، تجار، گریجویٹ غرض ہر طبقہ کے لوگ شامل تھے اور جو تقریباً ۱۵ ہزار افراد پر مشتمل تھا وکٹوریہ اسٹریٹ دفتر تنظیم المومنین سے مارچ کرتا ہوا حافظ محمد ابراہیم کے بنگلہ تک گیا حالانکہ دفتر سے حافظ صاحب کے بنگلہ کا فاصلہ ۴-۵ میل سے کم نہیں ہے۔ اور مظاہرہ کی نیت سے جو راستہ جلوس نے اختیار کیا تھا وہ تو کسی طرح ۸ میل سے کم نہ ہوگا۔


اس مظاہرہ کا اعلان ۱۸ ر مارچ کو جلسہ عام میں ہوا لیکن اسکی صورت یوں بدلی کہ لفٹنٹ سلطان علیخاں صاحب نے صبح کو بعد اجتماع مومنین ڈپٹی کمشنر کو ٹیلیفون کیا کہ مجمع شیعوں کا آپ سے ملنا چاہتا ہے انھوں ملاقات سے انکار کیا۔ اِدھر دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ، اودھر شاہ راہ پر اجتماع عظیم پھر مقامی پولیس کی بے چینی کوتوال کا بار بار قائد عظم کو بلانا، دھمکانا اور ڈرانا جلوس لیجانے سے منع کرنا اس ہنگامی کیفیت میں موصوف نے آنریبل وزیر اعظم کو ٹیلیفون کیا وہ دہلی میں تھے۔ آنریبل قدوائی صاحب کو بلایا وہ بھی باہر تشریف لے گئے تھے آنریبل حافظ ابراہیم کی موجودگی غنیمت سمجھی، خدا کی شان اور حضرت عباس علیہ السلام کا اعجاز ۱۵ ہزار مختلف مزاجوں پر مشتمل مجمع ایک آواز لگا کر کہدیا کہ خاموش پورے مجمع نے شہر کا چکر لگایا اور معلوم ہوتا تھا کہ اتنے بڑے مجمع میں ایک بھی فرد نہیں ہے دیکھنے والے کہتے تھے "کیا کہنا ان شریفوں کا" ان روسار کا۔ کیا پاکیزہ اور صاف مجمع



چودهري سيد محمد حسن صاحب ممبر
مجلس انتظاميه تنظيم - اعزاز ۲ ماه
قيد محض ۳۰ روپيه جرمانه



ايس - ايم آغا صاحب ممبر مجلس
انتظاميه و وائس پريسيڈنٹ
ريڈيکل پارٹي - اعزاز دفعه ۱۰۷



نواب علي احمد خان صاحب بهادر
و نواب فريدون مرزا صاحب بهادر
ممبران مجلس انتظاميه تنظيم معه
صاحبزاده و برادر - اعزاز موصوفين
ميں سے هر ايک کو ۳ ماه قيد
سخت اور ۲۵ روپيه جرمانه هوا



طلبا شيعه کالج وغيره
جو اسير هوے

(۲) ۱۱ محرم کو باوجود "اتحاد بین المسلمین" کی تبلیغ کرنے اور پر امن رہنے کے ہمارے ۱۲ شیعوں کو کیوں گرفتار کیا گیا۔

(۳) وہابی سنّی جتھوں میں مدح ثلاثہ پڑھتے نکلتے ہیں اور سڑکوں پر فرلانگ کے فرلانگ چلے جاتے ہیں لیکن ... کی گرفتاریاں عمل میں نہیں آتیں۔

(۴) توصیف اللہ و حامد علی انچارج کوتوالی چوک و تھانہ وزیر گنج جو سنّی ہیں اور ہمیشہ شیعوں کے خلاف سنیوں کی حمایت کرتے رہتے ہیں یہاں سے تبدیل کیوں نہیں کر دیے جاتے۔

(۵) سنّی اخبار "کامران" اور "...نما" اشتعال انگیز مضامین لکھ رہے ہیں لیکن وہ چونکہ سنّی اخبار ہیں اس لئے پولیس کی ضد میں نہیں لائے جاتے۔ اور شیعہ اخبار حالانکہ رواداری برتتے ہیں لیکن پھر بھی ان میں سے "سرفراز" اور "سیاہی" قانونی شکنجوں میں کسے جا رہے ہیں۔

مختصر یہ کہ حافظ صاحب نے شرکا جلوس کو یہ پیغام دیا "... اگر آپ لوگوں کے مطالبات پر پوری ہمدردی سے غور کیا جائے گا۔ اس کے بعد جلوس واپس آیا۔ اس جلوس کے متعلق ایک خاص چیز قابل ذکر یہ ہے کہ اتنا بڑا جلوس جس امن جس خاموشی اور جس سکون و وقار کیساتھ نکلا ہے اسکی تعریف اپنے تو اپنے اغیار کو بھی کرنا پڑی۔ بالکل چپ تعزیہ کا منظر پیش نظر تھا۔ بلکہ سکوت و خاموشی کے اعتبار سے اس سے بھی زائد۔ کیونکہ چپ تعزیہ میں کم از کم گریہ و بکا اور نقابت تو ہوتی ہے۔

اسی ۱۹ مارچ کے اخبار سیاہی میں جناب قتیل کے معجز نگار قلم کا وہ تاریخی مضمون نکلا جس کی سرخی "یا آل ثار الحسین" تھی اور جس نے ساری قوم میں غیرت ملی اور جوش مذہبی کی ایک بجلی دوڑا دی۔ یہ ہماری تیاری کی دوسری مضبوط منزل تھی۔

ملاحظہ ہو۔ اور مندرجہ ذیل مضمون بغور ملاحظہ ہو

روزنامہ **سپاہی** لکھنؤ

جلد ۱ (یوم یکشنبہ) ۱۹ر مارچ ۱۹۳۹ء نمبر ۱۰

یا ثارات الحسینؑ

حسینؑ مظلوم کے جاں نثارو تمہارے امتحان کا وقت آگیا!

دنیا اسوقت ایک اہم اور نتیجہ خیز کروٹ بدل رہی ہے افق یورپ پر جنگ ... شورافزا بادل منڈلا رہے ہیں، ہر ہٹلر نے بغیر کسی تصادم و خونریزی کے یکے بعد دیگرے بوہیمیا، مراویا اور سلواکیہ پر قبضہ کرلیا اور فرانس و برطانیہ منہ دیکھتے رہ گئے۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ جرمنی کی ان دلیرانہ پیش قدمیوں اور دیگر دول عظمیٰ کی بزدلانہ خاموشیوں کا آخری نتیجہ کیا ہوگا۔ ضرورت تھی کہ ان بین الاقوامی مسائل پر سیر حاصل بحث کیجاتی اس لئے کہ جو کچھ یورپ میں ہو رہا ہے اسکے اثرات ... ہندوستان بھی محفوظ نہیں رہ سکتا مسٹر سبھاش چندر بوس کے ... گو یہ کہتے ہیں کہ برطانیہ کی کمزوری ہی میں ہماری کامیابی کا راز مضمر ہے۔ مہاتما گاندھی نے دیسی ریاستوں میں انقلاب کا جھنڈا بلند کردیا اور وایسرائے برطانوی حکومت کی طرف سے ان کو رضامند کرنے کی




اکبر حسین صاحب زری والا بمبئی
جنہوں نے تنظیم کے پلیٹ فارم سے
اسیر ہونے کے لئے بمبئی سے جتھے
روانہ کئے



ممباسہ ۔ افریقہ سے آنے والا مجاہد
محمد عیسیٰ ولد جناب محمد موسیٰ
دیوجی جمال بھائی اعزاز ۳ ماہ
قید سخت



اب سید سجاد حسین صاحب شدید
بیرۂ جناب رشید مرحوم ۔ اعزاز ۳
ماہ قید سخت ۱۵ روپیہ جرمانہ



حضور عالم [illegible]
صاحب رئیس لکھنؤ
اعزاز ۲ ماہ قید
محض ۴۰ روپیہ
جرمانہ

ایک افواہ یہ بھی ہے کہ مولانا حسین احمد مدنی بھی لکھنو آگئے ہیں بہرحال اگر نہیں آئے ہیں تو اب آجائیں گے اسلئے کہ ان کا یہ اعلان تو کل ہو چکا ہی کہ وہ لکھنو آئیں گے اور خود مدح صحابہ پڑھیں گے۔

حکومت کا طرفدارانہ "رویہ"

دوسری طرف حکومت کی بے بنیادی کا یہ عالم ہے کہ وہ اس قضیہ کے فیصلہ میں کسی ذمہ دار شیعہ فرد یا شیعہ ادارہ سے شورہ لینے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔ جانتک ہم کو ... سوقت تک وزیر اعظم یا کسی دوسرے رکن سے حکومت نے اس سلسلہ میں کسی شیعہ کو شرف باریابی نہیں بخشا۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حکومت اس مسئلہ کا یکطرفہ فیصلہ کرنا چاہتی ہے اور ایک ایسا یک طرفہ فیصلہ جس میں مولوی عبد الشکور مولوی ظفر الملک اور سنی اراکین مسلم لیگ کی رائے شریک ہو ظاہر ہے کہ کیا ہوگا۔

ایجی ٹیشن کا نتیجہ

ان تمام آثار و قرائین سے صاف صاف پتہ چلتا ہے کہ اب حکومت ایجی ٹیشن کے سامنے جھکنے ہی ہے اور چونکہ اسوقت تک ۰۰ ۵ سے زیادہ اشخاص مدح ثلاثہ پڑھنے کے سلسلے میں قانون شکنی کرکے جیل جاچکے ہیں ... سلئے ... بت سنی اکثریت کو رضامند کرنے کی کوششوں میں ہے۔ یہ نتیجہ ہے ایجی ٹیشن کا۔ اور ہمیں ذرا بھی تعجب نہ ہوگا اگر حکومت آج ہی کل میں مدح ثلاثہ کی اجازت دیدے۔

شیعوں کے دلیرانہ قیادت کا فقدان

ہماری حالت یہ ہے کہ ہم ایک ایک کا منہ تکتے ہیں اور کوئی ہماری سرپرستی و رہنمائی کا کرنیوالا نظر نہیں آتا۔ چند روز ہوئے ہم نے ایک دردمندانہ اپیل حضرات علمائے کرام

کوششوں میں مصروف ہیں۔

ہمارا درد

یہ تمام مسائل بحث و نظر کے محتاج ہیں، اور ہمارا دل چاہتا تھا کہ ہم قارئین، سپاہی، کے سامنے اپنی استعداد کے موافق ان اہم سیاسی مسائل کے متعلق اپنا نظریہ پیش کرتے لیکن خدا ہدایت دے ان مفسدہ پرداز ہستیوں کو جنہوں نے لکھنؤ میں تحریک مدح صحابہ کا آغاز کر کے ہمکو ساری دنیا سے بےخبر کر دیا جو آگ ہمارے گھر میں لگی ہے اسکے شعلے ہمیں اتنی فرصت ہی نہیں دیتے کہ ہم کسی دوسری طرف بھی دیکھیں ہمارے درد کا علاج کرنیوالا کوئی نظر نہیں آتا۔ اب ہمکو اپنے درد کا علاج آپ ہی کرنا ہے۔

ہوا کا رُخ کدھر ہے

اخباروں میں آپ نے یہ خبر ضرور ہی پڑھی ہو گی کہ ہمارے صوبہ کے وزیر اعظم آنریبل پنڈت گوبند بلبھ پنتھ کو اب قضیہ مدح صحابہ کے ... کی فکر لاحق ہوئی ہے اور آپنے یہ بھی پڑھا ہو گا کہ جناب موصوف نے اس سلسلہ میں اسمبلی کے اراکین مسلم لیگ سے بھی گفت و شنید کی ہے۔ یہی نہیں بلکہ آپ نے ان سے یہ درخواست کی ہے کہ وہ اس قضیہ کا کوئی حل نکالیں۔ چنانچہ ... قائدین بھی کی ہیں جو قانون شکنی کی علت میں گرفتار ہو کر جیل گئے۔ آج صبح سے شہر میں یہ خبر بہت زوروں سے گشت کر رہی ہے کہ حکومت نے صوبہ کی ... جیلوں سے ... مولوی ظفر الملک اور عبد السلام فاروقی کو بھی لکھنؤ جیل میں بلوا لیا ہے ... اخبار حق کا بیان ہے کہ حکومت نے میرٹھ جیل میں مولانا عبد الشکور صاحب سے کچھ اس قسم کے سوالات کئے جن سے مترشح ہوتا تھا کہ حکومت مصالحت پر آمادہ ہے۔

۲۱ر مارچ کو لفٹننٹ نواب سلطان علی خاں صاحب قائدِ اعظم سپاہ عباسیہ تنظیم المومنین جو بعد کو تبرّا ایجی ٹیشن میں سب سے پہلے مجاہد بنے۔ سیّد شبیر حسن صاحب قتیل، حکیم سید عابد رضا عُرف جناب ابو صاحب اسسٹنٹ سکریٹری انجمن تنظیم المومنین حافظ محمد ابراہیم صاحب سے دوبارہ ملے اور تیسرے پہر کو وزیرِ اعظم کے بنگلہ پر بھی گئے لیکن ان سے ملاقات نہ ہوسکی۔

۲۲ر مارچ کو امام باڑہ داروغہ واجد علی صاحب مرحوم واقع گولہ گنج میں انجمن کی طرف سے ایک عظیم الشان جلسۂ عام منعقد کیا گیا اور نہایت زور دار تقریریں ہوئیں۔ جلسہائے ماقبل کی طرح اس جلسہ میں بھی میں نے [illegible] جنرل سکریٹری کے تمام مومنین لکھنؤ کو صلائے عام دیا کہ انجمن کا کوئی رکن رہنمائی اور لیڈری کے خدمات سے متاثر نہیں۔ ہمارے لئے یہی فخر بہت کافی ہے کہ ہم قوم کے خادم ہیں اور اپنی فہم و استعداد کے مطابق قومی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ اگر کوئی صاحب یہ بار اپنے شانوں پر لینا چاہیں تو بسم اللہ میدان میں آئیں اور ہم کو سبکدوش کریں۔ ہم اپنے حتی المقدور اُن کے ساتھ ہیں تعاون عمل کرنے کو تیار ہیں تنظیم کسی مخصوص پارٹی یا [illegible] انجمن [illegible] پوری قوم کے جذبات و محسوسات کی ترجمان ہے اور ہر فردِ قوم کو یہ حق حاصل ہے کہ قومی مفاد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس جہاز کو جس طرح چاہے چلائیں

سرد مہر اور گجر

واضح رہے کہ انجمن کی طرف سے اس قسم کے اعلانات ہزارہا مومنین کے مجمع میں ہوتے رہے اور ابتدا سے کار سے آخر وقت تک ہوتے رہے لیکن سروں پر دفعہ ۱۰۷ کی تلوار لٹک رہی تھی جیل کا پھاٹک ایک دیو مہیب کی طرح منہ کھولے نگاہوں کے سامنے پھر رہا تھا اس آواز پر لبیک کہنے والا کون تھا نہ کوئی شخصیت سامنے آئی نہ کسی ادارہ نے قدم بڑھایا

کیخدمتمیں پیش کی تھی۔ لیکن اسکا جواب ہمکو ... امیز خاموشی سے دیا گیا۔ ہمارے وہ لیڈر جو اطمینان وسکون کے اوقات میں قوم کی نمایندگی کا ڈھنڈورا پیٹتے پھرتے ہیں اس نازک وقتمیں اپنے اپنے گھروں میں روپوش ہیں۔

ہمکو کیا کرنا چاہیئے؟

اب سوال یہ ہے کہ ہم کو کیا کرنا چاہیئے۔ کیا ہم امن ... احترام ... صحابہ سننا گوارا کریں؟ کیا ... اپنے آپ کو شیعہ کہنے کے مستحق ہوں گے؟ کیا ہمارے ہزارہا سال کے مسلمہ حقوق پر صریحاً ڈاکہ نہیں ... ہے؟ تو کیا ہم اس زبردستی اور استبداد کو ایک بزدل اور بیغیرت قوم کی طرح برداشت کریں؟ ... کا جواب شیعہ قوم کو فوراً دینا ہے ان کو حمیّت دینی اُن کی غیرت قومی ان کی شرافت تاریخی کے امتحان کا وقت بالکل قریب آگیا۔

مرکز ثقل پر جمع ہو جاؤ

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے ... مہینے پہلے ہمارا ایک مرکز ثقل قائم ہو چکا ہے جس کا نام انجمن تنظیم المومنین۔ طبعی طور پر اس فتنہ وفساد میں ... المومنین کی طرف اُٹھ رہی ہیں۔ چنانچہ یہ دیکھکر ہمکو اطمینان ہوتا ہے کہ شہر کے ہر محلے سے صدہا مومنین کے دستخطوں سے ایسے پمفلٹ شائع ہو رہے ہیں۔ انجمن اور اسکے کارکنان پر پوری قوت کیساتھ ... گیا ہے اور اسکو وضع کر دیا گیا ہے کہ ہم انجمن کے سوا کسی اور کی قیادت قبول کرنے پر تیار نہیں۔

اٹھو اور اپنی ہستی کا ثبوت دو!

حسین مظلوم کے جاں نثارو تم کو یہ خوب معلوم ہے کہ مدح صحابہ کا فتنہ صرف شہید کربلا کی تعزیہ داری کو ... ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہو کہ یا لیتنی کنت معکم فافوز فوزاً عظیماً۔ لہذا اٹھو اور اپنی ہستی کا ثبوت دو

دو، ہماری مالی کمزوریاں ہمکو سیدھا نہیں ہونے دیتیں۔ میری یہ خواہش تھی کہ
چند یوم کے اندر کسی نہ کسی طرح پشاور سے کلکتہ تک اور دیرہ ... کماری
تک صرف ایکمرتبہ آپ پر جو مظالم کئے ... ہیں ان کی اطلاع صدائے
صور و ناقوس کی طرح زمین پر، فضا میں، گلیوں میں، بازاروں میں غرض چپہ
چپہ پر پہنچا دی جائے اور تمام شیعیان ہند کو طبل جنگ کی آواز سنا دی جائے۔
میں چاہتا تھا کہ میں خود اس اہم کام کا پروپیگنڈا تفصیلی طور پر انجام دوں مگر
جب ہمت کی، میرے ہمدردوں نے خاص کر نواب چھن صاحب نے یہ کہکر میری
ٹانگ پکڑ لی کہ ایسے نازک موقع پر اگر تم لکھنؤ چھوڑ کر ہٹے تو لوگ تم کو بزدل کہیں گے۔ یہ
سوچتا ہوں مگر دل مسل کر رہ جاتا ہے۔ کاش اسوقت ہماری قوم کے سرمایہ دار افراد
ہماری پشت پناہی کرتے، کہاں ہیں وہ جو محلوں میں اور منزلوں ... انسری
بجا بجا کر لیڈری کی باتیں لگایا کرتے ہیں۔ کہاں ہیں وہ جو موٹروں پر اڑ اڑ کر صبح و
شام حکام کے دروازوں کی جبیں سائی کرتے پھرتے ہیں، آئیں ذرا اپنی قوم اور
غریب قوم کے بے دست و پا افراد کا جوش قربانی دیکھیں۔ ان کی رہنمائی کریں۔
وقت غنیمت ہے اگر آج بھی بزدلی سے کام لیکر موقع کا استعمال نہ کیا تو پھر قوم کم از کم
نصف صدی تک اغیار کے مظالم کا نشانہ بنی رہے گی۔

میرے بہادر تنظیمی سپاہیو!! میں تو ڈرتا ہوں مگر آج پھر اپنے بوڑھے صدر اور
بہادر قائد اعظم کی جانب سے ایک بار اس کھلے مجمع میں کہتا ہوں اور بہ آواز بلند
کہتا ہوں کہ ہم کو تنظیم میں عہدوں کی ضرورت نہیں، ہم نااہل ہیں ہم میں رہنمائی
کی ... نہیں، ہم ناتجربہ کار ہیں اور پھر سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ غریب ہیں ...

اٹھتی ہوئی آگ میں بھاندنا اور چیز ہے اور بند کمروں میں بیٹھ کر کاغذی رزولیوشنوں کے بل بوتے پر قوم کی لیڈری کا دم بھرنا اور چیز ہے۔

اس جلسہ میں سیسہ ی طرف سے یہ بھی اعلان ہو گیا کہ ۲۴ رکوا ما بہاڑہ آصفی میں انجمن کیطرف سے شیعیان لکھنو کا جلسہ عام ہوگا۔ دشمنوں کے مقابلہ پر محاذ قائم ... گا اور عملی کارروائی شروع کردی جائے گی۔

" میری اس جلسہ کی تقریر کا خلاصہ اخبار ... میں اس لیئے شائع ہوا۔ کہ قوم دیکھ لے کہ تنظیم المومنین کسی مخصوص جنگ کے لیئے تیار ہے "

خلاصہ ... تقریر

جناب صدر و بہادران ملت " سلام علیکم "

آج ماشاء اللہ جلسہ میں ۵ یا ۶ ہزار کا مجمع ... نظر اٹھا کر دیکھتا ہوں سوائے میرے غریب بھائیوں کے اور کوئی نظر نہیں آتا۔ گلی گلی مدح صحابہ ہو رہی ہے ، شاہ راہوں پر قانون شکنی کے بہانے سے جتھے دل آزاد مدح گاتے پھرتے ہیں ، ایک گھونسہ پڑتا ہے مگر کسکے دل پر صرف غریب شیعہ کے دل پر ، اسی سلسلہ میں اجتماع آپکے خلوص و جوش ایمانی کا ثبوت دیتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مذہب و ایمان پر جان و مال صدقہ کرنے پر آمادہ ہی نہیں بلکہ بیچین ہیں اور آپکو تنظیم المومنین کے حکم کا ... ہوگا ... اراکین تنظیم صرف یہ چاہتے ہیں کہ اس نو ایجاد مدح صحابہ کا جواب شیعوں کی جانب سے کسی ایسی ٹھوس اور مضبوط بنیاد پر قائم کیا جائے جو قوم کے لیئے مستقلاً مفید ہو تنظیم المومنین کا لائحہ عمل تیار ہے اس پر عمل پیرا ہونے والے بہادر سپاہیو ! اتنے بڑے اہم کام کی ذمہ داری اگر لینا ہے تو " مولا " کا نام لیکر اسکے لیئے پوری تیاری ہونی ...

دیکھی اور وہ یہ کہ جب تک کسی مخصوص لائحہ عمل [illegible] امن وصلح کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹنے (جواب ملاحظہ) آہاہا!! آج میں مسرور ہوں میرا دل ہاتھوں بڑھ گیا، کہاں جاتے ہو پوچھا حسین احمد گھبراؤ نہیں تمہاری سیاسی چالیں شیعوں کے بچہ بچہ کی سمجھ میں آگئیں تم خوب اپنی زہرا فشانیوں اپنی خونچکاں تقریروں سے ملک معظم کی رعایا میں تفریق کی بنا، قائم کئے جاؤ آزاد ہو حافظ ابراہیم صاحب اور وزیراعظم کی چھتیں تمکو پناہ دئے ہیں، اگرچہ تم مذہبی نفاق کی تخم ریزی کرتے پھرتے ہو جو کانگریس کے مسلک [illegible] تعاون کے ایما اور [illegible] بالکل [illegible] مگر پھر بھی تم آزاد ہو تم سے کوئی باز پرس نہیں، کیوں باز پرس ہو اگر تم ہی پر شکنجہ چڑھا دیا گیا تو احرار اور جمیعۃ العلما کے چلتے ہوئے دو چھیار کنڈل ہو جائیں گے، نفاق بین المسلمین کیونکر مضبوط ہو سکے گا مسلم لیگ کی کمر کیونکہ [illegible] مسلمانوں کو کانگریس کیطرف کونسا مقناطیس کھینچ سکے گا (مسلم ماس کنٹیکٹ) کی سکیم کیونکر کامیاب ہو سکے گی، شیعہ اقلیت [illegible] ہو جائے بلا سے، کانگریسی وزارت کی پاپوش سے، مگر سنی اکثریت خوش رہے۔ مولانا کانگریس کے پجاریوں میں اضافہ صرف تمہاری بدولت ہو سکتا ہے، مدح صحابہ کا ڈھونگ اچھا ہے غیر تعلیمیافتہ سنی یوں ہی تمہارے ہاتھ چڑھتے ہیں، موقع سے فائدہ اٹھاؤ۔ مسلم لیگ [illegible] کو پچھاڑ کر کانگریس کا پایہ مضبوط بناؤ۔

بھا دران ملت، مدح صحابہ، [illegible] مدح صحابہ، مذہب نہیں سیاست ہے اسکے پس پردہ کانگریس اور مسلم لیگ کی جنگ ہے افسوس کہ [illegible] ایسوں کی آنکھوں پر بھی [illegible] گئے ہیں، وہ اس سیاسی چال کے سمجھنے میں

ہیں، قوم کی رہنمائی ہمارا کام نہیں " آئیے آگے بڑھیے وقت کی نزاکت دیکھ کر ہمارے عہدوں کو قبول فرمائیے۔ ہم بخوشی اپنے عہدوں سے دست بردار ہوتے ہیں آپ کے ادنیٰ سپاہی بنیں گے آپ کی خدمت کریں گے۔

خاموشی! افسوس! کوئی جواب نہیں، کیا قوم میں لیڈروں کا دعویٰ کرنے والے اس خطرہ کے موقع پر اپنی جانیں بچا رہے ہیں، اچھا ان کا خدا بھلا کرے۔ ہم تو مدح صحابہ کا مقابلہ کرنے کیلئے خلق ہی کئے گئے ہیں۔ بھائیو! ہماری آواز پر لبیک کہنے والا کوئی نظر نہیں آتا، آپ کیا کہتے ہیں؟ اس دل شکن خاموشی کے بعد پھر اجازت دیجئے کہ ہم لوگ ہی اس بار عظیم کو کاندھے پر اٹھائیں! کیا رائے ہے (مجمع کا جواب ضرور ضرور) "اچھا ہمت ہے (جواب ہاں) تو یوں نہیں، میں چاہتا ہوں کہ مورچہ کے مقابلہ پر مورچہ لگایا جائے، دشمن کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے اسکے روبرو پہنچا جائے، آئندہ جلسہ شاہ پیر محمد کے ٹیلے کے پہلو بہ پہلو امام باڑہ آصفی میں منعقد کیا جائے، وہ جلسہ ہوگا مقابلہ کا بگل ہوگا، تقریریں نہوں گی بلکہ مدح صحابہ کے تیروں کا جواب (مجمع نے کہا تیر!) ہاں تیر ... اگو لوں سے دیا جائیگا مجمع سے ایک صاحب نے سوال کیا، امام باڑہ آصفی میں اجازت بھی ملجائیگی؟ جواباً عرض کرتے ہوئے میں نے کہا۔ انقلاب پسند تنظیمی شیرو، تم مذہب و شیعیت کی حفاظت کا بیڑا اٹھا کر چلے ہو، تم تو باغی ہو باغی، باغی کے لئے شہر کا گوشہ گوشہ اسکی ملکیت ہے اجازت کیسی، امام باڑہ ہمارا ہے ہم جلسہ وہیں کریں گے اور وہیں کرینگے۔ مرنا ایک ہی دن ہے ہمارے مصالح کے خلاف اگر ہماری قوم کے افراد مقابلہ پر آگئے تو پھر مجبوراً کانٹے صاف کرنا ہی ہوں گے، مگر ہاں، امام باڑہ کے جلسہ میں ابھی ایک شرط

جذبات پر قابو رکھنے سے قاصر ہیں

میں واقعی شیعی دنیا کو دگرگوں پاتا ہوں آج اک عجیب ہلچل ہے، جیوں جیوں مدح صحابہ کے سیاہ بادل بڑھتے نظر آتے ہیں اتنے ہی شیعہ غیض و غضب کی بجلیاں دشمنوں کی امیدوں کو خاکستر بنانے میں تیز رو نظر آتے ہیں، میں تو بڑا بزدل ہوں کمزور ہوں، نہ مرنا چاہتا ہوں، نہ جیل جانا [illegible] عافیت کا گوشہ تلاش کرتا مگر آج میں بڑا بہادر ہوں اپنے میں غیر معمولی قوت محسوس کر رہا ہوں۔ ایک چھوٹا سا واقعہ اور اسی پر مدح صحابہ کا خاتمہ۔

آج جب میں دفتر سے واپس ہوا دل ویران، صحابی جتھوں کی یورش اپنی قوم کی بے بسی، اور لاچاری کا طوفان، طبیعت میں ایک ہیجان، مکان کے سامنے سڑک پر کھڑا ہو گیا کہ پھر [illegible] ہنگام، وہی مجمع دل آزار، مدح صحابہ کا نا ہوا نمودار ہوا، میرے مکان کے نیچے سڑک پر رکا کیونکہ وہاں تنظیم المومنین واڑ دکیٹی رکاب گنج کا بورڈ اور جھنڈا نصب ہے۔ تنظیم المومنین ہی کا اصرار اور ناموس صحابہ سے [illegible] آپ تو خوب واقف ہیں، حسب دستور تنظیمی شیعوں کو چھیڑنے کے لئے یہ شرارت پسند مجمع رکا، میں نے اپنی آنکھیں بند کرلیں، منہ پر ہاتھ رکھ لئے، دل دھڑکنے لگا پنکھے لگ گئے ایک ہیجان [illegible] ہو گئی تنظیم المومنین کا جنرل سکریٹری ایسی بہادر جماعت کا نمائندہ، ایسے عملی ادارہ کا ذمہ دار رکن اور ایسا بزدل۔ کانوں میں آواز آئی مدح صحابہ زندہ باد!۔ فوراً کسی [illegible] بے چین ہو کر [illegible] سامنے دیکھا کہ میرے کمرہ کا دروازہ جو سڑک کی جانب تھا کھلا اور میری منجھلی بچی جس کا [illegible] سلمہ بانو ہے ایکبارگی اپنا نصف جسم

قاصر ہیں، مگر میں مسلمانوں کی تسکین کے لئے حسین احمد صاحب سے پوچھتا ہوں اور چیلنج
دیتے ہوئے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ کوئی ایسا اسلامی ملک بتا سکتے ہیں [illegible]
پر مدح صحابہ ہوتی ہو۔ مصر، شام، ترکی، فلسطین، عراق، افغانستان اور کیا عرض کروں
وہ جگہ جہاں مولانا آپ خو[illegible] تک مقیم رہ چکے ہیں یعنی مدینہ، حجاز۔ ان میں سے
کوئی ایسی جگہ ذرا [illegible] آپکے فتوے کے مطابق مدح صحابہ ہوتی ہو [illegible]
کہ اس کا جواب آپکے پاس کچھ نہ ہوگا۔ پھر ہندو[illegible] ہندوستان لاچار ہندوستان
میں آپ اس فتنہ کو کس بنا پر بیدار فرماتے ہیں، کیا پنتھی وزارت آپکو ایمان فروشی
کی تلقین کر رہی ہے؟ پھر آخر آپ اس درجہ کھلم کھلا شیعہ سنی فسادات کی خلیج کو کیوں
کشادہ فرماتے ہیں اور مدح صحابہ نواسجا دمدح صحابہ کے حصول پر کیوں اصرار فرماتے
ہیں۔ کیا یہ آپ کی سیاست نہیں، ہاں ٹانڈہ میں فائرنگ ہوئی بندوق چلی خدا جانے
کتنے [illegible] گریس وزارت کی گولیوں کا نشانہ بنے [illegible]
نہ تقریریں فرمائیں، کیوں تقریریں فرماتے، کانگریس آپ کی چہیتی، ہندو راج آپکا
ایمان، مسلمانوں کا خون ہو جائے مگر آپ کی سیاست ہاتھ سے نہ جائے، لکھنؤ میں آپکو
اسلامی دنیا بھنور میں دکھلائی دی آپ بچانے دوڑے کیوں اسلئے کہ اس کا بیڑا پار
ہو جائے نہ ،،استغفر اللہ،، اسلئے کہ یہ غرق ہو جائے تاکہ کانگریسی تیغ جو ابتک اسکی
تلوار سے پوری قوت حاصل نہ کر سکا تھا مستقل طریقہ پر دریائے ہند کا جز بنجائے
جناب صدر! میں یہ دعوی سے کہہ سکتا ہوں کہ غریب سنیوں کو مغالطہ دیا جا رہا ہے
مدح صحابہ کو مذہبی اہمیت دیکر اسلام کے ٹکڑے اڑائے جا رہے ہیں۔ کاش عام
مسلمان اس نازک مسئلہ کو سمجھتے، مگر افسوس وہ نہیں سمجھتے، اچھا تو پھر ہم بھی اپنے

منزہوا ہے۔ آخر میں میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ لائحہ عمل ہمارے پیش نظر اس میں پیسے کی ضرورت ہے، پروپیگنڈا کی ضرورت ہے خدا کیلئے دلچسپی لیجئے کو مضبوط بنائیے اپنے "اخبار سپاہی" کی مدد فرمائیے، دلچسپی بھی ضروری ہے آپکی انجمن آرگن "سپاہی" کی زندگی بھی ضروری ہے اگر آپ صحابہ کا مقابلہ کرنا چاہتے ہیں تو یہ دو امر قابل لحاظ ہیں، خدا کے لئے، خدا کے لئے میری اس مخلصانہ اپیل کو پیش نظر رکھئے

نعرۂ حیدری " یا علی "

وزیر اعظم کو چیلنج!

۲۳ کو سید مظفر حسن صاحب [illegible] صدر [illegible] بحیثیت جنرل سکریٹری نواب مجمل حسین خاں صاحب [illegible] مجمن صاحب مرزا ضامن حسین صاحب نے وزیر اعظم سے ملاقات کی اور طولانی گفتگو کے بعد جب انکی طرف سے دادرسی کی کوئی امید باقی نہ رہی تو انہیں چیلنج دیدیا کہ اگر آپ [illegible] حقوق کی حفاظت سے گریز کرتے ہیں تو مجبوراً اب ہم اپنی حفاظت آپ کرینگے [illegible] بعد حسب اعلان سابق ۲۴ کو امام باڑہ آصفی میں جلسہ عام جمع ہوا لیکن چونکہ اس درمیان میں یہ امید پھر قائم ہوگئی تھی کہ حکومت شیعوں کے ساتھ انصاف کرنے کا ارادہ کر رہی ہے اسلئے اس دن کوئی کارروائی شروع نہیں کی گئی۔ لیکن قوم کو آمادہ رکھنے کے لئے جلسوں کا سلسلہ برابر جاری رہا۔

چنانچہ ۲۶ مارچ کو ایک عظیم الشان جلسہ امام باڑہ غفرانمآب میں ہوا جس کے جوش و خروش کو دیکھ کر انجمن کی بڑی ہمت افزائی ہوئی۔ اور ۲۹ مارچ کو جبکہ خارجی ذرائع سے یہ معلوم ہوگیا کہ حکومت ثلاثہ پرستوں کو شارع عام پر مدح ثلاثہ پڑھنے کی اجازت دینے پر بالکل

دروازہ سے نکال کر اپنی ٹوٹی پھوٹی توتلی زبان میں چار پانچ مرتبہ ... ہاتھ بڑھا کر کہا مدح صحابہ مردہ باد، مدح صحابہ مردہ باد، مدح صحابہ مردہ باد" صحابی جھنڈا کر ... کا تکتا ہی رہا، بچی نے مُردہ باد کے نعرے لگا کر دروازہ بند کر لیا مگر دیکھنے والوں میں اور سننے ... سپاہیانہ جذبہ پیدا کر دیا، میں بھی اب ... ، مجھکو بڑی شرم آتی ہے ... ہوں، میری بچی میں ایسا جذبۂ ایمانی اور میں ایسا بزدل کہ جیل سے ڈروں، ایمان پر جب قربان ہونے کا موقع آئے تو پیچھے ہٹوں،

میرے بہادر سپاہیو!! یہ دیکھنے کے بعد کہ شیعہ قوم کا بچہ بچہ مدح صحابہ کے مقابلہ کے لئے تیار ...!! میں کسی طرح پیچھے ہٹ سکتا ہوں، لعنت ہے مجھ پر اگر کوتاہی کروں بولئے! میرا ساتھ دیجئے گا (جواب ہاں)

اب میں اپنی تقریر کو طول دینا مناسب نہیں سمجھتا، ایک مرتبہ رہا جا ... کہ مولانا حسین احمد بڑے دعوے سے مدح صحابہ کو سنیوں کا شہری حق فرماتے ہیں، میں انشاء تفصیل سے اس امر پر روشنی ڈالوں گا کہ شہری حق کے معنی کیا ہیں اور آیا مدح صحابہ شہری حق ہے یا بنایا جائیگا، اگر بنایا جائے گا تو وہ بن بھی سکتا ہے، اسوقت مجھکو صرف ایک دھن ہے وہ کیا مقابلہ، بھئی میرا بہادر قائد اعظم بھی کہہ ... جیل رہا ہے کہتا ہے کہ جیل چلو! اچھا بھیا ... تم موجود ہو ذرا ان سب سے پوچھو یہ تمہارا ساتھ دینگے اچھا ٹھہرو میں پوچھتا ہوں کیوں بہادر کیا للہ ہے قائد اعظم کا ... میری رائے مانتے ہو حلوے مانڈے کے ساتھ عافیت کے گوشہ میں بیٹھو گے؟ (یہ آواز بلند جواب ... ساتھ دینگے، مجھکو ڈفیٹ ہوئی۔ میں ہارا بھیا سلطان، تم جیتے (ایک قہقہہ لگا) اچھا تمہارے ہی

مجلس عاملہ نے اس صورت حال کا مقابلہ کرنے کیلئے جو شہر میں مدح ثلاثہ کی بدولت پیدا ہوگئی ہے نہایت اہم اور نتیجہ خیز فیصلے کئے ہیں. جن کا اعلان انجمن اپنے آئندہ جلسہ عام میں کرے گی ۔

ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا ۔

قول و عمل کا فرق !!

یہاں اسکے بتانے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ ۳۰ مارچ جمعرات کے دن وہ دن جو تاریخ شیعیت میں تا ابدالآباد یادگار رہے گا جس بہادر نے جناب غفرانمآب کے امام باڑہ میں جلسہ عام کے بعد حسب الحکم تنظیم المومنین سب سے پہلا قدم قربان گاہ حریت کی طرف بڑھایا۔ وہ سیاہ عبا سیہ کا قائد اعظم، تاج شیعیت کا جواہر درخشاں، الفت سید الشہدا اور حمیت قوم کا متوالا، لفٹنٹ نواب سلطان علی خاں تھا۔ کہئے سلطان علی خاں زندہ باد۔ اسی شب میں تنظیم المومنین کی مجلس عاملہ کے تمام رکن باستثنائے چند دفعہ ۱۰۷ کے ماتحت گرفتار کر لئے گئے۔

دوسرے دن جمعہ تھا اور صبح سویرے ... گورنمنٹ کا وہ شیطانی کمیونک شائع ہو چکا جسمیں اس نا اہل اور نا انصاف حکومت نے شیعہ اقلیت کے جذبات کو کچلتے ہوئے ثلاثہ پرستوں کا باڑہ و فات ... شارع عام پر مدح ثلاثہ کا جلوس نکالنے کی اجازت دیدی تھی !! اسی ... کے بعد ... بحق تنظیم المومنین کی طرف سے امام باڑہ آصفی میں شیعیان لکھنؤ ... جلسہ عام منعقد ہوا اور چند تقریروں کے بعد تبرا خوانی کے سلسلے میں گرفتاریاں شروع ہوئیں۔ لیکن کیا آپ کو یقین آئے گا کہ جس ادارہ نے بقول خود جمعہ سے سول نافرمانی کا خود اعلان کیا تھا جمعہ کی شب سے زائد گرفتاریوں میں مستثنیٰ

تیار ہے تو اسکی مجلس عاملہ نے آخری طور پر طے کر دیا کہ کل سے تبرا ایجی ٹیشن شروع کر دیا جائے اسی ۲۹ مارچ کی شب میں ضیغم اسلام سید بشیر احمد صاحب رضوی وکیل نے امام باڑہ آغا باقر میں ایک معرکۃ الآرا مجلس پڑھی جس میں جناب ممدوح نے اپنی [illegible] آتشیں تقریر سے قوم کو بڑی سے بڑی قربانیاں پیش کرنے کیلئے مکمل طور پر آمادہ کر دیا اور ایک ایک فرد کی رگوں میں بجلی کی لہر دوڑا دی۔

اب چونکے اور وہ بھی کس طرح ۔ سید بشیر احمد صاحب اپنی تقریر ختم کرنیوالے ہی تھے کہ مجلس میں مسٹر شہنشاہ حسین عرف اغن صاحب کھڑے ہو گئے اور آپ نے سید بشیر احمد صاحب پر کچھ اعتراض [illegible] کرتے ہوئے یہ اعلان کیا کہ "شیعہ پولیٹیکل کانفرنس" نے یہ طے کر دیا ہے کہ آئندہ جمعہ سے سول نافرمانی شروع کی جائے جس پر حاضرین نے بیٹھ جاؤ بیٹھ جاؤ کی آوازیں بلند کرنا شروع کیں اور مجبوراً آپ کو بیٹھ جانا پڑا۔ اسکے بعد قائد اعظم نے ایک ہنگامہ خیز تقریر کی جس سے جلسہ پر منکشف ہو گیا کہ اب جبکہ تنظیم المومنین [illegible] نے ایک زبردست اجتماعی اقدام کا پورا پروگرام مرتب کر لیا ہے تو اب مدت کے خفتہ اور بے عمل ادارے بھی اپنے آپ کو رسوائی سے بچانے کیلئے میدان عمل میں آنے کیلئے تیار ہو رہے ہیں لیکن وہ بھی کس طرح ڈرے اور سہمے ہوئے۔ اسلئے کہ ہینڈ بل نہایت خفیہ طور پر شام کو اس اعلان کے ساتھ شائع کیا گیا تھا کہ جمعہ سے سول نافرمانی شروع ہو جائے گی اسکے تحت میں نہ کسی لیڈر کا نام تھا نہ کسی ادارہ کا بلکہ عمداً "**شیعیان لکھنؤ**" کے مبہم الفاظ لکھ دئے گئے تھے تاکہ پولیس کو کسی شخص یا ادارہ [illegible] کارروائی کرنے کا موقع نہ ملے۔

اس کے مقابلہ میں تنظیم المومنین کا وہ اعلان دیکھئے۔ جو ۳۰ کی صبح کو تمام انگریزی اور اردو اخبارات میں شائع ہو گیا تھا اور جس میں صاف صاف ظاہر کر دیا گیا تھا کہ انجمن کی

مظالم کئے گئے اور بھوک ہڑتال کے سلسلے میں آپ کو اتنی اذیت دی گئی کہ منہ سے سیروں خون نکل گیا۔

یہاں تک ۲۶ را پریل کو جب ڈسٹرکٹ جیل میں "ناخدایان قوم" کا نزول اجلال ہوا ہے تنظیم المومنین کے صرف تین ارکان وہاں رہ گئے تھے۔ سید شبیر حسن قتیل بحیثیت جنرل سکریٹری اور مولوی مرزا یوسف حسین صاحب تنظیم پنجاب۔ لیکن دو ہی دن کے اندر ایسا انتظام کیا گیا کہ ہم تینوں صاحبان بھی سنٹرل جیل میں بند کر دیئے گئے اور اب قوم کی لیڈری کا پرچم اڑانے کے لئے میدان صاف ہو گیا۔ لیکن خیر یاد زندہ صحبت باقی۔

"ان مع الیوم غدًا وسیعلموا الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون"

ان تمام تیاریوں کے علاوہ ۹ را پریل سے ۲۹ مارچ کے درمیانی دنوں میں حفظ ماتقدم کے طور پر پہلی مرتبہ ۴ تار منجانب تنظیم۔ وزیر اعظم یو پی۔ گورنر۔ گاندھی جی۔ جواہر لال صاحب کو دئے گئے جس میں یہ مضمون تھا۔

وہابی سنی مدح صحابہ کا فتنہ محض شیعوں کی دل آزاری کے لئے جگا رہے ہیں، شیعہ اقلیت کے مذہبی و شہری حقوق خطرہ میں ہیں، مہربانی فرما کر جلد دخل دیجئے۔

دوبارہ پھر ۵ تار دئے گئے۔ گورنر۔ گاندھی جی۔ جواہر لال۔ مولانا آزاد اور مسٹر بوس جن کا مضمون ایک ہی تھا جو درج ذیل ہے۔

"حسین احمد نواز گورنمنٹ سے انصاف کی امید نہیں، شیعہ اقلیت خطرہ میں ہے۔ جلد مدد کیجئے۔"

شیعہ اقلیت کی حفاظت کے لئے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی رو سے اپنے اختیارات خصوصی استعمال فرمایئے۔

شہر وتیین صاحب نئیں کے سوا، جو کہا جاتا ہے کہ شیعہ پولیٹیکل کانفرنس کی [illegible] ی
شاخ کے سکریٹری ہیں کانفرنس مذکور کی کوئی ایک فرد بھی نہ تھی۔ اور یہ دانن کشی اسوقت تک قائم
رہی جب تک کہ اسیران تبرا کی تعداد ہزاروں تک نہ پہونچ گئی۔ اور ہندوستان کے ہر گوشہ سے
یہ آوازیں نہیں آنے لگیں کہ شیعوں کا بچہ بچہ تبرا، پڑھ کر جیل [illegible] تیار ہے۔ اب
صورت حال بہت نازک تھی ایک طرف تو یہ اندیشہ تھا کہ اگر اب بھی ہم نے اس ایجی ٹیشن میں حصہ
نہ لیا تو کل قوم کو کیا منہ دکھائیں گے اور فلاں، فلاں، زندہ باد کے نعرے کس منہ سے لگائیں
گے اور دوسری طرف اس ریلیف کمیٹی کا پیٹ بھرنا تھا جو تنظیم المومنین کے کام میں روڑے
اٹکانے کے لئے ایک قالب مردہ میں روح پھونک کر ایجی ٹیشن شروع ہونے کے بعد از سر نو کھڑی
کر دی گئی تھی۔ اسلئے ۱۴ یا ۱۵ دن گذرنے کے بعد گولہ گنج و وزیر گنج کے نیاز مندان خاص
میں سے کچھ آدمی جیل بھیجے گئے تاکہ یہ اقدام سند رہے۔ اور عندالحاجت کام آوے
لیکن اسکے باوجود یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ ۲۰ اپریل تک تنظیم المومنین کے سوا
کسی مقامی شیعہ ادارہ کا کوئی خاص آدمی جیل نہیں آیا اور اس بہانہ سے کہ حکومت سے
تصفیہ کی گفت و شنید کر رہے ہیں تمام "زعمائے قوم" اپنی جانیں بچاتے رہے۔

آخری حملہ

تنظیم المومنین کے ارکان، ابتدا ہی سے جیل کے باہر اور جیل کے
اندر مجاہدین تبرا کی جو بینظیر خدمت [illegible] تھے اگر [illegible]
انشاء اللہ اس ہنگامہ کے فرو ہونے پر مومنین پیر ونجا [illegible] لیکن ہمارے مہربانوں سے
یہ بھی نہ دیکھا گیا۔ حکومت سے ساز باز کر کے تنظیم المومنین کے تمام ذمہ دار [illegible] کو
لکھنؤ جیل سے منتقل کرا کے یوپی کی متفرق جیلوں میں بھجوا دیا اور ہمارے مجاہد اعظم سید
بشیر احمد کو دفعتاً ڈسٹرکٹ جیل سے سنٹرل جیل میں پہنچا دیا جہاں آپ پر طرح طرح کے

ہمارے عہدہ دار اپنے عہدوں سے دست بردار ہوکر تمام ذمہ داریاں آپکے
[illegible] درحلقہ انکے [illegible] کر دو [illegible] آپکے ادنیٰ خادم ہوکر دست بستہ
آپ [illegible] کی پابندی کرینگے، خدا کے لئے ہماری آواز پر لبیک کہئے۔ ہماری
[illegible] فرمائیے، ایمان خطرہ میں ہے، سیاست شیعہ کا [illegible] ہے
آپ کے اشتراک عمل کی ضرورت ہے۔

اس عجز و انکسار کے باوجود کسی نے دست شفقت نہ بڑھایا، ہمارے سروں پر ہاتھ نہ رکھا۔ ہر طرف کی سرد مہری نے ہمارا کلیجہ خون کر دیا، ہماری کمر توڑ دی۔ مگر چونکہ تنظیم المومنین تنہا محاذ ثلاثہ کا مقابلہ کرنے کا بیڑہ [illegible] چکی تھی اہم [illegible] نے اپنی قربانیوں کا تہیہ کرلیا اور نام حضرت عباس علیہ السلام کے ساتھ ۳۰ مارچ کو اپنی کشتی تموج میں ڈالدی۔ یہ سمجھ لیا تھا کہ اگر ہم حق پر ہیں تو ہندوستان کے ہر گوشہ سے ہماری اعانت ہوگی۔ الحمدللہ وہی ہوا

علمائے اعلام کی ہمت افزائی

میں اس سلسلہ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ علمائے کرام کی پشت پناہی ہمارے لئے کافی تھی انھوں نے ہماری بڑھتی ہوئی ہمتوں کو آفرین کہکر بڑھا دیا، یہ صرف انھیں کی ذوات مقدسہ کی برکت ہے کہ ہم ستی ہجر تنظیمیوں کا شروع کیا ہوا [illegible] آج ہندوستان کے گوشہ گوشہ [illegible] ہزاروں سپاہیوں سے مملو ہے، خدا ان بزرگ ہستیوں کو ہمارے سروں پر صحیح و سالم رکھے۔

علمائے کرام زندہ باد۔ تنظیم زندہ باد ،،


معاملات کو پختہ کرنے اور اتمام حجت کے لئے پھر دو تار دئے گئے۔ ایک گاندھی کو دہلی میں اور دوسرا گورنر یوپی کو جس میں صرف یہ اجازت چاہی تھی کہ تنظیم ڈیپوٹیشن کو اجازت دیجئے کہ موجودہ مدح ثلاثہ کے متعلق تبادلہ خیال کرے اور آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرے۔

اس کے بعد ۲۱ مارچ سے صدر و سکریٹری شیعہ کانفرنس صوبہ سرحد پشاور۔ صدر و سکریٹری صوبہ شیعہ کانفرنس لاہور، و پولیٹکل کانفرنس لاہور، جنرل سکریٹری شیعہ کانفرنس صوبہ بہار کے نام خطوط بھیجے گئے جسمیں اپنا لائحہ عمل شیعوں پر لکھنؤ میں مصائب کی داستان اور مدح ثلاثہ کے خلاف جنگ کرنے کا ذکر کرتے ہوئے امداد چاہی۔ جناب کلب عباس صاحب جنرل سکریٹری آل انڈیا شیعہ کانفرنس کو تار دیا گیا کہ آئیے مدد کیجئے، مگر تار کا جواب صرف اسقدر بذریعہ تار آیا کہ تمہارے مطالبات میں نے بذریعہ تار وزیر اعظم یوپی کی خدمت میں بھیج دئے ہیں۔

۷ بار التجا استرد کی گئی "

مین نے ۶ بار جلسہ ہائے عام میں، اور ایکبار تنظیمی مجلس میں ۲۷ فروری کو اور ۴ مارچ ۹ مارچ، ۱۸ مارچ ۱۹، و ۲۲ مارچ کو اپنے شہر کے رو ساء عظام، زعماء، قائدین کے علاوہ اپنے محبوب آل انڈیا اداروں کے ذمہ دار اراکین سے یوں التجا کی۔


"تنظیم المومنین کے اراکین اپنی نا اہلیت کا اقرار کرتے ہیں، وقت نازک ہے قوم کو عالی دماغ لیکن پرخلوص رہنماؤں کی ضرورت ہے، آئیے، بڑھئے! ہماری اعانت فرمائیے، یا ہماری رہبری فرمائیے، ہمارا پلیٹ فارم اب آپ کیلئے خالی ہے اگر یوں آپ کسر شان سمجھتے ہوں تو ہم یقین دلاتے ہیں کہ




نواب قاسم رضا خان
صاحب بہادر رئیس
کوارٹر ماسٹر جنرل
سپاہ عباسیہ تنظیم



نواب حسن عباس
علي خاں صاحب
بہادر رئیس ممبر
ورکنگ کمیٹي
تنظیم



نواب زوار علي خاں صاحب بہادر رئیس جانسٹھہ - ممبر ورکنگ کمیٹي تنظیم
جانسٹھہ - اعزاز ۲ ماہ قید محض ۲۵ روپیہ جرمانہ



نواب آغا نواب صاحب مہتمم مہمان خانہ و نواب اچھن صاحب جنہوں نے اسیروں
کي ۲۴ ہزار روپیہ کي امانت واپس کی

قانونی کمیٹی

شروع ماہ مارچ ۱۹۳۹ء میں جبکہ [illegible] یہی ایجی ٹیشن لکھنو کی سرزمین پر جو سلاطین اودھ کا پایۂ تخت [illegible] لکھنؤ [illegible] کو تباہ [illegible] شور سے جاری تھا۔ اور انجمن تنظیم المو[منین] [illegible] کے لئے اودھیڑپن میں [illegible] تھے [illegible] محسوس ہوا کہ ان کا کوئی اقدام [illegible] ہوگا اس لئے کہ [illegible] کا نشیبا [illegible] و نات کا کرسی نشین [illegible] نیچہ شروع ہفتہ ہی میں ریلیف کمیٹی کی تشکیل [illegible] مارچ ۱۹۳۹ء کے دوسرے ہفتہ میں ایک قانونی کمیٹی تنظیم [illegible] مرتب ہوگئی جو کہ [illegible] کا قانونی تدارک کر سکے۔

قانونی کمیٹی [illegible] یا سکریٹری مسٹر احمد حسین شاہ وکیل منتخب ہوئے۔ قانونی کمیٹی میں حسب ذیل ممبران تنظیم [illegible] ہوئے۔

1. مسٹر سید مصطفیٰ رضا صاحب (بیرسٹر)
2. سید اولاد حسین صاحب (رضوی)
3. سید حامد حسین مرزا صاحب
4. مرزا محمد اکبر [illegible]
5. مسٹر احمد حسین شاہ (سکریٹری)

۳۰ مارچ ۱۹۳۹ء کو تنظیم المومنین نے تحریک [illegible] کیا۔ اور ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء سے

قانونی کمیٹی



جناب مرزا حامد حسین صاحب وکیل - جناب سید آل رضا صاحب ایڈووکیٹ ۔
جناب احمد حسین شاہ صاحب وکیل - جناب اوصاف حسین صاحب وکیل ۔
منے میاں صاحب و شبیر حسن صاحب عرف للن صاحب
منشی

اب تحریک تبرا شیعیان لکھنؤ ہی تک محدود نہ رہی بلکہ تمام ہندوستان سے جتھے آنا شروع ہو گئے اور تعداد گرفتاریوں میں روزانہ اضافہ ہوتا رہا۔

اسی دوران میں حکومت کی نظر عنایت شیعہ ا[illegible] [illegible] [illegible]ف مبذول ہوئی [illegible] ایک اخبار پر تین [illegible] [illegible] [illegible] ہونا شروع ہوئے۔ اور بالآخر شیعوں کے جو دو بڑے چھاپے خانے لکھنؤ میں تھے ان سے ضمانت طلب کرکے انکو قریب قریب فنا کر دیا۔

تنظیم المومنین نے بحیثیت تمامی ش[illegible] [illegible] نمائندگی کے [illegible] قانونی امداد اپنے ذمہ لے لی اور گو کہ بعض [illegible] تنظیم المومنین [illegible] [illegible] تھے تو گو تنظیم المومنین [illegible] [illegible] کو امداد بھی اسی قدر پہنچائی جتنی خاص تنظیم [illegible] کی گئی۔ چنانچہ اخبارات کے جملہ مقدمات پیروی سید آل رضا صاحب ایڈوکیٹ اور سید حامد حسین مرزا صاحب کے سپرد کی گئی۔ راسے عامہ کو مد نظر رکھتے ہوئے خاص خاص مقدمات دفعہ [illegible] جملہ مقدمات دفعہ [illegible] ابھی سید آل [illegible] و [illegible] حسین صاحب دفعہ [illegible] [illegible] دیگر

سٹی مجسٹریٹ صاحب کے اجلاس کے جملہ امور اور شہر کی دیگر عدالتوں کا کام مسٹر احمد حسین شاہ کے سپردگی میں رہا۔

عدم ادائگی جرمانہ میں ملزمان کے مکانات پر قرقیاں آئیں اور علاوہ ماخوذین کے مال کے اگر کسی شخص دیگر کا مال قرق ہوا تو عدالت میں عذرداری داخل کرا دی گئی۔ اور عذرداریاں مسٹر م[illegible] [illegible] کی گئیں۔ کم و بیش ۲۵۰ کے قریب [illegible]داریاں داخل ہو چکی ہیں اور ہنوز سلسلہ جاری ہے۔

حکام بالا سے وقتاً فوقتاً ملنا۔ سنی اخبارات کا [illegible] دہی کی طرف ان کی توجہ مبذول کرانا۔ اپیلوں کی بحث کرنا مسٹر سید مصطفی رضا صاحب بیرسٹر کے سپرد ہوا۔ تنظیم المومنین کی پالیسی

شیعیان لکھنو نے سیکڑوں کی تعداد میں قربانیاں پیش کیں ... شیعوں کی گرفتاری دفعہ ۱۴۴ ضابطۂ
فوجداری کے احکامات کی خلاف ورزی میں ہونے لگی۔ کہ خلفائے ثلاثہ پر شارع عام پر تبرّا ...

۳؍اپریل کو بار اول شیعوں ... یر دفعہ ۱۰۰ تعزیرات ... کی سماعت سنٹرل جیل لکھنو میں شروع ہوئی۔ جناب بی این گرگ صاحب بہادر ایڈیشنل سٹی مجسٹریٹ لکھنو خاص طور سے شیعوں کے مقدمات کرنے کو مامور کئے گئے۔ ۳؍اپریل کو جناب سید مصطفیٰ رضا صاحب بیرسٹر ... ماخوذین کی طرف سے پیروی فرمائی۔

حکومت کو کچھ غلط فہمی تنظیم کی طرف سے تھی کہ اگر ادارۂ تنظیم المومنین کے اراکین گرفتار ... تو تحریک تبرّا فنا ہو جاوے گی۔ چنانچہ اسی غلط فہم ... کو ... مجلس عاملۂ تنظیم المومنین کے ایک ایک ممبر کے خلاف وارنٹ جاری کر دئے اور بیشتر تعداد میں ممبران مجلس عاملہ گرفتار ہوئے۔

یہ تمام گرفتاریاں حسب دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری عمل میں آئیں۔ جب مجلس عاملہ کی گرفتاری سے بھی کام نہ چلا تو مختلف تھانوں کے انچارج سب انسپکٹروں ... اپنے ... تھانوں کے دیگر افراد کو بھی گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ ترانوے ۹۳ شیعوں کی گرفتاریاں حسب دفعہ ۱۰۷ عمل میں آئیں

۳؍اپریل کے بعد چونکہ قانونی کام کی فراوانی ہونے لگی دو وکیل محض جیل ... کی پیروی کے لئے مامور کئے گئے۔ چونکہ عموماً ماخوذین اقبال جرم کرتے تھے اسلئے وکلاء کو مقدمہ لڑنے کا کام زیادہ تو نہ تھا مگر اور دیگر امور کی نگہداشت کرنی پڑتی تھی۔ مثلاً معزز قیدیوں کا بی کلاس میں رکھا جانا وغیرہ۔

تنظیم المومنین کی قانونی کمیٹی نے شروع ہی میں اپنی پالیسی کا اظہار کر دیا تھا کہ اقبال جرم کے مقدمات میں صرف بالائی امور میں ماخوذین کی اعانت کی جائے اور ۱۰۷ کے جملہ مقدمات ... کو ... ماخوذین بالکل بیگناہ تھے۔

[illegible] لدا حمد شاہ صاحب [illegible] غلام [illegible] کے روز محمد تقی ساکن نوبستہ وکٹوریہ اسٹریٹ سے گرفتار کئے گئے۔ غلام [illegible] چوک کے قریب گرفتار ہوئے۔ سبط علی عرف صفات علی باشندہ [illegible] پیچ [illegible] پارک سے نمبر ۱۴۴ کے الزام میں ہنگامہ کے مقدمہ میں ماخوذ [illegible] ہنوز چل رہا ہے۔ اور بھی دیگر [illegible] سہ تیسرا میں گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔

شروع میں ۱۰۷ کے کل پانچ [illegible] ہر مقدمہ میں بیس بیس پچیس پچیس ملزمان تھے مگر چونکہ شہر کی فضا بد سے بدتر [illegible] اور اکثر نوبت معمولی حملوں تک پہونچی اسوقت کم و بیش ۲۰ مقدمات شیعوں کے خلاف حسب ذیل [illegible] ہماری خواہ زیر سماعت خواہ زیر تجویز ہیں ان سب کی پیروی قانونی کمیٹی تنظیم المومنین کر رہی ہے۔ ۱۳ [illegible] ممالک متحدہ کی جیل میں مقید ہیں [illegible] وقت تنظیم المومنین کا کوئی نہ کوئی وکیل ضرور موجود رہا۔

دفعہ ۱۰۷ کے ماتحت جس قدر [illegible] ہو رہے ہیں ان کا فیصل نہیں ہوا [illegible] ایک مقدمہ تھانہ وزیر گنج کا سرکار بنام محبوب حسین وغیرہ [illegible] تعزیرات ہند میں منتقل کیا گیا [illegible] عدالت سے بری ہو گئے۔


نابالغوں اور بچوں [illegible] بسا اوقات [illegible] میں ہوئی۔ وہاں بھی تنظیم المومنین کے وکلاء صاحبان پیروی کے لئے مستعد رہے۔ ۱۳ ر جون ۱۹۳۹ء کو میڈیکل کالج [illegible] منڈ کینگ اسٹریٹ پر اہل سنت نے تین شیعہ حضرات پر جو بعد ختم جلسہ تقریباً ۲ بجے شب کو واپس جا رہے تھے قاتلانہ حملہ کیا ایک شیعہ زائر [illegible] پر شہید ہو گئے دو [illegible] سید مصطفیٰ صاحب میڈیکل کالج پہونچنے کے بعد راہی جنت ہوئے اور ایک صاحب بحمد اللہ اب تندرست [illegible] اس قتل کے سلسلے میں مسٹر احمد حسین شاہ (سکریٹری) نے کافی جد و جہد کی اور [illegible] کو کافی مدد دی۔ [illegible] ہیں۔

شروع سے یہی رہی کہ شیعہ ... ... سے کام لیا جائے۔ بدرجہ ... ... حضرات کی خدمات حاصل کی جاویں ... ... صاحبان کو قلیل رقم بطور آنریریم بھی ... ... پچھ مبلغ معقول روپیہ ماہوار آنریریم ... ... کا مقرر کیا گیا۔ سید آل رضا صاحب چونکہ ممبر تھے لہذا ایک قلیل رقم بطور خرچ ... ... باوجود ان کے انکار کے ... ... ایثار قابل قدر ہے انھوں نے قوم ... ... میں اپنا تمام قیمتی وقت صرف کیا۔ جو بیش بہا خدمات سید آل رضا صاحب نے انجام ... ... نہیں رہ سکتی۔ جب ڈیڑھ ماہ کے بعد دفعہ ... ... ات شروع ہوئے تو سید آل رضا صاحب کی ... ... اخبارات کے مقدمات میں سید شہنشاہ حسین صاحب رضوی ایڈوکیٹ اوری کی خدمات بلا معاوضہ حاصل کی گئیں۔ موصوف نے تھوڑے عرصہ قیام فرماکر نہایت تندھی اور جانفشانی سے کام کیا مگر بالآخر وطن کی ضرورات ... ... وطن کھینچ بلایا۔

ادھر ۱۲۶ حضرات پنجابی نے سول نافرمانی (تبرّہ) کہکر نہیں بلکہ مختلف ایسے جملے کہکر مثلاً جس نے فاطمہ کا گھر جلایا اس پر لعنت جس نے حق ... ... اس پر لعنت کہکر شروع ... ... کے مقدمات لڑے گئے اور عدالت اس نتیجہ پر پہنچی کہ شیعہ اور سنی کتب ... ... یہی واضح ہوتا ہے کہ یہ جملے انھیں تینوں خلیفوں پر صادق آتے ہیں۔ لہذا ان کو سزا دی گئی۔ حقیقتاً اس قسم کے تبرّہ کا یہ پہلا ہی واقعہ نہیں تھا ... ... حضرات اسی قسم کا تبرّہ کہکر پیشتر بھی سزایاب ہوچکے تھے۔ مثلاً مسٹر سید محمد رفیع زیدی وکیل لکھنؤ وغیرہ۔

تبرّہ کا محاذ اول دن امام باڑہ غفرانمآب قرار پایا مگر دوسرے ہی دن سے امام باڑہ آصفی منتقل ہوگیا اور آجتک امام باڑہ آصفی کے محاذ سے شیعہ قربانیاں پیش کررہے ہیں گو کہ تبرّا زیادہ محاذ سے ہی ہوتا رہا مگر اکثر اوقات شہر کے ... ... بھی گرفتاریاں ہوئی ہیں مثلاً عین باڑہ وفات

مالیاتی (فائنانس) کمیٹی



نواب لاڈلے مرزا صاحب - جناب حکیم عابد رضا صاحب عرف ابو صاحب
جوائنٹ سکریٹری - نواب کاظم علی خاں صاحب - ایس ایم
رضا حسین صاحب - سید اصغر حسن صاحب



مرزا ضامن حسین صاحب



نواب محمد علی خاں صاحب رئیس
فارن تنظیم

اب جبکہ یہ طے ہو گیا کہ ملزمان جن کی ضمانت ہو سکتی ہو ضمانت پر رہا کرا لئے جاویں۔ ۱۰۰ کے جتنے قیدی تھے قریب قریب سب [illegible] ہو گئے صرف کچھ پنجابی حضرات ہنوز مقید ہیں [illegible] کی ضمانت مہیا کی جا رہی ہے۔ ضمانتوں کے سلسلہ میں شیعہ قوم [illegible] کاظم علی خاں صاحب دُرّانی، خان بہادر سید سجاد حسین صاحب، جناب یوسف علیخاں صاحب [illegible] کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی کہ ان حضرات نے جس ایثار اور [illegible] کی اس [illegible] کے وقت ساتھ دیا ہے۔

قانونی کمیٹی بعض [illegible] اہلسنت کی فتنہ پردازیوں کی بھی نگرانی کرتی رہی جو کہ عدالت میں درخواستوں کی صورت میں رونما ہوئیں۔ کئی درخواستیں [illegible] تنظیم المومنین [illegible] الہ ستی مجسٹریٹ صاحب بہادر میں چند پنجابیوں کی طرف [illegible] گذری ہیں جن کو لکھنؤ کے اخبارات نے بڑی بڑی سُرخیاں لکھکر خوب سراہا ہے [illegible] کے متعلق قانونی کمیٹی [illegible] تنظیم المومنین تحقیقات کر رہی ہے اور انشاء اللہ بہت جلد [illegible] ہو جاوے گی۔ ایک درخواست پر فضل داد خاں ولد غلام حسین ساکن چکوال ضلع جہلم پنجاب کا حلف پر بیان ہوا ہے جو سر سے پیر تک جھوٹ کا ایک گٹھر ثابت ہو رہا ہے۔

تنظیم المومنین کی قانونی کمیٹی پر کام پڑ گیا کہ بالآخر بدرجہ مجبوری اخبارات کے مقدمات کیلئے پیروی ناممکن ہو گئی اور ملزمان کو قبل از وقت اطلاع دیدی گئی کہ وہ [illegible] کا بندوبست کریں۔ اس سلسلہ میں پبلک کی آگاہی کے لئے یہ بھی بے موقع نہ ہوگا کہ ان کو اطلاع دیجاوے کہ حامد علی سنی سب انسپکٹر تھانہ وزیر گنج نے ایک شخص مسمی رشید احمد جو کہ سنی سے شیعہ ہو گیا تھا بلا وجہ ایک ماہ ۲۳ روز جیل میں مقید رکھا جس کا استغاثہ حسب دفعہ ۳۴۲ تعزیرات ہند حامد علی کے خلاف دائر ہو گیا۔ اور ہنوز چل رہا ہے۔

منشی توسیف اللہ سب انسپکٹر تھانہ چوک نے بھی اسی طرح سے ایک بیگناہ شیعہ مسمی مظہر حسین کو

بھی عرصہ تک جیل میں مقید رکھا اس کا استغاثہ بھی دائر ہو چکا ہے اور مقدمہ ہنوز زیر تحقیقات ہے

تنظیم المومنین قانونی کمیٹی کے جتقدر وکلاء و بیرسٹر صاحبان ہیں انہوں نے انتہائی

جانفشانی سے قومی ... ہیں اور ہنوز انجام دے رہے ہیں۔

چونکہ تمام مقدمات عدالت ... سے تعلق رکھتے تنظیم المومنین

کیٹی میں محض وکلاء کو جیداری کو منتخب کیا اور بحمد اللہ قانونی پیروی سے تمام شیعہ قوم بالکل مطمئن ہے

معاونین تنظیم جنہوں نے ماخوذین کی ضمانتیں کیں

(۱) نواب کاظم علیخاں صاحب بہادر رئیس نانپارہ .... تقریباً ایک لاکھ تیس ہزار کی ضمانتیں داخل کیں

(۲) نواب یوسف علیخاں صاحب بہادر رئیس لکھنؤ .... تقریباً ایک لاکھ دس ہزار روپیہ کی ضمانتیں کیں

(۳) خان بہادر سید سجاد حسین صاحب بہادر ... ، ڈسٹرکٹ جج گونڈہ ... تقریباً ... لاکھ کی ضمانتیں کیں

زندہ باد اے محسنین قوم !!!

نقشہ مقدمات جو ۱۵ جولائی ... تک تنظیم المومنین لٹیگیشن کمیٹی نے اپنی نگرانی میں طے کئے یا جو ہنوز زیر تجویز ہیں

نمبر شمار	ملزمان	دفعہ قانونی	تعداد ملزمان	وکلاء
۱	... کرتے ہوئے دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی میں گرفتار ہوئے	۱۸۸ تعزیرات ہند	۱۱۶۰۳	... جناب ... ایڈوکیٹ وجناب اوصاف حسین صاحب رضوی
۲	جو شہر کے ... قتل ہونے کے ملزم قرار پائے۔	۳۰۲ ...	۱۴۳	ضمانتیں مسٹر احمد حسین شاہ، مقدمات سید آل رضا صاحب و ...
۳	نابالغان جو تلاوت تبرہ میں گرفتار ہوئے	۱۸۸ تعزیرات ہند	... ۲۰ ... ۴۶ سزائے جرمانہ ۴۳۳ رہا ۱۵۰	... رضوی مسٹر محمود ... مسٹر احمد حسین شاہ
۴	شیعہ اخبار ... "سپاہی" ...	۱۸۸ تعزیرات ہند "	تعداد مقدمات ۸ ۳	سید آل رضا صاحب، ومسٹر ... حسین مرزا "

ضامن



نواب کاظم علیخان صاحب بہادر رئیس



نواب یوسف علیخان صاحب بہادر رئیس



خان بہادر سجاد حسین صاحب
رئیس و رٹائر و اسسٹنٹ ایجنٹ گوالیار

کانگریسی وزارت کی خاموشی

شیعیانِ ہند

اور

قومی حکومت

مغلوں کی عالیشان حکومت ۔ ۔ کر ۔ ۔ ۔ افروز ترانے فضا میں خاموش ہوئے ۔ اکبری نورتن کی ضوفشانیاں ماند، جہانگیری عدل کا شہرہ ختم ہوا، بجنور گول کنڈہ کی صدائے احتجاج پر اورنگ زیب کی شمع ایمانی بے نور ہوئی تاریخ ہند نے چولا بدلا، مادر وطن کی سرزمین سے امن وامان اٹھ گیا، طائف الملوکی کا دور دورہ ہوا بیچارے ہندوستانی ایک بلائے ناگہانی میں مبتلا ہوئے۔ اور احمد شاہ کے درّوں سے ابھی پیٹھ کے آگے زخم بھرنے نہ پائے تھے کہ گوشہ گوشہ سے ۔ ۔ ۔ یہ ہنگام بلند ہونا شروع ہوئی، ملک کیا تھا سونے کی چڑیا تھی ایک ایک ۔ اپنے دام میں لینا چاہتا، بعضوں کو اس دار و گیر میں کچھ نہیں تو ٹوٹے ہوئے چند بازوؤں کے پر ہاتھ آ گئے وہی دبا بیٹھا ۔ حصے بخرے شروع ہو گئے، غریب ہندوستانیوں میں چین کی نیند اڑ گئی۔ زندگی کے لالے ہوئے۔ اٹھارہویں صدی سے

نمبر شمار	ملزمان	دفعہ قانونی	تعداد مقدمات	وکلاء
	"حکمراں"	۱۰۰ تعزیرات ہند	۳	سید آل رضا صاحب ایڈوکیٹ [illegible]
	"مغرب"	"	۳	"
	"گہن"	"	۲	"
	"مختار"	"	۲	"
	"صلح"	"	۲	"
۵	بخلاف مرزا [illegible] صاحب	تعزیرات ہند ۱۱۴/۲۹۸ ۱۱۴/۲۹۸ ۲۹۸ ۱۱۴/۲۹۸ ۱۱۴/۲۹۸		سید آل رضا صاحب [illegible]
	مولانا مرزا احسن حسین صاحب	۱۱۴/۲۹۸		"
	سید قیصر حسین صاحب	۱۱۴/۲۹۸		"
۶	چاقو نکلنے کے مقدمات	۱۸۸	۲۷	مسٹر محمد حسین شاہ
۷	کرفیو آرڈر کی خلاف ورزی	۱۱۳	تقریباً ۳۰۰	" و مسٹر اوصاف حسین
۸	عذرداریاں بابت ترقی ال[illegible]		تقریباً ۳۰۰	مسٹر محمد اکبر و مسٹر اوصاف حسین
۹	ہنگامہ	۱۴۰ تعزیرات ہند		مسٹر احمد حسین شاہ
۱۰	استغاثہ [illegible]	دفعہ ۵۰۰ تعزیرات ہند	یک مقدمہ	"
		۲۹۸ "	یک مقدمہ ملزمان ۲۰	"
		۳۴۲ "	دو [illegible]	"
			[illegible] سب انسپکٹران	
		۳۵۲/۱۴۷ "	یک مقدمہ ملزمان ۷	"
		۳۲۳ "	" " "	"
۱۱	ہتک [illegible] کچہری پولس و رپورٹ پولس			"
۱۲	کارروائی خصوصی شخص خاص مواقع پر معطلی کرانا			مسٹر سید مصطفٰے رضا صاحب بیرسٹر
۱۳	پیر جلیل پر بلوہ [illegible]	۱۴۷/۱۴۹ تعزیرات ہند	یک مقدمہ ملزمان ۴۰	
۱۴	بلوہ متعلق فائرنگ	" ۱۴۷	" ملزمان ۵۵	"

کل مقدمات تخمیناً تیرہ ہزار (۱۳۰۰۰)

زندہ باد اے وکلائے قوم

زندہ باد عزیز قوم آل رضا زندہ باد

...یت کا فخر بھی کانگریس کمیٹی کو حاصل ہے اسکے علاوہ بھی سینکڑوں ایسی مثالیں ہیں جن سے ثابت ہو سکتا ہے کہ کانگریس پر جب کوئی وقت پڑا تو شیعہ ہی آڑے آئے۔ ہندوستان کا دستور اساسی مرتب ہوا تو مرحوم مہاراجہ صاحب محمود آباد کی چھت کے نیچے موتی لال مرحوم اور اُنکے ساتھیوں نے پناہ لی، مہاراجہ نے اپنا وقت اور روپیہ صرف کیا کانگریسی لیڈر... کی۔ کانگریس کے پروپیگنڈہ کا وقت آیا تو سید حسین بلگرامی کی خدمات حاصل کی گئیں دانڈیپنڈنٹ اخبار کے ذریعہ سے اس جانباز اور شیدائے حریت نے اپنا تن من دھن سب کچھ وار دیا۔ نمک بنانے کے حکم کی خلاف ورزی شروع کی گئی ستیہ گرہ کا آغاز ہوا تو سب سے پہلا مجاہد عباس طیب جی بنا جس نے دھرسالے پر حملہ کرکے شیعوں کی ملکی و قومی وفاداری کا ثبوت دیدیا جس کے صلہ میں کانگریس ورکنگ کمیٹی ... منعقدہ ۱۲ - ۱۵ زیر صدارت موتی لال نہرو بمقام انند بھون الہ آباد میں بذریعہ تجویز نمبر ۶ یوں ایک طولانی شکریہ ادا کیا گیا۔

"کرادی کیمپ کے بہادر ستیا گراہیوں کی خدمت میں بذریعہ مسز سروجنی نیڈو ہدیہ تہنیت پیش کیا جاتا ہے۔ اراکین کانگریس ... مجاہد عباس طیب جی کی قربانیوں کو منظر تحسین دیکھتے ہیں!!"

اس موقع پر نا خدائے ملت مہاتما گاندھی سے یہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ ڈانڈی مارچ ۱۲ مارچ ۱۹۳۰ء جو مفاہمت مجموعی کی پہلی منزل تھی عباس طیب جی کی ممنون احسان ہے۔

شیعیان ہند کی ہمدردیوں اور ایسی ایسی قیمتی ... باوجود جب اقوام ہند کی ... ارادی لکھی گئی تو جس صفحہ سے ... نامہ پر لفظ شیعہ ... تحریر تھا وہ سادہ ہی رہا۔ گویا تیس لاکھ سکھ بھائیوں سے بھی ... کروڑ شیعوں کی اہمیت کہیں زیادہ کم تھی۔

بدیسیوں کا رنگ جما، انیسویں صدی کا نصف حصہ گذرا تو غدر ہوا مگر آن کی آن میں طوفان کی لہر دوڑ گئی، افسوس کہ اب بھی ہندوستانیوں کو سوجھان لوح رہا آنکھ کھلی تو غلامی کی صبح کا منظر آیا برطانیہ کی حکومت اور اسکی شہنشاہیت کا پھریرا اُڑتے پایا

غرض صدیاں گذر گئیں مگر ہندوستان کو سکون نہ ہوا، خدا بھلا کرے مسٹر ہیوم "کا کہ جنھوں نے ۱۸۸۵ء کے زمانہ بہار یعنی مارچ میں اطلاع دیکر دسمبر میں مرہٹوں کے مرکز پونا پر انڈین نیشنل یونین کے پردہ میں ہندوستانیوں کی آزادی کا ڈرامہ شروع کیا جو بڑھتے بڑھتے آل انڈیا کانگریس کی صورت میں تبدیل ہوا۔ یہی حریت کی علمبردار آزادی کی حامی کانگریس ہے جس کے عہد ترقی میں آج دو کروڑ شیعوں کے حقوق بیدردی سے پامال کئے جا رہے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہی قابل فخر ادارہ ہے جس کی تاریخ کے پہلے صفحہ پر یہ لکھا ہے۔

"تاریخ کانگریس ہندوستان کی آزادی کی تاریخ ہے۔ صدیوں ہندوستانی قوم کے گلے میں بدیسی حکومت کا طوق غلامی رہا اور کانگریس [illegible] کرنے کی جدوجہد کی۔ (تاریخ کانگریس [illegible])

مگر کیا شیعہ اس دیباچہ سے خوش ہیں۔ تاریخ کانگریس کی اس تمہید سے مسرور ہیں۔ اسکا جواب شیعوں کی موجودہ بے چینی دے گی۔ شیعوں نے کانگریس کی ہر موقعہ پر ہمت افزائی کی مگر افسوس کہ اس قومی ادارہ نے شیعوں کی صرف اس لئے پرواہ نہ کی کہ وہ اقلیت میں تھے! لیکن کانگریس اور اسکے ارباب حل وعقد کے نزدیک ہندوستان میں شیعوں کی کوئی سیاسی ہستی رہی نہ تھی صرف اسلئے کہ انھوں نے ظاہر بظاہر کسی جارحانہ مظاہرہ میں حصہ لیکر اپنے کو نمایاں نہیں کیا نہ ظالم باغیوں کی فہرست میں اپنا اضافہ کیا مگر کانگریس کے اکثر دوربین جانتے تھے کہ ادارہ کی بنیادیں مضبوط کرنے والوں میں صرف شیعہ ہیں جن امام مرحوم کی مثال ہی اس دلیل کی کافی شہادت

فراموش [illegible] یہی تو [illegible] آج بھی [illegible] ہند میں وہی ہوتا ہے جیلوں میں بند ۱۳ ہزار اسیر شیعوں کی صدا [illegible] طرف سری [illegible] خوشی ایک جانب۔ اسکے علاوہ کیا کوئی شیعہ کانگریس کمیٹی الہ آباد منعقدہ [illegible] ۳۰ء کو فراموش کرسکتا ہے۔ جب ہندوستان کی واحد قومی نمائندہ جماعت نے جمیعۃ العلماء کی خدمات کا اعتراف [illegible] بذریعہ تجویز نمبر ۹ اس جماعت کی یوں حدی خوانی فرمائی تھی۔ کہ

"یہ کمیٹی جمیعۃ العلماء [illegible] سالانہ اجلاس منعقدہ امروہہ کی اس تجویز کو بنظر تحسین [illegible] جسمیں [illegible] ہندوستان میں مکمل [illegible] حاصل کرنے کے لئے مفاہمت مجہول [illegible] کانگریس کا ساتھ دینا منظور کیا [illegible] جسمیں اُس نے عام مسلمانوں سے کانگریس میں شامل ہوکر ہندوستان [illegible] مکمل [illegible] حاصل کرنے کی جد وجہد میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے اور کانگریس جمیعۃ العلماء کو [illegible] ہر کر کانگریس"

یہی تھی وہ تجویز جس [illegible] کے ذریعہ سے عام مسلمانوں کو کانگریس کی جانب [illegible] کرنے کا تجربہ کیا تھا۔ یہی تھی وہ اسکیم جس [illegible] کو مستقبل قریب میں کانگریس کا شیدائی بنانا تھا۔ جمیعۃ العلماء ناخدایان اہلسنت کی مرکز ثقل جہاں عام سنیوں کی نظریں گڑی رہتی تھیں۔ اسکی تعریف اسکی حدی خوانی۔ دستار [illegible] پر جمیعۃ کی مہر [illegible] کے ثبت ہونیکا منشاء ہی یہ تھا کہ اگر عوام جس کو مذہب کا متوالا و شیدا بلکہ دیوانہ کہنا چاہیے دہابی مولویوں کے ذریعہ اپنی طرف رجوع کرنا [illegible] کے سروں پر دستار فضیلت باندھ دو۔ چنانچہ مذکورہ بالا تاج جمیعۃ کے سر پر رکھدیا گیا [illegible] شہنشاہان مذہب اپنی رعایا کو دام سیاست میں پھنسا کر کانگریس کی اطاعت قبول کرالیں گے۔ اور کانگریس عمائد کے ہاتھوں پر جاہل مسلمانوں سے بیعت لے لیں گے۔

ہم کو رنج ضرور تھا۔ شکوہ کرتے رہے لیکن ... میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ ان سرد مہریوں کے بعد ۳۰ء سے اسوقت تک پورن سوراج ملبوس ہندوستان میں شیعوں کے ساتھ برتی گئیں ۳۹ء کے ... ہندو پر کانگریس اور کانگریسی وزارت یوپی کی بے اعتنائی کی یاد تازہ کرتے رہیں گے۔

خدا نے وہ دن دکھایا کہ قومی حکومت آئی اگرچہ طرز حکومت دفعہ ... کرفیو آرڈر پر مبنی تھا۔ مگر پھر بھی عنان برادران ہند کے ہاتھ میں تھی۔ قومی حکومت تھی۔ مگر اخلاص و محبت کی نہیں جبر و تشدد کی۔ دلوں پر حکومت کرنا کچھ اور ہے قانون کے ہتھیاروں سے حکومت کرنا کچھ اور ہے یوپی کے ۴۲ ضلعوں میں ... بڑے ایسے ہیں جو دور کانگریس ... سے آجتک ہندو مسلم فسادات و خون ریزی کا نشانہ ہیں۔ جہاں انصاف و رواداری سے نہیں بلکہ وہی دفعہ ۱۴۴ کے زور پر حکومت کی جارہی ہے۔ پھر بھی ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ صدیوں کے بعد تمنا بر آئی بدیسی دور دورہ ختم برٹش راج جس نے ہندوستان کو لوٹ کر ننگا کر دیا اپنی آخری منزلیں طے کر رہا ہے برکت خدا ہے۔ اپنے دیسی بھائیوں کے ہاتھ میں راج ہے اگرچہ اس راج کے مہاراج بنئے ہیں پھر بھی دیسی ہیں ملکی ہیں اپنے ہیں۔ بظاہر شیعوں کیلئے فضا روشن و امید افزا ہیں۔ لیکن افسوس کہ کانگریس اور کانگریسی وزارت نے ان کے خدمات نظر انداز کرتے ہوئے ... قلیت سے فائدہ اٹھایا سنی اکثریت کی جانب مائل ہوگئی اور کیوں نہ مائل ہوتی دنیا کانگریس کی سنیوں کی طرفداری اور جنبہ داری کو اسوقت تک فراموش نہیں کرسکتی ... ائی اجلاس آل انڈیا کانگریس کیمیٹی ہرچند رائے نگر منعقدہ ۲۷ و ۲۸ مارچ صفحہ تاریخ پر باقی ہے۔

ظفر الملک بلکہ سر پیت ظفر الملک بانی فتنہ مدح صحابہ کا نپور کمیونل اسٹرائف کی تحقیقاتی کیمیٹی میں ممتاز ممبر بنائے گئے۔ ان کی خدمات کانگریسی کھاتوں پر درج ہیں۔ بھلا وہ کہاں

قدم آگے نہ بڑھنے دیا۔ جمیعۃ اور کانگریس کا اتحاد اپنی جگہ پر تڑپ تڑپ کر رہا لیکن بنائے نہ بنی۔ ... شیعہ ... سلسلہ میں ۱۴ نومبر ۳۶ء کو گورنر یو پی نے سنیوں کے وفد کو باریابی عطا فرمائی۔ ۱۹ دسمبر ۳۶ء شیعوں نے ... کیا۔ کوئی حل نہ نکلنے پر گورنر نے فیصلہ کے لئے السپ کمیٹی ... ہوا یہ طے پایا کہ شاہ راہوں پر تبرا نہ ہونا چاہیئے لیکن اگر سنی عام راستوں پر صرف اسلئے مدح تلاثہ گائیں کہ خلفائے ثلاثہ کے متعلق ان کے اعتقادات کا مظاہرہ ہو تو شیعہ بھی عام راہوں پر تبرا پڑھنے میں حق بجانب ہوں گے تاکہ وہ بھی اپنے عوام کو یہ سمجھا سکیں کہ خلفائے ثلاثہ قابل برات ہیں۔

(السپ رپورٹ)

عرصہ دراز تک یہ راز ... ا۔ السپ رپورٹ تجوریوں میں بند رہی، حکومت کا دور پلٹا چھتاری وزارت برسراقتدار آئی۔ نواب صاحب نے اور اُن کے ہمراہی وزرا نے دوربینی سے کام لیا۔ وزارت کی تبدیلی کی ہر لمحہ امید کی جا رہی تھی۔ ... کہ یہ بلا کیوں اپنے سر لیجائے۔ معاملات کو ... کہا۔ کانگریسی ... کہنا چاہیئے کہ پنڈت نہرو کی حکومت کا دور شروع ہوا۔ پھر کیا تھا ... وعدہ ... سر یپت ظفر الملک و رحسین احمد دوڑنے لگے۔ لیڈری کی سیاست کا آغاز ہوا مسلم لیگ کے مقابلہ پر احرار کو مضبوط بنانے کا سودا شروع ہوا۔ محمد علی جناح۔ سر سکندر حیات اور فضل حق ... پر عبدالشکور کو ہندوستانی مسلمانوں کا رہنما بنانے کی تدبیریں ہونے لگیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کانگریس کے حامی مع اپنے اثرات کے ... ہمت افزائی کو موجود۔ کھچڑیاں پکنا شروع ہوگئیں کہ کس طرح جمہور اسلام سے کانگریس کا حلف وفاداری لیا جائے۔ السپ رپورٹ راہ میں کانٹا۔ آخرش رپورٹ مذکور پر ایک رزولیوشن تیار ہوا۔ مولانا ابو... اسکی قطع برید کی۔ ڈپوٹیشن کے موقع پر مولانا

۸ سال مسلسل کانگریسی ارباب حل وعقد نے مسلمانوں کو اس تجویز کے [illegible]
مگر مسلمان اس سے زیادہ ٹھوس اور سخت [illegible] کے خواہاں تھے۔ جو اس تجویز میں ناپید تھی۔
پھر کوشش یہ ہوئی کہ مسلم ماس کنٹکٹ کا ڈھونگ رچایا جائے۔ یہ بھی ہوا۔ اسمیں بھی ناکامی
ہوئی۔ تب معلوم ہوتا ہے کہ مولانا حسین احمد مدنی نے جو شید لائے کانگریس [illegible] اکیں سے یوں
عرض کیا ہو تو تعجب نہ ہوگا [illegible] ں سے مسلمانوں کی اکثریت کا وجود ہے اگر ان کو راضی
کر سکتے ہیں تو عام مسلمان کانگریس میں شریک ہو سکتے ہیں۔ لیکن [illegible] جاہل ہیں۔
مذہب کے نام پر مٹنے والے ہیں۔ اسلئے اگر مذہب کی آڑ [illegible] کھیلا جائے تو خوشی خوشی
چلے آئینگے اسلئے عرصہ کا چھیڑا ہوا ذکر پھر تازہ کیا جائے اور ایک مرتبہ اسکے [illegible]
میں کانگریس کے شمول کی کوشش کیجائے وہ کیا ؟ مدح ثلاثہ

کانگریس کے کرتا دھرتا سمجھ گئے، تاڑ گئے اور ان کی سمجھ میں آگیا، فوراً تجویز مذکور کو قبول
فرمالیا اور پھر۔

قضیہ مدح ثلاثہ "

چھڑ گیا، جمعیۃ العلماء کے ناخدا حسین احمد کو بھولا ہوا سبق یاد دلایا گیا۔ تجویز نمبر ۹ جس کا
اوپر ذکر ہو چکا ہے عوام کو سنائی گئی، پھر عما [illegible] کے ایس لائی گئی۔ بعد [illegible]
وزراء کو دکھلائی گئی جنہوں نے مرعوب ہو کر نومبر ۱۹۳۸ء میں [illegible] کرتے ہوئے سنیوں کی
مذہبی آزادی [illegible] کر دیا، اس سے جب آسودگی نہ ہوئی تو ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء مزید مراعات کا
ڈنکا بجاتے ہوئے جمعیۃ کے ذریعہ سے تحفظ مذہب و حفاظت [illegible] آگ لگا یا گیا
۲۴ مئی ۱۹۳۵ء [illegible] میں خاموشی رہی، مدح ثلاثہ کا فیصلہ اٹھا، اپریل ۱۹۳۶ء
میں پھر طوفان برپا کیا گیا۔ لیکن اقلیت کی حامی اور [illegible] برٹش گورنمنٹ نے ایک

ہوشیار ہوں۔ مگر کون سنتا تھا وہاں نہ انصاف سے کام تھا نہ دیانت سے صرف خود غرضی تھی مسلمانوں کو آپس میں لڑانا تھا۔ احرار اور جمعیۃ العلماء کی دلجوئی کرنی تھی۔ نومبر کے کمیونک پر شیعوں کی خاموشی سے حکومت نے فائدہ اٹھایا، رفتہ رفتہ پھر ساز باز شروع ہوئی وہابی لیڈروں کو مسلمانوں کا نمائندہ تسلیم کرلینے کی فکریں ہونے لگیں۔ آنریبل قدوائی و آنریبل حافظ ابراہیم کے ذریعہ سے ہانڈی پکائی گئی اور تمام موثر ... ۲۱ فروری کو منظم طریقہ پر سول نافرمانی شروع کی گئی اور صرف ۲ افراد معمولی غریب باکرایہ سنیوں کے جیل میں جاتے ہی گورنمنٹ بے چین ہوگئی۔ ۳۱ مارچ ۳۹ء کو فوراً اپنے رفقار کا اعتماد قائم ... ایک حکم صادر فرما دیا جس میں سنیوں کو شاہ راہوں پر مدح خلافہ گانے کی اجازت دے دیگئی۔ اور ۱۲ وفات کے دن جلوس بھی نکالنے کی اجازت دیدی۔

شیعوں کا مدافعانہ رویّہ

"چونکہ منجملہ آٹھ مطالبات کے جو مولانا ابوالکلام آزاد کے سامنے پیش کئے گئے تھے اور جن میں کے بیشتر ایسے تھے جنکی نسبت مولانا موصوف نے فرمایا تھا کہ بلالحاظ گفتگو مصالحت کے وہ پورے کئے جائینگے اور اُن میں بھی تبادلۂ سب انسپکٹران

ہمارے لیے ضروری ہے، اسکے علاوہ شیعوں کو اپنے روایات قدیم کے ماتحت ہر قوم پر کا اظہار کرنا چاہیے، اگر آزاد نے ہاتھ بڑھایا ہے تو ضرور لبیک کہنا چاہیے تاکہ حجت تمام ہو جائے اور ہم کو دنیا کو یہ بتا دینے کا موقع ملے کہ ہم نے خود کبھی فساد کی خو نہ رکھی، اول تو یہ اندیشہ ہی عبث ہے کہ عارضی التوا سے ایجیٹیشن ختم ہو جائیگا اگر آزاد کے اتنے وعدوں کے بعد بھی کامیابی نہ ہو اور التوا اختتام ایجیٹیشن میں تبدیل ہو جائے تو کہنے کو ہوگا کہ ہمکو دھوکا دیا گیا، بات بن جائیگی عزت باقی رہ جائیگی قوم پر جو مصیبت نازل ہو گئی ہے اُس کا خاتمہ ہو جائیگا۔

اس طبقے کو یہ یقین کامل تھا کہ ۳۱ مارچ ۳۹ء کا کمیونک جس میں مدح ثلاثہ کے جلوس کی اجازت دی گئی ہے ضرور منسوخ ہوگا۔

دوسرا طبقہ

برخلاف اسکے سپاہیوں کا دوسرا طبقہ عدم التوا کی حمایت میں کہتا تھا کہ شیعوں کا یہ پہلا قدم ہے ایک مرتبہ اگر التوا کی خبر ہندوستان میں پہونچی تو لوگوں کو سہارا مل جائیگا اور پھر جتھوں کی آمد بند، شیعوں کا جوش ختم، اور ایجیٹیشن کی گرم بازاریاں ٹھنڈی ہو جائینگی، دوسرے آزاد صاحب کے وعدوں پر اعتماد کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ وہ سنیوں کے لیے پُرسکون فضا چاہتے ہیں لیکن شیعوں کے لیے کسی ایسی رعایت کے لیے تیار نہیں جس سے یہ ثابت ہو کہ اُن کو اُن سے کچھ بھی ہمدردی ہے، وہ کہتے تھے کہ مولانا موصوف وہی تو ہیں جنھوں نے السپ رپورٹ کے بعد رزولیوشن بنا کر سُنیوں کی بند راہیں وا کر دیں، اُسکے بعد بھی تین سال مسلسل کسی نہ کسی صورت میں مدح ثلاثہ جنگ رو نما ہوتی رہی لیکن مولانا نے کبھی ایک بیان بھی اسکے خلاف شایع نہ فرمایا، نہ اتحاد بین المسلمین کا علم بلند کیا، کیا اُمید ہو سکتی ہے کہ فیصلہ ہمارے ہی حق میں ہو، پھر مطلوبہ

اُس کی مالی حالت تباہ ہو چکی ہے، اُس کا مستقبل تاریک ہوتا جا رہا ہے، جیل میں اگرچہ بہادر مجاہد انتہائی استقلال سے اپنے حق کے لیے جنگ جاری رکھے ہیں، مگر اندیشہ ہے کہ کہیں زیادہ تعداد جرمانہ ادا کر کے جیل سے باہر نہ آجائے اس سے گورنمنٹ [illegible] ثابت ہو سے ہوجائیں گے قوم کو خسارہ اور ایجیٹیشن کا مقصد [illegible] ۱۵ر جولائی تک کم از کم ۵ ہزار اسیر رہا ہوجائینگے جیلیں خالی ہوجائینگی آئندہ تعداد میں اتنی نہ ہوگی، جو [illegible] کمی پوری ہو سکے، گورنمنٹ بہت سی ذمہ داریوں سے سبکدوش [illegible] گی اُسیر سے ایجیٹیشن کا حقیقی معنوں میں دباؤ کم ہوتا جائے گا۔

علاوہ بریں گرمی کے ایام میں پہلا سابقہ ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ پریشان ہو کر نازک مزاج شیعہ خدانخواستہ معافی مانگ لیں تو بنا بنایا کھیل بگڑ جائیگا۔ قیدخانوں میں بیماروں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے، شہر کی فضا برابر مکدر ہو رہی ہے، ہندوستان کے دیگر صوبوں میں سُنی شیعہ کشمکش بڑھ رہی ہے جسکے اثرات و نتائج خود شیعوں کے حق میں بہتر نہ ہونگے، کاروبار معطل ہے شیعوں میں تجارت کا یوں ہی فقدان ہے، اس جنگ نے بیکاروں میں اضافہ کر دیا ہے، مالی حالت بد سے بد تر ہوتی [illegible] یوپی گورنمنٹ سُنیوں کے اثرات اور اُنکے خوف سے بالکل خاموش ہے، گھروں میں تعزیے رکھے ہیں، عورتیں محرم سے ابتک سوگوار ہیں، رواسم دُنیا بند ہیں، دلوں کا سکون رخصت ہے ہر طبقے کے افراد پریشان خاطر ہیں، مقدمات کی وبا ہے [illegible] ملازموں کی ملازمتیں اور شرفا کی عزت و جان اور مال سب خطرے میں ہے، پریشانیوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے، لہذا اپنی تنظیم، قوم کی حمیت، شیعیان ہند کی قوت اور علمبردار حسینیؑ کے اعجاز پر بھروسہ کرتے ہوئے چند یوم کا عارضی التوا منظور کر کے آزاد صاحب کو بھی فیصلہ کا موقع دیا جائے، ممکن ہے کوئی اچھا نتیجہ نکل آئے، آزاد کانگریسی مسلمانوں میں ایک بڑی ہستی ہیں اُن سے دروغ کی کم اُمید رکھنا چاہیے اُن کی ذمہ داریاں عوام [illegible] ہیں اُن پر تھوڑا سا اعتماد

ہمارا ... لیے ضروری ہے، اسکے علاوہ شیعوں کو اپنے روایات قدیم کے ماتحت ہر قوم پر
کا اظہار کرنا چاہیے، اگر آزاد نے ہاتھ بڑھایا ہے تو ضرور لبیک کہنا چاہیے تاکہ حجت تمام ہوجائے
اور ہم کو دُنیا کو یہ بتادینے کا موقع ملے کہ ہم نے خود کبھی فساد کی خو نہ رکھی، اول تو یہ اندیشہ ہی عبث
ہے کہ عارضی ... ایجیٹیشن ختم ہوجائیگا اگر آزاد کے اتنے وعدوں کے بعد بھی کامیابی نہ ہو
اور التوا اختتام ایجیٹیشن میں تبدیل ہوجائے تو کہنے کو ہوگا کہ ہمکو دھوکا دیا گیا، بات بن جائیگی
عزت باقی رہ جائیگی قوم پر جو مصیبت نازل ہوگئی ہے اُس کا خاتمہ ہوجائیگا۔

اس طبقے کو یہ یقین کامل تھا کہ ۳۱ مارچ ۳۹ء کا کمیونک جس میں مدح ثلاثہ کے جلوس
کی اجازت دی گئی ہے ضرور منسوخ ہوگا۔

دوسرا طبقہ

برخلاف اسکے سپاہیوں کا دوسرا طبقہ عدم التوا کی حمایت میں کہتا تھا کہ شیعوں کا یہ
پہلا قدم ہے ایک ... مرتبہ اگر التوا کی خبر ہندوستان میں پہونچی تو لوگوں کو سہارا مل جائیگا اور پھر
جتھوں کی آمد بند، شیعوں کا جوش ختم، اور ایجیٹیشن کی گرم بازاریاں ٹھنڈی ہوجائینگی، دوسرے
آزاد صاحب کے ... وعدوں پر اعتماد کیونکر ہوسکتا ہے جبکہ وہ سنیوں کے لیے پُرسکون فضا چاہتے
ہیں لیکن شیعوں کے لیے کسی ایسی رعایت کے لیے تیار نہیں جس سے یہ ثابت ہو کہ اُن کو اُن سے
کچھ بھی ہمدردی ہے، ... کہنے کو تو مولانا موصوف ہی تو ہیں جنھوں نے السپ رپورٹ کے بعد
رزولیوشن بنا کر سُنیوں کی بند راہیں وا کردیں، اُسکے بعد بھی تین سال مسلسل کسی نہ کسی صورت میں
مدح ثلاثہ جنگ کے نما ہوتی رہی لیکن مولانا نے کبھی ایک بیان بھی اسکے خلاف شایع نہ فرمایا،
نہ اتحاد بین المسلمین کا علم بلند کیا، کیا اُمید ہوسکتی ہے کہ فیصلہ ہمارے ہی حق میں ہو، پھر مطلوبہ

اُس کی مالی حالت تباہ ہو چکی ہے، اُس کا مستقبل تاریک ہوتا جا رہا ہے، جیل میں اگرچہ بہادر مجاہد انتہائی استقلال سے اپنے حق کی یہ جنگ جاری رکھے ہیں، مگر اندیشہ ہے کہ کہیں زیادہ تعداد جرمانہ ادا کر کے جیل سے باہر نہ آجائے اس سے گورنمنٹ کو تمام نقصانات پورے ہو جائیں گے قوم کو خسارہ اور ایجیٹیشن کا مقصد فنا ہو جائیگا۔ ۱۵ر جولائی تک کم از کم ۵ ہزار اسیر رہا ہو جائینگے جیلیں خالی ہو جائینگی آئندہ تعداد اسیران اتنی نہ ہوگی، جس سے یہ کمی پوری ہو سکے، گورنمنٹ بہت سی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جائے گی اُسیر سے ایجیٹیشن کا حقیقی معنوں میں دباؤ کم ہوتا جائے گا۔ علاوہ بریں گرمی کے ایام میں پہلا سابقہ ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ پریشان ہو کر نازک مزاج شیعہ خدانخواستہ معافی مانگ لیں تو بنا بنایا کھیل بگڑ جائیگا، قیدخانوں میں بیماروں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے، شہر کی فضا برابر مکدر ہو رہی ہے، ہندوستان کے دیگر صوبوں میں سُنی شیعہ کشمکش بڑھ رہی ہے جسکے اثرات و نتائج خود شیعوں کے حق میں بہتر نہ ہونگے، کاروبار معطل ہے شیعوں میں تجارت کا یوں ہی فقدان ہے، اس جنگ نے بیکاروں میں اضافہ کر دیا ہے، مالی حالت بد سے بدتر ہوتی [illegible] ۔ یو پی گورنمنٹ سُنیوں کے اثرات اور اُنکے خوف سے بالکل خاموش ہے، [illegible] تعزیے رکھے ہیں، عورتیں محرم سے ابتک سوگوار ہیں، رواسم دُنیا بند ہیں، دلوں کا سکون رخصت ہے، ہر طبقے کے افراد پریشان خاطر ہیں، مقدمات کی دبا میں اضافہ ہے، ملازموں کی ملازمتیں اور شرفا کی عزت و جان اور مال سب خطرے میں ہے، پریشانیوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے، لہذا اپنی تنظیم، قوم کی جمعیت، شیعیان ہند کی قوت اور علمبردار حسینیؑ کے اعجاز پر بھروسہ کرتے ہوئے چند یوم کا عارضی التوا منظور کر کے آزاد صاحب کو بھی فیصلہ کا موقع دیا جائے، ممکن ہے کوئی اچھا نتیجہ نکل آئے، آزاد کانگریسی مسلمانوں میں ایک بڑی ہستی ہیں اُنسے ورع کی کم اُمید رکھنا چاہیے اُن کی ذمہ داریاں عوام سے زیادہ ہیں اُن پر تھوڑا سا اعتماد

مکتوب مولانا ابوالکلام آزاد

بجواب مراسلہ ہدیہ تشکر منجانب تنظیم المومنین کھجوا

۲۷ جون کو انجمن تنظیم المومنین کھجوا ضلع سارن نے حسب ذیل تجویز ہدیہ تشکر پاس کرکے مولانا ابوالکلام آزاد کے پاس روانہ کی :-

"نقل تجویز ۶ : انجمن تنظیم المومنین کھجوا کا یہ جلسہ منعقدہ ۲۳ جون ۱۹۳۹ء باتفاق رائے تجویز کرتا ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد کا شکریہ ادا کیا جائے چونکہ انھوں نے اس قضیہ شیعہ و سنی کو طے کرانے کا ارادہ کیا ہے اور امید ہے کہ ممدوح جلد از جلد اسے طے کرا سکیں گے۔"

اس رزولیوشن کے جواب میں مولانا آزاد حسب ذیل مکتوب روانہ فرمایا :-

جواب مولانا ابوالکلام آزاد صاحب

آل انڈیا کانگریس پارلیمنٹری سب کمیٹی

ممبران — ۱۹ اے بالی گنج

ولبھ بھائی پٹیل — سرکلر روڈ ۱۰۳۰

ابوالکلام آزاد — کلکتہ

راجندر پرشاد — مورخہ جولائی ۱۹۳۹ء

"جناب من تسلیم! آپ نے انجمن تنظیم المومنین کھجوا کی تجویز کی نقل جو حضرت مولانا کو بھیجی ہے وہ وصول ہوئی، مولانا نے اگر اس افسوسناک قضیہ کو طے کرانے کی کوشش کی تھی تو وہ محسوس کرتے ہیں کہ بحیثیت مسلمان ہونے کے

کانفرنس میں ظفر الملک اور عبد الشکور ضرور مدعو کئے جائینگے، ان کے خیالات، اُنکے بیانات و عملی اقدامات ظاہر ہیں، ایسی کانفرنس جس میں ایسے لوگ ہوں کس صحیح، اُمید افزا فیصلے کی کیا اُمید ہوسکتی ہے، پہلی اور آخری مرتبہ ٹوٹ کر لڑ لیا جائے جہاں [illegible] ہوئے وہاں کچھ اور سہی۔

اس طبقے کے نزدیک عارضی التوا کے معنی ہی ختم ہو [illegible] کے ہیں۔ اور آزاد کہ شیعوں کا جائز و صحیح حق کے واسطے شروع کیا ہوا کامیاب اور ہندوستان کا غیر معمولی ایجیٹیشن ناکامیاب ہو جائے۔

اس بہادر طبقے کا خیال تھا بلکہ یوں کہوں کہ کامل الیقین تھا کہ وہ چونکہ جائز حق کے لیے جنگ کر رہے ہیں اگر آج نہیں تو کل ضرور فتح ہوگی، اُن [illegible] یہ توقع ہرگز صحیح نہیں ورنہ اگر سلسلۂ جنگ ختم ہوا تو پھر قوم ایسی تھکن محسوس کریگی کہ کم از کم چوتھائی صدی تک سیدھی نہ ہوسکیگی اسلیے ایجیٹیشن جاری ہی رہے تو بہتر ہے۔

تنظیم المومنین کھجوا ضلع سارن اور


مولانا ابو الکلام آزاد

مولانا ابو الکلام آزاد سے گفتگو اور مسئلہ التوا کے متعلق تنظیم المومنین کھجوا ضلع سارن کی ایک تجویز اور مولانا موصوف کا جواب ذیل میں درج کرتا ہوں

مولانا کے جواب میں لکھنو کے شیعہ اور شیعہ اداروں کی صحیح تصویر درج ہے جو قابل ملاحظہ ہے

———

شهيد ملت بنّے حسين ساكن بريلي جنهون نے بنارس سنٹرل جيل مين ١٢ مئي
سنه ١٩٣٩ ء كو وفات پائی





مجاهد تبرّا سيد ولايت حسين صاحب مرحوم بي - ايس - سي ايڈوكيٹ
جنهون نے دوران اسيري ميں اورئي جيل كے اندر ٣ جون سنه ١٩٣٩ ع كو رحلت فرمائي

اُن کا یہ فرض تھا، اسکے لیے ہرگز وہ کسی شکر گزاری کے مستحق نہیں ہیں البتہ اُنھیں یہ صورت حال دیکھ کر نہایت افسوس ہوا کہ لکھنؤ میں جن حضرات کے ہاتھوں میں اس وقت تحریک کی باگ ہے وہ ان کی اس سعی کا بروقت جواب نہ دیسکے اور صلاح حال کی سعی ضایع ہوگئی۔ لیکن اطمینان بخش نتیجے تک پہونچنے کی یہی ایک راہ تھی جو مولانا نے پیش کی تھی اسکے سوا کوئی راہ نہیں نکل سکتی، مگر افسوس ہے کہ کوئی معاملہ فہم اور حقیقت شناس لیڈر وہاں موجود نہیں جو ذمہ داری کے ساتھ قدم اُٹھا سکے، علاوہ بریں شخصی رقابتیں اور [illegible] کہ متصادم دعوے باہمدگر چل رہے ہیں۔ ایک سے زیادہ حلقے ایک دو [illegible] کے خلاف برسرکار ہیں، ہر حلقہ دوسرے پر ذمہ داری ڈالنا چاہتا ہے۔ ساتھ ہی اُسے گرانا بھی چاہتا ہے، مجتہد صاحبان خود کوئی رائے نہیں رکھتے، مقلدین سے استصواب کرتے رہتے ہیں، اس صورت حال میں کیا اُمید کی جاسکتی ہے کہ کوئی سعی و صلاح سود مند ہوگی، بہرحال مولانا آپ کی انجمن کے شکر گزار ہیں۔

نیازمند

محمد اجمل خاں

سکریٹری حضرت مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ

جیل میں اموات

تین ماہ میں پانچ شیعہ مجاہد مختلف جیلوں میں جیل کی بدانتظامیوں کا نشانہ بن کر

راہی اجل ہوئے۔

مرحوم مجاہدین کی فہرست

نمبر شمار	اسماء گرامی	عمر	جیل جہاں انتقال ہوا
۱	احسن رضا صاحب	۲۴ سال	بنارس
۲	بنے صاحب	۱۷	"
۳	باقر حسین صاحب	۳۵	سیتاپور
۴	ولایت حسین صاحب بی اے ال ال بی ایڈوکیٹ	۳۵	اورئی
۵	علی حسین صاحب	ضعیف	لکھنؤ

دو قتل

کانگریس گورنمنٹ کی سُنّیوں سے رواداری کا نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے غریب شیعوں اور بے ضرر ہستیوں پر قاتلانہ حملے شروع کر دیئے، شروع ہفتہ میں مئی کے دو جگہ حملے ہوئے ایک بلوچپورہ میں، دوسرا غلام حسین کے پل پر، جون کے دوسرے ہفتہ میں سلطان المدارس کے قریب جناب ناصر حسین صاحب لکھنوی و جناب لڈن صاحب پر بیرحم وہابیوں نے قاتلانہ حملہ کیا اور انکو جان سے مار ڈالا۔

اس سانحہ کے بعد بھی گورنمنٹ خاموش رہی۔





شهيد ياور حسين کي نماز جنازه

کے لب بند۔

مسلم لیگروں کی شملہ سے اپیل

سرسکندر حیات خاں وزیر اعظم پنجاب، مسٹر فضل حق وزیر اعظم بنگال، ڈاکٹر ضیاء الدین سر محمد یعقوب، وغیرہ ... اپیل شایع ہوئی۔ جس نے گورنمنٹ یوپی کے رویہ پر روشنی ڈالتے ہ ... حضرات نے شاہراہوں پر مدح ثلاثہ کا گانا یا تبرا پڑھنا دونوں کو بند کرنے کی خواہش کی، اور صاف لفظوں میں ظاہر کر دیا کہ ایک دوسرے کی اس سلسلے میں دلآزاری نہ ہونا چاہیے، ہر دو فرقے حسب دستور قدیم اپنے رد رسم مذہبی ادا کریں، کوئی ایجاد نہ ہونی چاہیے۔

اگرچہ ایسی ایسی جید اور مقتدر ہستیوں نے مدح ثلاثہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا مگر ذمہ داران گورنمنٹ نے ایک لفظ بھی منہ سے نہ نکالا۔

چودھری نعمت اللہ سابق جج ہائیکورٹ الہ آباد

چودھری نعمت اللہ صاحب سابق جج ہائی کورٹ نے ایک پبلک میٹنگ میں اعلان فرمایا۔

"میں اپنی ذات سے صحابہ کا ذکر جلوس کے ساتھ صحیح نہیں سمجھتا، میرے نزدیک یہ رسم بالکل غیر ضروری ہے۔ اور سنیوں کو اس پر اصرار بھی نہ کرنا چاہیئے ...."

اس پر بھی جواب ندارد۔

بربریت کا مظاہرہ

اسی دوسرے ہفتہ میں جون کے وہابیوں نے شاہ پیر محمد کے ٹیلے پر مجمع کیا اور امام باڑہ آصفی میں جمع ہونے والے شیعوں پر حملہ کیا، گیارہ مومنین زخمی ہوے، پھر بھی کانگریسی وزارت کے لبوں پر مہر خاموشی لگی رہی۔

ہندوستان کے بہترین ماہر سیاست مدبر، اہلسنت کے حامل

سنی عمائد کے اعلانات

ڈاکٹر سر شفاعت احمد خاں صاحب، و سر محمد یعقوب کے بیانات شائع ہوے، جن میں انھوں نے کھلی ہوئی لفظوں میں اسکا اعلان فرمایا ہے کہ شاہراہوں پر مدح صحابہ نہ سنیوں کا مذہب، نہ شہری حق۔ یہ صرف احرار، جمعیۃ العلما اور دیگر کوتاہ اندیش وہابی سنیوں کا پروپگنڈا ہے، اسی کے ہمراہ انھوں نے یہ بھی فرمایا کہ نہ شیعوں کو تبرا پڑھنا چاہیے، نہ سنیوں کو مدح ثلاثہ اور ساتھ ہی ساتھ ۳۱ مارچ کے کیونک کو گورنمنٹ کی سب سے بڑی غلطی بتایا ہے مگر پھر بھی یکطرفہ فیصلہ کر ... موش۔

یو، پی، ایم، ال سیز کا بیان

یو، پی کے سات سنی و شیعہ ایم، ال سیز نے متحدہ طور پر وزیر اعظم یو پی کو خط لکھا جس میں انھوں نے صاف صاف تحریر فرمادیا ہے کہ راستوں پر مدح ثلاثہ اور تبرا دونوں رہنے جائیں تاکہ شیعہ و سنی کے درمیان جو منحوس کشمکش پیدا ہوگئی ہے وہ ختم ہو مگر ذمہ داران کانگریس حکومت

قوم پرست ہا . . کے یوپی کانگریس سے اُمید نہ تھی۔ اُس نے شیعوں کے ساتھ جبر و تشدد کر کے اپنے
. . . . . تی مساکر . . کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

کیا شیعہ عمر میں کبھی جواہر لال نہرو کے اعلان کو فراموش کر سکتے ہیں جو انھوں نے اس ممبئی کے
سفر میں شایع کیا جس میں انھوں نے دلپر تہور رکھ کر مادر وطن کے پیارے شیعوں کے خلاف یہ ظاہر
فرمایا ہے:۔

"سنیوں نے اپنا مذہبی حق . . . . مانگا، گورنمنٹ یوپی نے اُن کو عطا
کر دیا، اب کچھ تھوڑے شیعہ گالی بکنے کا حق مانگتے ہیں بھلا کونسی ایسی مہذب
گورنمنٹ . . . اس حق کو تسلیم کر سکتی ہے"

. . . . گجراتی اخبار کے نمائندے کو بیان دیتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:۔

"جیل شیعوں . . . کے لیے تفریح گاہ ہے، وہ جیل آتے ہیں اور سیر و تماشا کر کے
واپس جاتے ہیں"

میں عرض کرونگا . . . . . . نے . وطن کی خدمت کے لیے جو "اے کلاس" میں گلچھرے اُڑائے تو
وہ آپ کے لیے تفریح نہ تھی مصیبت تھی کیونکہ آپ کو اُسی کے بل بوتے پر سیاسی ہندوستان کا "مائی
باپ" بننا تھا۔

چودہ ہزار شیعوں کے مصائب اُٹھانے پر بھی یہ ہے رویہ یوپی کانگریس . . . . کہیں
کانگریس کا، میں نے ۲۶ مارچ ۱۹۳۹ء کو چار تفصیلی تار مسٹر سوبھاش بوس، فریان، محمد علی،
اور راجندر بابو صدر کانگریس کو ممبئی میں دیا جیکم ذیل . . . . . کے مطالبات اُنکے مصائب
. . . . تنگ کی اس اُمید پر اطلاع دی کہ شاید اب کسی اجلاس میں لکھنو کے عظیم الشان
واقعہ کا تذکرہ ہو مگر جیسے سوکھے سامان ویسے ہرے بھادوں۔ کسی نے پلیٹ کے کروٹ بھی نہ لی

انگریزی اخبارات کے اعلانات

کلکتہ کے "سٹیٹسمین" خاصکر "امرت بازار پترکا" ۔ اور یوپی کے "پائنیر" نے اپنے افتتاحیہ مقالوں میں مدح ثلاثہ کی نوعیت پر خوب خوب روشنی ڈالی، اور اسکے دلآزار ہونے پر دلائل پیش کیے۔ گورنمنٹ یوپی کے تمام اعلانات جو متعلق مدح ثلاثہ شائع ہو کر جاری ہوئے وضاحت سے اعتراضات کئے علی الخصوص ۳۱ر مارچ کے کمیونک کو گورنمنٹ کی فاش غلطی بتائی ہے۔ اسپے پورٹ پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ بتایا کہ سنیوں کا مدح صحابہ پڑھنا شیعوں کی دل آزاری کرنا ہے۔

ایسے بڑے بڑے مشہور عالم جرائد کے خیالات اور بیانات شایع ہوئے مگر گورنمنٹ نے اُن کو ایسا نظر انداز کیا گویا ان جرائد کی آواز کوئی حقیقت ہی نہ رکھتی تھی۔

نوٹ:۔ ان بیانات اور اخبارات کے مقالے انگریزی کی خبریں موجود ہیں ملاحظہ ہوں۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی ممبئی

۲۴ر جون سے ممبئی میں کانگریس کا ایک اہم اجلاس شروع ہوا ہندوستان کے تمام نمائندے موجود، ملک کے چھوٹے چھوٹے واقعات پر طولانی بحث و مباحثے ہوئے، رنگون کی جھڑپ ممبئی کے معمولی تصادم پر دل کھول کر گفتگو ہوئی لیکن ۱۴ ہزار شیعہ جیلوں میں بند، اور یہ مسئلہ جو ملک میں مخصوص اہمیت رکھتا ہے اُس کا کہیں نام کو بھی ذکر نہیں، سب نے ایسا پس پشت پھینکا گویا اس حق طلبی کی کوئی حقیقت ہی نہ تھی۔ پناہ بذات خدا! ایسی بیرحمی اور ناانصافی کی

کیمپ جیلوں کا اجرا

اپریل کے آخری ہفتے میں معتبر ذرائع سے معلوم ہوگیا تھا کہ گورنمنٹ یو۔پی خاموشی ختم نہیں کرنے والی ہے اور وہ یہاں تک تیار ہے کہ تین جیلیں نئی بنا دی جائیں، مگر شیعوں کی فریاد نہ سُنی جائے۔

مئی کے پہلے ہفتے میں اطلاع ملی کہ لکھنؤ، بنارس اور سیتاپور میں کیمپ جیلیں بنا دی گئیں تاکہ دس ہزار شیعہ تبرائی اسیر اُس میں قید کئے جائیں۔

ہر ذی ہوش گورنمنٹ کے [illegible] سے آگاہ ہوگیا، اور سمجھ گیا کہ اب وہ کسی طرح انصاف کے لیے تیار نہیں۔

واہ ری قومی حکومت

در گزرے ہم دیسی قومی حکومت سے جب پالنے ہی میں پیر نظر آگئے، جس کا آغاز جور و تشدد سے ہو اُس کے انجام کا خدا حافظ۔

التجا کا جواب استبدادیت سے

۲ر جون کو خبر ملی کہ وزیر اعظم یو پی لکھنؤ تشریف لا رہے ہیں، چند دل جلے شیعہ اسٹیشن پر پہنچے اور اس [illegible] سمجھ کر قومی حکومت کا [illegible] نمائندہ آ [illegible] دل کہا جائیگا التجا کی جائیگی، [illegible] کام لیا جائے گا، حاکم اعلیٰ سے رعایا کے چند افراد اُلفت پدری کی آرزو تلاش کرینگے، گاڑی آئی، وزیر اعظم حکامان ضلع کے جھرمٹ میں چلے، درخواست کرنے والے آگے بڑھے، دو بہادر سنبھلے مچل گئے، بڑے آنند سے موٹر کے سامنے لیٹ گئے اس اُمید پر کہ

اللہ ری مدہوشی، ابھی پورن سوراج کا صرف خواب ہی ... لیکن نشۂ حکومت کا کیا بے پناہ خمار ہے، برطانیہ اور اُسکے مظالم کو مات کر دیا۔

بھوک ہڑتال

متعدد جیلوں میں شیعہ اسیروں نے احتجاجاً بھوک ہڑتال کی لیکن کون سنتا ہے اگر مسٹر گاندھی صرف فاقے کا اعلان کر دیتے تو دنیا ٹوٹ پڑتی، مگر شیعۂ غریب شیعہ، لاچار شیعوں سے ملک کے نیتاؤں کو کیا درد ہو سکتا تھا۔ بنارس جیل، بریلی جیل، سیتا پور کیمپ جیل، اور دوسری جیلوں کے اسیروں نے کئی بار بھوک ہڑتال کی لیکن بیرحم گورنمنٹ کا دل نہ پسیجا۔

دھوپ ہڑتال

مولوی قائم رضا نسیم امروہوی کا اختراع

مئی جون کی لو اور دھوپ جب یوپی میں دوپہر کے وقت لوگ گھروں سے باہر آتے ڈرتے ہیں، مولوی قائم رضا صاحب نسیم امروہوی کی قیادت میں تقریباً ۴۰ اسیروں نے بنارس کیمپ جیل میں دھوپ ہڑتال کی، یہ اسیر صبح سورج نکلنے سے پہلے باہر میدانوں میں آ بیٹھتے تھے اور سورج غروب ہونے تک برابر لو اور دھوپ میں بیٹھے تلاوت کلام پاک کیا کرتے شام کو اپنی بیرکوں میں چلے جاتے تھے۔ یہ احتجاج بھی گورنمنٹ یوپی کا دل نہ ہلا سکا، کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ ہندوستان کے کسی دیرینے قوم و مذہب کے لیے اپنے اوپر ایسی زبردست مصیبت اُٹھانیکا بیڑا اُٹھایا ہو کیا مقابلہ ہو سکتا ہے اس ہڑتال سے دوسروں کی بھوک ہڑتال کا۔

کو گلے لگا کر سر پر ہاتھ رکھتا، اُن کا درد دل معلوم کرتا، اور شاید موٹر پر بٹھا کر اپنے ہمراہ لے جاتا اور کافی وقت صرف کرکے اُن کا عرض حال سُنتا اور اُن کو تسکین دیکر لکھنؤ کے شیعوں کو اپنا گرویدہ بنالیتا مگر کہ وہ ضمیر رکھنے والے۔ انصاف کے پردہ پوش دیس دیس پکارتے ہیں لیکن دل میں گھات اور سر میں حکومت کا سودا ہے۔ ایسی حکومت کر[illegible] والوں سے انصاف کی اُمید ہو سکتی ہے۔

مسلم لیگ سے شکوہ

یہاں تک ہندو بھائیوں کا قصہ اور کانگریسی سلوک کا ذکر تھا، اب اپنے برادران یوسف اور مسلم لیگروں سے مخاطب ہو کر کہتا ہوں کہ کیا اتحاد اسلام کو باقی رکھنے اور مسلمانوں کی مرکزیت کو بچانے کا فرض تمہارے ذمہ نہ تھا، تم احراریوں اور جمیعۃ العلما کے ہاتھوں اسلامی شیر[illegible] بکھرتا دیکھا کیے اور لبوں پر مہر خاموشی رہی، مدح ثلاثہ کا فتنہ اُٹھا، کئی بار اس سلسلہ میں قانون شکنی ہوئی، گورنمنٹ کی جانب سے ہمت افزائی ہوتی رہی، کیمونک نکلتے رہے، تفریق کی تخم ریزی جاری رہی، نتیجے تمہارے ارباب حل و عقد کے پیش نظر تھے، مستقبل [illegible] تمہارے دوربینوں کے روبرو منڈلاتے رہے مگر تم خاموش رہے، تمہارے ہی فنا کی تدبیریں ہوں اور تم مُنہ سے نہ بولو، کیسی سیاست تھی، کیا مصلحت تھی، تم کو یاد ہے کہ تنظیم المومنین نے ۲۶ اگست سنہ [illegible] کے جلوس میں شرکت کرکے تمہاری آواز پر نہیں کیونکہ تم کو تو ہمیشہ بے عمل سمجھا گیا، بلکہ اتحاد اسلام کی آواز پر لبیک کہی، پھر بھی تم ہمارا اپنا غلط سمجھے، تنظیم کے مسلک کے خلاف تم یہ سمجھے کہ شیعہ سیاسی چالوں میں پھنس کر مسلم لیگ میں شامل ہو جائیںگے، وہ بھی ہوشیار تھے، اپنے اقدام سے اپنے خلوص کی جھلک دکھا کر پردے پردے میں اپنا اپنا ظاہر کرتے رہے لیکن کہیں سے یہ نہیں بتایا کہ وہ کیا چاہتے ہیں، کاش تم نے خود سمجھا ہوتا، اور اُن کے مطالبات پر نظر دوڑائی ہوتی۔

انصاف پسند، رعایا پرور، بھارت کے سپوتوں کا ہمدرد، انسانیت کا مجسمہ، اخلاق کا حامی، محبت قوم کا متوالا، رحم کا حامل، فریادیوں کا دادرس، درد دل کہنے والوں کو بڑے پریم سے اُٹھا کر چھاتی سے لگا کر پوچھے گا " اُٹھو! بھارت نواسیو اُٹھو! میں دیش کا داس تمھاری فریاد سنونگا، بتاؤ تم پر کیا گزرتی ہے، اتنا کیوں بیاکل ہو، تم کو کس نے ستایا ہے، آ گیا دو میں تمھاری کیا سیوا کر سکتا ہوں "۔ مصیبت کے مارے اُٹھتے، ایسے پیار و اخلاص کرنے والے سچے پریمی سے پتا پریم رس بوندیں ٹپکتے دیکھکر فریادی نینوں سے نیر بہا کر کہتے " اے دیش بندھو تمھاری چھپنے شیوں کو سچین کر رکھا ہے، بولو نیائے کا پالن کرنے والے بھارتی نیتا کچھ تو کہہ سے بولو، چو ... بان جیل کی کٹھناؤں سے بدھر کر کے اپنے جیون کی گھڑیاں اس آشا پہ گزار رہے ہیں کہ کانگریسی دیش بندھوؤں ہردے اوش پسیجے گا، اُنکی دکھ بھری آواز تمھارے محلوں کے دروازے پہ ٹکرا کر چلی آتی ہے لیکن تم ایسے روٹھے ہو کہ منانے کا کوئی بندھ سمجھ میں نہیں آتا، کیا ہمارا اُسی طرح گنگا جی کے پوتر جل اور جمنا جی کے لہلہاتے میدانوں سے اُگے ہو ... ... پالن نہیں ہوا، جس طرح تم جیسے برہمنوں کا، کیا بھارت پر ہمارا حق ویسا ہی نہیں جیسا احراریوں کا "۔

لیکن افسوس اور کانگریسی وزارت کی استبدادیت پسند ذہنیت پہ ہزار افسوس کہ ایسا نہیں ہوا، مظلوم نہ گلے لگائے گئے، نہ اُن کی بات پوچھی گئی، دادرسی کے بجائے اُن کو پولس کے حوالے کر دیا گیا، اور صرف اسی خطا پر کہ انھوں نے اتنے وسیع ... کام لیا ایک ایک مہینے کے لیے قید خانے کی سختیوں ... کر دیے گئے۔

کیا نیائے کیسا انصاف، دُنیا کی بدترین حکومت اور اُس کا بدترین سرکش حاکم بھی ایسے بے ضرر، بے زبان فریادیوں کو مصیبتوں کا شکار ہوتے نہیں دیکھ سکتا تھا، واہ ری تہذیب اور واہ ری مہذب حکومت، دیکھنے والا کہتا ہے کہ اگر میں وزیر اعظم ہوتا تو ضرور ایسے فریادیوں کو

گورنمنٹ کی جانب سے ایک اور کاری ضرب

اراکین تنظیم المومنین کی دوبارہ گرفتاریاں

گورنمنٹ کا قفل خاموشی یوں ٹوٹا کہ ۱۴ر جون کو جب امباڑہ آصفی میں بغرض شرکت جلسہ میں گیا تو معلوم ہوا کہ کوتوال شہر مسٹر انجنی ہمیشاد وسٹی مجسٹریٹ مجکو بلاتے ہیں، جلسہ چھوڑ کر جب اُنکے پاس گیا تو اُنھوں نے فرمایا "تم کو ڈپٹی کمشنر صاحب نے بلایا ہے" میں نے جواب دیا "میں تنہا نہیں جا سکتا" دونوں صاحب بولے "سلطان صاحب ضامن صاحب کو ہمراہ لے لیجئے آپ جنرل سکریٹری ہیں اگر آپ ہی تنہا چلیں تو کار برآری ہو سکتی ہے"

میں نے کہا "تنظیم المومنین جمہوری ادارہ ہے اُسکی پالسی ایک فرد کے ذمہ نہیں"

مولانا ضامن صاحب و سلطان صاحب کی تلاش ہوئی معلوم ہوا کہ وہ جلسے میں نہیں آئے۔

ڈپٹی صاحب سٹی مجسٹریٹ صاحب مجکو اپنے ہمراہ دفتر تنظیم لے گئے۔ وہاں سے سلطان صاحب و جعفر رضا صاحب اڈیشنل جنرل سکریٹری ساتھ لئے گئے اور ہم لوگ صاحب ڈپٹی کمشنر کے بنگلے پر پہونچے۔ وہاں نواب احسان علی خاں صاحب نواب صفدر حسین صاحب وغیرہم بھی تشریف فرما تھے صاحب ڈپٹی کمشنر نے فرمایا:۔

"شاہ پیر محمد ٹیلہ پر ۵ر جون کو عرس ہے اور اُس میں رسم ایسے ہیں جو آپکے جلسے اور گرفتاریوں سے رکے، لہذا یا تو آپ وقت جلسہ تبدیل کیجئے یا طریقۂ گرفتاری، اور جیسا ہم تجویز کریں اسپر عمل کیجئے"

مجلس انتظامیہ تنظیم المومنین نے ایک روز قبل تبدیلی اوقات جلسہ و گرفتاری کے متعلق قرارداد

کا اثر صرف مسٹر ہارپر صاحب کمشنر لکھنؤ ڈویژن پر تھا ۔۔۔۔ بہر حال ہند تھا کہ کسی طرح شیعہ اس ابتلائے عظیم سے آزاد ہو جائیں ۔ انھوں نے خان بہادر ۔۔۔ جناب راجہ صاحب سلیم پور، جناب سید اصغر حسن صاحب پریسیڈنٹ تنظیم سے ایک جانب، اور چودھری نعمت اللہ صاحب اور شاہ محمد حسین صاحب عثمانی سے دوسری جانب مصالحت کی گفت و شنید کی ۔ اول الذکر حضرات نے یہ فرمایا کہ :۔

"جب تک شیعوں کو اہل تسنن کی جانب سے یہ یقین نہ دلایا جائے کہ وہ رواداری سے کام لے کر کسی باعزت سمجھوتے کے لیے تیار ہیں شیعہ ہرگز اپنے ایسے ایجیٹیشن کو جسکو انھوں نے اپنی جان و مال و آبرو سے سینچکر بار آور کیا ہے نہ بند کرینگے نہ ملتوی ۔"

بات چونکہ معقول تھی اور کمشنر صاحب منصف مزاج تھے لہذا انھوں نے اس تجویز پر صاد کیا ، چودھری نعمت اللہ صاحب و شاہ صاحب کو سے خط و کتابت کی ، محمد حسین نے طولانی خطوط لکھے لیکن کسی میں کوئی لائحہ عمل تحریر نہیں فرمایا ، بلکہ اپنے خیالات کی ترجمانی فرمائی :۔

"سُنّی ۳۱ مارچ کے کمیونک سے حاصل کئے ہوئے حقوق سے ہرگز دست بردار نہیں ہو سکتے ۔"


کمشنر صاحب نے گورنمنٹ سے بھی گفت و شنید کی لیکن وہ سب بے سود ثابت ہوئی ، کیونکہ اہلسنت کسی شرط صلح پر راضی ہی نہ ہوتے تھے ۔ بعد ازاں ۳۱ مارچ کے کمیونک کی واپسی پر جب نوبت آئی تو معلوم ہوا کہ ہمارے برادران یوسف گورنمنٹ کی جانب سے اسکی منسوخی پر تیار نہیں ہاں اگر آپس کا سمجھوتا ہو جائے تو وہ خود اسکو واپس لینگے ، پھر کمیونک کو ترمیم ہوئی اور یہ گفتگو ہوئی کہ ۱۲ ربیع الاول کو جلوس بند کر دیا جائے لیکن مدح صحابہ کا جلسہ عام اپنی جگہ باقی رہے ، شیعہ اس فیصلہ پر تیار نہ تھے ۔



صدرالشعرا جناب قائم رضا صاحب نسیم
امروہوی موجد دھوپ ھڑتال



نورچشمی سجاد اسلمہ بانو



سپاہ عباسیہ تنظیم - مجاھدین تنظیم کا خیر مقدم
کر رھی ھے

کرلی تھی کہ انجمن نہ تبدیلِ وقت ... کیا ... ہے، نہ گرفتاریوں کے طریقے میں تبدیلی کے لیے اس قرارداد کے متعلق علماءِ اعلام سے شورہ بھی کرلیا گیا تھا، اسلیے صاحب ڈپٹی کمشنر سے قرارداد مذکور کا حوالہ دے کر ہم لوگوں نے صاف انکار کردیا، اسپر ڈپٹی کمشنر صاحب بہت ناراض ہوئے ہم لوگ دفتر واپس آئے اور نتیجے کے لیے تیاریاں شروع کردیں۔

صرف شیعوں کیلیے ۳۶ گھنٹے کا کرفیو آرڈر

۵ رجولائی کی صبح تک ہنوز سر نہ اٹھایا تھا کہ خبر معلوم ہوئی کہ صرف شیعوں کے لیے دن بھر اور رات بھر کے لیے کرفیو آرڈر کا نفاذ کردیا گیا ہے میں نے دل میں سوچا :-

"کیسی استبدادیت، کیسا ظلم صرف شیعوں کے دبانے کے لیے اور اُنکے پُرامن ایجیٹیشن فیل کرنے کے لیے کیسا سخت اقدام!"

دیر تک غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہونچا کہ ایسے عالم میں گھر کا گوشہ میری بزدلی میں معین ہوگا اور انجمن کے وقار پر ایک تازیانے کا کام کریگا، تانگہ کیا اور رجان پر کھیلکر نواب چھبدن صاحب کے مکان پر پہونچا وہاں عزیزی صلاح الدین سے ملاقات ہوئی، پروگرام یہ بنا کہ آج ایک جتھا درگاہ حضرت عباسؑ اور دوسرا کشمیری محلہ سے نکلنا چاہیے تاکہ گورنمنٹ کو تنظیم کی قوت کا اندازہ ہوجائے اور اسکو یہ معلوم ہوجائے کہ تنظیمی شیعہ کسی سختی و پابندی سے دب کر ایجیٹیشن بند نہیں کرسکتے، اس انتظام کے بعد جب واپس ہورہا تھا تو سُنا نواب احسان علیخاں صاحب گرفتار ہوگئے، آگے بڑھا معلوم ہوا کہ نواب سلطان علیخاں صاحب سالارِ اعظم معہ چالیس سپاہیان سپاہ عباسیہ گرفتار ہوگئے، اُفتاں و خیزاں (۱۰) بجے کے قریب مکان پہونچا، چند منٹ ہی بیٹھنے پایا تھا کہ معلوم ہوا پولس میری تلاش میں سرگرم ہے، سامنے سڑک پر ایک لاری بھی جاتے معلوم ہوئی جس میں کافی شور ہورہا تھا،

سپاہ قاسمیہ کی گرفتاری


نظر اُٹھائی تو دیکھا کہ سپاہی قاسمیہ کے دس د[illegible] نیچے گرفتار لاری میں بیٹھے نہایت زور و شور میں تبرّے کی تلاوت کر رہے ہیں، ایک جوش پیدا ہوا، دل بھر آیا، سوچا کہ اب گھر میں بیٹھنا میرے واسطے حرام ہے۔

جنرل سکریٹری تنظیم کا ڈولہ

گھر سے کیونکر نکلتا، دفتر تک جانا امر محال تھا، کرفیو آرڈر اُسکے ہمراہ پولس کو مری تلاش فوراً ڈولی منگائی پردہ ڈالا، کہاروں کو پتہ سمجھایا اور روانہ ہوا، اس وقت تنظیم کا سپاہی ایک ڈولی نشین تھا، کسی نہ کسی طرح دفتر پہونچا، کہاروں کو کرایہ دیکر رخصت کیا، دفتر میں سناٹا تھا حکیم عابد رضا اور نواب چھندن صاحب موجود، دیکھتا ہوں کہ حامد حسین صاحب جوہری رکن اعظم تنظیم بپھرے ہوئے شیر کی طرح برآمدے میں گشت لگا رہے ہیں، مجھکو ڈولی میں آتے دیکھکر تنظیمی سپاہی ہنسے مگر میرا منشا سمجھ گئے، میں نے آتے ہی لوکل اتھارٹیز کے مظالم کے متعلق گورنر، وائسرائے اور پریمیر کو تار دیے، ایک تار سکریٹری آ[illegible] سٹ[illegible] انڈیا کو بھی لکھا مگر وہ بھیجا نہ جاسکا، پھر بذریعہ ٹیلیفون، پائنیر اخبار، نیشنل ہیرلڈ، ایسوشیئٹڈ پریس۔ لندن میں [illegible] تفصیلی حالات سے مطلع کیا

دفعہ ۱[illegible] کا بے پناہ خنجر

اور بتایا کہ دفعہ ۱[illegible] کے ماتحت ۷ پنجابی گرفتار ہوئے، جب یہ تمام کام انجام دے رہا تھا تو میرے ایک خاص دوست نے آکر کہا:-



سپاہ قاسمیہ — وہ بچے جو تلاوت تبرّا کرکے گرفتار ہوئے



ہیں؟ باہر آئیے میں یہاں موجود ہوں" میں گرفتار کرکے کوتوالی بھیجدیا گیا، میری گرفتاری سے قبل نواب لاڈلے مرزا صاحب عرف نواب پھندن صاحب خازن دفتر چھتر منزل سے واپسی میں تنظیم کر [illegible] گرفتار ہوئے، میرے بعد حکیم عابد رضا صاحب عرف راتو صاحب جوائنٹ سکریٹری ا [illegible] حب جنرل رکن اعظم تنظیم بھی دفعہ ۱۰۷ میں گرفتار کرلیے گئے، آج پھر حکامان ضلع نے وہی رویہ اختیار کیا جو ۳۰ر مارچ ۱۹۳۹ء کو ایجیٹیشن شروع ہوتے ہی اختیار کیا تھا منشا یہ تھا کہ تنظیمی اراکین کو دوبارہ جیل بھیجدینے سے ایجیٹیشن کی سرگرمیاں کم ہوجائیں گی۔ اور شاید اس کا خاتمہ ہوجائیگا۔ مگر واقعات اسکے برعکس ظہور پذیر ہوئے، ان کی گرفتاریوں نے شہر میں ہنگامہ برپا کردیا۔

پُرامن شیعوں پر دوبارہ لاٹھی چارج

۷ر جون ۱۹۳۹ء حسب دستور امام باڑہ آصفی میں پھر مومنین کا اجتماع ہوا جلسہ کے بعد معلوم ہوا کہ آج سعید الملۃ مولانا محمد سعید قبلہ پسر ناصر الملۃ مدظلہ العالی کے لیئے گرفتاری کے لیے تشریف لیے جارہے ہیں۔ لوگوں میں بےچینی بڑھی، مجمع امام باڑے سے باہر چلا، پولس نے مجمع کو منتشر کرنا چاہا، لاٹھی چارج ہوا، اور دوبارہ غریب صلح و امن کے حامی رواداد شیعہ جانوروں کی طرح پولس کی لاٹھیوں سے مارے گئے، ہٹائے گئے۔ لیکن حق کے متلاشی ارادوں کے مضبوط اپنی جگہ قائم رہے آخرش بیمانہ فطرت کے مظاہرے کا موقع ملا اور پولس نے بےگناہوں پر

گولیاں چلائیں

پچاس مجاہد زخمی ہوئے، چاہا تھا کہ پہلے دن کرفیو آرڈر کے زور اور دوسرے روز لاٹھی چارج

"تمھارے دفتر کی ... لی ہے، حکام کے نزدیک تمھاری گرفتاری

ضروری ہے، تم یہاں سے ہٹ جاؤ۔"

اراکین کے اسرار پر میں نواب لفٹننٹ سلطان علیخاں صاحب کے مکان میں جا بیٹھا کہ چند لمحے معاملات

کا معائنہ کریں۔

شہر کی گلی کوچے میں تبرا

تھوڑے ہی عرصے بعد وکٹوریہ اسٹریٹ پر تبرا ... ہوتے ہوئے جتھے نکلے اور گرفتار ہوئے،

نواب چھندن صاحب ... ن" ین حیدر کے زیر اہتمام ... کرتے ہوئے ... جتھے کشمیری محلہ اور

درگاہ حضرت عباس سے نکلکر گرفتار ہوئے،

دفتر کے سامنے ایک ضعیفہ کی گرفتاری

ایک پرجوش برقعہ پوش ضعیفہ کو تبرہ پڑھتے دیکھا جو فوراً گرفتار ہو گئی۔

"آفرین زندہ باد اے عورات شیعہ"

اب وکٹوریا اسٹریٹ پر پولس کے تما ... دا ... ع تھا، میری تلاش بہت زیادہ

تھی، کیونکہ ... برابر یہی کہہ رہے تھے کہ میری گرفتاری ضروری ہے ورنہ شرارتوں میں اضافہ ہوگا

میری اور دیگر اراکین تنظیم کی گرفتاری

کیا دیکھتا ہوں کہ پولس کے حکام افضل محل کی ڈیوڑھی میں آرہے ہیں، شاید میری تلاش

تھی، میں فوراً گوٹھ سے اترا اور کوتوال صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "کیا آپ مجھے چاہتے

جانب سے ان کی [illegible] اور مدد کا وعدہ فرمایا۔

اس پر حضرت نے مسکرا کر فرمایا "بھتیا میں نے تو اپنے دل کے ٹکڑے" یاور" کو اپنے پیارے حسینؑ پر قربان کر دیا ہے، بس اس سے بڑھ کر مجھے اللہ کونسی بہتر دولت مل سکتی ہے، بھتیا محنت کرونگی، مشقت کرونگی، کشیدہ کاڑھونگی اور جو کچھ میسر ہوگا اس میں سے وہ حصہ جو میں اپنے لخت جگر پر صرف کرتی تھی اب قوم [illegible] کو دونگی تاکہ عزاداری مظلوم کربلا سید الشہداءؑ اغیار کے ہاتھوں سے محفوظ رہے"

تحقیقاتی کمیٹی

خود ہی ذبح بھی کرے ہے خود ہی لے ثواب اُلٹا

جب گولیاں [illegible] ہوا، لیجسلیٹو میں دھواندار سوال ہوئے تو وزیر اعظم نے پولس کو [illegible] تو موجہ تجویز فرمایا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] میں ایک تحقیقاتی کمیٹی بٹھائی جائے جو یہ دریافت کرے کہ آیا پولس گولی چلانے میں حق بجانب تھی یا نہیں، یہ امر بھی واضح رہے کہ اس حادثے کی صبح کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے پولس کی صفائی میں ایک کمیونک شایع کیا جس کا یہ مفہوم تھا کہ مجمع قابو سے باہر ہو چکا تھا اُسکے غیظ و غضب کو دیکھکر پولس کو بجز گولی چلانے کے کوئی چارہ نہ تھا۔

ایک طرف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا یہ فیصلہ دوسری طرف انصاف بھی اُنھیں کے سپرد اس ستم ظریفی کی کیا پناہ ہو سکتی ہے، شیعوں نے اس کھلی ہوئی پاسداری کو دیکھ کر تحقیقاتی کمیٹی کے اشتراک سے انکار کر دیا اور یہ تجویز کی کہ غیر جانبدار لوگوں کے سپرد اسکی تحقیقات

کے دباؤ اور فائرنگ کی دھمکی سے شیعوں کی بڑھتی ہوئی تنظیم کو ختم کر دیا جائے، لیکن [illegible] کی تاریخ یاد تھی، خاموش [illegible] برداشت کرو، اور جو جنگ حق کے لیے جاری کی گئی تھی، وہ اسی خلوص سے جاری رہے۔

یہ ہیں قومی حکومت کی برکتیں۔

شہید باور حسین

پولس کی گولیاں چلیں اور نہتے شیعوں پر خوب چلیں، اس ظلم کا نتیجہ یہ ہوا کہ بے گناہ کمسن سپاہ عباسیہ کا ایک بہادر والنٹیر شہید ہوا، وہ تو راہی عدم ہوا مگر شیعوں کے دل میں حضرت علی اکبر کا غم تازہ کر گیا۔

ماں نے اپنے لخت جگر کو حسین کے نام پر قربان کر دیا

محلہ رکاب گنج دال منڈی میں ایک غریب شیعہ بیوہ رہتی ہے، اس نے اپنے دو فرزندوں کو چکی پیس پیس کر پالا لیکن جب لکھنؤ میں منحوس کمیونک کی وجہ [illegible] مظلوم کربلا خطرے میں آگئی، بیوہ مومنہ کا دل بےچین ہو گیا، اس جذبۂ ایمانی کے ماتحت مومنہ نے اپنے بڑے بچے کو حکم دیا کہ جا جیل جا، حکم مادری سنتے ہی لڑکا اٹھا اور تلاوت تبرا کرتا ہوا جیل گیا، لیکن نابالغ تھا اسلیے دو تین دن کے بعد رہا کر دیا گیا، پھر ماں نے حکم دیا وہ پھر گیا لیکن پھر واپس آیا

یہ کون لڑکا تھا؟ یہ وہی کمسن لڑکا تھا جو پولس فائرنگ کا نشانہ بنا اور شہید ہو گیا جب اسکی تعزیت کیلیے جناب خورشید مرزا عرف مجن صاحب باور حسین کے مکان پر پہونچے اور یہ سمجھکر کہ مرحوم کی ماں بیوہ اور مفلوک الحال ہیں معظمہ کو تسلی اور تشفی دینے لگے اور انجمن تنظیم المومنین کی

تائید کریگی، سید علی ظہیر صاحب کی اس تحریک کی تائید کرتے ہوئے میں یہ واضح کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ جہاں تک تبرا ایجیٹیشن کا تعلق ہے ہم اس [illegible] اپنا کو متحد نہیں کرتے اور اسے ایک ایسا ناپسندیدہ طریقۂ احتجاج سمجھتے ہیں جس [illegible] میں اور بھی تلخی بڑھ جائیگی، قاضی جلیل عباسی کانگریسی مسلم ممبر نے بلا استدلال یہ کہہ ڈالا کہ سارا الزام شیعوں پر ہے، سُنیوں کو مدح صحابہ بہت [illegible] ہے اور اُن کا کوئی قصور نہیں۔

مسٹر سیتارام کانگریسی ممبر نے کہا کہ اس میں سیاسی اہمیت ہے اسلیے پنجاب سے لوگ آرہے ہیں۔

حافظ محمد ابراہیم صاحب کانگریسی رکن نے یہ فراموش کر [illegible] سردار وزیر ہیں فائرنگ کی پوری حمایت کی اور شیعوں پر بہت سے غلط الزامات عائد کر ڈالے۔ اُنھوں نے کہا کہ ۲۰ جولائی کو شیعوں کی طرف سے اعلان کیا گیا تھا کہ بچے اور عورتیں نہ جائیں۔

حافظ صاحب کے اس بیان پر فوراً راجہ صاحب سلیم پور نے جواب دیا کہ یہ اعلان روز جلسے اعلان کے ساتھ ہوتا رہتا تھا، اُس روز کوئی نئی بات نہ تھی میں اسے ثابت کر سکتا ہوں۔

آخر میں وزیر اعظم صوبہ پنڈت گووند بلبھ پنتھ نے طویل تقریر کی آپنے اپنا نقطہ نظر سے مدح [illegible] بیان کرتے ہوئے یہ واضح کرنا چاہا کہ اُنھوں نے اس سلسلے میں جو حکم دیے وہ سابقہ حکومتوں کی پالیسی [illegible] نہیں ہیں، آپنے فائرنگ کے متعلق کہا کہ تحقیقات ہو رہی [illegible] تحقیقات ختم نہ ہو جائے [illegible] کے متعلق آخری رائے نہیں ظاہر کی جا سکتی، آپنے اس اعلان کے باوجود پولس کی دقتوں کا ذکر [illegible] پولس کی خدمات کو قابل لحاظ قرار دیا۔

وزیر اعظم نے شیعہ سُنی قضیہ میں ظاہر کیا کہ ہمارے پنجابی بھائی بڑی مستعدی سے اس ایجیٹیشن [illegible] جبکہ ہم یوپی والے اس سے تھک چکے ہیں، آپنے اہل پنجاب پر بلاوجہ الزام عائد

کی جائے جو قریب قریب منجانب گورنمنٹ نامنظور ہوئی۔ اللہ ری دلیری !

پنڈت جی کی پربھوتائی

یو، پی اسمبلی میں شیعوں پر فائرنگ کے خلاف احتجاج
ممبران مسلم لیگ نے بھی آزاد تحقیقات کے مطالبہ کی تائید کی
شیعہ سُنّی قضیہ طے کرنے کیلیے وزیر اعظم کی ایک نئی تجویز

۱۳ر جولائی کل یو پی اسمبلی (ایوان زیریں) میں سیّد علی ظہیر ایم، ال، اے نے امام بارہ آصفی میں شیعوں پر گولی چلانے کے سوال پر تحریک التوا پیش کی، آپ نے بتایا کہ یہ سوال وقت کا اہم ترین سوال ہے لہٰذا اس پر بحث ہونا ضرور چاہیئے، ارکان حکومت نے خیال ظاہر کیا کہ یہ سوال اسمبلی میں دوبارہ اُٹھانا بیکار ہے اس لیے کہ کونسل میں اس پر بحث ہو چکی، لیکن ۳۸ ممبران سے زائد نے سید علی ظہیر صاحب کی تائید کی اور تحریک التوا پیش ہو کر رہی، سید علی ظہیر صاحب نے شروع میں مدح صحابہ کی تاریخ بتائی اور ثابت کیا کہ حکومت کا کمیونک بے محل تھا اور اسی سے سارا جھگڑا بڑھا حکومت نے سابقہ حکومت کی پالسی اور طرز عمل [illegible] کیا، ۸ر جولائی کی فائرنگ کا حوالہ دیتے ہوئے، آپ نے کہا کہ ٹیلہ مسجد پر حملہ کرنے کا کوئی خیال نہ تھا اور لاٹھی چارج اور فائرنگ قطعاً حق بجانب تھی۔

چودھری خلیق الزماں صاحب لیڈر مسلم لیگ پارٹی نے کہا کہ اس حکومت کے دور میں پولس فائرنگ اس قدر زیادہ ہونی لگی ہے کہ ہماری پارٹی آزاد تحقیقات کے مطالبے کی ضرور

ممبران کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ مہربانی کر کے کل ۳ بجے شام کو اس مسئلہ پر گفتگو کرنے کے لیے مجھ سے ملیں جب تک کوئی حل نہیں نکلتا ہم کو یہ دیکھتے رہنا لازمی ہے کہ حالات بدتر نہ ہونے پائیں۔

سید علی ظہیر صاحب نے اپنی تحریک پر اختتامی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے غیر جانبدار اور قابل اعتماد اشخاص نے یقین دا[illegible] محمد ابراہیم صاحب وزیر رسل و رسائل کو جو بیانات مہیا کئے گئے ہیں اُن میں سے بہت سے صحیح نہیں ہیں، آپ نے کہا کہ یہ بہت لازمی ہے کہ حکومت واقعۂ فائرنگ کی غیر جانبدارانہ و آزادانہ پبلک تحقیقات کرائے، تحقیقات کسی ایسے مجسٹریٹ کو نہ کرنا چاہیے کہ جو اس واقعہ سے کوئی ربط رکھتا ہو، آپ نے مسلم لیگ کے ممبران کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے تحریک التوا کے پیش ہونے کی تائید کی، آپ نے تحریک پر رائے شماری کئے جانے پر زور نہیں دیا اور ہاؤس [illegible] سے اُسے مباحثہ کے بعد واپس لے لیا۔

"علی ظہیر زندہ باد"

اپر چیمبر میں تحریک التواء

قوم کبھی اپنے محسنوں کو فراموش نہیں کر سکتی، جناب آغا حیدر صاحب ایم ال سی نے جس جرأت اور جواں مردی سے اپر چیمبر میں گولیاں چلنے کے بعد تحریک التوا پیش کی وہ یادگار رہے گی، ان کے ہمراہ جناب سید کلب عباس صاحب و جناب راجہ اکبر علیخاں صاحب کی تقاریر جو اس سلسلے میں ہوئیں، کونسل کی تاریخ میں اپنی مخصوص اہمیت رکھتی ہیں۔

زندہ باد راجہ اکبر علی خاں ، زندہ باد کلب عباس

زندہ باد آغا حیدر

زندہ باد

کیا کہ ان کی وجہ سے ہنگامہ و فساد رہتا ہے، آپ نے حکومت کی بیگناہی ثابت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے
ایک دن مدح صحابہ کی اجازت اسلیے دی تاکہ شیعہ روز روز [illegible] ہیں، محرم کے
پہلے فیصلہ اسلیے نہیں کیا کہ محرم بخیریت گزر جائے، ہم یہ نہیں چاہتے کہ شیعوں کی اہم مذہبی
تقریبات میں خلل واقع ہو، ہم نے شیعہ سُنی سب سے بار بار مشورہ کرلیا جب کوئی سمجھوتا نہیں ہوا
تو تھک کر ایسا کیا، ہم نے بعد میں شیعوں کو بھی ایک ایسے ہی جلوس کا حق دینا چاہا تاکہ انھیں
کوئی ذلّت اور خجالت محسوس نہ ہو، ہم نے ایک فارمولا تقریباً تیار کرلیا تھا لیکن وہ بھی نہ مانا
جاسکا، ہم جو کچھ طے کرچکے ہیں اس پر اب بھی تیار ہیں، میں شیعوں کے ایجیٹیشن کے خلاف کچھ نیاؤ
کہہ کر اُن کے جذبات مجروح نہیں کرنا چاہتا، مجھے اُن کے جذبات کا [illegible] اور میں بے چین
ہوں کہ اُنکے زخم پر ایسا پھاہا رکھ دوں جس سے یہ زخم مندمل ہوجائے، اگر شیعہ ایجیٹیشن رفتہ رفتہ
ختم بھی ہوجائے جب بھی میری یہ خواہش نہیں ہے کہ اسکے [illegible] بدلالوں،
میں یہ نہیں چاہتا کہ وہ غلط فہمیاں قائم رہیں اور کوئی چھپا ہوا ناسور باقی [illegible] اس سے
قضیہ طے نہیں ہوگا بلکہ زہریلا مادّہ اندر اندر کام کرتا [illegible] س سے اور [illegible] شیعہ
سُنّی کے درمیان پیدا ہوتی رہے گی، مرض ساری کی طرح یہ چیز ہمارے صوبے سے نکل کر دوسرے
صوبوں میں بھی پھیل رہی ہے، اسلیے گورنمنٹ کا ہر رکن خواہ وہ سُنّی ہو یا ہندو اسکے اس طرح طے
ہوجانے کا خواہشمند و کوشاں ہے کہ پھر ہر ایک پارٹی مطمئن ہوجائے، میں ایک بار پھر شیعہ اور
سُنّی سے مخلصانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ آپس میں مل کر غور کریں ہمارے خدمات ہر وقت [illegible]
موجود ہیں وہ ہر وقت ہمارا جو مصرف چاہیں لے سکتے ہیں۔ یوپی اسمبلی اور یوپی کونسل کے
دو تہائی سُنّی اور دو تہائی شیعہ ممبران آپس میں متحدہ رضامندی سے اس قضیہ میں جو کچھ طے
کرلیں گے ہم اُس کو پوری اہمیت دینے کا وعدہ کرتے ہیں، میں شیعہ و سُنی دونوں فرقوں کے

مسلح پولس تعینات ہے وہاں بھی صبح سے گرفتاریاں ہو رہی ہیں، پولس ہر چوراہے پر آیندورونڈ کی جامہ تلاشی لیتی ہے جن کے پاس چاقو برآمد ہوتا ہے اُن کو گرفتار کرکے حوالات بھیجدیا جاتا ہے، بہت سے ناواقف پردیسی بھی گرفتار ہوئے ہیں۔

شیعوں نے ایجیٹیشن کے اوقات بدلنے سے انکار کردیا

حکام نے شیعوں پہ بندشیں عائد کردیں

امام باڑہ صفیہ کے بتیرہ ایجیٹیشن کے ذمہ داران کو حکام کی طرف [illegible] دی گئی تھی کہ چونکہ آج ٹیلہ شاہ پیر محمد پر شاہ وارث حسین کا عُرس ہے اسلیئے انھیں چاہیے کہ وہ اپنے ایجیٹیشن کے اوقات بدل دیں اسکے جواب میں ذمہ داروں نے حکام سے بتایا کہ حکومت کے پاس ہماری حفاظت کا کافی سامان موجود ہے اسلیئے اسکو ہمارا [illegible] نا چاہیے کیونکہ ان کو ان کا حق حکومت کی طرف سے ملچکا ہے اور شیعہ لڑنا [illegible] نہیں چاہتے کیونکہ وہ اپنا حق مانگ رہے ہیں لہذا کوئی وجہ نہیں کہ ایجیٹیشن کے وقت میں تبدیلی کیجائے، اسلیئے اب اس کے سوا [illegible] نہیں کہ اگر حکومت شیعوں [illegible] ہے تو وہ اُن کو گرفتار کرلے۔

تنظیمی شیعہ ذمہ داروں کے اس انکار پر حکام نے حفظ ماتقدم کے خیال سے شیعوں پر بندشیں عائد کردیں اور صبح سے وکٹوریا اسٹریٹ میڈیکل کالج اور دو [illegible] شیعوں [illegible] بڑے کو گرفتا [illegible]، شیعوں کو شکایت ہے کہ اگر اس قسم کی بندشیں عائد کرنا تھیں تو کم ازکم ایک روز قبل باقاعدہ شہر میں منادی کرادی جاتی تاکہ شیعوں کو اس کی اطلاع ہوجاتی اور وہ گھر سے نہ نکلتے، مگر شہر کے کسی ایک گوشے [illegible] ادھر تمام شیعہ راہ گیروں کو گرفتار کرلینا

نوٹ مزید واقعات کے لیے اخبار "حقیقت" سے اردو میں اور اخبار "پائنیر" سے انگریزی میں اقتباسات درج کئے جاتے ہیں۔

لفٹنٹ سلطان علیخاں اور اُن کے ۴۰ آدمیوں نے گرفتار کرا دیا

انجمن تنظیم المومنین کے دفتر سے تبرّا کا جتھا

معلوم ہوا ہے کہ آج لفٹننٹ نواب سلطان علی خاں کو گرفتار کرلیا گیا، اُن کے ساتھ ان کے ۴۰، ۵۰ ماتحت رضا کار جن میں سے بعض کے متعلق بتایا جاتا ہے کہ وہ اپنے یونیفارم میں تھے وکٹوریہ اسٹریٹ پر تبرّہ کہتے ہوئے نکلے اور اُنھوں نے اپنے آپ کو گرفتار کرادیا، گرفتارشدگان کو پولس نے فوراً کوتوالی بھیجدیا۔

لکھنؤ کی گلی کوچوں میں تبرّا

ابتک ۸۰ سی گرفتاریاں ہوچکی ہیں

لکھنؤ ۵ رجولائی، آج صبح سے لکھنؤ کے وسطی اور مغربی حصوں میں جابجا شیعوں کی طرف سے تبرّہ کہکر اپنے کو گرفتار کرایا جارہا ہے اسی سلسلے میں بہت کم عمر لڑکے بھی گرفتار کئے گئے ہیں، جن کو عالم باغ کے تھانہ میں لے جاکر بند کردیا گیا ہے۔

کوتوالی میں شہر کے تمام ذمہ دار حکام موجود ہیں اور مسجد صفی کے سامنے بکثرت

سواد اعظم اسلام کی روح پرور روداری

جب شیعوں نے شکایت کی حکام صوبہ مدح ثلاثہ کے متعلق یہی کہتے رہے کہ ایک سُنی بھی اس حق کے خلاف آواز بلند نہیں کرتا، ہم کس طرح سمجھیں کہ یہ مخصوص شورش صرف ہا بی الخیال سُنیوں کی جانب سے ہے۔

۴ ماہ کے اندر روشن ضمیر تعلیم یافتہ برادران اہلسنت نے مدح ثلاثہ کے جلوس عام کے خلاف جو آوازیں بلند کیں وہ انگریزی و اُردو اخبارات میں تقریباً روزانہ شایع ہوتی رہیں اور اہل بصیرت اسکو قدر کی نگاہ سے دیکھتے رہے۔ اُن کے دہرانے کی ضرورت نہیں، فی الحال جمعیتہ العلماء ہند کانپور کے فراخ نظر، عالم و فاضل، اتحاد اسلام کا درد رکھنے والے اراکین کا فیصلہ ہدیہ ناظرین ہے، اسکے ہمراہ تنظیم کا جواب ... کہ شیعوں کی سرد مہری کا غلط اعلان کرنے والوں کی زبانیں بند ہو جائیں۔

اس گراں بہا فیصلے اور اسکے جواب کے بعد حنفی سُنیان بمبئی کی اہم تجاویز بھی درج کی جاتی ہیں تاکہ مدح ثلاثہ پر اصرار کرنے والے عبرت حاصل کریں۔ اور اسلام کو خطرے سے بچائیں۔

جمعیت علماء ہند اور دیوبندی فاضل کا اہم فیصلہ

اہلسنت حضرات کو حق مدح صحابہ سے باز آنا چاہیئے

لکھنؤ میں مدح صحابہ اور تبرا ایجیٹیشن کا جو قضیہ در پیش ہے وہ اس نازک حد تک آگے بڑھ چکا ہے کہ اس وقت جبکہ غیر مسلموں کے مقابلے میں اسلام کے ان دو فرقوں میں اتحاد و اتفاق کی اشد ضرورت ہے

مناسب نہیں ہے، یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اکثر معززین جن کو اس کا علم نہیں تھا انھیں بھی گرفتار کرلیا گیا (رپورٹر)

کیا تبرہ ایجیٹیشن کو پکیٹنگ کی صورت میں تبدیل کردیا جائیگا

محلہ وار جلسہ کر کے گرفتاریاں کرائی جائیں گی

انڈیپینڈنٹ نیوز سروس کو معلوم ہوا ہے کہ تبرہ ایجیٹیشن نے اب دوسری صورت اختیار کی ہے، اور معمولاً روزانہ جتنی گرفتاریاں ہوتی تھیں ان کی تعداد میں کمی کردی گئی ہے، لیکن انجمن تنظیم المومنین اس بات پر غور کر رہی ہے کہ اس چیز کو پکیٹنگ کی صورت میں تبدیل کردیا جائے اور امام باڑہ ... سے جو تبرہ کا مستقل محاذ ہے، وہاں سے صرف پندرہ بیس گرفتاریاں ہوں گی لیکن اس سلسلے میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یہ طے کیا گیا ہے کہ چونکہ شہر کے لوگ اب تبرا ایجیٹیشن میں نہیں جارہے ہیں اس لیے بیرونجات کے لوگوں کو بھی اب اتنی دلچسپی نہیں رہی ... چنانچہ اسکے واسطے یہ طے کیا گیا ہے کہ اب روزانہ شہر کے ہر محلے میں جلسے ... کئے جائیں اور ہر محلے سے کم از کم بیس افراد روزانہ اس ایجیٹیشن کے سلسلے میں رہا کرنے کی کوشش ... خواہ گرفتاری کے بعد جیل جانے والے معافی مانگ کر واپس آجائیں اس کا منشا صرف یہ ہے کہ شہر ... جیل نہ جانے سے بیرونجات کے لوگوں پر جو خراب اثر پڑ رہا ہے وہ دور ہو جائے اور تحریک بھی جاری رہے گی، لیکن ابھی صحیح طور سے یہ نہیں کہا جاسکتا ہے کہ پکیٹنگ کے متعلق کیا صورت اختیار کی جائے گی۔ (ا،ن،س)

باہمی رضامندی کے ذریعہ سے ہمیشہ کے لیے فیصلہ کر دیں۔

ہماری رائے میں ناموس اسلام اور قومی خودداری کو اس سے زیادہ صدمہ پہونچانے والی اور حمیت اسلامی کے منافی بات کوئی نہیں ہے کہ بھائی بھائی ... کا تصفیہ غیر مسلم گورنمنٹ یا غیر مسلم پنچوں سے کرایا جائے۔

(حضرت مولانا شاہ) غلام محی الدین نقشبندی غزنوی (صدر جمعیت علماء ہند کانپور)

(حضرت مولانا) عبدالواحد العثمانی بدایونی (قائم مقام ورکنگ سکریٹری جمعیت علماء ہند کانپور)

سید عبدالحمید شملوی (قائم مقام آفس سکریٹری)

(مولانا) سید حبیب الرحمن غزنوی (ممبر ورکنگ کمیٹی)

(مولانا) شبیر حسن عثمانی دیوبندی (فاضل دارالعلوم دیوبند)

جواب منجانب "تنظیم"

حامیان اسلام حضرت مولانا الحاج شاہ غلام محی الدین نقشبندی غزنوی و

حضرت مولانا عبدالواحد العثمانی بدایونی قائم مقام ورکنگ سکریٹری جمعیت علماء ہند کانپور زید فیضکم

السلام علیکم!

مدح ثلاثہ قضیہ کے متعلق ... اپیل جو آپ ... لکھنؤ مورخہ ۲۷ جولائی ۱۹۳۹ء میں شایع ہوئی نظر سے گزری اتحاد اسلام ... تنظیم نے کافی عرصہ اس موضوع پر آپ نے جس جذبے کے ماتحت روشنی ڈالی ہے اسکی ادارہ تنظیم قدر کرتا ہے، نو ایجاد ... شیعوں کی دل آزار مدح ثلاثہ کے آغاز پر تنظیم نے ہندوستان کے مسلمانوں پر اسکے سیاسی

افتراق و انشقاق کی خلیج روز بروز وسیع ہوتی جارہی ہے اور غیر مسلم دونوں فرقوں پر ہنستے ہیں، صرف یہی نہیں بلکہ مدح صحابہ بآواز پڑھنے اور جلوس نکالنے کے حق کو قائم رکھنے کی غرض [illegible] اہلسنت و الجماعت نے جنھوں نے اس تحریک کو شروع کیا تھا اور ان اہل تشیع نے جو تحریک تبرا میں علانیہ حصہ لے رہے ہیں [illegible] گاندھی کے پاس وفد بھیج کر ان سے اس مسئلہ کو رجوع کیا اور ان کو اس تصفیہ میں جس کا تعلق اسلام کے دو فرقوں سے ہے حکم بنانا چاہتے ہیں۔

ان اختلافات کے قائم رہنے سے مسلمانوں کی مذہبی، اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی حیثیت سخت معرض خطر میں مبتلا ہوتی جاتی ہے، اور غیر مسلموں کو جن کا مقابلہ اس وقت مسلمانوں کا فرض ہے یہ موقع مل رہا ہے مسلمانوں کو سبز باغ دکھا کر ہم نوا اور ہم آہنگ بنالیں۔

خالص اسلامی نکتہ نظر کے لحاظ سے دونوں فریقوں کے درمیان برضامندی باہمی تصفیہ ہونا نہایت [illegible] اہم ہے، ناموس اسلام کا لحاظ رکھتے ہوئے ہمارے نزدیک مناسب ہے کہ حضرات اہلسنت و الجماعت اپنے اس قانونی حق کو جو مدح صحابہ کے متعلق ان کو حاصل ہوگیا ہے برضا و رغبت بلا اجبار و اکراہ خود ترک کردیں، اور دوسری طرف شیعیان لکھنؤ موجودہ تحریک تبرا سے باز آئیں، جس نے نہ صرف لکھنؤ بلکہ ہندوستان کی فضا مکدر بنا رکھی ہے اور جسکی [illegible] سیاسیات اسلامی پر شدید اثرات پڑ رہے ہیں، لکھنؤ کی مصالحت سے بہت بڑا اسلامی فائدہ یہ بھی ہے کہ جن جن مقامات پر ان تحریکوں کے اثرات پائے جاتے ہیں وہ لکھنؤ میں با[illegible] [illegible] پر زائل ہوجائیں گے اور باری تعالیٰ کے فضل و کرم سے مسلمانوں میں پھر وہی باہمی ہمدردی اتحاد و اتفاق پیدا [illegible] گا، جو ملت اسلامیہ میں [illegible] قضیہ [illegible] موجود تھا، شملہ سے زعماء ملت نے شروع جون میں جو مشترکہ بیان جاری کیا اُس سے ہم کو اتفاق ہے اور ہمارے نزدیک مسلمانوں کا اس وقت سب سے بڑا فرض یہ ہے کہ جلد سے جلد لکھنؤ کے قضیہ کا

حنفی سُنیان بمبئی کا زبردست جلسہ

حکومت یو، پی کی وہابی نواز پالیسی کی مذمت

شیعہ ہمارے بھائی ہیں ہم اُنکی دلآزاری کرنا نہیں چاہتے!

۲۹ رجولائی ۱۹۳۹ء بمقام ربن روڈ زیر اہتمام محفل غوث اعظم بمبئی بصدارت جناب اے، ام بخاری، بی اے ال ال بی ایڈ وکیٹ صاحب ایک جلسہ منعقد ہوا، اور حسب ذیل تجاویز پاس ہوئیں:۔

(۱) سُنیان حنفی المذہب کا یہ جلسۂ عام لکھنؤ میں مدح صحابہ کے کیونکہ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء پر اپنے کمال غم وغصہ کا اور رنج والم کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کی فتنہ پرور پالیسی جس کی وجہ سے مسلمانوں کا جانی ومالی نقصان ہورہا ہے اپنی دلی بیزاری کا اظہار کرتا ہے، اور اسے حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔"

(۲) اور یہ جلسۂ عام کانگریس پارٹی یوپی سے اپیل کرتا ہے کہ وزارت سے جلد از جلد دست بردار ہوجائے، اسلئے کہ وہ قطعی نااہل ہے اس کی روش اسلام کو نیست ونابود کرنا چاہتی ہے اور چند بے دین وہابیوں کو ٹکڑا ڈال کر تمام مسلمانوں کو لڑانا چاہتی ہے، ہم حکومت یوپی کو بتادینا چاہتے

خطرات کا اظہار کرتے ہوئے اتحاد بین المسلمین کا واسطہ دے کر جس جرأ[illegible] ۔۔ احتجاج کیا اس سے اسلامی ہند کا کوئی طبقہ انکار نہیں کر سکتا، ہم نے شملہ اپیل پر بھی لبیک [illegible] کہ [illegible] دل سے لبیک کہی آج بھی اگر آپکی اپیل کسی باعزت نتیجہ تک پہونچا سکتی ہے تو شید[illegible] ۔ ۔۔ ہما آپ سے اشتراک عمل کرینگے مگر ہاں تحریری اپیل کے ہمراہ آپکے پرخلوص عمل کی [illegible] ہے ۔

اب اصل متنازعہ فیہ میں اسقدر طول ہو چکا ہے کہ تحریر و تقریر کا وقت باقی نہیں رہ گیا، صرف عملی اقدام ہی اثر پذیر ہو سکتا ہے، لیکن ایسا اقدام خطرے سے خالی نہیں، اگر آپ حضرات خطرات کا مقابلہ کرنے پر تیار ہوں تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ کامیابی آپکے قدموں کو بوسہ دینے پر مجبور رہے ۔

خادم

(مرزا [illegible] ل بیکڑی)

[illegible]

"چین نہ لینے دیا" اور یہ جلسہ [illegible] مندرجہ بالا سے سخت بیزار ہے
اور دعا کرتا ہے کہ خدایا جلد از جلد ان کی ہدایت کر، اور ملک کے سُنی و شیعہ
میں جلد از جلد اتفاق و اتحاد پیدا کر، اور وہابی پاجی ملحدوں کافروں کی
ریشہ دوانیوں کو نیست و نابود کر"

محرک - ڈاکٹر سیف اللہ امؔ آزاد، ام، ڈی، لنڈن

موئد - پروفیسر حشمت علے الہ آبادی ایم، اے
بی، ایس، سی

تائید مزید - کرنل، آئی، ٹی، سیمن علاؔ ابوبکر لاہودی

[illegible]

ایس عثمان خاں بدایونی
سکریٹری محفل ہذا
ربن روڈ، بمبئی

ہیں کہ جلد از جلد جیسا کہ لکھنؤ میں شیعہ ... قائم کرے یعنی اس اپنے ... کو بہت جلد واپس لے تاکہ مسلمانان لکھنؤ آرام کی زندگی بسر کریں شیعہ ہمارے بھائی ہیں ہم انکی ہرگز دل آزاری ... نہیں چاہتے، ہم صحابہ کو ضرور مانتے ہیں لیکن اس طرح نہیں کہ گلی کوچے میں مدح کرتے پھریں اور خونریزی کرائیں، اور جبکہ ہم ایسا کرینگے شیعہ بھی ضرور تبرا کہیں گے اسلیئے کہ شہری حق میں وہ بھی برابر ہیں بلکہ ہر مذہب کے لوگ اپنا اپنا حق رکھتے ہیں، اگر یہ کیونک واپس ہو جائیگا تو شیعہ ضرور تبرا بند کر دینگے، لہذا جلد از جلد اندر میعاد ۸ یوم کے حکومت یوپی کو لازم و مناسب ہے کہ اس کا معقول انتظام کرے اور اپنے فتنہ پرداز سیاہ کیونک کو واپس لے ورنہ سمجھ لے کہ تمام مسلمانان ہند حکومت سے ... بنیا ایجیٹیشن قائم کریں گے جس سے حکومت کو سخت از سخت نقصان ہوگا"

(۳) یہ جلسۂ عام مولوی حسین احمد مدنی نام نہاد، و مولوی عبدالشکور نام نہاد، و مولوی ظفر الملک نام نہاد کی روش پر اپنے کمال غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور ان تمام حضرات کے افعال کو خارج از اسلام سمجھتا ہے اسلیئے کہ انھیں حضرات کی ذاتِ شریفین ہیں کہ جنھوں نے اسلام میں رخنہ اندازی کا سامان مہیا کیا ہے، یہ حضرات اسلامی لباس میں ظاہر ہو کر اسلام کشی کے درپے ہیں، ہم ان حضرات کی خدمت میں بھی عرض کرتے ہیں کہ آپ حضرات سچے مسلمان ہو کر دنیا کو بتا دیں کہ بانیان مدح صحابہ سے صحابۂ کرام کی ارواح کس قدر بیزار ہونگی اور ان لوگوں کے لیے دعائے بد کرتی ہونگی کہ خدایا جلد تو ان لوگوں کو ستیاناس کر اور نیست و نابود کر کہ جنھوں نے ہماری روحوں پر تیرہ سو برس کے بعد اسقدر تبرا کرایا کہ ہم کو قبروں میں

کفن بردوش تنظیمی

مئی ۱۹۳۰ء سے شمع امامت کے پروانے مظلوم کربلا کے دیوانے مذہبی اکھاڑے اور سیاسی میدانوں کو اپنی زندگی کا سرمایہ بنا کر تنظیمی مرکز پر مجتمع ہوتے رہے کہ اقوام ہند سے سودا کریں اور اپنے گمشدہ انمول اقتدار کو جان و آبرو کی قیمت سے واپس لیں، ایسی مشکل مہم ایسا عظیم الشان ارادہ، اور گنتی کے چند نفر جنکے دل میں شیعی دنیا کا تختہ الٹ کر اس کی نئی تاریخ مرتب کرنے کا جذبہ، بساط امید پہ دو مہرے ایک استقلال دوسرے سعی بلیغ، مگر ان کو شہ دینے والی مفلسی اور سرمائے کی کمی اکثر مواقع پر خاطر شکنی میں معین ہوتی رہی، مگر تنظیمی سروں سے کفن باندھ چکے تھے اور اس کا مستقلاً ارادہ کر چکے تھے کہ اپنی سوئی ہوئی قوم کو بیدار کر کے رہیں گے، ہندوستان میں دوسری اقوام کی بیداری انکے پیش نظر، اسلامی اداروں کی روزافزوں ترقی انکے ذہن نشین، کانگریس۔ مہاسبھا۔ مزدور سبھا۔ کسان سبھائی بیدار ہو رہی ہیں، وہ دیکھ رہے تھے کہ اقوام عالم کی تاسی میں ہندوستان کیسی سرعت کے ساتھ شاہراہ ترقی پر گامزن ہے مگر قوم شیعہ باوجود اپنے مرکزی اداروں کے ابتک خواب غفلت میں محو ہے، انکی خواہش رہی کہ پارہ چنار کورم ایجنسی سے لے کر بنگال کی ترائی آسام کی پہاڑیوں تک ایک جانب اور برفستان کوہ ہمالیہ کی چوٹیوں سے راس [illegible] دوسری جانب شیعہ کسی ایک آواز پر لبیک کہیں اور میدان عمل میں صف آرا ہو جائیں تاکہ اس زمانہ جدوجہد میں جبکہ حیات قومی کے لیے تمامی ہندوستان

کبھی نہیں" کا زریں مقولہ پیش نظر تھا بول اٹھے کہ

جاں دے دینگے یا دے ڈالینگے ہم سر اپنا
آج قصہ ہی چکا لیتے ہیں جیل کر اپنا

قدوائی صاحب وزیر جیل کا تیار کیا ہوا شیعوں کے لیے کیپونک ایک کھلونا سمجھکر تین دن کھیلا، اور "عطائے تو بہ لقائے تو" کہکر واپس کیا، اور عرض کی

"سرکار یہ دھوکے کی ٹٹی آپ کو مبارک ہو، تنظیم اسی وقت دم لے گی
جب وہابی سنیوں کی طرح انکو بھی تبرے کا حق مل جائیگا"

جواب ملا :-

"تبرا گالی ہے اس کا حق ملنا دشوار ہے"

نومبر اور مارچ کے کیپونک کی واپسی کا پہلو دکھایا گیا تو نفی میں جواب ملا، خوش قسمتی سے علماء اعلام کی ہمدردیاں نگرانی کے لیے حاصل، اُن کا اس کیپونک سے انکار باعث ہمت افزائی ہوا، جیل کی آمد ورفت جاری رہی، اسیری کا دور دورہ رہا، ایمانی جوش میں تموج اور قربانیوں کا جذبہ بلند رہا، یہانتک کہ مولانا ابوالکلام آزاد کا مرحمت فرمایا ہوا "التوا" سامنے آیا یہ

دوسرا واقعہ

تھا جس کو اکثر و بیشتر شیعوں نے غنیمت سمجھکر "خوش آمدید" کہا، تنظیمیوں کو قوم کی حالت معلوم، اُسکے مستقبل سے آگاہی، یہ سمجھکر کہ یہ آخری موقع ہے، افراد قوم کی مالی حالت نازک ہو چکی ہے جیل جانے سے لوگ تھک چکے ہیں، اس وقت کا استعمال کیا جائے، مگر کس برتے پر آزاد صاحب کے وعدوں میں سراسر کیفیت، نتیجے کی دھندلی روشنی فضائے اُمید پر دُور جھلکتی اور خاموش ہوتی،

میں عظیم الشان جنگ جاری ہے، شیعہ بھی اپنی بقا کے لیے اسی موثر طریقے پر جنگ آزما ہوں گے ہمسایہ اُنکی حقیقی قوت سے آگاہ ہو کر اُنکے حقوق کی فہرست مرتب کرنے میں کمی نہ کرے۔

ان تنظیموں نے سب سے پہلا عوام شیعہ کو یکجا کرنے کی جدوجہد شروع کی، کاروبار، تجارت اور مختلف اقسام کے پیشوں کو تنظیمی [illegible] ابلیس قرار دیا، صرف لکھنؤ میں جہانتک اُن کی کوشش محدود تھی شیعوں کو پیشے اختیار کرنے اور اقتصادیات کی طرف رجوع ہونے کی ترغیب دی، چھوٹی چھوٹی رقمیں بطور قرض دے کر شیعوں کو کسب معاش کی طرف رجوع کیا، پھر مذہب کے تحفظ کے لیے مدح صحابہ کا مقابلہ کیا، اس مقابلے میں جان کا اندیشہ، آبرو کا خطرہ، ایک طرف لکڑی چھری کٹاری، دوسری طرف پولس کی حراست، اُنکی قانونی کارروائیوں سے سامنا، اگر تنظیم کے دلدادہ ہر موقع پر [illegible] تیار،


رفتہ رفتہ وقت گزرتا گیا، کوششیں وسیع ہوتی گئیں یہانتک کہ ۳۰ر مارچ کا مبارک دن آگیا، میدان آراستہ ہوا، جنگ کے لیے تنظیمی سپاہی [illegible]، قربانیاں پیش کر دیں جہاں جان و مال سے گریز نہ تھا وہاں عزت و آبرو قربان گاہ مذہب پر چڑھا دی، جیل جانا فخر سمجھا، چکی، کولھو اور دیگر قید کی سختیاں روایات مقدسہ کی حمایت تصور کیں، غرض نہایت دلیری سے مورچہ روکے رہے، یہانتک کہ وہ وقت آیا کہ جب گورنمنٹ سے گفت و [illegible] شروع ہوئی۔

پہلا واقعہ

یہ پہلا موقع تھا جس کا استعمال اہل الرائے کے نزدیک ضروری تھا، لیکن کفن بردوش تنظیمی گورنمنٹ کی پالسی سے بہرہ اندوز نہ تھے، نہ تک پہونچ گئے، جان دیکر مقصد حقیقی کے حصول پر اڑ گئے، "آج یا



ن اعظم سپاہ عباسیہ تنظیم - شہید یاور حسین کي یادگار منارهے هین



ضیغم ملت پیو میان جنکي دلیری تاریخ شیعه میں یادگار رهیگي



مجاهد علی حسین صاحب مرحوم کي نماز جنازه

کسی منزل پر اُسکے قیام کی اُمید نہیں، مجبوراً تعلیم یافتہ طبقے کی استدعا رد کی گئی۔

"ہر چہ آید بر سر اولادِ آدم"

کا نعرہ لگایا، پھر کفن سے سر باندھا۔

پہلا حملہ

دفعہ ۱۰۷ کے ماتحت ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء کو برداشت کیا جیل گئے، ہنسی خوشی وقت گزرا، قانون کی سختیاں برداشت کیں، شکر کیا۔

دوسرا حملہ

۵ جولائی ۱۹۳۹ء کو دفعہ ۱۰۷/۱۱۷ و دفعہ ۱۱۷/۱۸۸/۲۹۹ کا دوسرا حملہ روکا، گولیاں کھائیں، شہید یاور حسین و النشیر سپاہ عباسیہ کا کوہِ الم اُٹھایا، لاٹھی چارج کا بار سر لیا، پھر جیل آ گئے، باہر رہنے والے گولیوں پر سینے تانے رہے، یہ جانتے تھے کہ اُن کی دلیری اُنکی جانبازی کا نتیجہ نہ نکل سکے گا، مگر اس سے بھی خوب واقف تھے کہ محنت رائگاں نہیں ہوتی، اگر کچھ نہ ہوا تو کم از کم اس ابتلا کے بعد قوم بیدار ضرور ہو جائے گی، آج کی جنگ اگر ناکامیاب ہوئی تو کل پھر تیاری کے بعد جنگ چھڑ جائیگی، وہ ضرور کامیابی کی منزل تک پہنچے گی، آج کی اخلاقی جنگ اگر ناکامیاب ہوئی تو کوئی مضائقہ نہیں۔


ایجیٹیشن کی ناکامیابی

زمین ہندوستان پر کوئی نئی بات نہ ہوگی، کانگریس کی لڑائیوں میں، دھرسانا کا حملہ

بردولی مارچ، ڈانڈی کی جنگ سب ناکامیاب ہیں، مگر اُنکی ناکامیابی سے ۳۲ کروڑ ہندوستانیوں نے ایسا فائدہ اُٹھایا، کہ آج بجام حکومت ہاتھ میں ہے، جس طرح وہ تمام ناکامیابیاں ملکی ترقی کے واسطے تازیانہ نہیں، اسیطرح تبرا ایجیٹیشن بھی اگر خدانخواستہ ناکامیاب ہوا تو اسکی ناکامیابی شیعوں کیلیے سبب عبرت ہوگی، یہ ایسا سبق ہوگا جسکو یاد کرکے تمام قوم آئندہ تجربے میں آئی ہوئی کمزوریوں کو دور کرکے کامیاب ۔۔۔ سر کرلے گی، سنیوں کو کربلا کا ایجیٹیشن یاد تھا، وہ نعوذ باللہ انگفتہ کہ مختصر وقت میں فیل ہوا، حکومت شام اور اُسکے عمال کے نزدیک حسینی مشن میدان نینوا میں ناکامیاب ہوا میں بھی یہی کہونگا کہ ناکامیاب ہوا اور ضرور ناکامیاب ہوا، لیکن اُس وقتی ناکامیابی میں مستقل کامیابی پوشیدہ، اُس گھنٹوں کے فیلیور میں صدیوں کی اسلامی فتح مضمر، حکومت شام نے ہاشمی ایجیٹیشن تلوار کے گھاٹ اُتارا مگر اُسکو معلوم نہ تھا کہ "اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد" حق حق ہوکر چمکا۔ اور کربلا میں دشمن میں نے والا ستارہ عالم کی تاریکی کو روشن کرگیا، کیا گورنمنٹ یوپی کو دمشق کی تاریخ یاد نہیں، شیعوں کا تبرا ایجیٹیشن ناکامیاب ہوگا۔ اور خدا کرے کربلا کی سی کامیابی کے ساتھ ناکامیاب ہو، اور مستقل کامیابی کا گوشہ لیے ہو ناکامیاب ہو، لیکن اس میں شیعوں کی ہزاروں کامیابیاں سربستہ ہونگی، مرنے والے کربلا میں مرگئے، قتل ہونے والے قتل ہوگئے، لیکن اسلام کی حقانیت کو ہمیشہ کے لیے زندہ کرگئے، یوپی کی جیلوں میں شہید ہونے والے شہید ہوگئے، گولیاں کھاکر رہی ملک عدم ہوئے مگر اپنے بعد ایسا نقش چھوڑ گئے کہ ہندوستان کے شیعہ اسی کو مستقبل قریب میں شمع حیات بناکر سچائی کی راہ ڈھونڈھ لینگے، جیل جانے والے جیل گئے، کیا اُنکا یہ عمل کالعدم ہوجائیگا، مہاتما گاندھی جیل گئے موتی لال قید میں رہے جواہر لال قیدخانے کی سختیوں کا نشانہ بنے، پنڈت نہرو نے بیڑیاں پہنیں کیا یہ سب تاریخ ہندوستان نے فراموش کیا۔ نہیں ہرگز نہیں! جس طرح کانگریس کے سیروز کی قربانیاں ظاہر ناکامیابی



۶ جولائي سنه ۱۹۳۹ ع کي فائرنگ کا ايک منظر



میں جب جذبۂ مذہبی موجزن ہوگا وہ فوراً اپنے حملوں سے گورنمنٹ آف انڈیا کو دھمکی دیکر اُس سے یہ کہیں گے

"شیعہ سُنی جھگڑا چکاؤ ورنہ ہم پھر سرحدی ضلعوں پر قتل و غارت شروع کردینگے"

اس دھمکی سے گورنمنٹ آف انڈیا ضرور لکھنؤ کے تبرا ایجیٹیشن میں دخل دیکر اس کا فیصلہ کرادیگی لیکن اب یہ اُمید بھی باقی نہ رہی، سرحدی سنیوں اور سرحدی حکومت نے دوسرا رُخ اختیار کیا، لیکن کیا یہ سب منصوبے اور اُن کی ناکامیابی تنظیموں کو بد دل کرسکتی تھی، ناممکن!

دوسرا خطرہ

پھر ایک عجیب و غریب سیاسی نظریہ چلا، وہ یہ کہ پنجاب پر ایجیٹیشن کا دار و مدار ہے، پنجاب مسلم لیگ وزارت اور یوپی کانگریسی وزارت میں کشمکش ہے، اول یہ کہ مسلم لیگ وزارت پنجاب نے یوپی کانگریسی وزارت کے اُس حکم کو ٹھکرادیا جس میں پنجابی شیعہ تبرا اسیروں کے جرمانے کے وصولیابی کا ذکر تھا۔ دوم یہ کہ ایک عرصے سے ہر دو حکومتوں میں پنجاب کے سیاسی قیدیوں کو باوجود کانگریس اور کانگریسی حکومت کی سفارشات کے رہا کرنے سے انکار کردیا۔

چونکہ پنڈت پنتھ جی کو معلوم ہوچکا ہے کہ علماء کرام نے پنجابی شیعوں کو ایجیٹیشن کا رہنما اور مختار کل قرار دے دیا ہے اسلیے اب اس ایجیٹیشن کا فیصلہ ناممکن ہے اور بہت مشکل ہے۔

عقل کام نہیں کرتی کہ پنجاب اور یوپی حکومت کی کشیدگی کس صورت سے تبرا ایجیٹیشن کے فیصلہ میں سدراہ ہوگی، اور اگر ہو بھی تو تنظیم ہرگز اس سے خوفزدہ نہیں ہوسکتی، اُس نے ائمہ طاہرین کے بھروسہ پر اس جنگ کا آغاز کیا ہے اور اس کا ہر ممبر ان تمام دور کے اندیشوں کو خطرے میں لانے کو تیار نہیں،

کے بعد بھی رائگاں نہیں گئیں، اسی طرح شمس الملۃ، نصیر الملۃ، سعید الملۃ، سلطان علیخاں وغیرہ کا جیل جانا بیکار نہ ہوگا، دیر آید درست آید، عابد بیمار شامی قید خانے کو الوداع کہہ کر مدینے گئے موسیٰ کاظم علیہ السلام جیل ... سے رہا ہو کر باہر تشریف لائے، لیکن کیا بنی امیہ اور بنی عباس کی قدرت ... نے فوراً بدلا لیا، نہیں! ہرگز نہیں! وقت آتے ہی ہاشمی جد و جہد کا نتیجہ نکلا جس کی گواہی تاریخ عالم دے رہی ہے، شیعوں کا جیل جانا بھی کام آئے گا، پھل لے گا مگر وقت آنے پر، نتیجے کے لیے تعجیل نہیں صبر کی ضرورت ہے، صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد" آج ناکامیاں ہو رہی ہوں گی، لیکن صبر سے عنقریب اچھا پھل ملے گا۔

پہلا خطرہ

ایجیٹیشن کی ناکامیابی کا ڈراؤنا خواب دیکھنے والے یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ گورنمنٹ پنجاب نے سختی شروع کر دی، میانوالی کے ڈپٹی کمشنر نے شیعوں کو دھمکانا شروع کر دیا، اب پنجابی نہ آئینگے صوبہ سرحد پر طرح طرح کی کوششیں ہیں کہ وہاں کے شیعہ لیڈر ... آئیں، کورم ایجنسی کے حکام بالا وہاں کے شیعوں کو یہ کہہ کر ڈرا رہے ہیں کہ

"سرحد کے سنی جرگے عنقریب تم پر حملہ کر کے تمہارے گھروں کو پھونک دینگے تمہارے بچوں کو قتل کر دینگے تم لکھنؤ نہ جاؤ۔"

لیکن پھر بھی تنظیمی شیعہ ایسے ... رہیں گے ... اپنے خیال میں مضبوط ہیں وہ اپنے سروں سے کفن باندھ چکے، جہاں تک جان میں جان ہے اُن کی جنگ اُس وقت ختم ہو گی جب اُن سے زیادہ کوئی قوت اور استبدادیت سے خود ایجیٹیشن بند کر دے

بعض یہ کہہ رہے ہیں کہ سرحدی شیعوں کو اشتعال ... یہ تھا کہ وہاں کے سنیوں

جب سل بات کسوٹی ہے

ایسی وسیع اور ٹھوس تیاریوں کے دوران میں عجیب کشمکش میں رہتا، ادھر مدح ثلاثہ کے جتھو خلاف قانون شاہ راہوں پر نکل کر . ش . ہیں ہیجان پیدا کرتے، اُدھر انتہا پسند اراکین تنظیم المومنین اور ان کے ہمخیال افراد تصادم کو کامیابی کی منزل ٹھراتے اور مسلسل یہی کہتے کہ ایک مقابلہ اور ایک محاذ اس جنگ کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کردیگا۔ مگر میں انکو یہی کہکر سمجھا دیتا کہ لکھنو کے تمام بلوے جو مدح ثلاثہ کے سلسلہ میں ہوئے مقامی ہوکر ختم ہوگئے اس لئے جھگڑا یا لڑائی بالکل بے سود ہوگی۔ واقعہ بھی یوں تھا کہ جب تصادم یا بلوے کا سوال آتا میری روح لرزجاتی فوراً خیال ہوتا کہ بیسوں بندگان خدا کا خون ناحق ہوگا۔ سینکڑوں عورتیں بیوہ اور ہزاروں بچے یتیم ہوجائیں گے۔

مسلمانوں کی حالت یوں ہی زبوں ہے تصادم کے بعد چاہے شیعہ ہوں یا سنی بیسوں خاندان کے خاندان سوگوار اور گھر ماتمکدہ رہیں گے۔ پھر مقدمات کی تکالیف اُنکے اخراجات اُن کے روح فرسا نتائج نان شبینہ کو محتاج کردینگے اسلام کی کشتی ہندوستان کے سیاسی تموج میں یوں ہی ڈگمگا رہی ہے صرف ایک تھپیڑے کی ضرورت ہے سبکساران ساحل کی اُمیدیں برآئیں گی مگر افسوس تنگ نظر وہابیوں اور حسین احمد کے سے تنگ نظر کانگریس پرستوں کو کیا درد تھا ہمارے شیعہ "نفاق بین المسلمین" کے خطرے سے آگاہ کرتے "اسلام زندہ باد" کے نعرے لگاتے مگر مدح ثلاثہ کے مخمور گوش برآواز ہونا بھی گوارا نہ کرتے

یہ ہیجان پیش نظر تھا اپنے باعمل غیور اور ایمان والے اراکین کی تجاویز سامنے تھیں اُنکے ارادے بے نقاب تھے ان کا مقابلہ کے لئے خیال اور پختہ خیال پہاڑوں کی چٹانوں سے

جیسا عرض کیا جا چکا کہ یہ ایجیٹیشن کسی دباؤ کے ماتحت بند ہو سکتا ہے یا اُس وقت جبکہ تمام تنظیمی تیسری مرتبہ پھر کافی مدت کے لیے جیل میں نہ بند کر دیے جائیں،
لیکن یہ بتا دینا ضروری ہے کہ جیل ہر تنظیمی کے لیے مذہب اور حق کی جنگ میں ایک کھیل ہوگی، وہ ہمراہ اسکے یہ بھی سمجھتا ہے کہ

"جیل ہر مومن کے لیے ایک کسوٹی ہے"

شیعوں کی بیداری

دوسرا حصّہ

جس میں اسیران تبرّا کے کارنامے اور جیلوں کے تفصیلی واقعات درج ہیں

زیر طبع ہے

جھنکار سے چھانٹ دیا۔ جہاں کی خاموشی میں امام محمد باقر علیہ السلام نے اسلام پر آنیوالی ہنگامہ آرائیوں کو اپنی قید کی سختیوں سے ہمیشہ کے لئے خاموش کر دیا۔

جیل سرزمین عرب پر بنی عباس کے ظالم ہاتھوں سے تعمیر کی ہوئی وہ تاریک عمارت ہے جہاں سے شمع امامت موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اپنی پرامن اسیری سے جادہ بقا روشن کیا۔ جہاں کی سختیاں اپنی ذات پر انگیز یں مگر ایمان والوں کی زندگیاں آسان کر دیں۔ جہاں امام رضا غریب نے فلسفہ سیاست کا عقدہ حل کیا۔ دنیا اور آخرت میں امتیاز کی تلقین کی۔ حق کوشی کے سبق دئے۔ دولت و ثروت پر عجز و انکسار کی فتح کو ایک کارنامہ عظیم بنا دیا۔ قید و بند کی راہوں سے آزادی کامل کی منزلیں دکھائیں۔ راہ خدا میں مقید ہو کر یہ ثابت کر دیا کہ جب دین حق خطرے میں ہو تو محبس کی چہار دیواری اور طوق خاردار کے خاموش تجربے پناہ ہتھیار باطل پرستوں کی سپاہ پر غالب ہونے میں معین ہوں گے۔ اور ایمان خطرہ سے بچ جائیگا۔

یہ تھا جیلخانہ اور جیل کا فلسفہ جس کو ہندوستان والوں نے کبھی سمجھا۔ یہ تھا وہ سبق جو گاندھی کی ستیہ گرہ میں ہندوستان کی جنگ آزادی میں صف آرا ہونے والے دیروں تک پہنچا یہ کوئی رامائن کے اوراق کی تحریر نہ تھی۔ مہابھارت کی عظیم الشان یدھ کی منطق نہ تھی بھگوت گیتا کا اشلوک نہ تھا۔ ویدوں کی تلقین نہ تھی۔ منوسمرتی کا فلسفہ نہ تھا۔ یہ صرف سیرۃ ائمہ تھی جس نے ہندوستان کے روشن اور آزاد فکر غیر متعصب نیتاؤں نے اپنا لائحہ عمل بنایا شمشیر ہماری تھی مگر استعمال کی ہندو بھائیوں نے۔ کام اپنوں کا تھا مگر حاصل کیا اغیار نے۔ چلن ہمارا تھا مگر اختیار کیا دوسروں نے۔

کیا نتیجہ ہوا ظاہر ہے کہ اہل ہنود کی خاموش جنگ اور قید خانوں کی سختیوں نے اسیروں کو آزاد محکوموں کو حاکم، ترمل کو بیر، بزدل کو سپاہی بنا دیا۔ سونیوالے بیدار، غافل ہوشیار

زیادہ مضبوط تھا مگر یہی استقلال و مضبوطی سے ایسے نظریہ کا قائل رہا کہ اگر کانگریس صرف احرار اور جمعیۃ العلماء کی آڑ میں اپنا پایہ مضبوط کرنا چاہتی ہے، حسین احمد اور عبد الشکور مع ثلاثہ کے آگے مسلم لیگ کو فنا کرنا، اور کانگریس کو مسلمانوں کے لئے مقناطیس بنانا چاہتے ہیں تو پھر عرصہ کی سوئی ہوئی قوم شیعہ اس موقع سے مستقل فائدہ اٹھا کر اپنے مذہب اپنے سیاسی حقوق، معاشرت اور اقتصادیات کی محافظ کیوں نہ بن جائے۔ مجھے آئمہ معصومین علمائے اعلام، ز[illegible]ان، اور جانباز رہبران قوم کے اسباق یاد تھے۔ ہندوستان کی جنگ آزادی اور اسکے کامیابی کے طریقے میرے حافظہ میں تھے میں ان کا کما حقہ عامل نہ تھا اسکی گہرائیوں تک پہنچنے کی سمجھ میں اہلیت نہ تھی مگر انکے نتائج سے بہرہ اندوز ضرور تھا مقابلہ کی تیاری کے ہیجانی ایام میں بھی مستقلاً میرے ذہن میں یہ بات نقش ہو چکی تھی کہ جیل کی منزل ہی منزل مقصود ہو سکتی ہے مگر یہ بھی خیال تھا کہ باوجود متعدد تند مخالف جھونکوں کے ۱۹۰۸ء سے آجتک شیعوں نے جیل کی سنگلاخ وادی میں قدم نہ رکھا تو اب کیا امید ہو سکتی ہے اس میدان کیجانب میں بھی ہم نے یہ طے کر لیا تھا کہ کچھ بھی ہو کوئی فرد چاہے لبیک کہے مگر میں، میرے اراکین تنظیم کے سرپرست عملاً ہی موقع پر یہ ضرور ثابت کرینگے کہ جیل بھی ایک کسوٹی ہے اگر قوم شیعہ اس کسوٹی پر ایک بار کسلی گئی تو پھر نکھر کر یہ کندن انمول اور بازار ہند میں دوسری قوموں کے مقابلہ میں سب سے زیادہ بیش بہا ہوگی۔

جیل کیا ہے؟

بنی امیہ کی تیار کی ہوئی وہ بوسیدہ عمارت جہاں حق و باطل کی امتیازی حد نمایاں کی گئی، جہاں ایمان کے ناقابل فتح قلعوں کے نقشے تیار کئے گئے، جہاں اسیر کربلا سید سجاد نے کفر کے گرجتے ہوئے تاریک بادلوں کو پاؤں کی بیڑیوں اور ہاتھ کی ہتھکڑیوں کی نور افروز

جیل کی اصطلاحات

اسیروں کے واقعات سنانے سے پہلے چاہتا ہوں کہ جیل کی اصطلاحات عرض کروں تاکہ ناظرین کو انشاءاللہ تعالیٰ اگر جیل آنے کا موقع ملے جیسا کہ اب شیعی سیاست نے سبق سکھلا دیا ہے تو ابتدا سے نوگرفتار کو زیادہ زحمت نہو۔

ہیڈ جمعدار۔ جیل کے ملازم جمعداروں کا افسر، جو اپنے سامنے جیل شام کو روز بند کراتا اور صبح کو بیرکیں کھلواتا ہے قیدیوں کی دیکھ بھال اور انکی مشقت وغیرہ کا ذمہ دار ہے

جمعدار۔ خاکی وردی والے ملازم جو ہیڈ جمعدار کی ماتحتی میں کام کرتے ہیں۔

پکّا۔ قیدیوں میں جو ۵ برس سے زائد نیک چلن قیدی رہا ہے اور جس کی دیانت پر حکامان جیل کو کافی اعتبار ہے وہ پکّا بنا دیا جاتا ہے، پکّا نمبرداروں کا حاکم ہے۔ اُس کی وردی زرد ہے۔ ٹوپی لال، سنٹرل جیل لکھنؤ میں صرف چھ پکّے ہیں۔

نمبردار۔ جو قیدی ۳ برس سے زائد اپنی قید کے درمیان خوش چلن رہا ہے اُسکو نمبردار بنا دیا جاتا ہے اُسکی وردی بھی زرد اور ٹوپی لال ہوتی ہے، ٹوپی پر پیتل کے دو حرف ہوتے ہیں C.O (سی-او) یعنی کنوکٹ اوورسیر اور W.C (سی، ڈبلو) یعنی کنوکٹ وارڈر۔ نمبرداروں پر جیل والوں کو اتنا اعتبار ہے کہ اگر ہم بی کلاس کے قیدی بھی باہر جائیں تو وہ ہماری نگرانی کے لئے بھیجے جائیں گے، ان کے لئے مشقت معاف ہے

بسترِ راحت پر کروٹیں بدلنے والے منزلوں راہ طے کرنے کے عادی ہو گئے۔ غرض جیل نے شروع صدی ہجری میں دنیائے اسلام کی تاریخ بدل دی اور جیل ہی نے بیسویں صدی میں ہندوستان کی سیاست میں کایا پلٹ کر دی۔

کیا پھر بھی کوئی شیعہ کہہ سکتا تھا کہ جیل ایک عملی کسوٹی نہیں؟ جانتے تھے اور سب جانتے تھے۔ مگر منتظر تھے کہ جیل کے رستوں میں بچھے ہوئے کانٹے کوئی صاف کرے۔

میں ہمیشہ یہی کہتا تھا کہ کیقباد کے پیرو محمد شاہی زندگی کے حامل آرام کی نیند سونیوالے شیعہ جیل کے دروازہ تک کیونکر پہنچ سکیں گے، خدا زندہ رکھے میرے معین تنظیم کے جاں نثار صاحبِ عقل و تمیز نواب چھٹن صاحب جو ہمیشہ میری کم ہمتی میں آڑے آئے وہ میرے خیالات کی بڑی بہادری سے تردید فرماتے رہے، آج ثابت ہوا کہ وہ قوم شیعہ جس کو بزدل آرام طلب، عیش پرست سمجھا جاتا تھا وہ بہادر، تکلیف انگیز نے والی مصیبتیں اٹھانے والی قوم ہے جس میں بیداری کے جراثیم ازل ہی سے موجود تھے، زندہ باد اے قوم شیعہ، زندہ باد اے مومنین ہند، آج کی کروٹ کے بعد دنیا کی ترقی پذیر قومیں تمہارے دوش بدوش ہوں گی بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ بروقت ضرورت تمہاری اعانت کی طلبگار ہوں گی۔

۳۔ بید۔ اگر کوئی قیدی سنگین جرم کرے تو جیلر یا سپرنٹنڈنٹ بید کی سزا بھی دیتے ہیں، ہاتھ پاؤں باندھ دئیے جاتے ہیں ایک بہتر جو مخصوص اسی کام کے لئے ہے، بید لگتا ہے۔ بڑی عبرت ناک سزا ہے۔

جیل کے اوقات

شام کو ۶ بجے تمام جیل مقفل کر دیجاتی ہے، شب میں گھڑی جا۔بی والا ہر آدھ گھنٹے کے بعد آتا ہے قیدیوں کو دیکھتا ہے جا۔بی لگاتا ہے، بارک کے اندر شب میں رہنے والے پہرہ دار آواز لگاتے ہیں ۴۸ قیدی جنگلا۔ لالٹین سب ٹھیک ہے نمبر ۲۶
۵ ½ بجے صبح کو جیل کھلتی ہے، قیدیوں کو ناشتہ میں کسی دن اُبلے ہوئے چنے یا بُھنے ہوئے چنے کسی دن دلیا اور گڑ دیا گیا۔ اور کمانیں اپنے اپنے کاروبار پر جہاں وہ تعینات کیگئی ہیں روانہ ہوجاتی ہیں۔ ۱۱ بجے کھانے کی چھٹی۔ ۱۲ بجے سے پھر مشقت و کاروبار شروع ہوجاتا ہے ۴ بجے بالکل چھٹی ہوجاتی ہے، بھنڈاری کھانا دینا شروع کرتے ہیں اور تمام قیدی کھا کر اپنی اپنی بیرکوں میں بند کر دئیے جاتے ہیں۔

جیل کا ریڈیو

شام کے ۶ بجے سے ۱۰ بجے تک لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ سے ریڈیو بجتا ہے جو بیرکوں میں بند قیدیوں کو سُنایا جاتا ہے کہ دن بھر کے تھکے ماندے قیدیوں کو فرحت ہو۔ ہم لوگوں کے لئے تو وہ ایک مستقل عذاب تھا۔

کلاس B۔ سنٹرل جیل لکھنؤ کی کلاس میں ہم صاف اور ستھرے کمرے ...

سرخ ٹوپی ۔ بعض قیدی ایسے ہیں جن کی پوشاک سفید، سفید کرتہ اور سفید نیکر مگر ٹوپی سُرخ یہ قیدی ،، پھلا ،، کہلاتے ہیں یعنی پہلی مرتبہ سزا کاٹنے آئے ہیں ۔

کالی ٹوپی ۔ بعض ایسے ہیں کہ جن کی پوشاک سفید اور ٹوپی سیاہ ان کو ،، دوگاڈہ ،، کہتے ہیں یعنی ایک مرتبہ سے زائد کے سزا یافتہ ہیں ۔

بھنڈاری ۔ سرخ پوشاک والے قیدی بھنڈاری کہلاتے ہیں جو جیل کے لئے کھانا پکاتے ہیں ... بھی سرخ پوشاک پہنتے ہیں ۔

نیلی پوشاک ۔ نیلی پوشاک والے وہ ... کو فیل کا مرض تھی ۔ یا انت اترنے کا مرض ہو ۔

پاؤں کا کڑا ۔ جو قیدی پاؤں میں کڑا پہنے ہوں وہ جیل کے باہر مشقت کے لئے بھیجے جاتے ہیں ان کو ،، بھریا ،، کہتے ہیں ۔

پاؤں کی بیڑی ۔ وہ قیدی جو جیل کے اندر کوئی سنگین جرم کرتے ہیں ان کو سزا کے طور پر جیل والے سلاخوں دار بیڑی پہنا دیتے ہیں ۔

صفیا ۔ وہ قیدی جو جیل کی صفائی کرتے ہیں ، ان کو صفیا کے نام سے پکارا جاتا ہے ڈنڈے گھڑی والا آدھا آدھ گھنٹے بعد ایک گھڑی والا ہر بیرک کے سامنے آتا ہے اور گھڑی چابی بھی لگاتا ہے جو ظاہر کرتی ہے کہ پہرا دینے والا ہر بیرک میں راؤنڈ کر آیا ۔

جیل کی سزا

جیل کے اندر شرارت کرنیوالے قیدیوں کے لئے سخت سزائیں ہیں ۔

۱ ۔ بیڑی ۔ جو پاؤں میں ڈالیجاتی ہے ۔

۲ ۔ کوٹھڑی ۔ جسے تنہائی بھی کہتے ہیں ، یہ سزا بہت سخت ہے ۔ میں نے خود کوٹھڑی کا معائنہ کیا ، چاروں طرف سے بند ، چند سوراخ ایک جانب ، چند دوسری جانب ۔

کم ازکم دو ماہ چھوٹ ملتی ہے یعنی اگر کسیکو ۵ سال کی بھگتنا ہے اور اس نے نیک چلنی سے ۴ سال ۲ مہینے گذار دئے ہیں تو وہ رہا کر دیا جاتا ہے ۔

بورڈ

لمبی سزا والوں کے لئے قاعدہ ہے کہ نصف سزا کاٹنے کے بعد ان کی رہائی کی سفارش کیجاتی ہے جسکے لئے ایک بورڈ مقرر کیا جاتا ہے وہ قیدی کی ہسٹری شیٹ وغیرہ دیکھتا ہے اور پھر کلکٹر ضلع سے رپورٹ مانگتا ہے اگر کلکٹر ضلع بھی سفارش کر دیتا ہے تو قیدی نصف سزا کاٹنے کے بعد رہا کر دیا جاتا ہے

کمپونڈ ہے جسمیں طرح طرح کے پھولوں کے پودے، ہر کمرہ چھوٹا، کمرہ میں ایک مسہری ایک نعمتخانہ اور چند ظروف ضروری شب میں یہ کمرے مقفل کردئیے جاتے ہیں اور کمپونڈ کا دروازہ بھی بند کردیا جاتا ہے بی کلاس کا کھانا علیحدہ پکتا ہے، صبح کو دال ترکا ... ٹی، شام کو سالن ترکاری اور روٹی اسی کلاس میں چھلار روٹی دال اور کسی کسی قیدی کو چاول بھی ملتے ہیں۔ بی کلاس میں توار منگل اور جمعہ کو فی قیدی ۲ ر کے پھل دے جاتے ہیں۔

آمدنی

جیل کی آمدنی اسیروں یا حوالتیوں کی درآمد کا نام ہے جیل کا جیلر عموماً یہ سوال کیا کرتا تھا کہ آج آمدنی کیا ہوئی؟ ہم لوگ جواب میں ۲۴ ۵ کہہ دیا کرتے تھے۔

چالان

سزا یافتہ جب بیرونجات کی جیلوں میں بھیجے جاتے ہیں، تو ان کے ہر جتھے کو ایک چالان کہتے ہیں۔

گارڈ

جیل سے باہر جانیوالے ملزمین کے ہمراہی نگہبان سپاہیوں کا ایک دستہ، ایک جیل کا ذمہ دار رکن اور پولیس کا ایک دستہ کو گارڈ کہتے ہیں، ملزمین کو جیل سے حوالات کچہری میں لانے والے پولیس کے دستہ کو بھی گارڈ کہتے ہیں۔

اصلی

جیل کی اصطلاح میں قیدی کی اصل مدت گذرنے کو "اصلی" کہتے ہیں۔ مثلاً کسی نے فیصلہ کے بعد اپنی سزا کے پورے ۵ سال قید میں گذارے تو اس مدت کو اصلی پانچ کاٹنا کہتے ہیں۔

ریمیشن - نیک چلن رہنے والوں اور مشقت میں کامیاب رہنے والے قیدیوں کو سال میں

نظمیں پڑھی گئیں مگر کون سنتا ہے

قائد اعظم نواب سلطان علی خاں نے میری تقریر کی تائید کرتے ہوئے پھر عوام کو یہ بتایا کہ مدح صحابہ ایک سیاسی چال ہے جس کے ذریعہ سے کانگریس اتحاد اسلام کو حسین احمد اور عبد الشکور کے ہاتھوں فنا کرکے مسلم لیگ کو ہمیشہ ٹھکانے لگا دیگی۔ میرے اس بیان کی تائید کے بعد بہادر قائد اعظم نے ایک گھنگھرج تقریر کی اور سامعین کو کافی متاثر کیا۔

پھر مولانا شاہ حسین صاحب نے تقریر فرمائی، بعدہٗ قتیل صاحب نے گاؤکشی کی ایک اہم تجویز پیش کرتے ہوئے اسکے نقصانات پر روشنی ڈالی اور انتہائی وضاحت سے زیر بحث مسئلہ کو صاف کیا۔ تجویز باتفاق آرا پاس ہوئی۔ پھر میں نے تبرائی مجاہدوں کو رخصت کرنے کا کام اپنے ذمہ لیکر شروع کیا پہلے اپنے قائد اعظم کے گلے میں تسبیح بنہانی قومی نشان حوالہ کیا پھر ہاتھ ملاکر خدا حافظ کہا اور رخصت کیا، پھر تو مجاہدوں کا ایک سلسلہ شروع ہوگیا۔

۳۰ مارچ کو تنظیم المومنین پر پولیس کا چھاپہ

مولانا یوسف حسین صاحب کی ملاقات حوالات میں

۱۹ مارچ کو لفٹنٹ نواب سلطان علی خاں صاحب قائد اعظم سیاہ عبا تنظیم المومنین نے مع ۲۰ مجاہدین کے جس شیر دلی کیساتھ تبرا پڑھ کر اپنے آپکو جیل کیلئے پیش کیا ہے وہ تاریخ شیعہ ... جدید کی پہلی مثال ہے۔ اس پرخلوص وروحانیت نما مظاہرہ دیکھکر شہر میں ہلچل پڑ گئی۔ ایکطرف دنیائے شیعیت نے خبر شاری میں ... اس شوق میں کہ جلد صبح ہو تو تبرا پڑھکر اپنے آپ کو گرفتار کرادیں دوسری طرف پولیس کو یہ خطرہ پیدا ہوگیا کہ اب تبرا کا ایجی ٹیشن روکے نہیں رک سکتا لہذا جلد سے جلد فدایان تبرا یعنی کارکنان تنظیم المومنین کو گرفتار کرلیا جائے تاکہ رات ہی رات یہ

پہلا وار

غفرانمآب کے امامباڑہ کا اجلاس: تبرا ایجی ٹیشن کا آغاز

۳۰ مارچ ۱۹۳۹ء

بعد بسیار غور و فکر جب اراکین تنظیم المومنین نے حتی المقدور مکمل طور پر مدح ثلاثہ کے مقابلہ میں تیاری کرلی تو ۳۰ مارچ کی شب کو ڈھنڈورے پر اعلان کر کے شیعیان لکھنو کو دعوت دی کہ آج کے جلسہ میں تنظیم المومنین عملی طور پر اپنا تفصیلی لائحہ عمل بنائے گی۔

لوگ آئے، جلسہ ہوا، بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ لکھنو کی شیعی تاریخ میں اپنی [illegible] جلسہ ہوا۔ مولانا مرزا احمد حسین صاحب نے صدارت کی، ہندو حضرات بھی مدعو تھے۔ وہ بھی بڑے خلوص سے جلسہ میں شریک ہوئے۔ لاؤڈ اسپیکر پر ۱۴۴ کا نوٹس میرے پاس پہنچا، میں نے مختصر تقریر میں [illegible] کہا لاؤڈ اسپیکر کی ضرورت نہیں، جب بھی مومنین کی آوازیں پاٹا نالہ کے حریف کا دل ہلا دیں گی۔ بعض میرے دوستوں نے میری مخالفت کی مگر عوام نے میری رائے کا ساتھ دیا۔ پھر میں نے مختصر الفاظ میں اپنا مدعا بتایا اور ممبران مجلس عاملہ کی تجویز "[illegible]" کو پیش کیا، میں نے [illegible] میں تبرا کمیٹی کا اعلان کیا۔ پبلک نے تبرا کمیٹی کو بے عمل بتا کر مسترد کیا اور تنظیم المومنین کو اس مسئلہ میں مختار کل قرار دے دیا۔ تبرا ایجی ٹیشن کی تجویز تھی ایک چنگاری تھی جس نے ایمان المومنین [illegible] حاضرین مدہوش ہو گئے، گریہ ایسا طاری ہوا کہ ایک کہرام مچ گیا۔

جب ۲ بجے شب کو واپس آیا تو برادر معظم مولانا ضامن حسین صاحب سے شہر کے مختصر حالات معلوم ہوئے جنھیں سنکر میرا دل بھر آیا اور میں نے بیساختہ عرض کیا۔

میں۔ اچھا تو کل میں تبرا پڑھ کر جیل جاؤں گا۔

مولانا ضامن حسین۔ نہیں آپ کا یہاں رہنا ضروری ہے، شعبۂ نشر و اشاعت میں آپ کی ضرورت ہے۔ کل مجھے جیل جانے دیں۔

یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ والدۂ معظمہ خواب سے بیدار ہوگئیں اور ہماری گفتگو سنکر حیرت کیساتھ فرمانے لگیں۔

والدۂ معظمہ۔ کیا تم دونوں کا ارادہ ہے کہ جیل چلے جاؤ۔

میں۔ جی ہاں اب اسکے سوا اور کیا چارہ ہے۔

والدۂ معظمہ۔ بیٹا تم دونوں میں سے ایک کا جانا کافی ہے اور ایک کا گھر میں رہنا ضروری ہے، ورنہ یہاں کیا ہوگا

میں۔ جی ہاں، یہ درست ہے مگر ہمارا جیل میں رہنا تو آپکے لئے فخر ہونا چاہیئے اسلئے کہ جناب زینبؑ کے بھی دو بچے تھے اور دونوں قربان ہوگئے، ہمیں جانے دیجئے۔ گھر کا خدا مالک ہے۔

والدۂ معظمہ (جوش میں تھرائی ہوئی آواز سے) جب یہی ہے تو میں بھی جیل جانا چاہتی ہوں

میں۔ نہیں ابھی آپکے جانے کا وقت نہیں آیا ہے، ہاں جب شہر مردوں سے خالی ہو جائے اور علمائے کرام اجازت دیں تو اس وقت آپ اپنی بہو کو بھیجد یجئے گا۔ اور آپ گھر میں رہ کر بچوں کی نگرانی کیجئے گا۔

والدۂ معظمہ (ٹھنڈی سانس لیکر) اچھا بیٹا جو چاہے کرو، اب تو مذہب پر وقت پڑا ہے

ابھرتا ہوا جوش دب جائے اور غیظ و غضب [illegible] کر کچھ [illegible] ہو کر بادل بَرسنے نہ پائیں۔ چنانچہ رات ہی کو پولیس میرے پاس وارنٹ لے کر پہنچی، مگر [illegible] نے طے کر لیا تھا کہ صبح کو گرفتاری کے لئے اپنے آپ کو پیش کروں گا۔ چنانچہ سویرے تنظیم المومنین کے دفتر آیا اور ضروری [illegible] بعد دس بجے کوتوالی پہنچا تو میں نے دیکھا کہ مولانا یوسف حسین صاحب مع ۷ - ۸ مجاہدوں کے حوالات میں بند ہیں جب مجھے بھی کٹہرہ میں بند کر دیا گیا تو میں نے حیرت کیساتھ مولانا کی طرف دیکھ کر کہا

میں ، مولانا آپ تو پنجاب میں تھے آپ کب آئے اور کس قانون سے گرفتار کر لئے گئے

مولانا۔ میں شب کو حاضر ہوا ہوں اور مجھ پر یہ [illegible] نے کل کے جلسہ میں اشتعال انگیز تقریر کی ہے

میں ۔ آپ کُجا اور کل کا جلسہ کُجا ، کل تو آپ موجود ہی نہ تھے ۔

مولانا۔ جی ہاں ، صداقت و دوست بازی ، انسانوں کے کام آتی ہے۔ لکھنؤ کی وحشی اور ظالم پولیس کو [illegible] سے کیا تعلق

میں ۔ آخر بتلائیں تو سہی واقعہ کیا ہے ۔

مولانا۔ میری داستان عجیب و غریب ہے ، مجھے لکھنؤ کے موجودہ حالات کا کوئی علم نہ تھا میں اپنے پروگرام کے مطابق ۷ بجے شب کو چارباغ پر اتر کر مکان پر پہنچا۔ چونکہ اسی شب کو گنگلی تکل کے تالاب پر ایک مجلس پڑھنے کا قبل سے وعدہ تھا اور ان کا آدمی سواری لے کر منتظر بیٹھا تھا۔ اسلئے سامان گھر میں رکھوا کر اسیوقت وہاں روانہ ہو گیا۔ برادر معظم مولانا ضامن حسین صاحب سے صرف چند منٹ ملاقات ہو سکی۔ آپ بھی ایک مجلس پڑھنے جا رہے تھے راہ میں اسقدر معلوم ہو گیا کہ حکومت کا کمیونک ہمارے خلاف نکلنے والا ہے اور آج سے تبرّا کا ایجی ٹیشن شیعوں نے شروع کر دیا ہے اور نواب سلطان علی خاں گرفتار ہو گئے ۔

جب ۲ بجے شب کو واپس آیا تو برادرِ معظم مولانا ضامن حسین صاحب سے شہر کے مختصر حالات معلوم ہوئے جنھیں سنکر میرا دل بھر آیا اور میں نے بیساختہ عرض کیا۔

میں۔ اچھا تو کل میں تبرّا پڑھ کر جیل جاؤں گا۔

مولانا ضامن حسین۔ نہیں آپ کا یہاں رہنا ضروری ہے، شعبۂ نشر و اشاعت میں آپکی ضرورت ہے۔ کل مجھے جیل جانے دیں۔

یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ والدۂ معظمہ خواب سے بیدار ہوگئیں اور ہماری گفتگو سنکر حیرت کیساتھ فرمانے لگیں۔

والدۂ معظمہؒ۔ کیا تم دونوں کا ارادہ ہے کہ جیل چلے جاؤ۔

میں۔ جی ہاں اب اسکے سوا اور کیا چارہ ہے۔

والدۂ معظمہؒ۔ بیٹا تم دونوں میں سے ایک کا جانا کافی ہے اور ایک کا گھر میں رہنا ضروری ہے، ورنہ یہاں کیا ہوگا

میں۔ جی ہاں، یہ درست ہے مگر ہمارا جیل میں رہنا تو آپکے لئے فخر ہونا چاہئے اسلئے کہ جناب زینبؑ کے بھی دو بچے تھے اور دونوں قربان ہوگئے، ہمیں جانے دیجئے۔ گھر کا خدا مالک ہے۔

والدۂ معظمہ (جوش میں تھرّائی ہوئی آواز سے) جب یہی ہے تو میں بھی جیل جانا چاہتی ہوں

میں۔ نہیں ابھی آپکے جانے کا وقت نہیں آیا ہے، ہاں جب شہر مردوں سے خالی ہو جائے اور علمائے کرام اجازت دیں تو اس وقت آپ اپنی بہو کو بھیج دیجئے گا۔ اور آپ گھر میں رہ کر بچّوں کی نگرانی کیجئے گا۔

والدۂ معظمہ (ٹھنڈی سانس لیکر) اچھا بیٹا جو چاہے کرو، اب تو مذہب پر وقت پڑا ہے

ابھرتا ہوا جوش دب جائے اور غیظ وغضب کے گھونٹے ہوئے باد ل برسنے نہ پائیں۔ چنانچہ رات ہی کو پولیس میرے پاس وارنٹ لے کر پہنچی، مگر میں نے طے کر لیا تھا کہ صبح کو گرفتاری کے لئے اپنے آپ کو پیش کروں گا۔ چنانچہ سویرے تنظیم المومنین کے دفتر آیا اور ضروری انتظامات کرنے کے بعد دس بجے کوتوالی پہنچا تو میں نے دیکھا کہ مولانا یوسف حسین صاحب معہ ۸ مجاہدوں کے حوالات میں بند ہیں جب مجھے بھی کٹہرہ میں بند کر دیا گیا تو میں نے حیرت کیساتھ مولانا کی طرف دیکھ کر کہا

میں، مولانا آپ تو پنجاب میں تھے آپ کب آئے اور کس قانون سے گرفتار کر لئے گئے

مولانا۔ میں شب کو حاضر ہوا ہوں اور مجھ پر یہ "الزام" ہے کہ میں نے کل کے جلسہ میں اشتعال انگیز تقریر کی ہے

میں۔ آپ کہاں اور کل کا جلسہ کہاں، کل تو آپ موجود ہی نہ تھے۔

مولانا۔ جی ہاں! صداقت اور دوست بازی، انسانوں کے کام آتی ہے۔ لکھنؤ کی وحشی اور ظالم پولیس کو وقعت سے کیا تعلق

میں۔ آخر بتلائیں تو سہی واقعہ کیا ہے۔

مولانا۔ میری داستان عجیب وغریب ہے، مجھے لکھنؤ کے موجودہ حالات کا کوئی علم نہ تھا میں اپنے پروگرام کے مطابق ۷ بجے شب کو چارباغ پر اتر کر مکان پر پہنچا۔ چونکہ اسی شب کو گنگنی تکل کے تالاب پر ایک مجلس پڑھنے کا قبل سے وعدہ تھا اور ان کا آدمی سواری لے کر منتظر بیٹھا تھا۔ اسلئے سامان گھر میں رکھوا کر اسیوقت وہاں روانہ ہو گیا۔ برادر معظم مولانا ضامن حسین صاحب سے صرف چند منٹ ملاقات ہو سکی۔ آپ بھی ایک مجلس پڑھنے جارہے تھے، راہ میں اسقدر معلوم ہو گیا کہ حکومت کا کمیونک ہمارے خلاف نکلنے والا ہے اور آج سے تبرا کا ایجی ٹیشن شیعوں نے شروع کر دیا ہے اور نواب سلطان علی خاں گرفتار ہو گئے۔

وہاں رہیں گے۔

صبح سویرے نماز سے فارغ ہونے تھے کہ پولیس دروازہ پر پہنچ گئی اور کسی سے برادر معظم کا نام دریافت کیا معلوم ہوا کہ وہ نہیں ہیں، اسکے بعد میرا نام دریافت کیا کسی نے کہدیا کہ موجود ہیں اور بلائے دیتے ہیں جب مجھے بلایا گیا گ ر باہر نکلا تو پولیس نے پہلے برادر معظم کو دریافت کیا اسکے بعد میرے نام کا وارنٹ پیش کیا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ (ہمیں کل یہ رپورٹ ملی ہے کہ آپ نے ہیجانی تقریر کی ہے اسلئے آپ سے مبلغ دو ہزار کی ضمانت طلب کی جاتی ہے)۔

میں۔ میں تو کل موجود ہی نہ تھا یہ رپورٹ کیسی۔

پولیس۔ یہ تو آپ مجسٹریٹ صاحب سے کہہ سکتے ہیں۔ ہمیں تو صرف یہ حکم ہے کہ آپ کو لے جائیں۔

میں۔ میں بخوشی جانے کو تیار ہوں، تم بیٹھو میں ضروریات سے فارغ ہو کر آتا ہوں یہ کہکر میں اندر چلا گیا، اندر آنے کے بعد چند ضرورتیں میرے پیش نظر تھیں، ضروریات سے فراغت قانونی حضرات سے مشورہ، دفعہ ۱۰۷، اسکے متعلق انجمن کا نظریہ، خاص افراد و احباب سے ملاقات ان مراحل کے طے کرنے میں کئی گھنٹے گذر گئے اور دروازہ پر سپاہیوں کا تانتا لگ گیا ۸ بجے گھر سے باہر نکلا تو ۱۵ - ۲۰ سپاہی گھر گھیرے تھے اور دروازہ سے وکٹوریہ اسٹریٹ تک سینکڑوں حیدریوں کا مجمع حیرت میں کھڑا تھا احباب سے جلدی جلدی آداب تسلیمات کر کے تانگہ پر بیٹھکر کوتوالی روانہ ہو گیا۔ چند احباب و امراء کوتوالی پہنچ گئے ابھی سب سے زیادہ انتشار یہ تھا کہ انجمن کی میٹنگ نہیں ہو سکی تھی۔ ۱۱ بجے کی قرارداد کا علم نہ تھا اسلئے سخت تردد تھا۔ چند اعزا و احباب صرف اس غرض سے آئے تھے کہ ضمانت کریں اتنے میں قاری تقی حسین صاحب کوتوالی پہنچ گئے اور آپ نے وہ خوشخبری سنائی جسے سنکر روح تازہ ہو گئی، یعنی ہمیں ضمانت نہیں دینا چاہئے

دین کے لیئے ہماری جان و مال اور عزت سب قربان ہیں۔ (ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ میرا لڑکا حسن رضا سلمہ جاگ اٹھا اور کہنے لگا)

حسن رضا۔ ابّا جان ابھی تھوڑی دیر ہوئی سپاہی آیا تھا اور چچا ابا کے نام وارنٹ لایا تھا

مولانا ضامن حسین۔ کیا میرے نام وارنٹ تھا؟

حسن رضا۔ جی ہاں !! آپ کے نام

مولانا ضامن حسین (میری طرف رخ کرکے) اب تو کل مجھ ہی کو جانا چاہیئے، آپ ان ارادہ کریں

میں۔ بہت اچھا میں پرسوں چلا جاؤں گا۔

مولانا ضامن حسین۔ کیوں حسن رضا تمہیں کچھ معلوم ہو سکا ہے کہ اور کس کس کے نام وارنٹ ہیں؟

حسن رضا۔ یہ نہیں معلوم۔

مولانا ضامن حسین (مجھ سے) معلوم ہوتا ہے کہ انجمن کے تمام کارکنوں کو کل تک ارسٹ کر لیا جائے گا۔ خیر کچھ پرواہ نہیں خدا مالک ہے۔

حسن رضا۔ ابّا جان میں آپکے ساتھ تبرّا پڑھ کر جیل جاؤں گا۔

میں۔ نہیں بیٹے ہم لوگوں کا جانا کافی ہے، تم گھر میں رہکر بچوں کی خدمت کرنا۔

حسن رضا۔ آپ ہی فرماتے ہیں کہ کربلا میں کمسن بچے بھی دین پر قربان ہو گئے۔ کیا میں حضرت قاسم کی پیروی سے محروم رہوں۔

میں۔ اچھا تم بھی چلے جانا۔ مگر ابھی نہیں، جب ضرورت ہوگی تمکو پیغام بھیجدیا جائے گا۔

حسن رضا۔ بہت اچھا"

اس گفتگو کے بعد ہم نے ارادہ کیا کہ کچھ سو رہیں رات کے تین بج چکے تھے، سنّاٹا چھایا ہوا تھا، یہ یقین تھا کہ گھر میں ہماری یہ آخری رات ہے۔ اس کے بعد جہاں قسمت لے جائے گی

آدمی ۔ (جو بائیسکل پر سوار تھا) ذرا یہاں تشریف لائیے ۔

میں فوراً معاملہ کی تہ پر پہونچ گیا اور بولا " تم ہو کون کہاں سے آگئے ہو ؟

آدمی ۔ مجھکو کوتوال صاحب نے بھیجا ہے ۔ آپ کو بلایا ہے ۔

میں ۔ کیوں ؟

آدمی ۔ کچھ بچے گلیوں میں تبرا پڑھ رہے ہیں ۔ آپ کو اسلئے بلایا ہے کہ انکو سمجھا دیجیے ۔

میں ۔ جاؤ کہہ دینا کہ کل صبح آؤں گا ۔ [illegible] کام کروں گا ۔ کل دیکھا جائیگا ۔ میں اس وقت ہرگز نہ جاؤں گا ۔ صبح سویرے آنکھ کھلی تو گھر گھرا ہوا پایا ۔ سمجھ گیا کہ دل کی دل ہی میں رہ گئی کسی طرح آنکھ بچا کر نکل بھاگنا چاہا ۔

بیوی ۔ چائے پی لیجیے "

میں بس چائے پی چکا ، خدا حافظ ، چھوٹی بچی کو سب کو جان سے زیادہ عزیز رکھتا تھا پیار کیا اور ادھر ادھر دیکھکر آنکھ بچا کر نکل گیا ۔ دفتر پہونچا انتظام کی فہرست بنائی اپنی جگہ جوائنٹ سکریٹری ، جوائنٹ سکریٹری کی جگہ حامد حسن حبیب جوہری ، قائد اعظم کی جگہ نواب چھو صاحب کو تعینات کیا اخبار کا انتظام جعفر حسن صاحب کے سپرد کیا ۔ کیا [illegible] اور تلاش کرتا تو ان سے بہتر ایسے نازک موقع پر کوئی فدائی نظر نہ آتا ۔ خدا حافظ کہکر نیچے اترا تو پھر اپنے کو پولیس سے گھرا ہوا پایا ۔ سمجھ گیا کہ اب جان نہیں بچ سکتی ۔ سوچا تو اس نتیجہ پر پہونچا کہ جاننے لگے کہ بھاگا بھاگا پھر رہا ہوں اور آخر چند قدم آگے چلکر گرفتار ہو جاؤں کوتوالی پہنچ گیا ۔

میں ۔ (کوتوال سے) میں [illegible] ، مجھکو آپ جیل بھیج سکتے ہیں ۔

کوتوال ۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ حراست میں ہیں ۔

میں ۔ بڑی خوشی سے لیکن ایک بات ہے میں حوالات میں بند نہیں ہوں گا ۔

ساتھ ہی یہ خبر بھی سُنا دی کہ انجمن کی جان و روح مرزا سجاد علی خاں صاحب بھی آرہے ہیں، یہ خبر سنکر میں نے اعزا اور احباب کو رخصت کر دیا جیبیں خالی کر کے سامان انکے حوالے کر دیا اور حوالات میں بند ہو گیا۔ یہاں آیا تو [illegible] احب [illegible] آپکے محلہ کے مجاہدوں [illegible] ہوئی ہملوگ ایک گھنٹہ سے آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔

اسیری کا پہلا دن

لیڈران قوم سے متحد [illegible] کھلا ہو تنظیمی اور شیعیان لکھنو کے جلسہائے عام میں باوجود ہزاروں آدمیوں کے اجتماع میں مسلسل درخواست کرنیکے جب ہر [illegible] وشی کے سوا جواب ملا تو بڑی مایوسی ہوئی، سمجھ میں آگیا محلات میں رہنے والے مدح ثلاثہ کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں رکھتے [illegible] کہیں قانونی شکنجے میں نہ آجائیں، مجبور ہو کر [illegible] قبال کرتے ہوئے تنظیمیوں نے حق کے لئے جان دینے کا بار اپنے سر لیا۔

مارچ کی ۳۰ تاریخ تھی، بہار کا زمانہ تھا [illegible] ن ایمانی نے اسیری کا بیڑا اٹھایا سب سے پہلے قوم کے جاں نثار سپاہ عباسیہ کے سپہ سالار قائد اعظم لفٹنٹ نواب محمد [illegible] صاحب نے معہ اپنے ۲۰ رفقا کے اپنے آپ کو غفرانمآب کے امامباڑہ سے گرفتار کرا دیا جلسہ ختم ہوا لوگ گریہ و بکا کرتے ہوئے واپس ہوئے دلوں میں جوش اسیری [illegible] ربانی کا ولولہ جس کو دیکھئے وہ سید سجاد کی تاسی کے لئے ہمہ تن تیار میں بھی دن بھر کی تھکن سے چور، رفقا کی مفارقت دل میں کشاں کشاں گھر پہونچا، یہ طے ہو چکا تھا کہ میں بھی ذمہ دار رکن ہونے کی حیثیت سے دوسرے روز اپنی قربانی پیش کروں گا، مکان پر پہونچتے ہی کسی نے آواز دی۔

میں۔ کون "

بڑے لطف سے اینڈتے ہوئے سنٹرل جیل پہونچے، ڈسٹرکٹ جیل کے فرشتوں نے سنٹرل جیل کے بھوتوں کے حوالہ کردیا جیل صاف اور ستھری ہے، مسٹر لیڈلی نے بڑھکر خوش آمدید کہا اور اپنے ہمراہ لیچلے تھوڑی راہ طے کی تھی کہ ایک جگہ پہونچے۔

بس۔ فرمائیے کیا یہی ہم لوگوں کے لئے جائے قیام ہے۔

لیڈلی۔ "جی ہاں"

یہ بیرک ۱۲ تھی ۱۰ یا ۷ کوٹھریاں اُسکے آگے ایک لمبا برآمدہ، آہنی دروازہ، زرد کپڑے والے پہرے دار مسلط۔

لیڈلی۔ آپ لوگ یہاں قیام کیجئے لیکن بیرک کے اندر رہنا ہوگا۔

بشیر۔ دن کو بھی!

لیڈلی ہمارے یہاں بیس بیس سال کے قیدی رہتے ہیں، یہاں آپ باہر نہیں نکل سکتے۔

ہملوگ بیرک کے اندر داخل ہوگئے دروازہ پر ایک پہرہ دار بٹھا دیا گیا، پانی وغیرہ کی ضرورت ہوتی تو ایک دو بہ اجازت پہرہ دار باہر آتے برآمدہ میں سب نے اپنے اپنے لئے کمبل بچھا لئے یہ برآمدہ تاریک تھا، مچھروں کا گھر۔ اب سمجھ میں آیا کہ جیل اسیکا نام ہے ہمارے قائد اعظم نے اپنا بچھونا ٹھیک دروازہ کے قریب بچھایا، آدمی بڑے ہوشیار ہیں پہلے ہی سے ہوا اور روشنی کے مقام پر قبضہ کیا۔ میں دن بھر بھوکا رہا، بشیر نے سر شام مسٹر لیڈلی سے کہا کہ ہم قیدیوں کو کچھ کھانے کو دیا جائے چنے آئے تقسیم کئے گئے۔ بشیر نے نہایت بے تکلفی سے مسٹر لیڈلی سے کہا، صاحب تھوڑا دہی ملے تو دلوائیے۔ فوراً درخواست قبول فرمائی اور ڈائری سے دہی منگوا دیا گیا۔ سب نے چنے اور دہی کھایا، میں بھوکا ہی رہا۔ بشیر میرے پاس آکر بیٹھ گئے اور کہنے لگے

بشیر۔ دیکھئے خدا کیا دکھاتا ہے۔ سجاد آج وہی لوگ آئیں گے۔

کوتوال (مسکراکر) ٹیلیفون ملاکر سپرنٹنڈنٹ سے۔ سجاد صاحب گرفتار ہوگئے۔ وہ ایک معزز خاندان کے فرد ہیں بند نہ کئے جائیں تو بہتر ہے۔


(جواب آنے پر) اچھا آپ دفتر میں بیٹھئے لاری آگئی تو جیل بھیج دیجئے گا۔

میں (شکریہ) دفتر میں آتے وقت دیکھتا ہوں کہ حوالات میں ضعیم پنجاب مولانا یوسف حسین صاحب کمبل پر اور ان کے پاس میرا چھوٹا بھائی جعفر علی خاں اور محلہ کے دو آدمی نور ... انوار حسین بیٹھے ہیں مولانا کو حوالات میں دیکھ کر کلیجہ منہ کو آگیا دلمیں کہا لٹے ہو مجھ پر ایسی بزرگ ہستی سلاخوں کے پیچھے اور تو آزاد ایک ہندوستانی سپاہی سے کہا مجھے بھی حوالات میں بند کیجئے۔ وہ کوتوال کے پاس گئے اور واپس آکر مجھے بھی حوالات میں بند کر دیا شاید حکم لینے گئے تھے

بہر حال ۱۵ یا ۲۰ منٹ میں جیل کی لاری آئی اور ہم لوگ یا علی کے نعرے لگاتے ہوئے حضرت گنج کوتوالی پہنچے تو دیکھا کہ تنظیم کا سنگ بنیاد رکھنے والا شیر بیارا بشیر بھی میرا ہمرکاب ہوگا۔ بہرحال ہم سب ڈسٹرکٹ جیل میں لائے گئے تو گرفتار جیل میں داخل ہوتے ہی معلوم ہوا ایک نئی دنیا میں آگئے ، ایک ایک کمبل اور ایک ایک پٹہ دیا گیا ، ہم لوگوں نے بسر فخر کیا اور دونوں ... میراث سمجھ کر اٹھائیں خندہ پیشانی سے کندھوں پر رکھیں ، جیلر صاحب ہمراہ کہتے جاتے تھے "دیکھئے صاحب جیل ہے یہاں کے اصول کی پابندی کیجئے گا " ایک بیرک میں لائے گئے تو دیکھا کہ ایک روز قبل آنیوالے میرے ۲۱ شیر زمین پر لوٹ رہے ہیں ہم لوگوں کو دیکھتے ہی سب کے سب کھلکھلا کر ہنس پڑے اور گلے ملنے لگے ابھی دس ہی منٹ گذرے تھے جیلر صاحب پھر واپس آگئے اور فرمانے لگے آپ سبکو سنٹرل جیل جانا ہوگا۔

ہم لوگ۔ یا اللہ وہاں تو خونی اور ڈاکو بند ہوتے ہیں ، شاید ہم لوگ اسی سزا کے مستحق ہوں

بشیر۔ ڈرتے کیوں ہو حسینؑ کے نام پر اگر تمام عمر جیل میں رہنا ہو تو بھی منظور ہے۔



مجاهدین تبرّا ۔ اسیری کے لئے



مجاهدین میانوالي و مولانا محمد بشیر صاحب و
مولانا مرزا یوسف حسین صاحب



مجاهدین لدھیانه



حافظ ذوالفقار علي شاه صاحب گجرات ۔ و مجاهدین
بنگش

میں - گھبرائیے نہیں حضرت عباس علیہ السلام ہماری مدد کریں گے۔

بشیر - میں چاہتا ہوں کہ آج صرف دو سو آدمی آجائیں۔

میں - آئینگے ضرور آئینگے، مجھے یقین کامل ہے کہ ہمارا ایجی ٹیشن ضرور کامیاب ہوگا۔

مغرب کا وقت آنے سے پہلے ایک شور ہوا مڑ کر دیکھا تو میرا بیمار بوڑھا شیر سید شبیر حسن قتیل اور میر خطیب اہلبیت مرزا ضامن حسین صاحب نائب صدر تنظیم کے سوا نواب علی احمد خاں [illegible] نواب فریدون مرزا تاجدار اودھ کی اجڑی ہوئی بستی کے اعضا، اپنی قیادت میں ۳۰۰ سے زیادہ آدمی لئے چلے آرہے ہیں۔ یہ دیکھکر دل باغ باغ ہوگیا اگر یہ نہ بھی ہوا کہ بانئ تنظیم کا شیرازہ بکھر گیا۔ بشیر ناچنے لگے ہم لوگوں پر ایک کیف طاری ہوگیا درحقیقت جو آپ سے باہر ہو نکلتے ہیں وہ کیفیت ہوگئی سب آئے

اذان ہوئی، مغرب کی نماز کے لئے سب کے سب صف باندھ کر کھڑے ہوگئے ضیغم پنجاب مولانا مرزا یوسف حسین صاحب نے نماز پڑھائی، لیڈی صاحب جیلر کھڑے تمام منظر دیکھتے رہے نماز کے بعد ہی حکم ہوا کہ جوڑا جوڑا بیٹھ جاؤ۔ ہم [illegible] نے تعمیل حکم کی بیٹھ گئے گنتی ہوئی۔ اور آدھے آدھے بیرک کے دو حصوں میں ۷ بجے شام کو بند کر دیے گئے۔

یہاں سے ہم لوگ گرفتاروں کی اسیری کا دور دورہ شروع ہوتا ہے۔ سب بیٹھے لیکن ہمارے ساتھ سکندر رضا صاحب ایک زندہ دل اور خوش مذاق آدمی تھے انھوں نے لوگوں پر افسردگی چھائی ہوئی دیکھکر اپنا کام شروع کردیا لالٹین اتاری گنتی کی اور زور سے آواز لگائی دو ایک سو چوبیس قیدی جنگلا لالٹین سب ٹھیک " سب کے سب ہنس پڑے شب بھر میں ۱۰ یا ۲۰ مرتبہ سکندر رضا صاحب نے یہی کیا اور سب کو ہنسایا۔ [illegible] میں [illegible] اور بشیر صاحب ایک ہی جگہ لیٹے۔

میں - بھیا بشیر ہم نے دوسری نذر [illegible] یہ مقابلہ مدح خلفائے ثلاثہ کی باقاعدہ جدوجہد شروع

تو کر دی تھی مگر دیکھو کیا نتیجہ ہوتا ہے۔

بشیر۔ تم بڑے بزدل ہو، تو سہی جو تنظیم کی ایک آواز پر ہندوستان کے شیعہ کھنچ نہ آئیں

سلطان صاحب۔ ہاں بھائی مگر انسان ہونے کی حیثیت سے ناامیدی کی طرف طبیعت زیادہ رجوع ہوتی ہے۔

میں۔ جب لکھنو میں [illegible] یہ حالت ہے کہ موقع کی نزاکت سمجھتے تھے مگر پھر بھی مسلسل اعلان پر ایک کی خبر ایک کو نہ ہوئی جو پلیٹ فارم پر آکر تقریر کرتا، یا اپنے خیالات کا اظہار کرتا۔ اب ایسے کمزور دل والوں سے اور کیا امید ہو سکتی ہے اہم سب جو اپنے سر ہتھیلی پر لئے تھے۔ قید میں بند کر دیے گئے، کون کام سنبھالے گا اور پر پگنڈا کرے گا۔


قتیل۔ حضرت عباس علیہ السلام [illegible] کل صبح ایجی ٹیشن شروع ہونے سے پہلے علم پکڑ کر شیعوں کا درد دل بیان فرما آئے ہیں، دیکھئے تو ہوتا کیا ہے۔

میں۔ قتیل صاحب [illegible] قوم کی نباضی کے بعد یہ نتیجہ نکالا ہے کہ شیعہ ابھی مکمل طریقہ پر کسی ایجی ٹیشن کے لئے تیار نہیں، وہ سختیاں برداشت کرنے کے عادی نہیں، مصائب کا مقابلہ انکے لئے انہونی بات ہے تنظیم المومنین نے انکی ذہنیت بدل ضرور دی مگر پھر بھی اعتبار نہیں ہوتا، کاش شیعہ پولیٹکل کانفرنس اور شیعہ کانفرنس نے اتنی کافی مدت میں شیعوں کو مقابلہ کیلئے تیار کر لیا ہوتا۔

مولانا یوسف صاحب۔ خدا پر بھروسہ کیجئے۔

بشیر صاحب [illegible] کہ "چپ کمزور طبیعت والے ابھی سے نتیجہ کی ناکامیابی کا رونا شروع کر دیا، کہکر سکندر صاحب کی طرف رجوع ہوئے اور پکار کر بولے "ہاں سکندر" ذرا گنتی کرو۔ سکندر صاحب نے [illegible] لہجہ میں فرمایا "۱۲۴ قیدی جنگلا لالٹین ست کٹین" شب گذرتی گئی، بھلا نیند کہاں پہلا سابقہ پہلی رات قفس کی تاریکی، قوم کی بیداری کی امید و بیم

بھوک ہڑتال کے بعد مجاہد اعظم سید بشیر احمد رضوی سابق جنرل سکریٹری تنظ







کھائیں گے، بھنڈار کا ملے گا تو کھائیں گے۔ ایک قیامت اور آفت کا آغاز ہوگیا۔ بشیر صاحب نے جو حقیقتاً انتظام کے ماہر ہیں فوراً ایک گھنٹی بجائی جلسہ کیا تقریر میں قومی مقاصد جیل کے قوانین سمجھائے لوگ مطمئن ہوئے، غرض انتظامی زحمتیں بڑھتی گئیں۔

جیل والوں کا اب یہ ورد ہوگیا کہ روزہ ۶ بجے شام کو گنتی کریں اور بیرکوں میں ہلوگوں کو بند کردیں۔ ایک ایک بارک میں جس میں مشکل سے ۵۰ آدمیوں کی گنجائش تھی دو دو سو بھرے گئے شب میں کسی کا سر اور کسی کا پاؤں۔ مگر واہ ری حسینی الفت ہر شخص اپنی اپنی جگہ مطمئن۔

جیل میں قدم رکھتے ہی میرے سر ایک آفت شروع ہوئی اور آخر وقت تک قائم رہی وہ یہ کہ کوئی کہتا ہے "سکریٹری صاحب چنے" "کوئی لفافہ کاغذ" "ایک آیا میں بھوکا ہوں تھوڑے ستو دو سرا تھوڑا گڑ" اس تھوڑے کے چکر میں پڑکر اتنا ضرور ہوا کہ میرے مشاغل میں اضافہ ہوگیا اور میں اپنی اسیری کو بھول گیا۔ خدا اُن افراد کا دلی مدّعا پورا کرے جنھوں نے قوم کے بیدار کرنے میں اپنی عزیز قربانیاں کیں۔

"آقائے نصیر الملۃ کی آمد"

انسان کا دل ہی کتنا اور پھر ایسی حالت میں جب قوم شیعہ کے ہر فرد کے لئے جیل کی پہلی منزل ڈراونی ہیبتناک کا ہے کو کسی نے اس بیباکی سے قید و بند کی مشکلات اپنے سر لی ہونگی اس قوم سے جو ہر آنیوالی مصیبت پر صرف ایک یوم غم منا کر خاموش ہو رہے۔ زیادہ سے زیادہ ایک مجلس کی بنا کرے اور کیا امید ہو سکتی تھی مگر واہ ری قوت بیداری اور قوت عمل معلوم ہوگیا کہ ہندوستان کی کسی جماعت میں حقوق طلبی کی ایسی مردانہ وار لہیت نہیں جیسی مٹھی بھر افراد پر مشتمل قوم شیعہ میں۔

کا عظیم کے بار گراں کا خیال۔ ذرا آنکھ لگی تو تاروں کی چھاؤں میں نکلو نکلو کی ... ہم لوگ آنکھیں ملتے ہوئے اٹھے، "کیا ہے"، ایک نمبردار قیدی، دوسری بیرک ... کا۔ اپنا اپنا کمبل بٹا اٹھاؤ۔ جمعدار جیل مسٹر ڈیڈلے معہ اپنے رفقاکے بھی آموجود ہوئے۔ آپ کو دوسری بیرک میں چلنا ہوگا۔ سب کے سب تیار ہوگئے بشیر ننگے پاؤں نیکر پہنے بال اجڑے گر چہرے پر ... نمایاں ہنستے کھیلتے ہلوگوں کے ہمراہ قیدی یا یوں کہوں کہ ... بیرک نمبر سوم پر گردہ میں لائے گئے یہاں ... میدان تھا۔ جگہ دیکھ کر سب نے اطمینان کی سانس لی۔

اسیری کی دوسری صبح

تبادلہ کے بعد دن کو کچھ حضرات نے ہم سے بشیر احمد صاحب سے فرمایا کہ ان کو کچھ راشن دیا جائے تو بہتر ہے بشیر صاحب نے انتظام کے لئے چٹ لنگوٹ تو باندھ ہی لیا تھا۔ حکام جیل سے بھی ربط بڑھا لیا۔ اتفاقاً میرا ایک شاگرد سنٹرل جیل کے سٹور کا انچارج نکلا۔ بہرحال کوشش کی گئی آٹا اور دال وغیرہ منگایا گیا۔ کھانا پکانے کا انتظام نواب سکندر مرزا صاحب برادر نواب علی احمد صاحب کے سپرد کیا گیا۔ قید خانہ میں گھر کا سامان کہاں مہیا ہوسکتا تھا برتن وغیرہ آنے میں تھوڑی تاخیر ہوئی۔ دن ڈھلنے لگا، لوگوں نے بھوک بھوک پکارنا شروع کیا۔ نوبت بانیجا رسید کچھ اپنے تسلوں میں کچا آٹا لیکے اور گھول گھول کر پینا شروع کیا، کچھ کچی دال نکال لے گئے علیحدہ چولھا بنایا، انتظام میں تکالیف کا اضافہ ہوگیا۔ خدا خدا کر کے شام کو دال پکی۔ روٹیاں پکنا شروع ہوئیں دو چار توے سے نیچے نہ آنے پائیں کہ ایک صاحب لے اڑے اسی طرح کی بدنظمی برقرار رہی۔ دال پکنے نہ پائی کہ ٹوٹ پڑے دیگ الٹ دی، زمین پر گری لوگ اٹھا اٹھا کر کھانے لگے، ایک گروہ نے بھوک ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ سبب پوچھا۔ تو معلوم ہوا کہ وہ اور ان کے ساتھی یہاں کا پکا ہوا کھانا ہرگز نہیں

میں۔ پھر آپ کیا کرتے ہیں۔

قائدِ اعظم۔ جناب اشرف حسین صاحب وکیل جناب یوسف مین صاحب ...

ایک ہنگامہ سے لوگ ناراض ہو رہے ہیں

اسکے بعد ہم لوگوں نے سُنا کہ ہمارے قائدِ اعظم تقریر فرما رہے ... اگاہ کرتے ہوئے حقوق طلبی میں ثابت قدم رہنے کی تلقین فرما رہے ہیں ... صبح ہوئی تو لوگ شکایت کرتے ہوئے آئے۔ جناب یوسف صاحب ... ورنہ بُرا ہوگا۔

بشیر صاحب نے فوراً جلسہ کی گھنٹی بجائی، لوگ جب ... میں نے ... کی اہمیت اور اسکی ذمہ داریوں کے متعلق تقریر کی اور لوگوں کے شبہات ... ہمارے اسیروں کا مقصد صرف ایک ہے راہیں اگرچہ جدا ہیں مگر منزل ایک ہیں ... ہونا چاہیئے، پھر نصیر الملت نے میری تائید فرمائی آخر میں بشیر صاحب نے ... پرزور ... منتظمین ... سیروں کو منالیا۔

سب کی بے تکلفی اور شور و غوغا نے مجبور کیا کہ ہم لوگ جناب ... فوراً بی کلاس میں ... ہیں چنانچہ جب ہم لوگ ... گئے ... قتیل صاحب بیمار تھے انکو بھی وہیں بھیج دیا گیا

میرے اور بشیر صاحب، قائدِ اعظم نواب سلطان علی خاں ... جناب مرزا ضامن حسین صاحب کے لیئے بھی اگرچہ صاحب ڈپٹی کمشنر صاحب ... بی کلاس کے لیئے آگیا تھا مگر ہم لوگوں نے بعض مصالح کی بنا پر باوجود ... رکاوٹوں کے اپنے اسیروں ہی میں رہنا مناسب سمجھا۔

مولانا یوسف مرزا صاحب ۔ ہم نے اپنے حق کے لئے ایسی کڑی منزل اختیار کی کہ امید تو ہے کہ کامیابی ہو۔

میں ۔ مولانا، جب تک قوم کی بڑی ہستیاں ہماری آواز پر لبیک کہیں کامیابی مشکل ہو

مولانا ۔ ضرور لبیک کہیں گی آپ مایوس نہوں۔

اسی اثناء میں اسیروں میں نعرہ حیدری بلند ہوا، بیرک سے باہر نکلا تو دیکھا کہ ناصر الملۃ کے چشم و چراغ مولانا سید نصیر صاحب قبلہ تشریف لا رہے ہیں تاریک دنیائے امید روشن ہوگئی ۔ مسرت کی ایک لہر دوڑ گئی بڑھ کر استقبال کیا اسیر ہاتھوں ہاتھ بیرک میں لائے جس کو دیکھئے کہتا چلا آتا ہے مولانا نصیر صاحب آ گئے ۔

واللہ مجھے بھی یقین ہو گیا کہ ایمان کی دنیا میں جب خطرہ کی گھنٹی بجے گی تو ہمارے مجتہدین کرام سب سے پہلے ہم سپاہیوں کے پشت پناہ بنیں گے۔

رات کا ایک واقعہ

دن گذرا شب آئی قائد اعظم کے بستر کے قریب نصیر الملۃ کا بستر لگایا گیا ۵ ½ بجے شام کو حسب معمول گنتی ہوئی، بیرک مقفل ہوئی، ہم لوگ پہلو کی بیرک میں علیحدہ بند کئے گئے باتیں شروع ہو گئیں ۔ ۱۱ بجے رات کو قائد اعظم کی بارک میں ایک شور ہوا، بشیر صاحب اٹھنے میں اٹھا پوچھا کیا واقعہ ہے کیوں شور ہو رہا ہے۔

قائد اعظم : کچھ نہیں جناب یوسف صاحب جو اپنے کو سوشلسٹ بتلاتے ہیں یہاں لکچر دے رہے ہیں اسیروں سے فرما رہے ہیں کہ تم لوگ ناحق بند ہو گئے، میں یقین دلاتا ہوں کہ ۱۲ ربیع الاول کو مدح ثلاثہ کا جلوس اٹھ جائے گا اور ہم لوگوں کا جیل آنا بیکار ہوگا

جب مقدمات ختم ہوے تو اب قید کی بابت گفت وشنید شروع ہو گئی - "یار سزائے سخت ہے یا سزائے محض " میں اور بشیر صاحب عمداً چند مصالح کی بناء پر جواب دیدیتے۔ سیاسی قیدیوں کو سزائے سخت کیوں دی جائے گی۔ سزائے محض ہے ۔ گھبراؤ نہیں مشقت کرنا نہیں پڑے گی لیکن بھی جیل میں ہو ممکن ہے کوئی ہلکی سی مشقت دیدی جائے تو گھبرانا نہیں " بالکل نہیں گھبرانا کاہے کا " اگر چکی ملے گی تو بھی پیسیں گے ہاں ایک بات تو اور بتائیے - کپڑے ہم اپنے ہی پہنے رہیں گے یا جیل کے ؟ ارے بھئی جیل کے کپڑے جیل کا کھانا جیل کی سختیاں ہی ہماری سوتی ہوئی قوم کو جگا سکتی ہیں ۔ لطف تو اسی میں ہے کہ ہم اصلی قیدی معلوم ہوں " بیشک ٹھیک ہے "

اسیروں کے بستر اٹھے ، سنٹرل جیل سے ڈسٹرکٹ جیل میں تبادلہ ہوا ۔ اسی روز شام کو جناب نواب علی احمد صاحب ، نواب مشرف حسین صاحب ، نواب پپو صاحب کی قیادت میں ایک دستہ سو مجاہدوں کا لکھنو سے میرٹھ جیل منتقل کیا گیا - جانیوالے نہایت خندہ پیشانی سے صعوبتوں کو گلے کا ہار کئے ہر مصیبت برداشت کرنے کے لئے سفر کے لئے تیار ہو گئے ، یہ وہ جتھا تھا جسنے اپنے بعد آنیوالے کے لئے منزل کی تمام مشکلات آسان کر دیں - اب اسیر ڈسٹرکٹ جیل میں رہنے لگے -

بیرونجات کے "مجاہد"

تازہ کر دی کربلا والوں کی یاد   اے اسیران حسینی " زندہ باد "

جیل آکر مجھکو اپنے آقا و مولا حضرت عباس علیہ السلام کے اعجاز کا یقین کامل ہو گیا ضمیر میں کمزوری تھی ، قید خانہ کی کسوٹی پر آتے ہی ایمان میں مضبوطی آگئی اب زیادہ پختگی پاتا ہوں - ۲۹ مارچ یوم پنجشنبہ کو جب میرے اراکین نے تبرا ایجیٹیشن شروع کرنے کا حکم دیا میں اس کا نتیجہ "........" کو سمجھکر حضرت عباسؑ کی درگاہ گیا علم پکڑ کر یہ دعا کی " مولا ہم سب

سنٹرل جیل میں ۳ یا ۴ روز قیام کے بعد معلوم ہوا کہ مع تلاشہ ڈالے رہا کردیئے گئے، ڈسٹرکٹ جیل خالی ہوگئی۔ ہم لوگوں کو بھی واپس جانا ہوگا، ہمارے ڈسٹرکٹ جیل میں منتقل ہونیکے ایک روز قبل جناب علی احمد صاحب نواب فرید دن مرزا صاحب نواب چھو صاحب ا... ز ... رہیوں کے مقدمات ہوئے اور ان سب کو باقاعدہ سزائیں بھی ہوگئیں۔ اس روز جناب نواب چھو صاحب علیل ہوگئے تھے، حرکت قلب کی ... شکا... شروع ہوگئی تھی۔

مقدمات کی پیشی پر جانے سے پہلے گنتی کے سب اسیر ایک بیرک میں جمع ہوئے بشیر احمد صاحب نے بڑی مدلل اور بامعنی تقریر میں اسیروں کی اسیر ... کو ... یا اور ایک بڑی زبردست منطق کے بعد دلائل و براہین پیش کرتے ہوئے اس نتیجہ پر سب کو پہنچا دیا کہ چاہے عمر بھر قید میں رہنا ہو مگر جب تک تبرا کا مذہبی و شہری حق حاصل نہ کرلیں گے جیل سے باہر قدم نہ نکالیں گے اسیروں کو انکی تقریر سے تقویت پہنچی، دل مضبوط ہوگئے۔ پھر مقدمہ کی فہرست کے مطابق ... ایک کو بلایا۔ اور مولوی مرزا یوسف حسین صاحب کے ہاتھ پر قسم لی گئی "میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں کہ قید کی سختیاں اوٹھاؤں گا آفتیں سہوں گا مگر معافی مانگ کر جیل سے باہر نہ جاؤں گا" حلف کے بعد عدالت کی جانب سے سوالات کے جوابات بتائے گئے "(تبرا پڑھا)" ہاں پڑھا! (کہاں پڑھا؟) شاہراہ عام پر" **عدالت**۔ شاہراہ عام پر پھر پڑھو گے؟ ضرور پڑھیں گے"

عدالت۔ قانون کی خلاف ورزی کی۔ "ہاں کی"

اس استقلال اور ولولہ انگیز تیاری کے بعد اسیروں کے مقدمات شروع ہوئے بشیر صاحب بحیثیت وکیل کے پیروی مقدمات کے لئے موجود، سزائیں شروع ہوگئیں جو حکم سن کر آتا ہے ہنستا اور کھیلتا، "کیا ہوا" "۴ مہینے کی سزا اور ۵۰ روپیہ جرمانہ تبرا کی قیمت۔ درصورت نہ ادا کرنے اس قیمت کے ڈیڑھ ماہ قید مزید"



مجاهدین سندهه



سپاہ عباسیه ۔ اسیروں کي خدمت میں مشغول هے



مجاهدین تیره اسمعیل خاں و بنگش متبسم تیرا



سید محمد یوسف شاہ صاحب و سید امیر حسین شاہ صاحب ذاکر کي قیادت میں مجاهدین هزاره و سندهه

اپنے نزدیک نااہل و ناتجربہ کار ہیں ۔ ہماری قوم کے لیڈر اس نازک موقع پر ہمارا عملی ساتھ دینے سے قدرے گریز کرتے ہیں ، مدح ثلاثہ ہمارے سروں پر عذاب کیطرح نازل ہے حکومت اغیار کی جانب دار ہے ۔ ہم اپنے ذہن اور اپنی عقل کے مطابق آج سے دشمن . . . . . شروع کرتے ہیں ۔ ہمارے نزدیک بغیر ہماری قربانیوں کے اس عذاب عظیم کا رد نہیں ہوسکتا . . . . . خطرہ میں ہے وہ راہ حق جو آپ نے اپنی قیمتی قربانی سے پاک وصاف کی تھی مسدود کی جارہی ہے ہماری ہمتیں آپ کے نام کیساتھ بلند ہیں مگر ہمارے منہ بولے مددگار پست خیال و پست ہمت ہیں ہماری امداد سے انکار کرتے ہیں ، ہماری آواز پر خاموش ہیں ہم آپ کا نام لیکر اپنے . . . . . کیساتھ قانون شکنی شروع کرتے ہیں مولا اب . . . . آپ کو سونپے ۔ ہم تو جیل جاتے ہیں آپ جانیں اور آپ کا کام ؛

خدا کی قسم یہ دعا قبول ہو کے رہی چاہے آپ اسکو معتقدات ہی میں ایک عقیدہ کیوں کہیں مگر آج مجھے یقین ہے کہ جب میں دعا کر رہا تھا تو میرے آقا ابو الفضل العباس سُن رہے تھے اور شاید یہ فرمارہے تھے تجھکو اپنی اور اپنی ہمراہیوں کی کمزوری کا احساس ہے مگر اُٹھ اور قدم آگے بڑھا ہم تیرے پشت پناہ ہیں تو جو کام ہماری اعانت طلب کرکے شروع کرے گا اسکو ہم کامیابی کی منزل تک پہنچائیں گے ۔

تجربات بتاتے ہیں کہ دعا قبول ہوئی اور ضرور ہوئی ، ہمارا میدان عمل میں آنا تھا کہ شیعی ہند کے ایک گوشہ سے دوسرے گوشہ تک تاثرات کی بجلی دوڑ گئی ، معلوم ہوا کہ ہمارے مقید ہونے کا حال کسی غیر معمولی پوشیدہ طاقت نے براڈ کاسٹ کردیا ۔ ہر طرف سے لبیک لبیک کی صدائیں آنے لگیں آپ فرمایئے تو تھوڑا سا فخر کرلوں کہ میں نے اور میرے اراکین نے ۱۲ صوبوں کے دارالسلطنتوں میں قائم کئے ہوئے شیعی اداروں کی ذمہ داروں کو تار اور خط بھیجکر اپنے ارادوں سے

آگاہ کردیا تھا اور ان سب شروع کئے جانیوالے ایجی ٹیشن کے متعلق امداد چاہی تھی مگر توبہ استغفار جن گوشوں سے مجاہدوں کا سیلاب پر سیلاب چلا آرہا ہے وہاں ہمارے پروپگنڈا کی ہوا ابھی نہ پہونچی ہوگی۔ نہ ہمارا کوئی دوسرا ادارہ اس سلسلہ میں فخر کرسکتا ہے اور فخر کیا کرے گا ان میں سے کیکو توجہ ہی نہ تھی وہ تو سب کے سب چین کی بانسری بجارہے تھے۔ بہرحال اس ایجی ٹیشن میں جسکی مثال تاریخ شیعہ میں واحد ہے ہندوستان کے گوشہ گوشہ سے مجاہدین آنا شروع ہوگئے۔

زندہ باد مجاہدین صوبہ ”سرحد“

اے کرم اور بنگش کے جانباز سپاہیوں تمہاری دلیری کے لئے ہندوستان کی پرانی تاریخ کافی ہے تم نے شیعوں کی اس جنگ میں حصّہ لیکر ان کی زندگی کے معیار کو بلند کردیا۔ تمہاری ہمّت پر آفریں تمہا ... ایک ... فرد نے کم ازکم پچاس پچاس روپیہ صرف کرکے اپنے حسینی جذبہ کو ثابت کردکھایا۔

زندہ باد شیردِلان ”پنجاب“

اے بہل ضلع میانوالی۔ ریاست بہاول پور۔ راولپنڈی۔ ساہیوال ضلع شاہ پور فیروز بلور بٹالہ۔ گرداس پور۔ موگا۔ گجرانوالہ۔ قصور۔ لاہور۔ دوکوہا سادات۔ پرست اور انبالہ کے شیعہ مجاہدو! تمہاری دلیری اور ہمّت جا... گر ... ام پر روشن ہے تم نے ......
تو اغیار کی حمایت میں جانیں نثار کردیں۔ کیسے ہوسکتا تھا کہ اپنوں کے لئے تم سفر کی صعوبات تکالیف برداشت کرکے محاذ حسینی ”تنظیم المومنین“ سے اپنی قیمتی قربانیاں شیعہ مذہبی اور شہری حقوق کے لئے پیش نہ کرتے۔ تمہاری دلیری اور استقلال سے یہی امید تھی۔ تمہاری ان جانفشانیوں



مجاہدین جھنگ



سردار غلام عباس شاہ و مخدوم ریاض حسین صاحب
کی قیادت میں مجاہدین جھنگ



مجاہدین ڈیرہ اسمعیل خاں



بہادران پنجاب کا مقدمۃ تبرّا

اے رؤساء، امراء و باشندگان آگرہ۔ امروہہ۔ بارہا۔ جون پور۔ فیض آباد۔ زید پور۔ سہارنپور مبارک پور۔ اعظم گڈھ۔ اورنگ آباد۔ کان پور۔ ستیاپور۔ فتحپور۔ شنکاپور۔ کراری۔ الہ آباد۔ نوگاواں سرسی۔ تمہارے اشتراک عمل نے شیعہ مفاد کو ایک تازہ زندگی بخشی۔ ہندوستان کی کوئی سیاسی تاریخ تمہارا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

نواب زادگان جانسٹھ "زندہ باد"

نواب سید ضیغم علی خاں، نواب سید سجاد علی خاں، نواب سید میر رضا خاں۔ نواب سید خالق حسین صاحبان کی قیمتی اور بیدریغ قربانیاں قوم شیعہ کے لیئے قابل صد افتخار ہیں۔

شیعیان بہار "زندہ باد"

روسائے چھپرا۔ سارن۔ حسین آباد۔ مظفرپور۔ پٹنہ۔ کھجوہ کی بیش بہا قربانیوں پر محاذ حسینی تا ابد الآباد فخر کرے گا۔ مبارک ہیں وہ ہستیاں جنھوں نے تنظیم المومنین کی فریاد سنتے ہی اپنے قدم گھر سے باہر نکالدئے کہ قوم شیعہ کا وقار ہمیشہ کے لیئے قائم و مضبوط ہوجائے۔

آفرین اے شیعیان بنگال،،

تمہارے کارنامے اودھ میں یادگار رہیں گے تم نے لکھنؤ کی گذری ہوئی وقعت کو واپس لیلیا۔ تمہاری قربانیوں میں فرینک حسن اور مرزا بشیر حسین کی قیمتی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائنگی

آخری تاجدار "اودھ" کی نشانیاں

مبارک ہو اے شاہزادگان اودھ تم نے جیل آکر اودھ اور خاص کر لکھنؤ کے باشندوں کے دل ہلادئے۔ کیوں نہو۔ شیعوں کی آزادی کے لیئے ۱۸۵۷ء کے ہیرو نے قید و بند کی سختیاں اوٹھائیں آج تم سب نے ۱۹۳۹ء کے ہیرو بن کر نہ صرف اپنی آبائی روایات کو تازہ کیا بلکہ شیعہ تحفظ حقوق کے لیئے جیل کی صعوبات گوارا کیں۔

اور مذہب حقہ کے تحفظ کے لئے قربانیوں کا صلہ حضرت عباس علیہ السلام دینگے۔

نواب زادہ حسین علی خاں "زندہ باد"

کیا ہندوستان کی کوئی سیاسی جنگ تمہاری سی مثال پیش کرسکتی ہے؟ کیا کوئی مادرِ وطن کا بیٹا یہ بتا سکتا ہے کہ ہندوستان کی جنگِ آزادی میں کسی والی ریاست نے ایسا کھلم کھلا حصّہ لیا ہو یہ تمہاری ریاست مالیر کوٹلہ کے لئے مخصوص ہوگیا۔ اور شیعی ہند کی تاریخ میں تمہارا نام علی حرفوں سے لکھا جائے گا۔

آفرین اے دلیران "سندھ"

سید محمد نواز شاہ صاحب پنشنر افسر مال، فرز ... حسن بخش صاحب گردیزی بانی باب العلوم، قوم کا ہدیہ تبریک قبول کرو۔ تمہاری قربانی قابل رشک ہے تمہارا ملتان سے سفر تمہاری اہلبیت سے محبت کا بیّن ثبوت ہے۔

کراچی وحیدر آباد سندھ کے دلیرو تمہاری حسینی مشن پر قربانی شیعوں کی بیداری کی معین ہے مبارک اے گرگا وال پانی پت کرنال کے حسینی سپاہیو! تمہارے آباؤ اجداد نے اپنی دلیری سے تاریخ ہند کو ایکبار سے زیادہ نمایاں کیا تمنے تبرا ایجی ٹیشن میں حصّہ لیکر اپنی تاریخ کو دوہرایا۔ قوم تمہارے احسان سے کبھی سبکدوش نہیں ہوسکتی ہے۔

زندہ باد" سید مطیع احمد صاحب میونسپل کمشنر سونی پت و سید سعید الدین حیدر صاحب رئیس سونی پت۔ لکھنو کی سرزمین آپ کے کارناموں کو ہمیشہ دوہراتی رہے گی۔

ممالک متحدہ کے مجاہدو

لکھنو کی آواز پر لبیک کہکر تمنے حسینی مشن کو کامیابی کی منزل تک پہنچا دیا۔ زندہ باد



" تنظیم کی اُجڑی نگریا "
پر مجاہد اعظم کی تقریر



محاذ حسینی تنظیم پر مجاہد اعظم بشیر
احمد رضوی



ماہ جون میں محاذ
حسینی تنظیم پر والنٹیر
سپاہ عباسیہ کنوئیں سے
پانی بھر رہے ہیں

زندہ باد۔ انظر ناسمہ بنگالہ کی یادگارو

پرنس محمد علی مرزا صاحب پرنس یٰسین علی مرزا صاحب صاحبزادہ نواب سید علی مرزا صاحب صاحبزادہ نواب منور مرزا صاحب۔ صاحبزادہ نواب سید مصطفی علی مرزا صاحب۔ صاحبزادہ ناظم علی مرزا صاحب۔ صاحبزادہ نواب صادق علی مرزا صاحب۔ صاحبزادہ ... بہادر صاحبزادہ نواب شبیب علی مرزا صاحب۔ صاحبزادہ نواب قدرت علی مرزا صاحب بہادر۔ آپ نے جیل میں آکر بنگال اور اودھ کے دیرینہ اتحاد کو تازہ کردیا۔ آپ کی قیمتی قربانیاں تبرا ایجی ٹیشن کے لئے قابل صد افتخار ہیں۔

زندہ باد ... تجار بمبئی

تمہاری قربانیاں ہندوستان کی بیش قیمت قربانیوں کا مقابلہ کرتی ہیں۔ تم نے ... برداشت کئے مگر نام حسینؑ کو بچانے کے لئے کیسی دلیری سے سینہ سپر ہوگئے۔ کون شیعہ تمہارے قیمتی وقت۔ تمہارے کاروبار اور گرفتاریوں کے بعد عظیم نقصانات کو فراموش کرسکتا ہے مظلوم کربلا تمہارے انمول ایثار کا ضرور صلہ دینگے۔

نواب زادگان پنڈراول زندہ باد،،

کنور علی محمد خاں صاحب۔ کنور سبطین محمد صاحب کنور حسین احمد خاں صاحب کی گرفتاریاں اور تحفظ مذہب کے لئے قربانیاں شیعوں کی زندگی کی بے پناہ مثالیں ہیں۔

مجتہدین کرام جیل میں

شمس الملۃ مولانا مولوی سید ابن حسن صاحب قبلہ شمس العلماء مولانا کلب حسین صاحب قبلہ دام اجتہادہ کا خاندان مولانا سید حسین صاحب قبلہ مجتہد فرزند مولانا ہادی ... مرحوم نے جیل میں آکر شیعہ مفاد اور شیعہ

مذہب اور شیعہ سیاست کی کڑیاں مضبوط کردیں۔

واعظین اور مبلغین کا ایثار

تبلیغ اسلام کے درج رواں اور فلسفہ شہادت کی بسم مولانا سید آغا مہدی صاحب قبلہ لکھنوی۔ مولانا حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ مبلغ مدرسۃ الواعظین۔ مولانا سید ابن حسن صاحب قبلہ نونہروی۔ مولانا سید جعفر حسین صاحب۔ مولانا ابو محمد صاحب قبلہ امام جمعہ مالیر کوٹلہ۔ مولانا سید تنویر رضا صاحب ... امام جماعت بمبئی۔ مولانا آغا سید زاہد حسین صاحب امام جماعت پہر سرکھیرت پور۔ فاتح ٹکسلا مولانا محمد بشیر صاحب قبلہ۔ مولانا سید ابرار حسین صاحب قبلہ بارونی۔ مولانا سید اظہار حسین صاحب شروانی سارن۔ قاری سید ہادی حسن صاحب رضوی کا ایثار دنیائے تبلیغ و وعظ میں یادگار رہے گا

مداحان اہلبیت کی قربانیاں


یادگار خاندان میر انیس مرحوم جناب سید ظفر حسن صاحب عرف بابو صاحب فائق و جناب دارحسین صاحب یادگار خاندان دبیر مرحوم۔ جناب سید سجاد حسین صاحب شدید یادگار خاندان میر عشق مرحوم۔ سید محمد صاحب مہذب آپ کی قیمتی قربانیاں قوم شیعہ کے لئے باعث فخر ہیں۔

مدیران و صحیفہ نگاران کا اقدام


اسی سلسلہ میں جناب ملک صادق علی صاحب مدیر اخبار شیعہ لاہور۔ سید دلبر حسین صاحب مسرور مدیر اخبار رضاکار لاہور۔ محمد عابد صاحب ایڈیٹر تمدیر نفیس آباد۔ جناب سید شہریار مرزا صاحب بی اے اڈیٹر اخبار گلشن لکھنؤ کا تبرّا ایجی ٹیشن میں عملی اقدام اور گرفتاریاں دنیائے صحافت میں تاقیامت ضرب المثل رہیں گی۔

ماہرین قانون کا جوش ایمانی

جناب سید علی ظہیر صاحب بیرسٹر۔ سید لطف حسین صاحب وکیل۔ مرزا جعفر حسین صاحب ایڈوکیٹ




فاتح قادیان مولانا حافظ کفایت
حسین صاحب تلاوت تبرّا فرماکر
جیل جارہے ہیں



شمس العلما مولانا ابن حسن صاحب
قبلہ و نواب نظیرالدین حیدر
صاحب اسیری کے لئے



مولوی ابن حسن صاحب قبلہ و
مولانا سید حسین صاحب قبلہ
تلاوت تبرّا کرکے جیل تشریف لئے
جا رہے ہیں



برادران اہل سنت تلاوت تبرّا
مظاہرہ کا معائنہ فرما رہے ہیں

محمد امیر صاحب تنکار پور بلند شہر۔ نواب اقبال حسین صاحب رئیس کانپور۔ سید حمید الظفر صاحب رئیس گکرولی۔ نواب قیصر علیخاں صاحب رئیس کان پور۔ سید علی حیدر صاحب رئیس بھدرسہ فیض آباد۔ نواب سید مرتضی حسین صاحب و نواب سید فرزند حسین صاحب رئیس کانپور۔ نواب رضا علیخاں صاحب رئیس فیروز پور۔ سید محمد یونس صاحب رئیس بارہ غازی پور۔ سید محمد تقی صاحب رئیس جرگاؤں متولی وقف عماد الدولہ۔ جناب رضی حیدر صاحب پی ایس سی رئیس زید پور کے معرکۃ الآرا اقدام نے یہ ثابت کر دیا کہ قوم شیعہ کا بہتر سے بہتر فرد تحفظ مذہب کے لیئے قید و بند کی سختیاں برداشت کرنے کو تیار ہے۔ (زندہ باد دستار ہند زندہ باد)

طلباء کا اصرار

زندہ باد اے شیعہ طلباء تم نے قوم کی بڑی ہمت افزائی کی۔ عملی قربانیاں اگرچہ تمہارے واسطے ابھی بالکل ناوقت تھیں مگر تم نے مچل مچل کر اپنے والدین سے جیل آنے کی اجازت لی اور گرفتار ہوئے۔ لیکن خدارا سیاست کی چلتی ہوئی آندھیوں سے ابھی دور رہنا تمہارے نازک دل اور نیم پختہ دماغ اس بار گراں کے حامل نہیں ہو سکتے۔ قوم کی جانب سے شیعہ کالج اور یونیورسٹی کے طلاب کو جنھوں نے قربانیاں پیش کیں۔ مبارک باد دو، مذہب کے تحفظ کیلئے

(نوٹ) جیل کے اذکار و حوادث سنہ یاد ہو دیتے اسمائے گرامی زبانی یاد رہ سکے وہ ان صفحات پر درج کرتا ہوں، مگر مجھ کو معلوم ہے کہ اس سے کہیں زائد روساء و زمیندار تعلیم یافتہ حضرات، علماء، شرفا، مجتہدین، مداحان اہلبیت نے اپنی گرانقدر قربانیاں پیش کرکے اور محاذ کو کامیاب بنایا۔ معافی چاہتا ہوں کہ ان مایہ ناز ہستیوں کے اسماء کا موزوں صفحات میں ذکر نہ لاسکا۔ انشاء اللہ جیل سے باہر نکل کر اعزازی فہرست مرتب کرکے ہدیۂ ناظرین کروں گا۔ جس سے اس عظیم الشان جنگ کا صحیح خاکہ ملے گا۔

سید قمر حسین صاحب رضوی وکیل۔ سید اشرف حسین صاحب وکیل۔ سید محمد رفیع صاحب ایڈوکیٹ مرزا محمود حسن صاحب وکیل۔ سید ناصر حسن صاحب وکیل۔ سید ولایت حسین صاحب ایڈوکیٹ الہ آبادی۔ سید منتجب حسین صاحب وکیل اناؤ۔ کی گرفتاریاں ان کے جوش ایمانی کا بین ثبوت ہیں

خطاب یافتہ حضرات کی قربانیاں


خان بہادر سید اسرار حسین صاحب رئیس بلگرام۔ خان بہادر سید تہذیب الحسن صاحب سابق میر منشی گورنر یوپی۔ کی گرانبہا قربانیوں نے ایجی ٹیشن کے اعزاز میں چار چاند لگا دئے

تعلقداران کی اسیری


راجہ حسن مہدی صاحب خویش سر مہاراجہ صاحب بہادر مرحوم محمود آباد۔ راجہ جعفر مہدی صاحب بی اے (اکسن) فرزند راجہ ابو جعفر صاحب مرحوم۔ سید ضیاء علی صاحب رئیس عبداللہ پور ضلع میرٹھ۔ سید ذکی حسن صاحب تعلقدار مصطفیٰ آباد۔ سید جعفر مہدی صاحب رئیس۔ راجہ منصف جہاں صاحب نورپور۔ کی اسیری شیعہ سرمایہ داروں کے لئے سبق آموز ہے۔

روسار کی پیش قدمی

سید شہامت علی صاحب رئیس لکھ آباد۔ سید محمد احمد صاحب رئیس مونک پور۔ سید اقبال مہدی صاحب رئیس نہٹور ضلع بجنور و منیجر کورٹ آف وارڈس۔ چودھری کاظم حسین صاحب رئیس ... سید عباد حسین صاحب رئیس جلالی۔ چودھری محمد حسین صاحب۔ چودھری انور علی صاحب۔ سید اختر حسین صاحب رئیس جون پور۔ سید حکمت علی صاحب رئیس جلالی۔ سید آفتاب حسین صاحب رئیس بیجہالی شہر۔ سید محمد اطہر صاحب رئیس کراری۔ مرزا عابد علی صاحب وائس چیرمین مسلم ایجوکیشنل کمیٹی المورہ۔ ناصر علی خاں صاحب رئیس چندیا مئو۔ جعفر علیخاں صاحب رئیس ہرس پور ستیاپور



مجاہدین الہ آباد



ضعیف مجاہد - نواب سید ظفر حسین خاں صاحب عرف نواب چھبن صاحب عمر ۶۵ سال - اعزاز ۲ ماہ قید محض - و جناب پیارے صاحب عمر ۹۰ سال - اعزاز ۳ ماہ قید سخت



صدر وارڈ کمیٹی تنظیم رکاب گنج - اعزاز ۳ ماہ قید سخت ۵۰ روپیہ جرمانہ



حامیٔ تنظیم مولانا سید سکندر حسین صاحب قبلہ اعزاز ۳ ماہ قید سخت ۵۰ روپیہ جرمانہ

محلوں سے زیادہ رکاب گنج کے بہت سے افراد جیل آگئے۔ مگر ۳۰ آدمی جب جیل آگئے تب میں سمجھا کہ میرے محلہ کی فہرست مکمل ہو گئی۔

مولوی صادق حسین صاحب

ایک مولوی سید صادق حسین صاحب عرف مولوی ننّن صاحب جو صدر وارڈ کمیٹی ہیں اور تنظیم المومنین کے حامی سرپرست بلکہ جاں نثار سپاہی۔

مولوی سکندر حسین صاحب

دوسرے مولوی سکندر حسین صاحب عرف مولوی بنّن صاحب جو رکن مجلس ...

ان کی ذات بھی تنظیم المومنین کے ... ہمیشہ مفید ثابت ہوئی۔

نواب ظفر حسن صاحب

تیسرے نواب ظفر حسین خاں صاحب عرف نواب چھبّن صاحب جو میرے مربی بہت ... شفیق اور انجمن کے بڑے معین ہیں۔

مولوی ... جب مولوی بنّن صاحب آگرہ کی جیل میں منتقل کر دیئے گئے اور میں بھی انکے بزرگانہ مشوروں سے محروم کر دیا گیا۔ نواب چھبّن صاحب جس روز جیل آئے ہیں اسی روز میں بدقسمتی سے سنٹرل جیل میں منتقل کر دیا گیا۔ مجھے افسوس ہے کہ میں ان بزرگ کی کوئی خدمت نہ کر سکا

سید صلاح الدین حیدر


ایک ... جیل میں بیٹھے بیٹھے عزیزی صلاح الدین کو یاد کرتا تھا ۱۵ اپریل کو جب میں ڈسٹرکٹ جیل چھوڑ رہا تھا وہ مع اپنے چند رفقا کے جیل آ ... صرف اتنا ہی پوچھ سکا کہ اب تک کہاں تھے؟ اور جواب بھی صرف اسقدر سن سکا کہ مقدمات میں الجھا ہوا تھا۔ بس ڈپٹی جیلر نے حکم دیا چلئے۔ خاموشی سے اسکے ہمراہ روانہ ہو گیا۔

جیل آنیو ے

۱۴ ہزار کی قربانی اور جذبۂ ایثار سے کس کو انکار ہو سکتا ہے۔ بیرونجات کے مجاہد جس استقلال اور پامردی سے تبرّا ایجی ٹیشن میں شریک ہوئے اس سے ان پر اور ان کی دیانت پر لمحے بھی شبہہ کرنا غداری کرنا ہے۔ وہ دامے، درمے، سخنے، قدمے شریک ہوئے۔ اور شریک ہو رہے ہیں صعوبات سفر برداشت کئے۔ گھر چھوڑا۔ بار چھوڑا۔ بچوں کو خدا کے سپرد کیا۔ نام حسینؑ پر مجاذ حسینی سے اپنی بیش بہا قربانیاں پیش کیں ایسے مجاہدوں کی شیدائیت کا کیا کہنا۔

گو مقامی مجاہدوں کے متعلق تجربہ نے چند نکات بتائے جو یادداشت آئندہ کے لئے ان اوراق میں درج کر دینا ضروری ہیں۔ یہ ایجی ٹیشن تو شیعوں کے لئے پہلی منزل تھی اسی منزل سے سباق حاصل کر لینا تاکہ آئندہ محاذوں میں کوئی کمزوری نہ آنے پائے ضروری ہے۔ موجودہ جنگ کے نتائج کچھ بھی ہوں لیکن اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانا مستقبل کے مسائل کی بنیادوں کو مضبوط بنانا ہے۔

میں نے جیل میں آنیوالے مجاہدوں کے جذبات کو ٹٹولا تو یہ پایا کہ ۵ فیصدی اس خیال میں اسیر ہوئے کہ ممکن ہے کہ انکے جیل جانے کے چند ہی روز کے اندر اس جنگ کا کچھ نہ کچھ فیصلہ ہو جائے۔ چند ذی اثر اور صاحب اقتدار کو قربانیاں پیش کرتے دیکھا اور یہ خیال دامنگیر ہوا کہ چلو تم بھی چلو فلاں صاحب جا رہے ہیں اسکے معنی یہ ہیں کہ اب گورنمنٹ کو جلد کوئی فیصلہ کرنا ہوگا مگر مجھے ایسے آنیوالوں پر افسوس ہوا کہ بیچارے مفت مغالطہ میں آ گئے۔ ان کو یہ نہیں معلوم کہ حکومتیں جلد اور آسانی سے ایسے ایجی ٹیشنوں سے مرعوب نہیں ہوتیں۔ اور



تنظیمی شیر - سلاخوں میں




تنظیمی شیر - جیل کی کوٹھری میں



مولوی سید محمد صاحب قبلہ
دہلوی تقریر فرما رہے ہیں



ناصر حسین صاحب بی - اے - ال - ال - بی وکیل
عباد علیصاحب بی کام - نجم آفندی
محمد علی مرزا یادگار ناظم بنگالہ



روساء یو پی جیل میں

دانشوران کا اطمینان سبق آموز۔ ان کا لب و لہجہ قابل مدح۔ اُن کی ثابت قدمی قابل تحسین۔ درحقیقت ایسے ہی شجاع شیعہ مذہب اور شیعہ سیاست کے محافظ بن سکتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اُن کا یہ پہلا قدم مستقبل کے بہت سے حضرات نہیں فیصلہ کن قدم ہوگا۔

" زندہ باد ۔ اسیران تبرّا زندہ باد "

"حقیقی جیل کے واقعات"

شب میں ٹہلتے ٹہلتے اسیروں کے کیمپ میں پہونچا جہاں دیکھا لوگوں کی ٹولیاں ادھر اور ادھر بیٹھی ہوئی ماتم کر رہی ہیں گو چونکہ جیل کے قوانین کا احترام بھی منظور تھا اسلئے ماتم با آواز بلند نہ تھا۔ ہر فرد پر ایک وجدانی کیفیت طاری تھی۔ گریہ گلو گیر تھا ماتم کرتے تھے اور روتے تھے معلوم ہوتا تھا کہ ... کی نظروں کے سامنے کربلا کا میدان الحرم کے خیام کا نقشہ منظلوم کربلا اور شہدائے کربلا کی تصویریں پھر رہی تھیں۔

ان میں زیادہ تر وہ مسافر تھے جنھوں نے اپنے سینوں میں محبت اہلبیت پوشیدہ کی۔ اپنا پیسہ خرچ کیا اپنے عزیز بچوں کو داغ کہا۔ دور دراز کا سفر طے کیا اور اپنے آپ کو جیل میں بند کرا دیا۔ ہائے! ان کے حقیقی جذبہ کی ترجمانی امر محال ہے۔

اسیروں میں اک ضعیف بینی بوڑھے کا ذکر کرتا ہوں" سنئے۔

میں . آپ کہاں ... ... آئے ہیں؟

بوڑھا. ... ... ماہ سے ایک ... مرض ... ... میرے عزیز مجھے ... کہ تم جیل نہ جاؤ بیمار ہو مگر میں نے اُن سب سے یہ کہا کہ میرے آقا و مولا سید سجاد مجھ سے تھے ان کو یاد کرو۔ وہ حق پرست تھے مجھکو بھی مذہب حقا کی حفاظت منظور ہے۔ میرا جیل جانا

اگر جھکتی بھی ہیں تو صحیح فیصلہ پر پہنچتے پہنچتے کافی مدت صرف ہو جاتی ہے کسی کو نہیں معلوم کہ ایسے معاملات کب، کیونکر اور کتنی مدت میں طے ہو سکتے ہیں۔ دس فیصدی ایسے بھی جیل آ گئے جو بذات خود آنا نہیں چاہتے تھے مگر یا تو عزیز داری کے اثر سے یا دوستی کے دباؤ سے مقید ہو گئے جو اب چند یوم جیل میں گذار کر پریشان ہیں اور کسی نہ کسی طرح گلو خلاصی چاہتے ہیں۔ میں ہر دو قسم کے آنے والوں کو اس مقدس کام میں مخرب سمجھتا ہوں گو کہ نا تجربہ کاری اور غیر دانشمندی [illegible] عافیت تلاش کر سکتی ہے لیکن سوسائٹی ان کے اس تجاہل کو جرم قرار دے گی۔ جو ہرگز قابل عفو نہیں ہو سکتا۔

دس فیصدی ایسے ہیں جو جیل کی سختیاں برداشت کرنے کے قابل نہیں مگر یا تو اولاد کی محبت یا بھائی کی چاہت میں اس ایجی ٹیشن کا شکار ہو کر جیل آ گئے۔ میرے نزدیک یہ الفت قابل ملامت [illegible] ان کو قوم [illegible] اور قوم کے مفاد کا پہلے لحاظ رکھنا تھا۔

اس میں کلام نہیں [illegible] افراد قید و بند کی حالت میں بھی خاموش ہیں اور ظاہر یہ ظاہر خدانخواستہ ان میں کسی لغزش [illegible] نہیں پائی جاتی مگر انکے اداس چہرے بھکی بھکی باتیں بتاتی ہیں کہ موجودہ زندگی انکے لئے وبال [illegible] گو کہ جیل کے باہر ہی رہ کر قوم کی دوسری اہم خدمات انجام دینا تھیں جو شاید ان کے اسیر ہونے سے معارض خطر میں آ گئیں

ہاں ۵۰ فیصدی ایسے ہیں جو جنگ کے آغاز و انجام سے واقف ہر سرد و گرم برداشت کرنے کو تیار۔ جیل کی ہر سختی پر لبیک۔ ہر مشکل میں لبوں پر مسکراہٹ۔ ہر مصیبت پر چہرے بشاش معلوم ہوتا ہے کہ یہ مظلوم کربلا کے سچے شیدائی۔ ایمان کے دلدادہ۔ حق کے متلاشی ہیں جیل میں۔ ان کو دنیا و مافیہا سے مطلب نہ آل اولاد کا غم نہ گھربار کا اندیشہ حسینی لشکر کے سپاہی بنکر گھر سے یہ تہیہ کر کے چلے ہیں کہ جب تک دشمنان اہلبیت پر فتح نہ پالینگے واپس آئینگے۔

میں ۔ آپ [illegible] میں بیمار ہیں زمین پر لیٹنا دونوں وقت صرف چنے کھانا۔ دھوپ میں تپتے ہوئے خیام میں جلتی زمین پر رہنا آپ کے مرض کو بڑھا دیگا میرے نزدیک آپ کے لئے یہی سزا کافی ہے۔

بوڑھا (رو کر) آپ مجھے کبھو [illegible] ۔ آپ کی عنایت کا شکریہ مجھکو میرے حال پر چھوڑ دیجیئے۔ صرف اتنا خیال [illegible] مجھکو رہا کرانے میں کامیاب ہونے پائیں میں ہرگز ہرگز جیل [illegible] گا۔

[illegible] کو چند سنگترے جو اتفاقاً بیماروں [illegible] منجانب انجمن مہیا کئے گئے تھے دیکر معافی چاہی اور عرض کیا کہ میں بھی جیل [illegible] اور آپ بھی افسوس کہ کما حقہ آپ کی تیمارداری نہیں کر سکتا۔

ضعیف [illegible] رونے لگا " زندہ باد قوم کے [illegible] العمر زندہ باد " اور زندہ باد دلے بیمار سے " تم قوم کی ڈوبتی ہوئی ناؤ کے کھویا ہو " تمہاری بزرگی باعث برکت ہے۔

ایک دوسرے ضعیف اسیر کے چند کلمے بجنسہٖ نقل کرتا ہوں جو سزا ہونے کے بعد اس غریب نے اپنے بچوں کو لکھے اس خط سے [illegible] ہوگی اور اسیر کی غربت کا پتہ چلے گا۔

خط بنام دوست علی

گذارش [illegible] میرا [illegible] زیادہ نہ خرچ کیجیئے مجھکو کچھ دکھ نہیں، میرے بچوں کو آرام [illegible] کہنا۔ لاچار ہوں۔ اس کی خاطر قید خانہ میں ہوں میرے دکھی بچوں کو فری بچائیں گے [illegible] باقی خیریت [illegible] سزا ہو گئی۔

نیاز حسین ساکن گوری خالصہ تھانہ قاسم پور (ضلع ہردوئی)

ضروری ہے۔

میں ۔ آپ ہسپتال میں داخل ہو جائیے۔

بوڑھا ۔ جیل کو ہسپتال سمجھ کے داخل ہوا ہوں۔ رسول کے بعد اسلام کفر و کذب کے مرض میں مبتلا ہوا۔ اہلبیت اطہار نے جیل کی سختیاں خود برداشت کرکے اس مرض کے لئے دوا تلاش کی۔ وہ دوا نہایت موثر و مفید ثابت ہوئی۔ میرا مذہب بھی بیمار ہو چکا تھا میری قوم کی تنظیموں نے بڑی نباضی کی۔ تندرستی اور زندگی کر ... جیل تجویز کی میں بھی اسی دوا سے اپنے مرض کی شفا پاؤں گا۔

"اللہ اللہ رے خلوص"

میں ۔ آپکی ہمت مردانہ سے ہمارے دل موثر ہیں۔ میں جیل کا ڈاکٹر بلاتا ہوں۔

بوڑھا ۔ نہیں! نہیں خدارا مجھکو اپنے مظلوم امام سے لو لگانے دیجئے۔ وہی مجھکو شفا دینگے

میں ۔ آپ کے اعزا۔

بوڑھا ۔ خدارا ان کے متعلق مجھ سے کچھ نہ فرمائیے۔ وہ بے چین ہیں۔ عنقریب وہ لکھنؤ آئینگے مجھے معلوم ہے کہ ان کا ارادہ ہے کہ وہ میرے لئے میڈیکل بورڈ بٹھائینگے اور چاہیں گے کہ میں جیل سے نجات پا جاؤں لیکن آپ سے دست بستہ مستدعی ہوں کہ آپ ان کو لکھئے کہ وہ میرے لئے ان سب سود ... ۔ ... میں ہرگز جیل سے نہ جاؤں گا یا اسوقت جاؤں گا جب میرے شیعوں کو ... مل جائے۔ کیا آپ جیلر سے سفارش کرینگے۔ کہ وہ مجھے بیڑیاں پہنا دے اور جیل کے کپڑے دیدے میں اپنے بیمار امام کی تاسی کرنا چاہتا ہوں۔ جیل میں اپنے آپ کو آزاد دیکھکر میرا دل کڑھتا ہے۔ میری بیماری میں اضافہ ہو رہا ہے۔

داز دے کر پکارتا ہوں کہ آؤ دیکھو یہ جوان رعنا اگر ایمان کے پختہ اور مذہب کے سچّے
وتے تو اپنے محل چھوڑ کر مجاہد حسینی بننے کی جرارت نہ کرتے۔ کیا ان کو لیڈری کا لالچ جیل لایا نہیں
ن کی سادگی۔ ان کی معصوم گفتگو بتاتی تھی کہ کچھ توانکے والدین نے ان کو جرارت دلائی اور
یادہ ان کا ہی ایمان تھا۔ الفت اہلبیت تھی جوان کو مقید ہونے میں معین ہوئی۔

ایک طرف کانوں میں اذان کی آواز آئی۔ سنا کہ کوئی بڑی خوش الحانی سے خدا کی
حدانیت، خاتم الانبیاء کی رسالت اور علی مرتضیٰ کی امامت کی تبلیغ کر رہا ہے۔ اذان سن کر ہو تر
ن اسیر آنکھیں ملتے ہوئے اُٹھے۔ کمبل بغل میں دبائے آئے۔ انھیں کو جائے نماز بنایا۔ اور یاد خدا
ے لئے استادہ ہوئے۔ جماعت شروع ہوئی اور قوم کی کامیابی کی دعاؤں پر ختم ہوئی۔ اسٹور کا
روازہ کھلا جگ جا... ا... النثیر ون کے شور کرتے۔ ابے تو نے میرا ناک میں دم کر دیا۔ اللہ
ن لکھنو والوں۔ ... پہونچے۔

چچا۔ سجاد۔ بول آج ناشتہ میں صبح کو کیا دیا جائے۔

میں۔ ... ستو اور شکر۔

چچا۔ ابے یار تو تو درشنی بنکر بیٹھا ہے لاٹ صاحب ہے۔ ستو شکر بانٹے گا تو مر جائیگا

میں۔ چچا۔ گجرانوالہ۔ بمبئی۔ جالندھر۔ ملتان وغیرہ کے مجاہد آئے ہیں انکو چنے کیا دیگا

چچا۔ ابے بھائی تراد یوالہ ہو جائیگا ... صرف مجھ ایسے بوڑھوں کو بانٹ۔

میں۔ آپ جانیں۔ جو مناسب سمجھیں کیجئے مگر دیکھئے کوئی ناراض ہونے پائے۔

چچا۔ آج ... اس سے کیا سامان آیا۔

میں۔ ۴ من ستو ۲ من شکر ۲ من گڑ ۲ بوری چنے اور ۲۰ ہزار بیڑیاں۔

چچا۔ اور کاغذ لفافے۔

واہ رے جذبۂ ایمانی غربت اور بچوں کی مفارقت ... کو گوارا ہے۔

جیل کی ایک صبح

اسیروں کو نیند کہاں آتی ہے۔ سنگلاخ زمینیں کمبل کا فرش اگر ۱۲ بجے رات کو دیکھا تو کروٹیں بدلتے پایا۔ پچھلی رات کو نظریں دوڑائیں تو بیسیوں کو تارے گنتے پایا۔ مگر ہر ایک کی بے چینی سے اطمینان کی حالت نمودار تکلیف کے ہر پہلو سے حقیقی آسائش کی جھلک ... ترے ہوئے چہروں پر مسکراہٹ۔ نیند بھری مخمور آنکھوں سے زندگی کے آثار آشکار۔ نماز سے پہلے ایک صبح کیمپ جیل کی طرف پہونچا تو دیکھتا ہوں کہ کچھ ... میاں لے لے کر صبح کی نیند پوری کر رہے ہیں شاید شب کے جاگے ہیں ادھیڑ او ضعیف اپنے خیمہ ... کر کچھ منہ دھونے میں مصروف کچھ مصلّا بچھائے طاعت خدا میں مشغول کوئی تسبیح پڑھ رہا ہے کسی کے ہاتھ میں پنجسورہ کوئی تلاوت کلام پاک میں ایسا گم ہے گویا دنیا و مافیہ سے بے خبر۔ پو پھوٹ رہی ہے شب کی محفل تارے جھلملا جھلملا کر برخاست کر رہے ہیں۔ سہانا سما۔ کوئل کی کوک۔ طیور کی چہچہاہٹ۔ نظر دوڑائی تو کلیجہ منہ کو آگیا بعض ایسے زمین پر لوٹتے نظر آئے جو شاید مخمل کے بچھونے پر سونے اور مسہریوں پر آرام کرنے کے عادی کمبلوں پر کروٹ بدلنے والوں میں دو تین یا چار ایسے بھی ... سافر سے تھے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ اورنگ آباد کے کسی رئیس کے چہیتے بچے ہیں۔ چہرے گلاب کی پتی۔ بالوں پر گرد۔ میں آگے بڑھا پوچھا "میاں آپ کو کوئی تکلیف" بڑی خنداں پیشانی سے جواب دیا۔ جی نہیں۔ کوئی تکلیف نہیں بڑے آرام سے ہوں۔ کیا شب میں نیند نہیں آئی۔ ہا خوب سوئے بڑے آرام سے سوئے، آپ کا شکریہ! میرے تعجب کی انتہا نہ رہی، یہ تو سمجھ میں آگیا کہ کہنے والے غلط کہتے ہیں کہ آجکل کے نوجوانوں میں جوش ایمانی باقی نہیں رہا۔ میں ان معترضوں کو

انہوں کو کتنا بانٹیں گے۔ باہر سے جو سودا آتا ہے اسکے علاوہ میں حسب الحکم جناب چچا صاحب بمشورہ نصیر الملۃ و دیگر اراکین تنظیم المومنین ... سے زائد اشیا منگاتا رہتا ہوں۔ یہ منوں سامان سٹور کے لوگ کتنا کھا سکتے ہیں اور کتنا اپنے دوستوں عزیزوں کو تقسیم کر سکتے ہیں۔ ان شکایات کے بعد اور صبح ناشتہ تقسیم ہونے کے بعد سب لوگ مطمئن ہو کر اپنی اپنی جگہ واپس گئے

کمسن اسیروں کا جذبہ

خدا جانے مدح ثلاثہ کا کیا جادو تھا جس نے شروع ہوتے ہی شیعوں کے جذبات کو کتنا ابھارا اس میں شک نہیں کہ ہماری قوم سو چکی تھی اسکے بیدار ہونے کا کوئی پہلو ہی نہ ملتا تھا تنظیم المومنین سے وجود میں آتے ہی وہ طریقہ سوچنا شروع کر دیا تھا جس سے غفلت کے پردے اٹھ جائیں قوم کی سیاسی موت عمل کی حیات جاودان سے تبدیل ہو جائے "تبرا ایجی ٹیشن" ہاتھ آگیا۔ جوشیلے تنظیمیوں نے موقعہ پا کر انتظامات کے بعد زندگی کی لہر دوڑائی، ہندوستان کے گوشہ گوشہ سے لبیک کی صدائیں آنے لگیں قوم کے تمام افراد میں جوش کا طوفان اٹھنے لگا ضعیف اور نوجوان تو ایمان پر فدا ہونے کو تیار رکھے ہی نیچے بھی میدان عمل میں پھاند پھاند کر زندگی کا ثبوت دینے لگے۔ یوں تو ان کمسن اسیروں کی بہت سے دل ہلا دینے والے واقعات موجود ہیں تمثیلاً صرف دو بچوں کے حقیقی جذبات تحریر کرتا ہوں جو قوم کی دلیری اور قوم کی رہنمائی و بیداری کا ثبوت ہیں۔

پہلا کمسن اسیر

مقدمات مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہیں سیاسی ملزمین دو برتے عدالت حاضر ہیں۔ ایک بچہ وکیل ہے جس کا سن مشکل سے ۱۴ سال ہوگا پیش کیا گیا۔

مجسٹریٹ۔ تم پھر آگئے۔؟

میں۔ چچا ایک ہزار لفافے اور دو ریم کاغذ ۲ دن میں خرچ ہو چکا۔

چچا۔ ارے تو تری نانی کیوں مری جاتی ہے کچھ تو [illegible] مگر ۔۔ خرچ ہو گیا ہے اچھا بول شیعہ ریلیف نے اب تک کیا بھیجا

میں ۱۲ روز میں صرف دو مرتبہ چنے ستو "

چچا۔ ارے وہ پوریاں آلو۔

میں۔ وہ تو نواب مہدی علی خاں صاحب ور ایک مرتبہ نو [illegible] ور علی خاں صاحب اسیروں کے لئے لائے تھے۔

چچا۔ اچھا یار چپ بھی رہ ہم کو کام کرنے دے۔

یہ کہہ کر چچا [illegible] اسیروں کے سرپر بورے [illegible] تقسیم شروع کر دی۔ ابھی تقسیم ختم نہ ہونے پائی تھی کہ چار کا ایک جتھا آیا کہنے لگے ہم ۳ روز سے بھوکے ہیں ہمکو نہ تو [illegible] اور نہ چنے۔ میں نے چچا سے عرض کیا کہ ان کو کچھ دیدیجئے۔ چچا نے بگڑ کر ان کا بگڑنا بھی خلوص پر [illegible] نہ ہوتا تھا) جیل کے کام کرنیوالوں میں ان سے زیادہ اسیروں کی خدمت کسی نے نہیں کی خدا انکو اسکا اجر دے) کہا ان سب کی ایسی تیسی، چلو میں ابھی پوچھوا دوں کہ کوئی باقی نہیں رہا جس کو میں نے [illegible] ذرا دیکھئے تو سہی بعض ایسے ہیں جن کے سرہانے تکئے کے نیچے چنوں کی پوٹلیاں بندھی رکھی ہیں۔

بہرحال یہ منظر بھی دیکھنے کے قابل [illegible] آسودگی سے اپنی اپنی جگہ بیٹھے خدا پر بھروسہ کئے تھے بعض من چلے شور و شغب کے ساتھ کبھی یہ مانگتے تھے اور کبھی وہ۔ بعض سٹور کیپروں کے خلاف احتجاج [illegible] "اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر کے اپنوں کو دے" ذرا دیکھئے یہ اسٹور کیپر سب اپنوں کو کھلائے دیتے ہیں میں نے انکو جھٹک دیا۔ برادرم سٹور کے صرف ۳۴ آدمی

دوسرا کمسن مجاہد

دوسرے بچہ کا [illegible]

ایک لڑکا جس کا سن ۱۲ سال سے زائد نہ ہوگا، جب عدالت میں بلایا گیا، ایک گٹا اینٹ اپنی بغل میں دبا کر لیتا گیا، پکار ہوئی، جب وہ آگے بڑھا تو آڑا گٹا رکھ کر اس پر کھڑا ہو گیا

مجسٹریٹ - یہ کیا، تم گٹے پر کھڑے ہو

لڑکا - میں نے سنا ہے کہ آپ مجھ ایسے کمسن لڑکوں کو سزائیں نہیں دیتے

مجسٹریٹ - پھر

لڑکا - میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں لڑکا نہیں ہوں، جوان ہوں، آپ میرے قد سے معلوم کر سکتے ہیں۔

مجسٹریٹ - تم کیا چاہتے ہو

لڑکا - آپ مجھے رہا نہ کیجئے، سزا دے دیجئے، ورنہ میں اپنے ہمسنوں میں منہ دکھانے کے قابل نہ رہونگا۔

مجسٹریٹ نے صرف عشر جرمانہ کر کے لڑکے کو رہا کر دیا۔

شہید اسلام

جناب علی حسین صاحب رئیس چھپرہ کی دردناک موت

۹۰ سال کے [illegible] مذہب کو مٹتا دیکھ کر اپنی جان دے دی

وہ وقت کسی طرح نہیں بھولتا جب عالی جناب علی حسین صاحب رئیس چھپرہ ضلع سارن

وکیل۔ (مسکرا کر جواب دیا) ہاں آگیا۔

مجسٹریٹ۔ تم کو میں نے دو بار چھوڑا۔ تم تیسری بار پھر کیوں [illegible] آگئے۔

وکیل ۔ میرا ایمان۔

مجسٹریٹ (مجسٹریٹ صاحب انتہائی شریف نواز اور [illegible] تھے [illegible] ایسے ان کا دل بار بار بھر آتا تھا وہ ہندو تھے مگر ان کے پہلو میں غیور دل تھا اور شیشہ لزمین سے جو رئیس زادے اور شریف زادے تھے انتہائی ہمدردی بھی کیا [illegible] مجبور تھے میں سمجھتا ہوں، اگر وزارت کے اختیا[illegible] حاصل ہوتے تو شاید [illegible] کر [illegible] بات جو ظاہر بظاہر ان کے نزدیک بھی درست تھے آن [illegible] ملجاتے۔)

"ٹھیک ٹھیک بتاؤ تم کیوں آئے"

وکیل۔ جب [illegible] مرتبہ رہا ہو کر گھر واپس گیا تو میری ماں نے گھر کا دروازہ بند کر لیا اور مجھ [illegible] "میں تجھ کو ہرگز گھر میں نہ آنے دونگی، نہ تیرا دودھ بخشوں گی۔ تو نے خاندان کا نام ڈبو دیا، میں تو جب خوش ہونگی جب تو حضرت قاسم کے نام پر قربان ہو جائے گا۔

مجسٹریٹ۔ اگر پھر رہا کر دیے گئے۔

وکیل ۔ حضور اگر دس مرتبہ رہا کیجئے گا تو دس مرتبہ واپس آؤنگا، اب جیل سے ہرگز لوٹ کر نہ جاؤنگا، آپ مجھے سزا ضرور دیجئے ورنہ میری ماں دودھ نہ بخشے گی۔

مجسٹریٹ۔ اچھا تم کو ایک دن کی سزا دی گئی، دیکھو تمھارا انتشار پورا ہو گیا اب نہ واپس آنا (یہ سُن کر لڑکا رونے لگا)"

آفریں اے میری قوم کے کمسن سپاہیو! آفریں تمھاری ہمت مردانہ قوم کے لیے ایک سبق ہے۔

چنانچہ اسی وقت دفتر میں ٹیلیفون کے ذریعہ یہ اطلاع دے دی گئی، کہ

" ہمارا ایک بوڑھا مجاہد رات کو ہم سے رخصت ہوگیا ہے، اور کس مپرسی کے عالم میں اس کا جنازہ ہمیں قید خانۂ شام یاد دلا رہا ہے، جلد پہونچکر اپنے مہمان کی تجہیز و تکفین کا انتظام کرو۔"

خبر پاتے ہی سپاہ عباسیہ کے والنٹیر روتے ہوئے بجلی کی طرح دوڑ پڑے، اور فوراً تنظیم المومنین کے ذمہ دار اراکین سامان لے کر جیل کے پھاٹک پر پہونچ گئے، عیش باغ کے غسلخانہ میں نہایت اہتمام سے غسل دیا گیا، اور شہید اسلام کا جنازہ اراکین تنظیم المومنین کے کاندھوں پر عین اسوقت امام باڑہ صفحی پہونچا جب ۲۰ ہزار سرفروشوں کا سمندر تکبیر کے فلک شگاف نعروں سے موجیں مار رہا تھا، جنازے کو دیکھتے ہی عالم غربت میں اس دلیر مسافر کی سرفروشی کے تصور نے بیساختہ ہر دل کو رُلا دیا، امامباڑہ ماتمکدہ بن گیا، ۲۰ ہزار مومنین نے شمس العلما مولانا سید ابن حسن صاحب قبلہ مجتہد العصر کی اقتدا میں نماز جنازہ ادا کی، اور تلاوت سورۂ حمد سے اُن کی روح مبارک کو ایصال ثواب کرنے کے بعد ماتم کرتے ہوئے روتے پیٹتے امام باڑہ غفرانمآب علیہ الرحمہ میں علمائے کرام و مجتہدین عظام کے جوار میں ہمیشہ کے لیے سونپ آئے۔

کاش ہمارا یہ پیغام مرحوم کی خدمت میں کوئی پہونچا دیتا ع

" آفریں باد بر ایں ہمت مردانۂ تو "

جیل کی نماز

جس دن سے رسُول اسلام اور آلِ رسولؐ کے شیدائی، حسینؑ کے فدائی اپنے وطنوں کو چھوڑ کر، گھروں کو خیر باد کہہ کے، عیش و آرام کو طلاق دے کے، شہر کی آزاد زندگی کو

۹۰ سال کی عمر میں ضعف و نقاہت اور پیرانہ سالی کے باوجود کمر ہمت کس کر نہایت جوش و خروش کے ساتھ تبرہ کہتے ہوئے امام بارہ آصفی سے جیل [illegible] داخل ہوئے کہ میں تو صرف اسلیئے آیا ہوا [illegible] ندہ واپس نہ جاؤں بلکہ [illegible] کی بارگاہ میں شرف حضوری حاصل کروں۔

خدا جانے یہ الفاظ کس [illegible] لفظ لفظ قبول دعا بن گیا، جیل میں آتے ہی درد اُٹھا اور صاحب فراش ہو گئے، مجبوراً ہسپتال میں داخل کر دیئے گئے، ہر چند پوری [illegible] سے علاج کیا گیا، سید ذاکر حسین صاحب رضوی ساکن مقبرہ عالیہ کپور ڈر نے جو تنظیم المومنین کی طرف سے فرائض تیمار داری انجام دے رہے تھے پوری جد و جہد سے علاج کیا، مگر " مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی " آخر ۲۵ر اپریل کی شب کو داعی اجل کو لبیک کہہ کے ہمیشہ کو [illegible] ہم اسیروں سے رخصت ہو کر ہمیں اپنا ماتم نشیں اور سوگوار بنا گئے، اور دُنیائے شیعیت میں جانفروشی کی بہترین قربانی پیش کر کے [illegible] حاصل کی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

صبح سویرے جیل میں یہ خبر شائع ہوتے ہی سنسنی سی پھیل گئی، اسیروں کے دل ہلنے لگے، حسرت و یاس کی کوئی حد نہ تھی، بجائے اسکے کہ یہ درد انگیز خبر سُن کر ہمت و استقلال میں کوئی فرق آسکتا، ارادے اور مستحکم ہو گئے، ہر زبان پر "آفرین اے شہید ملت" کا نقرہ جاری تھا۔

میں فوراً جیلر صاحب کے پاس گیا کہ دفتر تنظیم المومنین میں بذریعہ ٹیلیفون [illegible] دوں، جب اُن سے عرض کرنے لگا تو اتفاق سے مرزا جعفر [illegible] وکیل وہاں موجود تھے، جیلر صاحب سے کہنے لگے، نہیں جناب تنظیم کے دفتر میں اطلاع دینے کی کوئی ضرورت نہیں، صرف مرزا محمد صادق صاحب کو اطلاع دے دینا کافی ہے، میں نے جواب دیا کہ آپکے خیال میں چاہے اسکی ضرورت نہ ہو لیکن میں آپ کا پابند نہیں۔ میرے نزدیک تنظیم المومنین کے دفتر میں اطلاع دینا نہایت ضروری ہے




مولانا مظہر علي صاحب و مولانا محمد بشیر صاحب
کي قیادت میں مجاھدین کھالیہ



مجاھدین انبالہ



مجاھدین جھنگ



مجاھدین ڈیرہ اسمعیل خاں

قید اور جیل کی قید کو آزادی سمجھا ایک دوسرے پر سبقت کرتے ہوئے کربلا کے حسینی پروانوں کی طرح ہر مصیبت کا مقابلہ کرنے کے لیے سینے تانے ہوئے خوش خوش تلاوت تبرا شریف کرتے ہوئے جیل آنا شروع ہو گئے، وہ محبس جو بدعلوار کا مسکن اور مجرموں کی قرارگاہ تھا وہ بالکل حقیقی معنوں میں عبادت گاہ بن گیا۔ سنٹرل جیل اور ڈسٹرکٹ جیل کی در و دیوار اور زمین گواہ ہیں کہ اس زمین پر خدا اور اُسکے دوستوں اور محبوبوں کا اس طرح اور اسقدر ذکر نہیں ہوا تھا جیسے جوش و خروش اور خلوص اور ولولے کے ساتھ امسال اپریل سے اس سرزمین پر جو محبس کہلاتی ہے خدا کی عبادت ہوتی رہی۔

صبح و شام جیل کے گوشے گوشے سے تکبیر کی آوازیں اور شہادت توحید ... رسالت و امامت کی [illegible] میں جو مجاہدین تبرا کو نماز جماعت کا پیغام پہونچانے کے لیے بلند کی جاتی تھی [illegible] کر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا مشہد مقدس کی مسجد گوہر شاد کے ہر گوشے میں اذاں ہو رہی ہے، اور روضۂ مقدس [illegible] زائرین موجیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح وضو کر کر کے اُمڈے چلے آتے ہیں۔ یا جیسے حرم محترم سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام میں ہر طرف زائرین جوق جوق نماز جماعت کے لیے دوڑے چلے آتے ہیں۔

ہمارے مجاہد ۵ روز تک سنٹرل جیل میں رہے وہاں بھی پہلے ہی دن سے پانچوں نمازیں فاتح قادیاں مرزا یوسف حسین صاحب قبلہ مبلغ مدرسۃ الواعظین کی اقتدا میں ادا ہوتی رہیں۔ خدا بھلا کرے ایک مومن کا جنھوں نے نماز جماعت [illegible] بڑی دری جیل میں ارسال فرمائی جو آخری دن تک اس مقصد میں استعمال ہوتی رہی، اسکے بعد جب یہ مجاہدین ڈسٹرکٹ جیل میں منتقل کئے گئے تو مجاہدین کی تعداد بہت زیادہ ہو جانے کی وجہ سے حسینی فوج کے دستے بیرونجات منتقل کئے جانے لگے، ان دستوں کی روانگی اور روزانہ مجاہدین کی آمد کی وجہ سے صبح اور

ظہرین کی نمازیں بجماعت نہیں ہوسکتی تھیں، صرف مغربین کی نماز حسبِ دستور کبھی مولانا ممدوح کی اقتدا میں کبھی مولانا سید آغا مہدی صاحب قبلہ کی اقتدا میں کبھی مولانا مرزا محمد طاہر صاحب قبلہ کی اقتدا میں ہوتی رہیں، جب شمس العلما مولانا سید ابن صاحب قبلہ تشریف لائے تو نماز جماعت آپ کی اقتدا میں ہوتی رہی، نماز کے بعد ہر گوشے سے ادعیہ ماثورہ خصوصاً زیارت عاشورہ کی تلاوت ہوتی رہی اور تسبیح و تقدیس کی آوازیں جیل کے صحن میں گونجتی رہتی تھیں، جس سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ عارف باللہ جو ذکر خدا کو اپنی ہر ضرورت پر مقدم سمجھتے ہیں اور دین پر کبھی دُنیا کو مقدم نہیں سمجھتے، صرف دردِ دین اور غیرتِ ایمان انھیں محبس میں لے آئی، جسے اُن کے پاک قدموں اور خالص نیتوں نے عبادتگاہ بنا دیا ہے۔


زندہ باد "اے زین العابدین کے غلامو" زندہ باد

جیل میں تنظیم المومنین کے عظیم الشان جلسے

حقیقت شناس [illegible] شیعہ خوب جانتے ہیں کہ مجالس عزا اور جلسوں کی غرض یہ نہ تھی جس پر کچھ دنوں سے ہمارا عملدرآمد ہے، نہ تو مجالس کی بنا نام و نمود کے لیے تھی اور نہ وجاہت و اقتدار کے لیے، نہ دولت و ثروت کا [illegible] لیے، اور نہ حلقۂ اثر وسیع کرنے کے لیے، نہ شان و شوکت کا مقابلہ کرنے کے لیے، نہ تبرک وغیرہ کا لالچ پیدا کرنے کے لیے تھی، اور نہ اس متاعِ قلیل کو غیرت و شرافت اور دیانتداری کی قربان گاہ بنانے کے لیے تھی، بلکہ مجالس کا [illegible] تھا اور ہے کہ اسلام کا فلسفۂ اسلام کے تعلیم [illegible] رسول اسلام اور آلِ رسول اور [illegible] کے مخلص تابعداروں [illegible] کو یاد دلا کر حاضرین کو خالص ذکرِ خدا اور مقصدِ حیات کی طرف متوجہ کرنا، قول و فعل سے ایسے عملی پروگرام اُن کے




پنجابیوں کا رقص کرتا ہوا تیرا



مجاہدین پنجاب



پیر ریاض حسین شاہ صاحب و سردار غلام عباس
صاحب کی قیادت میں مجاہدین پنجاب



مجاہدین یو پی و پنجاب

ونائب صدر کے جیل آچکے تھے باتفاق رائے یہ طے ہوا کہ جلسۂ عام منعقد کیا جائے، اُس میں جیل کے لیے مناسب ہدایات کے علاوہ ایک ایسا پروگرام بنا دیا جائے جو آئندہ اسیروں کے لیے مستقل لائحہ عمل ہو، اور اُس وقت تک جاری رہے جب تک ہم اپنا مقصد حاصل کر کے جیل سے باہر نہ جائیں۔

جلسے کا اعلان کر دیا گیا، سامعین اس سادگی کے ساتھ خاک پر آکر بیٹھ گئے جو عہد رسول میں برتی جاتی تھی، ایک مٹی کے چبوترے کو اسٹیج مقرر کیا گیا، اور مجاہد اعظم سید بشیر احمد صاحب رضوی وکیل نے ایک مفصل تقریر میں جیل میں مناسب ہدایات کے بعد چند اصول و قواعد پیش کر کے باتفاق رائے منظور کرالے، اس دوران میں اخوان جیل کے آجانے کی وجہ سے اس وقت جلسہ معطل کیا گیا، اور طعام کے بعد جلسہ کر کے باقی قواعد و ضوابط کی تکمیل کی گئی، اور اس کے مطابق عملدرآمد شروع ہو گیا، یہ بھی اعلان کر دیا گیا کہ آئندہ جلسے کا ... ورکٹورہ بجا کر بذریعہ گھنٹی کیا جائے گا، گھنٹی کی آواز پر حضرات کو جمع ہو جانا چاہیے ... اُصول مقرر ہو گیا کہ روزانہ صبح کو نماز اور ضروریات سے فارغ ہو کر جلسۂ عام کیا جاتا تھا، جس میں کبھی ... سید بشیر احمد صاحب رضوی وکیل، کبھی مولوی ضامن حسین صاحب کبھی مولانا مرزا یوسف حسین صاحب قبلہ، کبھی مرزا سجاد علیخاں اور کبھی جناب سید شبیر حسن صاحب قتیل، کبھی لفٹننٹ ... ان علیخاں صاحب ہر روز دو یا تین مقررین مختلف موضوعوں پر حسب ضرورت تقریریں کر کے مجاہدین کی ہمت افزائی کرنے کے لیے انواع اقسام کے مشکلات جو روزانہ پیدا ہو ... تھے حل کیا کرتے تھے، ... جب کوئی خاص ضرورت ہو گئی تو دوپہر کو یا شب کو بھی جلسے منعقد ہوتے رہے، ان جلسوں میں حضرات مومنین اس خلوص سے جمع ہوتے اور اس شوق سے سماعت کرتے اور متاثر ہوتے تھے جس خلوص

سامنے پیش کرنا جو اُن کی انسانیت، شرافت، غیرت کے جذبات اُبھار کر اُن میں عمل کی وہ مستقل اور پائدار روح پھونکدے جو اُن کی قوت، عزت، وقار اور اقتدار کو پائدار کر سکے، اور جس سے ملت بیضاء مصطفویٰ ... باد مخالف کے جھونکوں سے محفوظ رہیں۔

جس دن سے تنظیم المومنین کا افتتاح ہوا اُس نے قدیم شرائط اور تکلفات کو خیرباد کہکے سادے اور فطری اصول پر مسلسل جلسے کرنا شروع کردیئے، ہر جلسے کا مقصد وہی تھا جو اسلام کا مقصد ہے، مشکل سے کوئی ایسا ہفتہ گزرا ہوگا جب اس ادارے نے جلسۂ عام کرکے اس اہم فریضے کو انجام نہ دیا ہو، باوجودیکہ تقریروں میں انتہائی سادگی اور صرف حقیقت بیانی سے کام لے کر نزاکت خیال اور تکلفات کو خیرباد کہدیا گیا، پھر بھی ہر جلسے میں کثیر التعداد مومنین کی پُرشوق شمولیت اور جوش و ولولے سے یقین ہوتا ہے کہ وہ بھی اپنے اپنے مقام پر اس ضرورت کا نہایت بے چینی سے کے ساتھ احساس کر رہے تھے جس سے متاثر ہو کر انجمن کو اس اقدام کی جرأت ہوئی، لیکن انتہائی سادگی باوجود ابھی تک ان جلسوں میں شہری تکلفات کا کچھ اثر باقی تھا، جیسے فرش، میز، کرسی وغیرہ پابندی کے ساتھ مہیا کیے جاتے رہے، ۲۹ر مارچ تک انجمن کو اس سادگی کا موقع نہیں ملا جو اسلام کے سب سے پہلے رہبر نے مکہ اور مدینہ کی سرزمین پر اختیار کیا تھا۔

زہے قسمت کہ ۳۰ر مارچ سے تبرے کا محاذ قائم ہوگیا، اور یکم اپریل تک ۳½ سو تبرائی مجاہد سنٹرل جیل میں جمع ہوگئے، لیکن چونکہ مجاہد عموماً قواعد جیل سے واقف نہ تھے نیز یہ خطرہ بھی تھا کہ شاید کچھ نوعمر جوش اور ناتجربہ کاری کی وجہ سے ایسے الفاظ کہہ بیٹھیں جو جیل میں مناسب نہیں، یا جیل کی پابندیوں سے گھبرا کر ایسے مطالبات کرنے لگیں جو اصول کے خلاف ہیں، اسلئے تنظیم المومنین کے اکثر ممبران مجلس عاملہ نے جو اُس وقت مع جنرل سکریٹری

اور رفقا سے چھڑا کر دوسری جیلوں کی طرف روانہ کیے جاتے تھے، ایسے موقع پر عموماً سید بشیر احمد صاحب وکیل اور مولانا یوسف حسین صاحب قبلہ موجود رہتے تھے، اور انھیں ہر ممکن طریقے سے مناسب ہدایات کرتے، اطمینان اور جرأت دلاتے، اور اُن کی سہولت کے لیے مناسب انتظام کرتے رہتے تھے۔ اور سید بشیر احمد صاحب کے تبادلے کے بعد یہ خدمت چچا میاں کے حوالے ہو گئی۔

لیکن قائدین ملت کی روانگی یا تبادلہ کا ابھی تک ہم و گمان بھی نہ تھا، کہ یکایک ۵ بجے یہ خبر ملی کہ آج مولانا سید محمد نصیر صاحب قبلہ اور مولانا ضامن حسین صاحب اور سید قیصر حسین صاحب وکیل اور اشرف حسین صاحب وکیل کا ایک گھنٹہ کے بعد تبادلہ ہے، اس حسرتناک خبر نے تمام اسیروں میں انتشار پیدا کر دیا۔ بہرحال حکم حاکم سے نجات ممکن نہ تھی، فوراً جلسہ منعقد کیا گیا اور جناب سید بشیر احمد صاحب رضوی نے نہایت دردناک تقریر کے بعد ان معزز مہمانوں کو اسطرح رخصت کیا کہ مجاہدین گریہ و بکا سے ہوش میں نہ تھے، اس کے بعد مولانا سید محمد نصیر صاحب قبلہ اور مولانا سید ضامن حسین صاحب نے جوابی تقریروں میں قوم کو اطمینان دلایا، ابھی یہ مجاہد روانہ نہیں ہوئے تھے کہ یکایک یہ خبر آئی کہ مولانا سید محمد نصیر صاحب قبلہ کا تبادلہ منسوخ کیا گیا، باقی حضرات اسی ہیجان اور اضطراب میں رخصت ہوئے کہ مومنین کو ایک ایک مرتبہ مصافحہ کا موقع بمشکل مل سکا، اور مدت تک [illegible] گی کی یاد لوح دل سے محو نہ ہو سکی۔

۲۸ صفر کی مجلس — چہلم کے بعد سے افسران جیل نے قیود اور پابندیاں [illegible] زیادہ کر دی تھیں کہ روزانہ ایک جلسہ ہو سکنا بھی دشوار تھا، البتہ اپنے کیمپ یا اپنی اپنی بارک میں ہر شب کو نوحہ خوانی یا مختصر مجالس یا ماتم ہوتا رہتا تھا، لیکن عام جلسے کا موقع کم ملتا تھا۔

۲۸ صفر کو بہت کوشش کی گئی کہ دن کو معقول وقت ملجائے مگر نہ ملسکا، آخر نماز مغرب

اور توجہ سے شہر کے پر تکلف جلسوں میں بھی سماعت کرنا مشکل تھا، اس لیے کہ جیل کی تقریریں بالکل مقتضائے حال کے مطابق ہوتی تھیں۔

ان تقریروں میں عموماً ہماری گھر [illegible] ات، ہماری بیداری کے فوائد ہماری غیرت و خودداری، [illegible] کربلا [illegible] اصولی اور شہری حق، کسی قوم و مذہب کی ترقی کے اسباب، جو قومیں تباہ ہو گئیں اُن کے اسباب کیا تھے، اس ایجیٹیشن کے اغراض و مقاصد اسلام کی پابندی اور استقلال، مجلس تعلیم اسلام و سیرت اہلبیت کا کام [illegible] ہے، مقصد اسلام تعلیمات اسلام، رسولؐ اور آلِ رسولؐ کے کارنامے اور یادگار درس، اسلام کے سچے خدمتگزاروں کے عملی نمونے، ان موضوعوں پر روزانہ دو دو تین تین گھنٹے روشنی ڈالی جاتی رہی، جس سے مجاہدین کی جرأت و ہمت سادگی اور خلوص میں رفتہ رفتہ اضافہ ہوتا ہو گیا،

حسینی لشکر ڈسٹرکٹ جیل تبدیل کر دیا گیا، اور جب عمارت میں نہ سما سکا تو کیمپوں میں جگہ دی گئی، اور روزانہ کیمپوں میں اتنا اضافہ کرنا پڑا کہ جیل کی وسیع زمین پر جگہ نہ رہی نلوں اور بیت الخلا میں کافی اضافہ کرنا پڑا۔

وہاں پہونچکر بھی تقاریر کا سلسلہ جاری رہا، روزانہ ایک جلسہ کے علاوہ جب کوئی اہم ضرورت پیش ہو گئی اُس کا حل صرف جلسے سے کیا جاتا تھا۔

ڈسٹرکٹ جیل میں تقریباً دو جلسے روزانہ ہوتے تھے، اور ہر جلسے کا مجمع اور اثر کے لحاظ سے آل انڈیا اجلاس سے کم نہ تھا، انجمن کی خوش قسمتی ہے کہ اسکے ہفتہ وار کے بجائے روزانہ دو تین جلسۂ عام کرنے کا موقع ملتا رہا، ایک جلسۂ عام امام باڑہ صفی میں اور ایک یا دو جلسے ڈسٹرکٹ جیل میں۔

جلسۂ روانگی حقیقت یہ ہے کہ وہ وقت نہایت عبرتناک ہوتا تھا جب حسینی دستے اپنے احباب

نواب سلطان علیخاں صاحب ناظم مدرسہ الواعظین نے بھی نہایت پُر درد تقریر کی اُس کے بعد فاتح قادیان مولانا یوسف حسین صاحب قبلہ نے ایک مختصر اور جامع تقریر میں جہلم کے خصوصیات پر تبصرہ کرتے ہوئے مصائب پر اپنے بیان کو ختم کیا، اسکے بعد مختلف دستوں نے اپنے اپنے خیموں میں دو گھنٹے تک زور وشور سے ماتم کیا۔

۲۰ صفر کو صبح ۷ بجے مجلس شروع ہوئی، اولاً جناب سید حسن جعفر صاحب سوزخوان نے ذاکری کی اسکے بعد مولانا سید سکندر حسین صاحب نے ایک گھنٹہ "معیار فضیلت انسانی" پر نہایت جامع تقریر کی آخر میں بعد گریہ وبکا کے بعد مختلف شہری و بیرونی جتھوں نے نہایت جوش وخروش سے اس طرح ماتم کیا کہ کیا کہ حیدری اور حسینی نعروں سے فضا جہلم گونجنے لگی، اور گوشے گوشے سے ماتم اور نوحے کی آوازیں سن کر کربلائے تال کٹورہ یاد آنے لگی، ۱ بجے ماتم برخواست ہوا، طعام اور نماز ظہرین کے بعد پھر ۳ بجے مجلس شروع ہوئی، اولاً جناب سید حسن جعفر صاحب سوزخوان نے نہایت خوش اسلوبی سے ذاکری فرمائی، اسکے بعد فاتح قادیان مولانا یوسف حسین صاحب قبلہ نے ۱½ گھنٹے شرائط وارکان نماز پر بالکل نئے اور جدید انداز سے ۔۔ دشنی ڈالتے ہوئے تبرے کو جزو نماز وجزو ایمان ثابت کر کے جہلم کی صبح یاد تازہ کر دی، گریہ وبکا کا یہ عالم تھا کہ کئی آدمیوں کو غش آگیا فوراً ہر طرف مختلف جتھوں نے نوحہ وماتم شروع کر دیا، لکھنؤ اور دیگر شہروں کے جتھے اپنے اپنے انداز سے اس جوش وخروش اور خلوص کے ساتھ ماتم ک۔۔ ۔۔ تھے کہ یہ شان کبھی کربلائے تال کٹورہ میں بھی نظر نہیں آسکتی تھی، غروب شام تک انتہائی جوش وخروش کے ساتھ ماتم ہوتا رہا، مغرب کی اذان ۔۔ سے پہلے ماتم برخواست ہوا، اسکے بعد نماز مغربین بجماعت ادا کی گئی۔

کے بعد مجلس منعقد کی گئی، جس میں فاتح قادیان مولانا یوسف [illegible]
اور جیل [illegible] پر ایک مختصر اور جامع تقریر کرکے سامعین کو شاداب کیا۔

[illegible] نے نماز [illegible] پر کی تھی جس کے بعد [illegible] کو ہم باقی ماندہ کارکنان تنظیم المومنین کو ڈسٹرکٹ جیل سے سنٹرل جیل بدل کر [illegible] کر دیا گیا۔

جیل کا چہلم

کسے نہیں معلوم کہ لکھنؤ ہندوستان بھر میں دُنیائے شیعیت کا مرکز رہا اور ہے، آج نہیں بلکہ اُس وقت سے جب لکھنؤ اودھ کا دارالسلطنت تھا، اور تخت و تاج کے مالک شیعہ تھے، لکھنؤ کا چہلم جمعیت اور رونق ہر لحاظ سے ممتاز اور [illegible] تھا، دُنیا بھر میں کربلائے معلّے کے بعد دوسرے درجے پر لکھنؤ کا چہلم تسلیم کیا جاتا ہے،

امسال مدح صحابہ کے ناجائز اور دل آزار فیصلہ کی وجہ سے [illegible] احتجاجاً جلوس تعزیہ و ذوالجناح اور چہلم بند کر دیے گئے تھے، چہلم کا بند ہو جانا شیعوں [illegible] لیکن [illegible] جوش و ولولہ اور شوق عزاداری کو دیکھتے ہوئے موت سے کم نہ تھا،

چہلم سے ایک ہفتہ قبل اسیران ڈسٹرکٹ جیل نے طے کر لیا کہ رسم چہلم جیل میں ادا کرینگے، چنانچہ قبل سے پیغامات شہر میں بھجوا دیے گئے، اور لوگ شوق شمولیت میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں ملاقات کرکے جیل پہنچ گئے، چہلم کے روز تقریباً دو ہزار مومنین جمع ہو گئے۔ جن کا شغل مجلس و ماتم کے سوا اور کچھ نہ تھا۔

چنانچہ شب چہلم جیل کے وسیع صحن میں مجلس منعقد کی گئی، جس میں اوّل لعنت نواب

نہ یہ انجمن جاں فروشی کرتی اور نہ ہمیں میدان عمل میں آنے کا خیال پیدا ہوتا۔ خدا اس انجمن کو برقرار رکھے اس کی زندگی سے قوم اور مذہب کی زندگی ہے۔ اگر یہ نہ ہوتی تو ہمارے مذہب کی عزت کب کی برباد ہو چکی تھی۔ اس کے کارکن دیکھنے میں تو دُبلے اور پتلے اوسط درجہ کے لوگ معلوم ہوتے ہیں۔ ان میں کوئی رئیس یا دولتمند یا [illegible] مگر بلا کے کام کرنیوالے ہیں دن رات چکر کی طرح چلتے رہتے ہیں [illegible] ذرا نہیں تھکتے نہ تیوروں پر بل آتا ہے۔ اخلاق کی یہ [illegible] ہر ایک کے آگے بچھے جاتے ہیں سب کچھ کرتے ہیں پھر بھی یہی عذر کہ کوئی خدمت نہ کر سکے۔ ہمنے تو ان میں سے کبھی کسی کو خالی نہیں دیکھا کسی کا ہر وقت قلم چل رہا ہے۔ کوئی کاغذ و پنسل، لفافے، بیڑی تقسیم کرتا اور ڈاک جمع کر کے روانہ کرتا اور ہماری ڈاک ہم تک پہونچاتا ہے۔ کوئی ہماری فرمائشیں اور سامان شہر سے منگواتا ہے اور ہمارے اشیاء ہمارے گھروں تک پہنچاتا ہے کوئی چنے مرمرے، ستو، گڑ۔ سگریٹ اور بیڑیاں وغیرہ اپنے اپنے وقت پر تقسیم کرتا ہے کوئی کمبل، گھڑے اور بدھنیاں فراہم کرتا ہے۔ کوئی نماز جماعت مجلسوں جلسوں تقریروں اور ضروری [illegible] فرائض انجام دیتا ہے۔ کوئی روزانہ ہر بارک اور ہر خیمے میں آکر یہ دریافت کرتا ہے کہ جو شکایت یا ضرورت ہو بیان کر دیں اور جو ضرورت بیان کی جاتی ہے اس کے پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کوئی بیماروں کے حال پوچھتا ہے اور خود بیماروں کو دوا پلاتا ہے۔

کسی کے گھر پر اگر [illegible] تو ہوش و حواس باختہ ہو جاتے ہیں جیل کے ہزار بارہ سو قیدیوں کا انتظام وہ بھی اپنا گھر نہیں شہر میں آزادی نہیں خود بھی قید ہیں کن کن [illegible] کو کوئی چیز ممکن ہوتی ہوگی

کسی کانفرنس کا اجلاس صرف تین دن ہوتا ہے اسکے لئے پہلے سے کمیٹیاں ہوتی ہیں

جیل کی رات

جیل کی رات رونق میں دہلی کے چاندنی چوک یا لاہور کی انارکلی یا لکھنؤ امین آباد پارک سے کسی طرح کم نہ تھی، اور عبادت گزاروں کے لیے جیل کا صحن ماتم کے وقت معصوم کے روضۂ مقدس کا صحن معلوم ہوتا تھا، نماز مغرب ... کرنے سے فارغ ہونے کے بعد کہیں سوز خوانی ہو رہی ہے، کسی خیمے میں مرثیہ پڑھا جا رہا ہے، کوئی دستہ نوحہ پڑھ رہا ہے کوئی جتھا سینہ زنی کر رہا ہے، کسی خیمے میں پنجابی زبان کی مجلس ہو رہی ہے، کوئی تسبیحیں اور وظائف پڑھ رہا ہے، کوئی زیارت عاشورہ پُر درد آواز سے پڑھ رہا ہے، جیل کی فضا حسینؑ کے نام ... گونج رہی ہے، کہیں کوئی جتھا بیٹھا ... حالات حاضرہ پر گفتگو کر رہا ہے کوئی کہتا ہے اس وقت لکھنؤ میں اُن گھروں کا کیا عالم ہو گا جن میں عورتوں اور بچوں کے سوا کوئی نہیں، نہ کوئی کما ... نہ سودا سلف لانے والے، نہ پرسان حال، اس پر ہر وقت شیعہ سُنی فساد کا خطرہ اور گھر کی تنہائی، کوئی ... جس خدا نے پیدا کیا ... دونوں کا وہی حافظ ہے، ہم اُسی کے دین کی عزت بچانے آئے ہیں، ہماری جان، مال عزت آبرو سب کچھ اسی کے ہیں، چاہے محفوظ رکھے اور چاہے ... لے اُسے اختیار ہے ہم تو گھروں کی صورت اس وقت دیکھیں گے جب تبرے کا قلعہ فتح کر لیں گے۔

آغوش ناز و نعم کے پروردہ شرفاء، نوابین اور شاہزادے کمبلوں کی قطاریں بچھا جتھا جتھا کر کے بیٹھے ہیں، ایک ... جتھے میں ایک ضعیف العمر اور متشرع بزرگ سے کہنے لگے

ضعیف ... ۔ الحمد للہ خدا کا شکر کہ عبدالشکور نے ہمیں جگا دیا، اگر شیعوں پر مصیبتوں کا پہاڑ نہ ٹوٹتا تو لکھنؤ میں کارکن اور ... ہر دلعزیز جماعت "تنظیم المومنین" کیونکر پیدا ہوتی

شیعوں میں پوری طرح پھیل گئی اور ہمارا بچہ بچہ صحیح معنوں میں سپاہی بن گیا اور ہماری سادگی اور پرخلوص عمل نے سرمایہ پرستی اور نام پروری اور شخصیت اور کبر و نخوت کے سر جھکا دئے تو ہمیں یقین ہے کہ دنیا کی کوئی قوم ہم سے زیادہ زندہ اور بیدار اور باعمل نہ رہ سکے گی۔ اسوقت ہمیں یہ کہنے کا حق ہوگا کہ ہم رسول اور آل رسول کے ماننے والے اور اہلبیت کے غلام ہیں۔ آجتک ہم اس مقدس خاندان کی غلامی کا دعویٰ کرتے رہے۔ مگر یہ الفاظ شرمندہ معنی نہ تھے

خدا کا شکر ہے آج ہمیں سیرت اہلبیت پر عمل کرنے کا موقع مل گیا۔

جوان "جی ہاں" اس میں شک نہیں، ابھی تو ہم نے پہلا قدم بڑھایا ہے کہ ہندوستان بھر میں ہلچل ہے بنگال سے بمبئی اور سرحد تک تمام ہندوستان کے شیعہ ایک نقطہ پر سمٹ آئے۔ ایوان وزارت میں تزلزل ہے۔ حکومت اپنے کردار پر شرمندہ ہوکر سر جھکا رہی ہے۔ تعصب و ناانصافی کے گھر میں صف ماتم بچھی ہے۔ تمام دنیا اقرار کر رہی ہے کہ "تبرا ایجی ٹیشن" نے کانگریس کا رکاڈ توڑ دیا

سر وزیر حسن صاحب کل جیل میں یہ فرماتے تھے کہ تم حیدری شیر ہو اور سر سلطان احمد یہ فرماتے تھے کہ اس ایجیٹیشن کی مثال تاریخ ہندوستان میں نہیں مل سکتی۔ شیعوں نے وہ کام کیا ہے جو دنیا میں یادگار رہے گا۔ اور رہے گا۔ ان وسیع الخیال اور تجربہ کار اور جہاں دیدہ قائدین کے اسناد کے بعد ہمارے شاہ راہ عمل کی استقامت میں شبہہ کی کیا گنجائش ہو سکتی ہے

ضعیف "یہ بالکل سچ ہے" لیکن کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ اس انجمن نے آج اس میدان میں قدم رکھا ہے نہیں، نہیں، یہ تو وہ سرفروش جماعت ہے کہ جو اس

شعبے مقرر کرکے [illegible] . والنٹیر منتخب کئے جاتے ہیں پھر بھی پورا انتظام نہیں ہو سکتا انھیں خدمت کرتے کرتے پسینہ ہوتے آتا ہے مگر ان کی ہمت و [illegible] نہیں یہ تو جیل میں ان کی ہمت [illegible] شہر میں [illegible] کام ہم دیکھ سکتے ہیں تمام ہندوستان سے خط و کتابت الگ حکو[illegible] [illegible] و [illegible] نشر و اشاعت الگ. مہانوں کا استقبال الگ [illegible] قیام و طعام کا انتظام الگ. ان کا تیار کرنا الگ. جلسے کا انتظام الگ۔ تقریریں الگ. جتھوں کا روانہ کرنا الگ۔ روزانہ جیل جا کر اسیروں کی خبرگیری کرنا الگ. ہم سمجھتے تھے کہ ہندوؤں اور انگریزوں کی طرح اب شیعوں میں کوئی کام کرنے والا نہیں. مگر اب معلوم ہوا یہ تو ان کے بھی چچا ہیں مگر [illegible] کے سمندر میں طوفان برپا کر دیا ہے بھئی ان سے تو ڈرنا چاہیے۔

ایک پرجوش جوان - ہائیں یہ کیا کہا کر [illegible] نا چاہیے. یہ نہیں کہتے کہ ہمیں ان کے اقتدا کرنا چاہیئے انھیں کی روش اختیار کرنا چاہیئے۔ انھیں کی طرح سادہ مزاج سپاہی مرد میدان بننا چاہیئے اور تمام ہندوستان کی شیعی دنیا کو واحد نقطہ پر جمع کرکے اس عالمگیر انقلاب کے دور میں اپنے حقوق کے قلعے ختم کرکے جاں فروش اسیروں کی طرح ناموس مذہب کی حفاظت کرنا چاہیئے

مانا کہ یہ بلحاظ عمر آپ لوگوں کے خورد ہیں لیکن اگر عزت و وقار میں بڑے ہو جائیں تو ان کی عزت آپ کی عز[illegible] [illegible] کی ہمت اور چستی اور عمل دیکھ کر ہمارے بچوں میں جذبۂ عمل پیدا ہو گا۔

ضعیف - ہاں ہاں! میرا بھی یہی مطلب تھا کہ ہمیں بھی ان کی اقتدا کرنا چاہیئے اور حکومت کو ان سے ڈرنا چاہیئے۔ ہمارا خیال تو یہ ہے کہ اگر یہی اسپرٹ تمام ہندوستان کے

نہ گھڑے اور نہ بدھنیاں اور نہ تسلے اور کٹورے۔ اسلئے تنظیمی والنٹیر روزانہ ۳ بجے سے شام تک اور جمعہ سے ۱ بجے سے شام تک جیل کے پھاٹک سے بارکوں تک تعینات رہتے تھے کوئی آنے والوں کے نام اور پتے دریافت کر رہا ہے۔ کوئی جب سرکاری محرر نام لکھتے لکھتے تھک جاتا ہے تو اسکے فرائض انجام دیتا ہے۔ دو رویہ علماء و روساء کھڑے ہوئے آنے والوں کا استقبال کرتے اور مبارکباد دے رہے ہیں۔ راہ کے ہر نکڑ پر ایک ایک والنٹیر کھڑا راستہ بتلا رہا ہے کوئی انھیں بارک یا کیمپ میں پہونچا رہا ہے آمد ختم ہوئی ان کے ٹاٹ کمل گھڑے بدھنیوں اور ستوں وغیرہ کا انتظام ہونے لگا انتظام کرتے کرتے شام ہوگئی، نماز مغربین کے بعد سرکاری ملازمین جیل کا کھانا تقسیم کرنے چلے اور تنظیمی والنٹیر چنے، مرمرے، ستو گڑ، شکر وغیرہ تقسیم کرنے لگے۔ ہر مجاہد کو اس کی حسب مرضی غذا پہنچا دی گئی اور سب کھاپی کر سو رہے۔ جب صبح ہوئی تو پھر یہ بے تنخواہ کے ملازم کمر بستہ ہو گئے اور تنظیم کے بھیجے ہوئے راشن سے بطور ناشتہ چنے ستو اور سیوہ بابل وغیرہ تقسیم کر آئے۔ جو لوگ بر وقت تقسیم اپنی جگہ پر موجود نہ تھے وہ اسٹور سے جاکر لے آئے۔ کچھ ہی دیر دم لیا تھا کہ دوپہر کا کھانا سرکاری ملازم لے آئے۔ ادھر سرکار حسینی کے ملازم بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور انھوں نے حسب دستور چنے، مرمرے، ستو وغیرہ تقسیم کئے۔ اگر اس دوران میں کسی دریا دل رئیس نے پوریاں یا شیرینی یا سفر نے۔ گلگلے بھیجدیں تو ان کی تقسیم شروع ہو گئی۔ غرض صبح سے دس بجے ر... لوکبھی دم لینے کی مہلت نہیں ملتی۔

نازک مزاج شیعہ (رئیس) فرشِ خاک پر

دنیائے شیعیت کے بچہ بچہ کے دل و دماغ میں ایمانداری اور صداقت اور

انجمن کے تمام ... بھی دامے، درمے، قدمے، سخنے حسب ضرورت متفرق طور پر
یہ فرائض انجام دیتی رہی۔ لیکن جس دن سے وہابیوں نے منظم ہو کر مدح ثلاثہ کی ٹھان لی
اسی ... سے انھوں نے بھی منظم ہو کر ان کی مدح ثلاثہ کا مقابلہ تبرا ... طے کر لیا۔ اور
جب اور جہاں مدح ثلاثہ پڑھنے کی تیاریاں کی گئیں اسی وقت اور اسی جگہ مورچوں پر
پہونچکر یہ بہادر تبرا سے مقابلہ کرتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایڑی چوٹی کا زور لگانیکے
باوجود وہابیوں کو آجتک مدح ثلاثہ کی اجازت نہ مل سکی۔

یکم محرم جبسے سنیوں نے مدح ثلاثہ کا دوبارہ ایجیٹیشن شروع کیا ہے اسی دن سے پھر
بہادر ... آمادہ اور مستعد تھے اور صرف اجازت کے منتظر رہے۔ لیکن کسی
گہرے اور خطرناک اثر نے ان کے قائدین کو اجازت دینے سے روک رکھا تھا۔ چنانچہ ان
بہادروں ... فائدہ اٹھاکر جھٹ پٹ اجازت دیدی گئی۔ اب
ہر قسم کی حجت تمام ہو چکی ... کہ یہ میدان میں نہ آنا تنظیمی مجاہدوں کی ہمت اور آن بان سے
بالکل ناممکن تھا۔ اور اسمیں کوئی شک نہیں کہ انھوں نے وہ کام کر دکھایا جس کی مثال
مشکل سے ملے گی۔

حسینی فوج کا راشن

قانون کے لحاظ سے جیل کے قیدی سرکاری مہمان ہیں اور نہ ہی مجرم۔ شریف قیدی
ہیں۔ ان کے قیام و طعام کے ذمہ دار کارکنان جیل ہیں۔ مگر پانچ چھ سو مجاہدین کے جتھوں کا
جو روزانہ آرہے تھے بھالنا اور ان کے ضرو... کرنا آسان کام نہیں ... و...
ایسی حالت میں جبکہ جیل کے اسٹور میں قیدیوں کی تعداد کے مطابق نہ ٹاٹ ہوں نہ کمّل

کسی طرح بی کلاس میں رہنا منظور نہیں کیا۔ اور آخر تک اپنے غریب بھائیوں کا ساتھ نہیں چھوڑا۔

دن کے ۴ بجے تھے۔ مجاہدین کی پہلی لاری جیل کے پھاٹک پر پہونچ چکی ہے نام لکھے جا رہے ہیں۔ تبرّا دکے فلک شگاف نعروں نے اسیران تبرّا دمیں نئی روح پھونکدی ہے اسیران جیل یہ ہمہمہ سُنکر ہر طرف سے شوق استقبال میں پھاٹک کے قریب چلے آرہے ہیں۔ دم بھر میں ٹھٹھ لگ گئے۔ پھاٹک کے ... دو رویہ علمائے کرام استقبال کے لئے کھڑے ہیں نگاہیں پھاٹک کی کھڑکی کی طرف لگی ہیں، شوق ملاقات سینوں سے دلوں کو نکالے لیتا ہے خدا خدا کرکے کھڑکی کھلی اور ایک ایک کرکے مجاہدین اندر آنے لگے۔ ہر طرف سے آفرین اور مرحبا کی آوازیں آنے لگیں اور محرر نام درج کرنے لگا کہ اتنے میں ایک نحیف و زار مجاہد نے جس کے چہرہ سے نقاہت اور بیماری کے آثار نمایاں تھے قدم آگے بڑھایا۔ اسکے دو نو عمر بچے تھے محرر نے ان کا نام اور باپ کا نام دریافت کیا۔ پھر پوچھا وطن تو جواب دیا منڈ وا ضلع فتحپور۔ یہ سنتے ہی ہمارا ایک اسیر جو وہیں بھی ہے اور غور سے اسے دیکھ رہا تھا آگے بڑھا۔ اور مجاہد کے گلے سے لپٹ کر کہنے لگا۔

پُرانا اسیر۔ ہائیں یہ آپ کا کیا حال ہوگیا؟ صورت نہیں پہچانی جاتی۔ میں آپکا پرانا دوست ہوں مگر آپ میں اسقدر تغیر ہوگیا ہے کہ دیر سے غور کر رہا تھا۔ فتح پور کا نام سنکر پہچانا کہ آپ ہیں۔

مجاہد۔ جی ہاں، میں عرصہ سے مرض دق میں مبتلا ہوں۔ حرکت بھی نہ کرسکتا تھا اب کچھ آرام ہے اور اسی لئے تندرست ہوا ہوں کہ اپنی قربانی پیش کردوں۔

پُرانا اسیر۔ مگر ایسی حالت میں تو آپ کو اس جرات کی ضرورت نہ تھی۔ ابھی تو بارگاہ

جانفروشی کے جذبات اسطرح کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے ہیں کہ مدح خلاثہ کی اجازت کی خبر سنتے ہی انجمن تنظیم المومنین کی پہلی ہی آواز پر لبیک کہہ کے دوڑ پڑے۔ شرافت کے دہنی آغوش شرافت کے پروردہ ناز و نعم کے خوگر کرحق کے پرستار انصاف کے پجاری ایمان کے پروانے جو پُرامن اور خوشگوار زندگی کے عادی لذیذ اور پُرتکلف غذاؤں کے پابند تھے۔ پُرتکلف لباس اور مہذب فرش کے بغیر انھیں نیند نہیں آسکتی جیل میں آتے ہی یکایک سپاہی بنگئے۔ قدم رکھتے ہی بجائے ... ایک کثیف اور گرد میں اٹا ہوا کمل ملا جسے وہ دوشالہ کی طرح بغل میں دبائے قیام گاہ کی طرف چلے۔ کچھ دیر کے بعد ایک ایک تسلہ اور ایک ایک کٹورہ دیا گیا۔ ... کے لئے اس ناہموار اور کنکریلی زمین پر قدم رکھنا اور اس کمل پر جو خاک میں اٹا ہوا ہو صبر کرکے بیٹھ رہنا آسان کام نہ تھا۔ اسلئے کہ ان مجاہدین میں عموماً شریف اور مہذب لوگ تھے۔ اکثر صاحب ... تعلیم یافتہ گریجویٹ وکلا، بیرسٹر نواب زادے شاہزادے، رؤسا تعلقدار۔ راجگار اور علماء مجتہدین ہندوستان تھے۔ جب انھیں کمل دئے جاتے تھے تو دینے والوں کے ہاتھ تھرّاتے تھے اسلئے کہ ان کی ڈیوڑھی پر بیسیوں ملازم اس سے بہتر فرش پر سوتے ہیں۔۔

مگر کیا کہنا جذبۂ ایمانی کا کہ جب انھیں یہ گرد آلود کمل ملتا تھا تو خوش ہوتے ہوئے انعام کی طرح اُسے لے جاتے خاک پر بے دھڑک بیٹھ جاتے تھے۔ جب اُن سے عرض کیا جاتا تھا کہ یہاں آپ کو بہت تکلیف ہے اگر اجازت ہو تو بی کلاس کے لئے رپورٹ کردیجائے اس لئے کہ قانون کے لحاظ سے آپ اسکے مستحق ہیں۔ تو جواب دیتے تھے کہ ہم اپنے بھائیوں سے جدا ہونا نہیں چاہتے۔ ہمارے لئے یہاں کے تکالیف عین راحت ہیں ہم تو سنت بہادر کربلا پر عمل کرنے آئے ہیں۔ چنانچہ تقریباً ایکہزار ایسے رؤسا ہیں جنھوں نے

اپنی بیرک کے جمعدار سے پوچھا - اب کیا ہوگا ؟

اس نے بھی گھبراہٹ سے جواب دیا - فوراً جیل گھیری جائے گی - بیرکوں پر "پہرا" لگا دیا جائے گا۔

اسی اثناء میں ایک فائر ہوا اور پھر مسلسل گھنٹے بجنا شروع ہو گئے - یہ کیا ہو رہا ہے میں نے پوچھا -

پگلی ہو رہی ہے - جمعدار نے جواب دیا - واضح ہو کہ الارم کو جیل کی اصطلاح میں پگلی کہتے ہیں -

چند منٹ نہ گذرنے پائے تھے کہ تمام قیدی بیرکوں سے باہر نکال لئے گئے ہمارے اسیر بھی خیموں سے اور اپنی اپنی آرامگاہوں سے باہر نکال کر جوڑا جوڑا بٹھا دیئے گئے گنتی ہوئی ہم لوگوں کی بھی گنتی ہوئی - معلوم ہوا کہ ایک قیدی کم ہے -

دوسرے روز دریافت حال کرنے پر لوگوں نے بتایا کہ ایک قیدی جس کا نام گوبند ہے تھا جیلر صاحب کا "دراسٹر" تھا. غلہ گدام میں جیل کے کپڑے اوتار کر دوسرے کپڑے پہن کر شب کو جو تیرا کا چالان جا رہا تھا اسی کے ساتھ باہر نکل بھاگا - غرض تلاشی لی گئی . مگر گوبند سے ہاتھ نہ آئے -

دوسرے روز جیل میں سختیاں شروع ہو گئیں ہم لوگوں کو بھی جو خاص مراعات حاصل تھیں سلب کر لی گئیں - اب خیمہ کے اسیر باہر نہیں آ سکتے تھے مگر ہم کو معلوم تھا کہ جیلر کی یہ سختی قائم نہ رہے گی دو روز کے بعد پھر وہی چہل پہل شروع ہو گئی -

حسینی کے ۔۔۔ زندہ ہیں۔

مجاہد - جی ہاں ؟ سچ ہے مجھے میرے اہل وطن نے بھی رد کا گر میں نے ان بھی یہی عرض کیا تھا کہ میرے امام زادہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اس بیماری میں یزید کی قید خانہ کی صعوبتیں برداشت کی تھیں پھر ہم غلام اس ۔۔۔ سے کیوں محروم رہیں۔

اسیر - خیر جزاک اللہ، مگر یہ کمسن بچے کس کے ہیں ؟

مجاہد - یہ ایک بیوہ کے بچے ہیں انھوں نے باصرار شدید یہ کہکر انھیں میرے ساتھ روانہ کیا ہے کہ میری پونجی کچھ نہیں، انھیں میری طرف سے قربان کر دیں۔

اسیر - یہاں تو نابالغ بچے چھوڑ دئے جاتے ہیں۔

مجاہد - میں نے ان مسماۃ سے یہ بھی کہا تھا مگر انھوں نے جواب دیا کہ اگر یہ چھوڑ دئے جائیں تو پھر تیسری بار کہہ کر جیل چلے جائیں میرے پاس واپس نہ آئیں ورنہ دودھ نہ بخشوں گی

ایک قیدی فرار ہو گیا

رات کے گیارہ بجے خیموں اور حلقہ کے بارکوں میں دورہ کر کے تھکا ہوا آکر پلنگ پر لیٹا ہی تھا کہ پہلے ہماری بارک کا جمعدار گھبرا کر ادھر ادھر دوڑا۔ لالٹین لئے کونہ کونہ چھاننے لگا۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد ڈپٹی جیلر، جمعدار اور دو ایک جیل کے کارکن گھبرائے ہوئے بی کلاس میں آئے

میں نے پوچھا خیریت :-

ایک نے جواب دیا ! قیدی بھاگ گیا۔

یہ بھی ہم نوگرفتاروں کے لئے ایک نئی بلا تھی، ڈرے کہ خدا جانے کیا آفت ہوگی

ہمارا تبادلہ

۱۵ اپریل کو میں قتیل صاحب۔ مرزا یوسف حسین صاحب بھی چند گہری سازشوں کے ماتحت ڈسٹرکٹ جیل سے سنٹرل جیل میں تبدیل کردئے گئے اسلئے واللہ علم اس کے بعد اسیروں پر کیا گذری۔ ہاں بعض وقت مجاہدین کے نعرہ حیدری یا ان کے ماتم کی آواز کانوں تک آجایا کرتی جس کو بڑی حسرت سے ہم لوگ سن لیتے۔ تبادلہ کا سبب ہم لوگوں کو نہ بتایا گیا حالانکہ قانوناً ہمارے تبادلہ کا کوئی امکان بھی نہ تھا۔ کچھ لوگوں نے یہ افواہ پھیلا کر اسیروں کو ہم سے بدظن کرنا چاہا کہ ہم لوگ اپنی خواہش سے بشیر صاحب کے پاس سنٹرل جیل میں رہنا چاہتے ہیں۔ مگر ہماری مصروفیات ہمارا خلوص بھی اسکی تردید کے لئے کافی تھا۔ پھر ہر ذی فہم جانتا ہے کہ کون چاہے گا کہ جیل بھی سے نکل کر تنہائی میں بند ہو۔ اسی قسم کی افواہوں کی ظاہرا بندش کے لئے میں نے اپنے عزیز دوست مرزا جعفر حسین صاحب ایڈوکیٹ کی سفارش بھی چاہی مگر ان کی جانب سے بھی صاف انکار ملا۔ خیر ہمکو صرف اسیروں کی خدمت کرنا تھی۔ اگر اس دولت سے ہم محروم کردئے گئے تو کیا چارہ۔

ذمہ دار حضرات

یوں تو جیل میں کثرت سے احباب و اعزا ملنے آیا کرتے تھے۔ مگر دوران قیام ڈسٹرکٹ جیل میں میرے سامنے مسٹر سی بی گپتا آئے۔ راجہ صاحب سلیم پور تشریف لائے اور ایک صاحب جو پارلامنٹری سکریٹری ہیں دریافت حال کے لئے آئے۔ مسٹر سی بی گپتا نے جب پوچھا کہ کہیے صاحب کب تک یہ سلسلہ چلے گا اور کس طرح یہ ایجی ٹیشن ختم ہوسکے گا تو ہمارے مجاہد اعظم نے انکے

جیل کے مشاغل

اس میں کلام نہیں کہ جیل کی مصیبتوں کو مجاہد اعظم بشیر احمد نے اپنی محنتوں اور جانفشانیوں حسن انتظام اور اپنے انوکھے مشاغل سے بڑی حد تک آسان ہی نہیں بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ بھلوا دیا تھا۔ اسیروں کو یہ بھی نہ معلوم تھا کہ کب صبح ہوئی اور کب شام۔ دن و رات کے زیادہ حصے نماز، وعظ، تقاریر۔ نوحہ خوانی میں گذرتے تھے۔ جب ان ضروری اشغال سے فرصت ہوئی تو ہمارا مجاہد اعظم اسیروں کو کبڈی کھلاتا۔ اسی طرح بالا بنتا۔ لوگ جمع کیے جاتے پارٹیاں بنائی جاتیں اور پہلوان کبڈی کے اکھاڑے میں آ آ کر زور آزمائی کرتے۔

ایک شب میں نے سُنا کہ ہمارے ہردلعزیز چچا جواد صاحب آگرہ والے بچوں میں پھنس گئے ہیں میں بھی پہنچا تو دیکھا کہ میر جی کی گدھی ہو رہی ہے چچا اپنے چاروں ہاتھ پیروں پر استادہ ہیں اور بشیر مع دیگر ہمراہیوں کے چچا کے گرد شور مچا رہے ہیں۔ تفریح ہو رہی ہے۔ رات کی کٹھن گھڑیاں تھیں کھیل کر گذاری جا رہی ہیں۔

بشیر صاحب کے سنٹرل جیل آنے کے بعد پھر محفل میں وہ روح باقی نہ رہی۔ ہاں جناب تجسم آفندی صاحب کے آنے پر دو ایک روز شعر و شاعری کا کافی چرچا رہا جب وہ چلے گئے تو یہ تفریح بھی ختم ہو گئی۔ سی کلاس میں دن کے وقت زیادہ تر لوگ آرام کرتے لیٹتے یا مقدمات کے سلسلے میں تیاریاں کرتے بیٹھتے شام کو آمد نی دیکھنے جیل کے دروازے پر جما رہتا۔ اور شب کا زیادہ حصہ ماتم و نوحہ خوانی میں گذرتا۔ تقریروں کا سلسلہ بھی بند کر دیا گیا کیونکہ ایک بار جناب ضیغم پنجاب مولانا مرزا یوسف حسین صاحب نے تقریر فرمائی تو لوگوں نے اعتراض کر دیا کہ صاحب یہ تو انجمن کا پروپگنڈا کرتے ہیں۔

ڈسٹرکٹ جیل میں ہم سب اسیروں کے تبادلہ کے بعد انتظام کی دنیا ہی بدل گئی دو ایک روز کسی طرح کام چلا ۔ دفتر تنظیم المومنین سے سوں ستو، چنے ۔ گڑ ۔ شکر کشمش ۔ کتھہ ۔ ڈلی ۔ بیڑی وغیرہ کی رسد آتی رہی مگر تقسیم میں برابر زحمتیں رہیں ۔ آخر کار دو راتیں جاگ کر ہمارے مجاہد اعظم نے پھر انتظام کی ایک مشینری تیار کی ۔ والنٹیرس ہیڈ کوارٹرس ... بنائے اور ایک جلسہ عام کرکے رائے عامہ کے ذریعہ سے کچھ بیرونجات کے حضرات اور کچھ لکھنو کے والنٹیروں ہیڈ کوارٹروں میں منتخب کیے ۔ اسیروں نے ان سب کا حاکم بالا اور منتظم بالا بشیر صاحب ہی کو مقرر کیا ۔ اسٹور ۔ شعبہ ترسیل ۔ تقسیم چنا ۔ تقسیم طعام تقسیم کمبل و تسلہ ۔ شعبہ استقبال وغیرہ کی بنا ڈالی ... اسلئے قائم کیا کہ وہ بیرونجات کی جیلوں میں جانے والے مجاہدوں کی خبر گیری کرتا ہے ۔ ان کو رخصت کرنا ۔ ان کا سفر خرچ ان کو بیڑی اور ستو وغیرہ دینا صرف اسی کے ذمہ تھا ۔ تیمار داروں کی ایک کمیٹی علیحدہ تھی جس کا صرف ... وہ بیماروں کی دیکھ بھال کرے ان کو دوا پلائے ۔ ضرورت ہو تو اسپتال بھیجے یا ڈاکٹر بلائے ۔

اسٹور میں غضنفر علی صاحب ۔ علی سجاد صاحب ۔ قاری ہادی حسین صاحب دمندو صاحب ساکن گنج مقرر کئے گئے خط و کتابت میرے ذمہ ہوئی تقسیم چنا جناب ... صاحب کے حوالہ کیا گیا تقسیم کمبل جناب منے آغا صاحب استقبال ... علی خاں صاحب ۔ تیمار داروں کے لئے فریدوں مرزا صاحب مجروح اور ذاکر حسین صاحب مقرر کئے گئے

ان کے علاوہ والنٹیروں میں امروہہ کے ایک صاحب تھے جن کا نام یاد نہیں مجاہدوں کو رخصت کرنے کا انتظام چچا صاحب کے سپرد تھا ۔ غرض یہ انتظام بہت کامیاب رہا ۔ اگر رسد میں کمی ہوتی تو میں جیل کے جمعداروں کے ذریعہ سے خود اشیاء خوردنی وغیرہ منگاتا

ایک مدلل تقریر کی۔ ان کو اپنے مطالبات بتلائے اور ان کے سوالات کے ایسے عمدہ جوابات دئے کہ ان کو خاموش ہو جانا پڑا۔ مطالبات کی تفصیل جو ہم اسیروں کی رائے سے مجاہد اعظم نے تیار کی تھی وہ ان کے طبع شدہ مینی فسٹو میں موجود ہے جو اس کتاب کے کسی صفحہ میں درج ہے۔ ان کے علاوہ صرف ایکبار علی ظہیر صاحب بھی تشریف لائے اور بشیر صاحب سے گفتگو کے بعد نفیر صاحب سے ملے اور چلے گئے۔ قتیل بھی شاکی ہے کہ ان کو بھی نہ پوچھا۔ ممکن ہے دوسرے کاموں میں منہمک ہوں۔


جیل میں تنظیمی انتظامات

سنٹرل جیل میں قدم رکھتے ہی جب اسیروں کی کثرت ہوئی تو بشیر صاحب نے جو اسوقت تک اسیروں کا دل ہاتھ میں لئے تھے انتظام کی ایک باقاعدہ فہرست تیار کی۔ تمام اسیروں کو ۲۵، ۲۵ کے گروپ میں تقسیم کیا۔ ہر گروپ پر ایک افسر مقرر کیا اور ان افسروں پر چار افسر اعلیٰ مقرر کئے۔ ... جالرح حسب ایما اسیران اپنے پاس رکھا۔ یہ نوجی اصول پر مرتب کیا ہوا انتظام چند روز چلا۔ اور بعض حضرات کی ریشہ دوانیوں کی وجہ سے اسکو شکست ہوئی۔

جب تک سنٹرل جیل میں رہے دفتر تنظیم المؤمنین کے علاوہ نواب مہدی علی خاں صاحب برابر سامان بھیجتے رہے۔ بشیر صاحب نے اس پرانے انتظام کے ماتحت جیل کی بہت سی مشکلات آسان کر دیں۔ وہ خود بھی بڑی جفاکشی سے سامان منگواتے۔ جیل کے پھاٹک سے اسباب اپنے اور اپنے والنٹیروں کے کاندھوں پر لاد لاد کر لاتے۔ اس انتظام کے مددگاروں میں نواب علی احمد صاحب، نواب فریدوں مرزا صاحب۔ نواب سلطان علی خاں صاحب اور نواب جعفر علیخاں صاحب اور نواب عوض صاحب ورانوار میاں وغیرہ تھے۔



پیر سید ریاض حسین شاہ صاحب جہالي و سید
فضل حسین شاہ صاحب



رقصندہ تبرا



سید غلام اکبر شاہ صاحب



اور کوشش کرتا کہ چاہے ایک جگہ سوا پیسہ خرچ ہو جائے مگر اسیروں کو شمہ برابر بھی تکلیف نہونے پائے۔

مجاہد اعظم کے سنٹرل جیل جانے کے بعد بھی یہ انتظام چلتا رہا مگر بعض والنٹیروں کے تبادلہ کیوجہ سے قائم نہ رہ سکا۔ پھر تو چچا ہی چچا باقی رہ گئے تھے بخار کی حالت میں بھی یہ ہر وقت دوڑتے رہتے اور مجھ پر احکام صادر فرماتے رہتے " فلاں چیز کم ہے فوراً تم منگاؤ" گھڑے نہیں ہیں جلد منگاؤ۔ صبح کے لئے ستو دفتر سے آج نہیں آئے تم منگاؤ۔ میں تعمیل حکم کرتا جاتا۔ اور وہ اسیروں کو آرام پہنچاتے جاتے۔ واقعہ اگر چچا کی ذات نہوتی تو شبیر صاحب کے بعد اتنے بڑے انتظام کا بار ہم لوگوں کو ... سنبھالنا تھا۔

انتظام کے سلسلہ میں جناب حسن جعفر صاحب کے خدمات بھی قابل ذکر ہیں۔ ۲۵ اپریل کے بعد ہماری عدم موجودگی میں بسلسلہ انتظام اسیروں پر کیا گذری خدا جانے۔"

جیلمیں مجاہدین کی ملاقات

یوں تو روزانہ لکھنؤ اور بیرون لکھنؤ کے روسا اور اکابر قوم اور مختلف اسیروں کے اعزا و اقرباء اور احباب خاص طور سے اجازت لیکر جیل میں آتے رہتے تھے۔ حضور مولانا سید محمد سعید صاحب قبلہ جو اپنے برادر معظم مولانا سید محمد نصیر صاحب قبلہ سے ملنے روزانہ تشریف لاتے تھے۔ ان کے علاوہ کارکنان تنظیم المومنین میں سید صفدر حسن صاحب پنشنر صدر تنظیم المومنین اور نواب جعفر رضا خاں صاحب سکریٹری انجمن اور سخاوت حسین صاحب اور نواب چھنن صاحب اور دیگر ذمہ داران انجمن اپنی ذمہ داری کا لحاظ رکھتے ہوئے تقسیم عمل کے ساتھ روزانہ ضروری سامان لیکر جیل تشریف لاتے تھے۔

ان کے فرائض حسب ذیل تھے۔

سامان خورد و نوش، اور متفرق فرمائشات کا لانا جیل کے اسیروں کی ڈاک دفتر انجمن میں لیجا کر لفافوں میں رکھکر پتے لکھ کر روانہ کرنا۔ اور شہر کی ڈاک اپنے چپراسی تقسیم کرانا۔ جیل کے خاص ضروریات نوٹ کرنا اور ان کی تکمیل کرنا جیل میں دورہ کرکے اسیروں کی مزاج پرسی کرنا اور اس کی بابت معلوم کرنا۔ ایک والنٹیر جیل کے دروازہ پر صبح سے شام تک صرف اس غرض سے تعنات رہتا تھا کہ جو ضرورت ہو اُسے پورا کرتا رہے۔

اتوار کا دن جیل میں عجیب دلچسپ دن ہوتا تھا۔ اس دن اہل شہر کو اسیروں سے ملاقات کرنے کا موقع تھا۔ صبح سات بجے سے سی کلاس کے اسیر مختلف بارکوں میں بند کیے جانے لگے آخر میں بی کلاس کے اسیر بھی ایک بارک میں بند کردئے گئے اور ٹھیک ۹ بجے سب سے پہلے عورتوں کو اندر آنے کی اجازت دیدی گئی۔ کچھ عورتیں اپنے اپنے رشتہ داروں سے ملنے آئیں۔ اور اپنے اپنے بھائیوں اور بیٹوں کو کٹھرہ میں بند دیکھکر حسرت و یاس سے دیکھکر انھیں تسلی و اطمینان دلا رہی ہیں۔ کچھ ضعیف عورتیں جن کا کوئی رشتہ دار جیل میں نہیں۔ صرف اسیروں کے اظہار ہمدردی کرنے آئیں ہیں خصوصا ان اسیروں کو تسلی دے رہی ہیں جو دور دراز سے سفر کرکے اپنے وطن چھوڑ کر اپنے آپ کو گرفتار کرا چکے ہیں۔ خلوص کا یہ عالم کہ جو عورت آتی اپنے ساتھ کوئی نہ کوئی چیز کھانے پینے کی لئے ہوئے۔ ایک غریب اور محتاج عورت کاغذ کی پڑیا کھولتی ہوئی اس میں سے ایک پان نکال کر ایک اسیر کی طرف آگے بڑھی اور کہنے لگی۔

ضعیفہ۔ یہ نوش فرمائیں۔

اسیر۔ (یہ دیکھکر کہ اس کی مایہ بساط صرف ایک پان ہے) میرے پاس پان موجود ہیں



سندھی جتھا



ایک اسیر تبڑا کی سزائے با مشقت



مجاہدین جیل کی موٹروں میں بہ رضاؤ رغبت



اسیروں کے لئے لاریاں تیار ہیں

آسکتے ہیں اسیروں کو تقسیم کر رہا ہے۔ کوئی پان تقسیم کرتا ہے کوئی دیگیں ہمراہ لایا ہے اور پلاؤ تقسیم کر رہا ہے کوئی سنترے اور لکڑیاں کیلئے تقسیم کر رہا ہے کوئی بیڑیاں سگرٹیں تقسیم کر رہا ہے کوئی کاغذ کی پڑیوں میں ستو تقسیم کر رہا ہے۔ غرض حسینؓ کے نام پر مجاہدین کیلئے ہزاروں روپئے کی دولت تقسیم ہو رہی ہے۔ آفریں اور مبارکباد کی آوازیں جیل کے صحن میں گونج رہی ہیں مسلسل دو گھنٹہ تک ملاقات ہوتی رہی مگر ہر شخص ایک ایک مرتبہ مصافحہ نہیں کر سکا آخر حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے رخصت ہو گئے اور پھاٹک بند ہو گیا۔ ہر اسیر جب قیام گاہ کی طرف چلا تو ایک ایک گٹھر لادے ہوئے لدا پھندا کہ چلنا دشوار۔ بارکوں میں سامانوں اور میوؤں کے انبار لگے ہوئے جنھیں کئی چکروں میں قیام گاہ تک پہنچایا جاتا تھا۔

اسیروں کا تماشہ

اتوار کے روز ملاقات کرنے والے چار قسم کے تھے۔

ایک وہ جو تفریحاً ہم اسیروں کا تماشہ دیکھنے آتے تھے۔ اور دیکھنا چاہتے تھے کہ سلاخوں کے پیچھے بیرکوں میں بند اسیر کس طرح اور کس معیاد سے اپنی زندگیاں گذار رہے ہیں جہاں اور سب سیر و تماشے تھے وہاں آٹھویں دن یہ بھی سہی مگر اس قسم کے لوگ تعداد میں بہت کم تھے یعنی کل ۵ فیصدی۔

دوسرے وہ جو اپنی ہمتوں کو سیراب کرنے کی غرض سے آتے تھے اور یہ دیکھتے تھے کہ جیل اگر ایسی ہی آسان جگہ ہے تو پھر خود بھی چل کر ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق نام بھی کرائیں اور کام بھی نکل جائے اس طبقہ کے لوگ پہ اچھی طرح سمجھ چکے تھے کہ اس معرکہ میں

آپ ذش فرمائیں یا کسی اور کو دیدیں ۔

ضعیفہ ۔ میری خوشی تو یہی ہے کہ آپ اسے قبول کرلیں۔

اسیر ۔ (مجبور ہوکر) بہت اچھا آپ ناخوش نہوں ۔

اتنے میں ایک ضعیفہ عورت ایک پنجابی اسیر سے مخاطب ہوکر اور اسکی وضع قطع سے پردیسی سمجھ کر کہتی ہے ۔

ضعیفہ ۔ بیٹا گھبرانا نہیں، یہ نہ سمجھنا کہ تم سفر میں ہو نہیں تم اپنے گھر میں موجود ہو ۔

اسیر ۔ جی نہیں میں بالکل مطمئن ہوں اور سنت سید سجّاد ادا کر رہا ہوں ۔

ضعیفہ ۔ بیٹا ... ماں بہنیں یہاں سے دور ہیں مگر ہمیں اپنی بہنیں سمجھنا ۔ اور جو ضرورت ہو کہہ دینا ۔

اسیر ۔ آپ کی اس مہربانی نے ہماری ... ضرورتیں پوری کردیں ۔ ہم تو سر دینے آئے ہیں اور فتح حاصل کرکے نکلیں گے آپ سے دعا کے امیدوار ہیں ۔

ضعیفہ ۔ نہیں نہیں وقت بہت نزدیک ہے کہ ہ لوگ بھی جیل آنے والے ہیں ۔ صرف مجتہدین کرام کے حکم کا انتظار ہے ۔

ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ چپراسیوں نے آواز دی کہ اب مردوں کے آنے کا وقت ... آہستہ آہستہ رخصت ہونے لگیں ۔ اور مردوں کے غول کے غول سطرح آنے لگے جیسے ابھی قید سے چھوڑے گئے ہیں ۔ ہر آنیوالا نہایت بے قرار اور اضطراب کیساتھ ایک ایک سے مل رہے ہیں ۔ سلام اور ... کی نوبت مشکل سے آتی ہے بارکوں کے گرد سات آٹھ ہزار آدمیوں کا انبوہ ہے ۔ کوئی مزدوروں پر مشکیے لدوائے چلا آتا ہے اور زعفرانی شربت اور برف کا پانی نوساختہ گلاسوں میں جو کھڑکیوں میں

ستر فیصدی ملاقاتیوں کی تعداد ایسی تھی جن کے دل میں خلوص، اسیروں سے محبت، ان کے اقدام کی عظمت تھی۔ اسیروں کی تکالیف سے ان کا دل بھر آتا تھا۔ وہ ہم کو دیکھ کر روتے تھے، ہم سے مصافحہ کرتے ہماری صورتوں پر حسرت و یاس کی نظر ڈالتے ان میں ... ہوتا؛ ان کے قدم قدم سے دیانت داری عیاں ہوتی۔ نگران کی مجبوریاں ان کے جیل آنے کا ثبوت دیتیں، میں نے اپنے بے بس سرکاری ملازم دوست سید مہدی حسن کو دیکھا کہ وہ سسکیاں بھر بھر کر روتے تھے، لوگوں سے مصافحہ کرتے اور کہتے جاتے "میں روتا نہیں ہوں، آپ سب کی مجاہدانہ زندگی پر خوش ہوتا ہوں انتہائے مسرت سے آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں۔

میں نے دیکھا ہے کہ پرنس چھٹن صاحب و دیگر صاحبزادگان مرزا باقر مرزا صاحب نوابین شیش محل نواب اختر نواب صاحب آف ٹپنہ، گوہر نواب صاحب، پرنس مرزا محمد منقد علی صاحب اور دوسرے روسائے شہر جو واقعی جیل آنے سے بوجوہ چند معذور تھے ہمارے کٹہروں کے پاس آتے تھے اور روتے تھے۔

ایک مرتبہ نواب سجاد علی خاں صاحب رئیس شیش محل کی ڈبڈبائی آنکھوں کو دیکھ کر میں بھی رونے لگا تو وہ آگے بڑھے جلدی سے آنسو پاک کئے اور میرے ہاتھ کا بوسہ دیا۔ بھلا فرمایئے کہاں میں اور کہاں وہ گریہ ... خلوص نیت کا نتیجہ تھا۔ میری حسرت کی انتہا نہ رہی جب میں نے صاحبزادہ سید ارشاد حسین صاحب و سید مہدی حسین خاں صاحب نعمان پسران خان بہادر نواب سید حامد حسین خاں صاحب ایم، بی، آئی کو دیکھا کہ وہ نہایت سادگی کے ساتھ اپنے ہاتھوں میں سنترے کی ٹوکریاں لیے ملازمین کے کاندھوں پر سگریٹوں کے ڈبے اور دوسرے پھل لیے قیدیوں کے پاس جاتے بڑی حسرت سے ان کے چہرے

جس باسلیقہ اور ذی ہوش شیعہ نے حصہ نہ لیا وہ کسی سوسائٹی میں منہ دکھانے کے قابل رہے گا۔ ۔۔۔ کے نزدیک جیل آنا اپنے مستقبل کے لئے شیعہ سوسائٹی کا پاس یا حاصل کرنا ہے۔ لیکن ہمت ۔۔۔ کمزور دل کے پیچھے دو تین اتوار صرف جیل کا جائزہ لینے اور دل پر پتھر رکھ کر تبرا کی تلاوت ۔۔۔ جیل آگئے۔ ان کی تعداد دس فیصد سے زیادہ نہ تھی۔

تیسرے وہ ظاہر پرست لوگ جو صرف اپنی محنتوں اور جانفشانیوں کا جھوٹ رعب ڈالتے ہوئے شرپا تری ملاقات کے بہانہ سے آجایا کرتے۔ وہ ذمہ داری یہ کہکر اپنی گلوخلاصی کی سبیل نکال لیا کرتے کہ

"کبھی دیکھو باہر رہ کر میں نے جلسہ کو بڑی ۔۔۔ سے سنبھالا۔ روزمرہ سو سو دو دو سو خطوط مختلف مقامات پر بھیجتا ہوں، تاروں کا انتظام میرے ذمہ ہے دن رات مہمانوں کی خاطر مدارات میں گذارتا ہوں۔ کام کی کثرت ہے سب میرے ہی سر وبال ہے اگر کہو تو میں بھی جیل آجاؤں"

بھلا آپ ہی بتائیے کون اسیر ہوگا جو اپنی اسیری کے بعد کسی دوست کو یہ صلاح دے کہ وہ بھی اسیری کی سختیاں برداشت کرے پوچھنے والے بھی اسی غرض سے پوچھتے کہ جواب دینے والا اپنی زبان سے کیوں ہاں کرنے لگا۔

میں چونکہ اس ذہنیت کو سمجھ چکا تھا اسلئے دو ایک ایسے من چلوں سے کہہ بیٹھا "ہاں بھائی باہر کا کام خدا پر چھوڑ دو تم چلے آؤ" مگر میں نے دیکھا کہ اس جواب کے بعد ایسے آدمیوں نے ملنے آنا بھی چھوڑ دیا۔ اس قسم کے ملاقاتی ۱۵ فیصدی سے زیادہ نہ تھے۔

ان میں زیادہ ایسے دلیر اور بہادر تھے جو خود اپنے آپ کو ڈپٹی جیلر کے حوالہ کرنے پر آمادہ ہیں۔ لیکن کچھ بچے اور من چلے ایسے ہیں جو ادھر ادھر چھپتے پھرتے ہیں۔

میں نے ایاک سے (بھاگتے وقت) کہاں بھاگے جارہے ہو، تبادلہ سے ڈرتے ہو

ایاک - بالکل نہیں۔ جہاں چاہے بھیج دیجئے۔ مگر۔۔۔

میں - مگر کیا، چکی پیسنا پڑے گی۔

ایاک - چکی، اس سے زیادہ بھی محنت دی جائے تو نہ بھاگوں گا۔ صرف یہ چاہتا ہوں کہ دو روز اور روک لیا جاؤں۔ اتوار کو میرے عزیز آئیں گے ان سے ملاقات کرلوں اور بس۔

یہ سب تھا کہ لکھنو کی ڈسٹرکٹ جیل جیل نہ تھی اس زمانہ میں جیل ایک گلشن تھا۔ مومنین کا اجتماع صبح سے شام تک ماتم تقریریں اور اسی قسم کی دیگر مصروفیات۔ کس کا دل گھبرا سکتا تھا ہر شخص کی یہی خواہش تھی کہ لکھنو کی جیل میں قیام رہے مگر زیادہ ایسے مجاہد تھے جو نام حسینؑ پر ہر قسم کی تکالیف برداشت کرنے کو تیار تھے وہ مصیبت اٹھا نہ آئے تھے بھی تھے اور مصیبتوں کا فراخدلی سے سامنا کر رہے تھے۔ اکثر آپس تصادم بھی ہوا ہے۔ شروع شروع میں انتظامات جناب نصیر الملت، لفٹننٹ نواب سلطان علی خاں صاحب قتیل صاحب اور یوسف حسین صاحب اور میں نے چند آدمی مضبوط اور کام کرنے والے روک لئے تھے۔ بشیر احمد صاحب نے اول جو انتظام متعلق اسیران قائم کیا اس میں بھی والنٹیروں کی ضرورت تھی ان کا انتظام کامیاب رہا۔ ان کے تبادلہ کے بعد میں بھی اسی پر کاربند رہا۔ مگر کیا کیا جائے۔ واقعات روز بدلتے رہے۔ کبھی جیل کے افسران نرمی اور محبت سے تمام باتیں قبول فرما لیتے اور کبھی اپنے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرتے۔ دو چار

اور بعض بعض سے اپنے بچپن اور ناتجربہ کاری کا اظہار کرتے ہوئے د . . . .
لیکن بہت اترا کر پوچھتے " میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں " یہ وہ بچے تھے جن کو
کسی سیاسی یا مذہبی میدان میں آنے کی اجازت نہ تھی۔ معلوم ہوا کہ آج اس عالم گیر جنگ نے
ان بچوں پر بھی اثر کیا جو والدین سے اجازت لیکر بے ساختہ جیل کی چہار دیواری میں داخل
ہو گئے " — ہونہار بچوں کو پروان چڑھائیے یہ آگے بڑھ کر قوم کے ناخدا بنیں گے۔

اور بھی . . . . . . کو ہم لوگوں نے دیکھا ہے جو شاید اپنی ڈیوڑھی چھوڑنا
اپنی توہین سمجھتے ہیں کیوں نہ ہو خدا کی قسم کربلا کی خونی تاریخ اور حسینؑ کا مظلومی مشن ایسا
ہی ہے کہ جس کی چوٹ اگر پتھر دل والے پڑے تو موم ہو جائے۔

خلوص محبت سے آنے والوں میں ہماری قوم کی غریب عورات بھی ہیں جن میں بڑھیاں
برقعوں کی نقابیں اوٹھا اوٹھا کر اسیروں کی صورتیں دیکھتیں اور روتیں اکٹھرے کے
پاس آکر سیکڑوں دعائیں اس طرح دیتیں گویا اپنے کسی گود کے پالے کے لئے دعائے خیر
کرتی ہیں۔ خلاصہ یہ کہ ان ملاقاتیوں کے آنے سے معلوم ہوتا تھا کہ محاذ حسینی کی قلعہ گیر
فوجیں اور اُس پر قربان ہونے والے سپاہیوں میں حق کی جنگ جاری رکھنے کا بے پناہ
جذبہ موجود ہے اور موجود رہے گا۔

مجاہدوں کا تبادلہ

ڈپٹی جیلر - جس کو سزا ہو گئی ہو وہ چلے۔

چودہ سو آدمیوں کے انبوہ میں کون کس کی سنتا ہے۔ بیچارہ ڈپٹی گلا پھاڑ پھاڑ کر
چلا رہا ہے کہ سزایاب حضرات باہر نکل آئیں مگر کوئی ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ جن کو سزا ہو چکی



عمدۃ العلما تلاوت تبرا فرمارہے ہیں
آپ تنظیم کے پلیٹ فارم سے تلاوت
تبرا فرما کر جیل تشریف لیئے
جارہے ہیں



مجاہدین لاہور



محاذ حسینی تنظیم سے علی ظہیر
صاحب بیرسٹر ایم ۔ ال ۔ اے ۔
تلاوت تبرا فرماکر قربانی پیش
فرمانے جارہے ہیں



مجاہدین فیروزپور

روز تو روکے ہوئے لوگ کام کرنے لگے ۔ ایکبارگی ان غریبوں کا تبادلہ شروع ہوگیا ، نئے آدمی تعنات کئے گئے ، انتظام میں طوالت ہوتی گئی ۔ مگر مرتا کیا نہ کرتا وہ تو کہئے چچا کے تعبیس میں مجھ کو ایک فرشتہ مل گیا جس نے بشیر احمد صاحب کے بعد بھوت کی طرح ہر شعبہ پر قبضہ کرلیا ۔ خدا اس خلیق جفاکش اور مروت والے مومن کو طول عمر مرحمت فرمائے ۔

اب جتھے بیرونجات کو روانہ ہونے لگے ۔ بارکوں اور کیمپوں سے ان کو روز نکالا جاتا ۔ گنتی ہوتی اور ۲۵ و ۱۰ بیرکوں میں بند کئے جاتے ۔ یہ غریب میدانوں میں درختوں کے نیچے کمبل بچھائے دن دن بھر پڑے رہتے ۔ والنٹیرز ان کو جہانتک ہوسکتا ستو اور بیڑیاں پہونچاتے ۔ پھر بھی بعض بعض محروم رہ جاتے ۔ شام کو باہر نکالے جاتے ۔ بیرکوں سے باہر آنے کے پہلے میں خود ہر جتھے کے پاس جاتا اور ان کو مختصر تقریر کے ذریعہ آنے والی ہولناک مصیبتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کرتا ۔ طریقہ یہ رکھا تھا کہ ہر جتھے کا ایک قائد مقرر کیا جاتا اور اس کو جانے والے جتھے کا مختار کل قرار دیا جاتا تھا ۔ اسی قائد کو ہر سو افراد کے لئے پانچ روپئے اور پچاس افراد کے لئے تین روپئے سفرخرچ کو دئے جاتے تاکہ راستہ میں قائد اسیروں کو ہر ممکن امداد دے سکے ۔

یہ سب کچھ تھا لیکن ان اسیروں کا رخصت ہونا دل پر شاق گذرتا تھا ۔ اور جانے والے حسرت سے ہم کو اور ہم یاس سے جانے والوں کو دیکھتے تھے ۔ ہر جتھا جیل سے باہر جاکر نعرۂ حیدری اور تنظیم المومنین زندہ باد کہتا ہوا لاری پر بیٹھ کر روانہ ہوجاتا تھا ۔ اس کے نعرے دل کے پار ہوتے تھے ۔ ان کی رخصت پر

آنکھیں آنسو بہاتی تھیں۔ مگر ان کے ولو ــــ لہ اور جوش دیکھنے والوں کو سپاہی بناتے۔

خدا ایسے بہادران ملت کو جزائے خیر عطا فرمائے جنھوں نے باوجود ان تکالیف ومصائب کے "تنظیم المومنین" کے شروع کئے ہوئے حسینی مشن کو کامیابی کی منزل تک پہونچا دیا۔

بڑے لوگ آگئے

پانچ بج چکے آمد ندارد۔ اسیر دروازوں پر پریشان۔


لوگ۔ کیا بات ہے، آج گرفتاریاں نہیں ہوئیں۔؟

میں۔ بے چینی سے ایک ایک کا منہ تکتا تھا۔ خدا نہ کرے بلوہ تو نہیں ہوگیا۔ کوئی کہتا نہیں یار گورنمنٹ سے کوئی سمجھوتہ ہوگیا۔ گرفتاریاں بند ہوگئیں۔ اسی شور شغب میں "یا علی" کی آواز سنائی دی۔ جان آگئی، سوکھے دھانوں پانی پڑگیا۔ واہ ری تنظیم المومنین شیعہ قوم کے لئے کیا پیارہ نعرہ ایجاد کیا۔ جب "یا علی" سنا دل قوی ہوگیا۔ اس نعرے نے شیعوں میں "علی" کی شجاعت کوٹ کوٹ کر بھر دی۔


لوگ۔ وہ آگئے۔

میں۔ کون؟


لوگ۔ مرزا محمد اصغر صاحب۔ اختر حسین صاحب وکیل۔ افسر حسین صاحب۔ لے لیجئے علی ظہیر صاحب بھی آگئے۔ جعفر حسین صاحب ایڈوکیٹ اور ا... کر۔ انھیوں کے




جناب محمد یعقوب علی صاحب
جنرل سکریٹری انجمن حسینیہ
بہاولپور اسٹیٹ (پنجاب)



پرنس نظیرالدین حیدر بہادر نبیرۂ
آخر تاجدار اودھ ۔ اعزاز ۳ ماہ قید
[illegible] ۲۰ روپیہ جرمانہ



نواب احسان علی خاں آف مالیر کوٹلہ ۔
اعزاز دفعہ ۱۰۷ نواب زادہ حسین علی
خاں صاحب ۔ اعزاز ۲ ماہ قید محض



سید محمد مرتضیٰ صاحب رئیس
و میونپسل کمشنر لکھنؤ ۔ اعزاز
۲ ماہ قید محض ۳۰ روپیہ جرمانہ

اب ٹھٹھے لگائے جا رہے ہیں۔ دس بجے شب کے بعد سب نے آرام کیا۔ چچا نے نمازِ مغربین پڑھی اور ہم سب بھی اپنے اپنے کام میں مشغول ہو گئے۔

معافی مانگنے والے

بگڑ ۔۔۔ ے دل

صبح صبح جیل میں ایک شور و غوغا۔ حسینی مجاہدوں میں ایک بھاگ دوڑ مچی ہے کچھ دوڑتے ہوئے آقائے نصیر الملت کے پاس آئے کچھ مجھ حقیر کے پاس۔ واللہ اعلم اسیروں کا لطف و کرم میری جانب کیوں اسقدر تھا۔ میری کیوں عزت افزائی فرماتے تھے کہا جاتا ہے کہ تنظیم المومنین کا جنرل سکریٹری ہونے کی حیثیت سے اسیرانِ تبرا مجھکو ایک ذمہ دار ہستی سمجھنے لگے تھے۔ میں اس قابل تو نہ تھا یہ محض مومنین کا حسن ظن تھا بہرحال کچھ لوگوں نے آکر مجھ سے شکایت کی اور کہا۔

لوگ دو آدمی معافی مانگنے جا رہے ہیں مدد کیجئے

میں۔ (سرکار نصیر الملت سے بھی معاملہ میں چونکہ مشورہ کر لیا کرتا تھا اسلئے عرض کیا۔) سرکار سے فرمائیے

لوگ۔ آپ بھی سنئے۔

میں۔ فرمائیے وہ کون لوگ ہیں

حامد حسین ولد باقر حسین ساکن نخاس دجا وید حسین صاحب ساکن گوڑہا سادات

چہرے بشاش ہو گئے ایک قہقہا پڑا۔ ایسی ہنسی ابتک ۲۲ روز کے عرصہ میں اسیران تبرا ہنس نہ سکے تھے۔ کچھ نے واقعات کی خصوصیت اور موقع کی اہمیت دیکھتے ہوئے اعتراض بھی کیا مگر کون کس کی سنتا ہے۔ فوراً ہی چہ میگوئیاں شروع ہو گئیں

چچا ۔ (ڈانٹ کر) یہ کیا آفت ہے علی ظہیر کیا کوئی لاٹ صاحب آگئے۔ آپ لوگ آپے سے باہر ہو گئے۔ رجسٹر پر آنے والوں کا نام بھی نہیں لکھنے دیتے۔ چچا کی ایک ڈانٹ نے سب کو خاموش کر دیا۔ اسکے بعد سمجھوتے پر لوگ روشنی ڈالنے لگے۔

ایک ۔ یار اب معاملہ لب بام ہے۔ معلوم ہوتا ہے کل کوئی فیصلہ ضرور ہو جائیگا ورنہ ان حضرات کی تشریف آوری محال تھی۔

یہ وہی حضرات تو ہیں جو ایجی ٹیشن شروع ہونے سے پہلے قانون کے شکنجہ سے ایسا ڈرتے تھے کہ باوجود مسلسل اعلانات کے پلیٹ فارم پر آکر تقریریں کرنے نہ آتے تھے جب تنظیم المومنین کے ناتجربہ کار (بقولے) کارکنان کانٹے صاف کر دئے تو میدان صاف پاکر اب ہر شخص شر انگیز تقریریں کرنے اور جیل جانے کو فخر سمجھنے لگا۔

دوسرا ۔ اسکے اظہار کا یہ موقع نہیں، یار کچھ بتاؤ یہ کیا واقعہ ہے۔ ایسا تو نہیں کہ کورا جواب پاکر جب نا امیدی سے مقابلہ کرنا پڑا تو گھبرا کر جیل آگئے

تیسرا ۔ خدا نہ کرے۔ مجھکو یقین ہے کہ معاملات دو تین روز میں ضرور طے ہو جائیں گے۔

اسی قسم کی تقریریں ہوتی رہی۔ یہ حضرات تشریف لائے۔ قیام فرمایا۔ پلنگ بچھائے گئے۔ خوش گپی چلی۔ پھر قہقہے شروع ہو گئے۔ بہتوں نے اعتراض کیا کہ ہم میں سے کتنے زمین پر لوٹ رہے ہیں۔ مصائب برداشت کر رہے ہیں اب تک مجالس و ماتم کا چرچا تھا

میں نے اور نصیر الملۃ نے ان کو سمجھایا۔ انھوں نے اپنا اقبال واپس لیا جناب حکیم اقبال رضا صاحب اور حسن جعفر صاحب نے واقعی ہم لوگوں کی بڑی اعانت کی انھوں نے ان کو بہت سمجھایا یہاں تک کہ وہ سب مطمئن ہو گئے۔

نواب تجمل حسین اور
جوائنٹ سکریٹری!

ایجی ٹیشن شروع ہوتے ہی غریب تنظیم المومنین کے تمام اراکین محبوس کر لئے گئے گورنمنٹ کا مقابلہ یہ خیال تھا کہ اگر یہ چند افراد جو مدح ثلاثہ کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے ہیں بند کر دیے گئے تو میدان صاف ہو جائے گا مگر اس کو یہ کیا معلوم تھا کہ پس پردہ دنیا نہیں بلکہ دین حق کام کر رہا ہے۔ ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں آگ لگ گئی۔

تنظیم المومنین کے کچھ اراکین دفعہ ۱۰۷ کا نشانہ بنے اور باقی تبرّا پڑھ کر جیل گئے۔ بیس روز کے بعد جبکہ میں نواب تجمل حسین خاں ایسے انتھک حمایتی کی مفارقت برداشت کر چکا تھا۔ اللہ نے مجھے انھیں کا مقابل دے دیا جس نے قید خانہ میں قدم رکھتے ہی تمام بار اپنے سر لے لیا۔ وہ ذات جناب حامد حسین صاحب جوہری کی تھی۔ چچا نے بھی اس مددگار کے ذریعہ سے انتظامات کی مشکلوں کو آسان کر لیا۔

صبح سے رات کے ۱۱ بجے تک حامد صاحب کا دامن چچا کے دامن سے بندھا

(بارہ ہنسی) جلد ان کو سمجھا لیجئے ورنہ غضب ہو جائے گا۔

میں ۔ (مسکرا کر) کیا نقصان ہے اگر ۳۴ سو میں دو نے معافی مانگ لی تو ہمارے اس اہم کام پر کوئی حرف نہیں آسکتا۔

لوگ ۔ یہ نہ فرمایئے ایک کا معافی مانگنا بھی ہماری قوم کے لئے باعث توہین ہے آپ اٹھئے اور ان لوگوں کو سمجھایئے۔

میں (چلیئے) میں اٹھا اور دیگر ہمراہ جناب حسن جعفر صاحب و حکیم اقبال رضا صاحب بھی چلے میں حضرات مذکور کو سمجھایا اور سبب معافی دریافت کیا (فرمایئے کیا بات ہے؟)

حامد و جاوید ۔ کچھ بھی نہیں ! ہم بیمار ہیں۔ ۲۰ روز سے قید کی سختیاں اٹھا رہے ہیں۔

میں ۔ کیوں ؟ اور کس کے لئے ؟

حامد و جاوید (گردن جھکا کر) مولا کیلئے

میں ۔ پھر یہ ناراضگی کس سے ؟

حامد و جاوید ۔ کسی سے نہیں ! بات صاف یہ ہے کہ ہم لوگ باہر جانا نہیں چاہتے چند دن ہمکو اور یہیں روک لیا جائے۔ ہماری طبیعت واقعی خراب ہے، اور ہمارے زیادہ بیمار ہونے کا اندیشہ ہے۔

میں ۔ آپ معافی کا لفظ زبان پر کیوں لائے۔

حامد و جاوید (شرمندہ ہو کر) غلطی ہوئی۔

میں ۔ اب آپ کیا چاہتے ہیں ؟

حامد و جاوید ۔ جو عرض کیا جا چکا۔




صدر الحقیقت رهنمائی تنظیم مولانا
سید آغا مهدي صاحب - اعزاز ۳ ماه
قید سخت ۲۵ روپیه جرمانه



قیصر آغا صاحب ابن مرزا غفور جاه بهادر - اعزاز ۲
قید محض ۲۵ روپیه جرمانه



سید صلاح الدین حیدر صاحب نشا پوري
ممبر ورکنگ کمیٹي تنظیم - اعزاز ۳ ماه
قید سخت ۵ روپیه جرمانه



نواب مهدي علي خان صاحب بهادر
رئیس و سابق آنریري مجسٹریٹ
مربي تنظیم - اعزاز ۱½ ماه قید
محض ۲۵ روپیه جرمانه

رہتا تھا۔ یہ دونوں دن میں لمحہ بھر بھی آرام نہ کرتے۔ اس سے پیشتر بھی عالم نواب تجمل حسین صاحب کا تھا۔ ان کا خلوص اور جفاکشی انجمن کے اراکین میں ضرب المثل ہے۔ قید میں قدم رکھتے ہی بولے۔

تجمل۔ مجھے بتاؤ کیا ہے کیا؟ اتنے سے کام گگ ا۔ا ت ہو۔

میں۔ آؤ بھیا ابھی نئے نئے آئے ہو ہم لوگ تو تھک چکے اب تم لوگ مدد کرو۔

اسمیں شک نہیں کہ نواب صاحب موصوف نے اپنے قیام سے ہم لوگوں کو بہت کچھ آرام پہونچایا۔ اسکے بعد جیسا عرض کیا جاچکا ہے حامد صاحب جوہری نے ان کی جگہ لی۔ اور عنداللہ اسیروں کی خدمت کی۔

تنظیمی جیل وزیٹر

اودھ کے ایک تعلقدار کی بیش بہا قربانی

[illegible] رضا حسین خاں [illegible] تعلقدار مٹھواره باره بنکی [illegible] بمراہی جناب سید انور حسین صاحب بی اے ال ال بی وکیل [illegible] اپنا قیمتی [illegible] صرف فرما کر اسیران تبرا کی دیکھ بھال فرما [illegible] کی جیلوں کا [illegible] جسکی تفصیل [illegible]

میں بحیثیت [illegible] تنظیم المومنین " لکھنؤ "

جملہ الیس ام رضا حسین خاں صاحب وجناب سید انور حسین صاحب بی اے ال ال بی وکیل کی اس [illegible] کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ موصوف [illegible] اس موسم گرما میں جس قدر انہماک سے معائنہ جیلخانہ جات کی اس کا جس قدر شکریہ ادا کیا جائے وہ کم ہے آگاہی شیعیان ہند اور [illegible] کے لئے جو درج ذیل [illegible] ہو کر موصوفین نے کیا کیا مراعات بیلئے اسیران حاصل کئے اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم اراکین جناب انسپکٹر جنرل صاحب جیلخانہ جات کے [illegible] کہ موصوف نے شکایات پر خاص توجہ کی اور جملہ مراعات عطا فرمائیں۔

(اسیران تبرا زندہ باد)



۲۰ اگست سنہ ۱۹۳۹ء کو سپاہ عباسیہ تنظیم کا عظیم الشان مظاہرہ ۔ فائرنگ تے منایا جارہا ہے ۔ بیس ہزار مومنین

اسی وقت مٹی کے برتنوں کا انتظام کیا اور اس بات [illegible] کہ بہت جلد اسیران کو پیتل کے برتن دے جاویں گے۔ مقامی مومنین نے فیض آباد میں ایک انجمن قائم کی ہے جس کے صدر حکیم بیاریہ صاحب ہیں۔ یہ انجمن اسیران کی خبرگیری کرتی ہے اور بیڑی اور سگریٹ پہنچا دیتی ہے۔

یکم مئی ۳۹ء سلطان پور جیل بروقت معائنہ اس جیل میں ۴۵۔ اسیران "سی" کلاس تھے، یہاں کے اسیران کو بجری توڑنے کا کام دیا گیا تھا اور بجری توڑنے کے اوقات صبح ۷ بجے سے ۱۱ بجے تک اور ۲ بجے سے ۵ بجے تک تھے ۱۱ اسیران کو کمپونڈر کے برتاؤ سے شکایت تھی جس کے بارے میں سپرنٹنڈنٹ صاحب سے مستقل گفتگو کی گئی۔ اس جیل کی روٹی بمقابلہ اور جیلوں کے بہتر تھی یعنی یہ کہ صاف اور خوب پکی ہوئی تھی۔ جناب منظور حسین صاحب وکیل اسیران جیل کی خبرگیری فرماتے ہیں۔

یکم مئی ۳۹ء رائے بریلی جیل رائے بریلی جیل میں ۱۰۰۔ اسیران تھے یہ سب اسیران سی کلاس میں تھے جیل اسٹاف کے خلاف کوئی شکایت نہیں تھی۔ قومی اخبارات مثلاً اسد یا سرفراز کی خواہش اسیران کو تھی۔

۳ مئی ۳۹ء اوناؤ جیل اس جیل میں ۵۰۔ اسیران "سی" کلاس میں تھے پانچ دن ہوئے تھے کہ ان لوگوں نے کھانا نہیں کھایا تھا اور صرف ستو پر بسر کر رہے تھے۔ یہاں کے اسیران زیادہ تر زنگلش قوم کے افراد تھے یہ لوگ ایسی جگہ کے رہنے والے ہیں جہاں ۹۹ فیصدی شیعوں کی آبادی ہے گورنمنٹ [illegible] لوگوں نے ایک قاضی مقرر کروایا ہے جس کو گورنمنٹ ۳۰۰ روپیہ ماہوار دیتی ہے یہ قاضی ان لوگوں کے مقدمات کا شیعہ اسلامی قانون کی رو سے فیصلہ کرتا ہے ان اسیران کی خواہش ہے کہ چونکہ ان لوگوں نے کبھی ہندو کا کھانا نہیں کھایا اسلئے جیل میں انکے لئے علیحدہ انتظام کیا جاوے اور اگر یہ ممکن نہو تو ان کو کچا راشن دیدیا جا وے تاکہ خود پکا لیں

جناب شاہ حسین خاں صاحب تعلقدار آف شوارہ نان آفیشل وزیٹر یو پی جیلس اور سید
نوجیبین صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل نے شیعہ [illegible] دیکھ کے لیے
مختلف جیلخانہ جات کا دورہ کیا اور ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء لغایتہ ۲۸ مئی ۱۹۳۵ء تک ۲۰ جیلوں کو
دیکھا۔ اور اسیران تبرا سے ملاقات کی اسیران کی جائز شکایات کو رفع کرنے اور
[illegible] آسانیاں بہم پہنچانے کی انتہائی کوشش کی اور زیادہ تر اسیران
کی تکالیف کو رفع کرایا اور بہت سی آسانیوں کی منظوری گورنمنٹ سے حاصل کی۔ ذیل میں
ہر جیلخانہ [illegible] اس لیے علیحدہ تحریر کیے جاتے ہیں کہ پبلک کو معلوم ہو کہ مختلف
جیل خانوں میں کیا حالات ہیں۔

۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء

بارہ بنکی جیل | یہاں بوقت معائنہ ۲۰ اسیران تھے جو سب کے سب "سی"
کلاس میں تھے۔ اسیران کو باندہ بند کر [illegible] دیا گیا تھا ان کو جیل اسٹاف کے برتاؤ کے
خلاف کوئی شکایت نہیں تھی اور جیل کے قواعد کی رو سے جو آسانیاں ممکن تھیں وہ حاصل تھیں
اسیران کو سب سے زیادہ خواہش اس بات کی تھی کہ ان کو قومی اخبارات پڑھنے کی اجازت
دے دی جاوے۔

۳۰ اپریل **فیض آباد جیل** | یہاں اسیران کی تعداد ۲۸۰ تھی جس میں ۲۰ اسیران
"بی" کلاس میں تھے اور باقی "سی" کلاس میں۔ سی کلاس میں اسیران کو چکی اور باندہ
کی مشقت دی گئی تھی۔ سب سے زیادہ اسیران کو شکایت اس بات کی تھی کہ ان کو لوہے کے
برتن دیے گئے تھے جس کی وجہ سے دال وغیرہ کالی ہو جاتی تھی اور کھانے کے قابل نہیں
رہتی تھی۔ اس کے لیے جیلر صاحب سے گفتگو کی گئی اور معائنہ میں بھی تحریر کر دیا گیا جیلر صاحب نے

تھی، قومی اخبار "اسد" یا "سرفراز" کو پڑھنے کیلئے اسیران بہت خواہشمند تھے۔ اخبار اسٹیٹس مین ان کو برابر دیا جاتا تھا، اسیران کی جملہ شکایات کو معائنہ میں تحریر کر دیا گیا تھا۔

۹ مئی ۳۹ء **فتحگڈھ ڈسٹرکٹ جیل** | یہاں ۱۹۰ اسیران "سی" کلاس تھے۔ تیرہ اسیران نے ۸ مئی کی صبح سے بھوک ہڑتال کی تھی۔ بھوک ہڑتال کسی شکایت کی وجہ سے نہیں کی تھی بلکہ علی ظہیر صاحب بیر ... ک ہڑتال سے ہمدردی کی بنا پر کی گئی تھی ان اسیران سے دیر تک گفتگو ہوئی اور آخرکار رضا حسین خاں صاحب اور سید شفقت اشفاق صاحب وکیل نے بھوک ہڑتال کو ختم کرایا، وکیل صاحب موصوف اسیران کی خبرگیری میں بھی بہت منہمک رہتے ہیں، اسیران کو قومی اخبارات کی خواہش تھی، جیل اسٹا... سوقت کوئی شکایت نہیں تھی۔

۱۰ مئی ۳۹ء **مین پوری جیل** یہاں ۳۶۔ ۱ اسیران سی کلاس تھے جن کو باندھ، جلد سازی اور رنگ سازی، وغیرہ کا کام دیا گیا تھا، چکی اور گٹ اکسیکو نہیں ملا تھا، اسیران سے معلوم ہوا کہ پہلے ان کو کھانے کے بارے میں کچھ شکایات تھیں مگر بوقت معائنہ وہ لوگ کھانے سے مطمئن تھے بیڑی سگریٹ کی تکلیف تھی، اور قومی اخبارات کی خواہش۔ مین پوری میں مومنین کی آبادی نہیں ہے شمس الحسن صاحب عرضی نویس حتی الامکان اسیران کو بیڑی سگریٹ دیتے تھے۔

۱۱ مئی ۳۹ء **علیگڈھ جیل** بوقت معائنہ ۹۹۔ اسیران سی کلاس میں تھے، اسیران کو چکی، باندھ اور صفائی وغیرہ کا کام دیا گیا تھا: اسیران دن میں دو بارکوں میں رکھے جاتے تھے اور شب میں ایک ہی بارک کے احاطہ میں سوتے تھے، اسیران کی خواہش تھی کہ انکو قومی اخبارات بھیجے جائیں، کھانے اور جیل اسٹاف کے خلاف شکایت نہ تھی، مومنین علیگڈھ نے ایک انجمن قائم کی ہے جس کے صدر نونہال مہدی صاحب بی اے ال ال بی وکیل ہیں۔ اس انجمن کیطرف سے اسیران کو بیڑی سگریٹ وغیرہ بھیجی جاتی ہے راجہ مسعود حسن صاحب آف صغرا آباد کلبی

اسیران کا بیان تھا کہ سزایاب ہونے کے بعد لکھنؤ جیل میں ان کو کچا راشن دیا گیا تھا۔ ان لوگوں کو سمجھانے کی بہت کوشش کی گئی مگر مذکورہ بالا دو صورتوں کے ۔۔۔ اور کسی بات پر یہ اسیر راضی نہیں ہوئے معائنہ میں مفصل طور پر یہ سب لکھ دیا گیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ یہ لوگ سیتاپور کیمپ جیل جہاں مسلمان باورچی پکاتے ہیں منتقل کر دیئے گئے ہیں۔

۲۹ مئی ۳۹ء **جھانسی جیل** یہاں ۳۰ اسیران سی کلاس میں تھے۔ گرما اور چکی کی مشقت یہاں دی گئی تھی جس سے اسیران کو تکلیف تھی، گرما اور چکی کے بارے میں معائنہ میں لکھ دیا گیا تھا اور انسپکٹر جنرل صاحب آف پریزنس کو ایک خط علیحدہ لکھا گیا تھا۔ اسیران کی یہ بھی خواہش تھی کہ بجائے دو بارکوں میں رکھے جانے کے ایک ہی بارک میں رکھے جاویں اور قومی اخبارات پڑھنے کے لئے ملیں۔ اسیران کی ان خواہشات کو معائنہ میں لکھ دیا گیا تھا اور جیلر صاحب سے بھی انکے بارے میں گفتگو کی گئی تھی۔ اسیران کو کھانے وغیرہ کے بارے میں کوئی شکایت نہیں تھی۔

۳۰ مئی ۳۹ء **آگرہ سنٹرل جیل** یہاں صرف ۸ اسیران بی کلاس تھے جو کہ ہر طرح سے مطمئن تھے۔ مگر آگرہ کی گرم آب و ہوا سے پریشان تھے جیل میں پنکھا برابر جھلا جاتا تھا مگر آگرہ کی گرم آب و ہوا کی تکلیف اس سے کم نہیں ہوتی تھی۔ جیل اسٹاف ۔۔۔ کوئی شکایت نہیں تھی۔

۳۰ مئی ۳۹ء **متھرا جیل** یہاں ۴۸ اسیران "سی" کلاس تھے ان لوگوں کو باندھ بٹنے کا کام دیا گیا تھا مگر کام کی زیادہ سختی نہیں تھی۔ ۔۔۔ جیل اسٹاف کے برتاؤ سے مطمئن تھے بیڑی سگریٹ کی اسیران کو تکلیف تھی اور قومی اخبارات پڑھنے کی خواہش تھی۔

۳۱ مئی ۳۹ء **فتحگڈھ سنٹرل جیل** اس جیل میں ۳۷۵ اسیران تھے جن میں دس بی کلاس میں تھے۔ اسیران سی کلاس کو سپرنٹنڈنٹ جیل کے خلاف شکایات تھیں، روٹی کچی ہونے کی شکایت تھی اسکے بجائے ستو دیے جانے کی خواہش تھی، اسیران کو صابن کی ضرورت

کم تعداد میں پہونچنے کی شکایت تھی۔

۱۴ مئی ۳۹ء **بریلی ڈسٹرکٹ جیل** یہاں ۳ بی کلاس اور ۸۲ سی کلاس اسیران تھے دس اسیران کو چکی دی گئی تھی۔ باقی کو باندھ، باغبانی اور لفافہ بنانے وغیرہ کا کام دیا گیا تھا اسیران کو خالص گیہوں کی روٹی دیجاتی تھی۔ اخبارات میں پائنیر اور نیشنل ہیرالڈ کی اجازت تھی، اسیران قومی اخبارات چاہتے تھے، سید نذر حسین صاحب سکریٹری انجمن گلدستۂ حیدری بریلی اسیران کی خبرگیری کرتے ہیں۔ اسیران کو بیڑی کی کمی کی شکایت تھی۔

۱۵ مئی ۳۹ء **بریلی سنٹرل جیل** یہاں ۱۳ بی کلاس اور ۲۲۴ سی کلاس کے اسیران تھے اسیران کو شکایت تھی کہ روٹی کچی اور ستو موٹے ہوتے ہیں، دال کچی اور کرکری ہوتی ہے، اخبار نہیں ملتے ہیں، پانی کی قلت اور بیڑی وغیرہ کی کمی کی شکایات تھیں، خطوط دیر میں ملنے کی شکایت تھی۔ حجام کا کوئی معقول انتظام نہیں تھا۔ ایک جمعدار کی بدتمیزی کی شکایت تھی۔ جملہ شکایات کو معائنہ میں لکھدیا گیا۔

۱۷ مئی ۳۹ء **لکھنو سنٹرل جیل** بی کلاس میں بشیر احمد صاحب وکیل صرف اس جیل میں تھے جنھیں قوم کی بے اعتنائی کی بہت شکایت تھی۔

۱۷ مئی ۳۹ء **لکھنو ڈسٹرکٹ جیل** معائنہ کے وقت یہاں ۴ اے کلاس ۷ بی کلاس اور سی کلاس کے اسیران تھے، زیر دفعہ ۱۰۷ - ۲۵ حضرات بھی یہاں مقید ہیں۔

۱۷ مئی ۳۹ء **لکھنو کیمپ جیل** یہاں ۳۱۲ - ۱ اسیران سی کلاس تھے۔

۲۱ مئی ۳۹ء **جون پور جیل** ایک بی کلاس اور ۸۲ سی کلاس اسیران تھے۔ سی کلاس اسیران کو چکی دی گئی تھی۔ مگر معائنہ کیوقت صرف باندھ بٹنے کا کام کرتے تھے لکھنو، امروہہ، گونڈہ، سیتاپور، ہلور، اترولہ، بمبئی کے حضرات اس جیل میں ہیں۔

اسیران کی خبرگیری کرتے ہیں۔ سراج حسن صاحب بھی اسیران کی خبرگیری کرتے ہیں

۱۲ مئی ۳۹ء **بلند شہر جیل** | یہاں ۴۸ اسیران سی کلاس تھے اتلی بٹنے کا کام دیا گیا تھا اخبار "ہندوستان ٹائمز" اسیران کو دیا جاتا تھا، قومی اخبارات کی خواہش تھی یہاں اسیران کے لئے پائجامہ کی اجازت ہوگئی ہے کھانا اچھا ہوتا ہے۔ اسیران کو بیڑی وغیرہ کے کم ہونے کی شکایت نہیں تھی۔ اس جیل میں طلباء اپنے نتیجے معلوم کرنے کے بہت خواہشمند تھے اسیران کی خواہش تھی کہ ان کو صابون اپنے خرچہ سے حاصل کرنے کی اجازت ملنا چاہیئے جیل اسٹاف کے خلاف کوئی شکایت نہیں تھی۔ یہاں مومنین کی آبادی ہے دریافت سے معلوم ہوا کہ صغر حسین صاحب وکیل اسیران کی خبرگیری کرتے ہیں۔

۱۳ مئی ۳۹ء **میرٹھ جیل** | یہاں ۱۰۳ سی کلاس اور ۲۱ بی کلاس اسیران تھے سی کلاس کے اسیران کو باندھ بٹنے کی شقت دی گئی تھی۔ کھانے کے بارے میں کوئی شکایت نہیں تھی، اخبارات میں "ہندوستان ٹائمز" پائنیر اور دو اخبار دیا جاتا تھا، قومی اخبارات کی خواہش تھی، حکیم سید محمد صاحب نیا دواخانہ میرٹھ اسیران کو بیڑی وغیرہ بھیجتے ہیں اسیران میں سے بعض کو ڈلی کھانے کی خواہش تھی۔

۱۴ مئی ۳۹ء **مراد آباد جیل** | یہاں ۴۶ سی کلاس اسیران تھے۔ اسیروں کو باندھ بٹنے کا کام دیا گیا تھا۔ برتن لوہے کے دئیے گئے تھے جس سے تکلیف تھی روٹی کے بارے میں پہلے شکایت تھی کہ کچی رہتی تھی، چنانچہ چونکہ ہم گئے تھے اس لئے خالص گیہوں کی روٹی دیجاتی تھی، وہ لئے کے بجائے چھنے ہوئے گیہوں کی خواہش تھی، بدھنیاں مل جانے کی خواہش تھی تاکہ وضو اور طہارت میں آسانی ہو۔ اسیران کی شکایات کو معائنہ میں لکھدیا گیا۔ خان بہادر سید جعفر حسین صاحب بیرسٹر اور سید آل حسنین صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل اسیران کی خبرگیری کرتے ہیں، بیڑی سگریٹ

جیلوں کا معائنہ

تنظیمی ... کو جیل جب بھی صرف باتوں کا خیال رہتا ہے "اول یہ کہ پروپیگنڈا استقلال اور خلوص سے ہونا چاہئے دوسرے اسیروں کی بہبودی کیلئے جیل ... " دونوں باتوں کی عرصہ تک کمی رہی لیکن بحمداللہ تنظیم المومنین نے اس کمی کو بھی پورا کر دکھایا۔ جناب خورشید مرزا صاحب عرف نواب مجا صاحب حکیم عابد رضا صاحب جوائنٹ سکریٹری کو خاص طور سے جناب انجمن اس مخصوص کام کیلئے جیلوں میں روانہ کیا گیا جنکی رپورٹ حاضر خدمت ہے۔

معائنہ

جناب خورشید مرزا عرف نواب مجا

۲۱ مئی ۳۹ء صبح ۹ بجے بانس بریلی پہونچے اسٹیشن پر انجمن کے ... دیکھے ... لے گئے اور بہت ... جن کی تعداد ... جیل گئے ... سے ملاقات ہوئی۔ سنٹرل جیل میں ... بی کلاس میں جناب ... قیصر حسین صاحب وکیل، نواب جانی صاحب اور حکیم اقبال رضا صاحب ... جن کو حکمہ جیل سے کوئی خاص شکایت نہیں تھی۔ مگر اخبارات اور خطوط کی زیادہ شکایت تھی ... خیال یہ ہے کہ جہاں تک ... میں گرفتاریاں کرائی جائیں۔ ... وجہ سے کہ موجودہ حکومت اب ... کھانا بھی نہیں دے سکتی ہے۔ لباس وغیرہ کا تو کیا ذکر ہے۔ تمام اسیر خوش وخرم ... اسکے بعد سی کلاس کے اسیران ... شکایت بیڑی سگریٹ وغیرہ کی تھی اخبارات قومی اور خطوط کی شکایت تھی۔ جیلر کا طرز عمل بھی اچھا نہیں ہے۔ تنظیم المومنین سے بیرونی اور مقامی حضرات کو شکایت ہے کہ انجمن کا نمائندہ ... اور نہ کچھ حالات معلوم ہوتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ جیل میں

ملنا چاہیئے اسکے بارے میں مناسب انتظام کر دیا گیا تھا۔

۲۶ مئی ۱۹۳۹ء **باندہ جیل** ۳۴۔ اسیران سی کلاس تھے۔ یہ اسیران دہلی۔ لکھنو۔ چھولس شکارپور ضلع بلند شہر کے ہیں پہلے ۱/۲ روز چکی دی گئی تھی۔ مگر اب نہیں۔ اب باندہ۔ نواڑ صفائی، لوہاری کا کام وغیرہ دیا گیا ہے۔ اذان با آواز بلند کہنے کی ممانعت تھی مجلس و ماتم کی بھی اسی طریقہ کی پابندی تھی۔ یہ باتیں معائنہ میں درج کر دی گئیں تھیں۔ اسیران ڈاکٹر صاحب کے برتاؤ سے خوش تھے۔ مختار امام صاحب مختار اور دیگر مومنین باندہ اسیران کی خبرگیری ہر ممکن طریقہ سے کرتے ہیں۔

۲۷ مئی ۱۹۳۹ء **ہمیر پور جیل** یہاں ۴۳۔ اسیران تھے جن میں صرف ۲ بی کلاس کے تھے۔ یہ اسیران ۴۸ گھنٹے سے بھوک ہڑتال کئے ہوئے تھے کیونکہ ہندو کا ہاتھ کا پکا ہوا کھانا نہیں کھانا چاہتے تھے۔ ان کے مطالبات یہ تھے کہ یا ان کا تبادلہ ستیاپور یا بنارس کر دیا جائے یا انکو مثل پہلے کے کچا راشن۔ [illegible] اس بات کے یقین دلانے پر کہ ان کے مطالبات میں سے ایک جلد منظور کرا یا جائے گا۔ ان لوگوں نے کھانا کھایا۔ اسیران کو بیڑی سگریٹ اور اخبار کی تکلیف ہے۔ ہمیر پور میں مومنین کی آبادی بالکل نہیں ہے ان اسیران [illegible] کو معائنہ میں لکھ دیا گیا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ دوسرے وزیٹر صاحبان ہمیر پور جلد جاویں اور اسیران کی حالت کو دیکھنے کے بعد ان کو مطمئن کریں۔

۲۸ مئی ۱۹۳۹ء **کان پور جیل** یہاں ۲ بی کلاس اسیران ہیں۔ یہاں بی کلاس کے لئے کوئی علیحدہ انتظام نہیں ہے۔ ۱۰ فٹ لمبی اور اتنی ہی چوڑی کوٹھری ہیں جو قید تنہائی کیلئے مخصوص ہے یہ دونوں اسیران رہتے ہیں اور کانپور کی گرمی کیوجہ سے انتہائی پریشان ہیں۔ مولانا محمد بشیر صاحب کو بخار بھی تھا معائنہ میں ان دونوں اسیران کے تبادلہ کیلئے لکھ دیا گیا۔ اسیران جیلر صاحب کے برتاؤ سے مطمئن تھے۔

... سے اسیروں کو کوئی تکلیف نہیں ہونے دیتے خصوصاً جناب سید حمید الحسن صاحب
بی اے۔ ال۔ ال۔ بی ساکن محلہ کٹرہ متھرا نہایت قابل ستائش ہیں

۲۰ مئی ۱۹۳۹؁ صبح ۶ بجے **کیمپ جیل بنارس** میں پہنچے یہاں ۱۰۰۰ اسیر ہیں جنکو بیڑی وغیرہ کی شکایت ہے، دس اسیر ہسپتال ہیں اور ایک ل ہسپتال میں ہے جسکی حالت بہت خراب ہے۔ سخت مرض نمونیا میں مبتلا ہے جس کو ۵ بجے شام کو سول ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ سنا جاتا ہے کہ جیل کا ڈاکٹر مریضوں کو بے احتیاطی سے دوا دیتا ہے اور توجہ سے علاج نہیں کرتا ہے۔ ۱۱ بجے سنٹرل جیل گیا، اس جیل میں (۷۰) اسیر ہیں۔ سید صلاح ... آج جیلر کیطرف ... کا انتظام ملاقات کرتے تھے یہاں بھی بیڑی سگریٹ وغیرہ کی زیادہ شکایت ہے۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ اکثر اسیروں کو گفتگو صلح میں طوالت کیوجہ سے زیادہ ہوتا ہے۔ ۱۲ بجے تھانہ جیل میں پہنچے ... کو جیلر کے طرز عمل سے بہت زیادہ تکلیف ہے۔ یہاں اسیروں کی کل تعداد ۱۵۰ ہے جن کو اپنے ہاتھ سے کھانا پکانا پڑتا ہے۔ اور جیل ... گھی اچھا نہیں ملتا ہے جیلر نے جیل میں بلانے کے بعد حکم دیا کہ ایک آدمی ایک سے مل سکتا ہے۔ لہذا اسیروں نے ملنے سے انکار کر دیا اور چیخنا شروع کر دیا۔ بیس منٹ تک ہم لوگ جیل کے دروازہ پر دھوپ میں کھڑے رہے جن کی تعداد ۲۵۰ افراد سے کم نہ ہوگی اسکے بعد ہم لوگ جیل میں گئے ہر اسیر پر ... تھا دریافت سے معلوم ہوا کہ جیلر نے اسیروں سے یہ کہکر ملنے کا حکم دیا ہے اچھا آج تو ملو مگر کل دیکھا جائے گا یعنی انتقام ... گا، اس وجہ سے اسیروں میں انتقامی جذبہ ہو گیا ہے اگر جیلر نے بعد میں درشتی سے کام لیا تو اسیروں کیواسطے خلاف برداشت ہو جائیگا۔ اور یقینی کوئی خطرناک صورت پیدا ہو جائیگی۔ سنا جاتا ہے ... بنارس میں ایک تنظیم کمیٹی ہے جس کے سکریٹری جناب ناصر حسین صاحب ہیں اور ایک دوسری جماعت الگ کام ... حضرات میں آپس میں اختلاف ہے اسیروں کی پوری طور سے خبر گیری نہیں ہو سکتی ہے مقامی چندہ بھی وقت پر نہیں وصول ہوتا ہے جس کی وجہ سے کام کرنیوالوں کی ہمت پست ہو جاتی ہے یہاں کے روادار حضرات کوئی دلچسپی نہیں لیتے اسیروں کی زیادہ تعداد ہونے کی وجہ سے خرچ بہت زیادہ ہے

(۲۲) اسیر ہیں مگر وقت زیادہ گزرنے کیوجہ [illegible] نہ ہو سکی۔ بریلی [illegible]
اسیروں کی خبرگیری اور مہمانوں خاطرداری وغیرہ میں بہت زیادہ [illegible] کر رہے ہیں [illegible]
بیڑی [illegible] رہے ہیں [illegible] انجمن گلدستہ [illegible] ۹ بنڈل بیڑی اور سگریٹ دیا سلائی
وغیرہ اسیروں [illegible] داخل جیل کیا۔ مگر سنا جاتا ہے کہ اسیروں کو ملازمان جیل بہت کم تعداد میں بیڑی
[illegible]۔ یہاں ایک تنظیمی کمیٹی ہے وہ بھی اسیروں کا خیال رکھتی ہے اور بیڑی وغیرہ پہنچاتی ہے
اور چندہ بھی قریب مار تنظیم المومنین کو روانہ کر چکی ہے۔ دریافت سے معلوم ہوا کہ بریلی میں کل شیعوں کی
تعداد ۵۰۰ سے کم ہے جس میں عورتیں بچے بھی شامل ہیں مگر باوجود اسقدر کم تعداد کے بہت جرات سے
کام کر رہے ہیں [illegible] کو جز لائے خیر دے مگر سرمایہ دار اور رواداد حضرات شیعہ بالکل خاموش وہ کوئی
دلچسپی نہیں لیتے باوجود اسکے کہ مقامی حضرات ان کو برابر آمادہ [illegible] اسیروں کا پیغام یہ ہے کہ
بلا اجازت تبرا ہم جیل سے باہر نہ آئیں گے۔

۱۴ مئی ۳۹ء ۱۱ بجے **متھرا جیل** پہونچا بعد درخواست بوقت ۶ اسیروں [illegible] ہوئی یہاں
کل اسیر ۴۲ ہیں جن سے باندہ وغیرہ [illegible] روں کو قومی اخبارات ملنے کی [illegible] ہے
گو متھرا میں بہت سخت گرمی پڑتی ہے مگر یہ اسیر اپنے خیال پر بہت مضبوط [illegible] ہیں ان کا پیام [illegible]
تبرا یا موت۔ ہاں ان اسیروں کو تنظیم المومنین سے سخت شکایت ہے کہ اس کا کوئی نمائندہ ہم تک نہیں پہنچا
اور نہ کچھ حالات ہماری تحریک کے معلوم ہوتے ہیں۔ اسیروں [illegible] کہتے ہیں کہ ہر اتوار کو لکھنؤ والے اپنی عزیزوں سے
ملنے آتے ہیں مگر ہمارے عزیز یہاں کہاں جو ہماری خبر لیتے صرف تنظیم المومنین سے امید تھی کہ اس کا نمائندہ ہم تک
ضرور پہنچے گا۔ مگر وہ بھی لاپرواہ ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اب انجمن نے اپنا نمائندہ بھیجا اور کچھ [illegible]
شہر متھرا میں ۵ یا ۶ گھر شیعہ [illegible] جو ملازمت پیشہ ہیں باوجود اسقدر کم تعداد کے برابر اسیروں کی
خبرگیری کرتے رہتے ہیں اور بیڑی سگریٹ پانی کے گھڑے وغیرہ برابر اسیروں کو پہنچاتے رہتے ہیں۔ اور

مگر پھر بھی تمام آنیوالے اسیروں کو اشٹیشن پر کھانا برابر دیا جاتا ہے اسیران تبرا کا مطالبہ کراچی سے پیغام بلا اجازت تبرا کوئی صلح نہ منظور کیجائے ہم خوشی سے جیل میں رہیں گے پنجابی اسیروں کا پیغام ہمارا نمائندہ بھی گفتگوئے صلح میں شامل کیا جائے۔

۴ر جون ۱۱ بجے میرٹھ جیل پہونچے یہاں ملاقات ہفتہ کو ہوتی ہے بڑی کوشش کے بعد آدمیوں سے ... جب ... کرنل سلامت اللہ ... سپرنٹنڈنٹ صاحب گئے تھے ہمراہ مجھے نواب علی احمد خاں صاحب اور فریدوں مرزا صاحب ... یہاں سی کلاس میں (۱۰۴) ... بی کلاس میں ۲۱ ... جیل سپرنٹنڈنٹ کے ساتھ ...

ہمارے اسیر عافیت سے ہیں میرٹھ میں شاخ تنظیم المومنین موجود جس کے صدر جناب برادرین صاحب جنرل سکریٹری جناب حکیم مولوی سید محمد رضا صاحب اور اسیروں کی راحت رسانی کی کوشش ہوتی رہتی ہے مومنین میرٹھ کیوجہ سے اسیر آرام سے ہیں کوئی خاص شکایت نہیں ہے۔

... لئے بریلی و الہ آباد بعد دفتر ہمراہی جنرل سکریٹری صاحب روانہ اسٹیشن چارباغ ہوا وہاں پہنچکر معلوم ہوا کہ ۵۰ مجاہدین ۱۱ بجے کی گاڑی ... ہو رہے ہیں لہٰذا وہاں ... راسی گاڑی سے روانہ ہوئے بریلی ہوا ۱۲ بجے شب کو پہنچا اور اسٹیشن پر قیام کیا صبح جیل پہنچکر معلوم ہوا کہ جملہ ۸۰ اسیران الہ آباد منتقل ہوگئے صبح ۸ بجے یکشنبہ کو ... بریلی سے چلکر ۱۱ بجے الہ آباد ... مگر ڈسٹرکٹ جیل گیا تقریباً ۵۰ مومنین کا اجتماع تھا جس میں مقامی اور غیر مقامی حضرات شریک تھے الہ آباد کے مومنین نہایت ... انجام دے رہے ہیں ... ملاقات جناب سید صادق حسین صاحب ایڈوکیٹ و سید سردار حسین صاحب ایڈوکیٹ ڈسٹرکٹ ... انجام دے رہے ہیں اول الذکر ... الہ آباد کے سکریٹری ہیں موصوف بہت جانفشانی سے کام کر رہے ہیں، مومنین بیرونجات کے ... مگر بہت بڑی دقت طعام و رہائش کا انتظام امام باڑہ حیات میں ہے جس کا انتظام جناب سید منظور حسین عرف منو میر صاحب ولد سید فیاض حسین صاحب زیارت حسین صاحب بحسن و خوبی نہایت انہماک سے انجام دیتے ہیں، میں نے اول الذکر کو نہایت باخلاق و بامروت پایا بہت ہی منکسر المزاج واقع ہوئے ہیں آپ ہر خدمت مومنین بیرونجات کی نہایت فراخدلی سے انجام دے رہے ہیں میں جناب میر صاحب کے اس جذبہ مذہبی کی داد نہیں دے سکتا۔ اور میں التجا کرتا ہوں کہ جمیع اراکین تنظیم میر صاحب موصوف کو ان کی پرخلوص خدمات پر مبارکباد پیش کریں۔ جملہ انتظام رہائش ... بیرونجات و سامان بیڑی سگریٹ دیا سلائی برائے اسیران منجانب مومنین الہ آباد ہوتا ہے اور کل اخراجات انجمن برداشت کرتی ہے ملاقات اسیران کا قاعدہ تھوڑا غلط ہے جس کیوجہ سے سکریٹری صاحب انجمن شیعیان حیات الہ آباد کی ناتجربہ کاری ہے مومنین کو اسیران سے ملنے میں بہت دقت ہوتی ہے اور وقت صرف کرنا پڑتا ہے حالات جیل قابل اطمینان ہیں کوئی بات قواعد جیل کے خلاف نہیں ہے ملاقات میں سختی ہے کسی اسیر کو کوئی شکایت نہیں سب اسیر خوش و مسرور ہیں۔ (خادم قوم) سید عابد رضا۔ جائنٹ سکریٹری انجمن تنظیم المومنین لکھنو۔



Mr. S. M. RAZA HUSAIN KHAN
of Mithwara Bara Banki, Non-Official Visitor, U. P. Jails,
Enthusiastic Patron of Tanzeem.



ANWAR HUSAIN SAHEB,
B. A., LL. B., VAKIL,
Member Tanzeem.

No. 355E./G. S. I. of 1939.

